1046
28.1.76

سفر حجاز
134756

فہرست مضامین

دیباچہ،	۱-۶	باب (۱۳) "روضۂ جنت"،	۱۲۳-۱۳۲
الوداع،	۱-۷	باب (۱۴) مسجد نبوی،	۱۳۳-۱۴۲
باب (۱) روانگی۔ بمبئی،	۸-۱۵	باب (۱۵) انوارِ مدینہ،	۱۴۳-۱۵۲
باب (۲) بمبئی۔ جہاز،	۱۶-۲۴	باب (۱۶) آثارِ مدینہ،	۱۵۳-۱۶۳
باب (۳) جہاز،	۲۵-۳۳	باب (۱۷) دیارِ حبیب،	۱۶۴-۱۰۵
باب (۴) جہاز۔ سمندر	۳۴-۴۲	باب (۱۸) تیل چلاؤ،	۱۷۶-۱۸۵
باب (۵) سمندر۔ کامران	۴۳-۵۲	باب (۱۹) احرام پوشی،	۱۸۶-۱۹۵
باب (۶) کامران، احرام	۵۳-۶۱	باب (۲۰) جدہ۔ مکہ،	۱۹۶-۲۰۵
باب (۷) جدہ،	۶۲-۷۱	باب (۲۱) سوادِ مکہ،	۲۰۶-۲۱۴
باب (۸) جدہ۔ راہِ مدینہ	۷۲-۸۱	باب (۲۲) حرم شریف	۲۱۵-۲۲۳
باب (۹) مدینہ،	۸۲-۹۱	باب (۲۳) حریم قدس،	۲۲۴-۲۳۴
باب (۱۰) آستانۂ نبوت،	۹۲-۱۰۰	باب (۲۴) کعبۂ مقصود،	۲۳۵-۲۴۴
باب (۱۱) گنبدِ خضرا،	۱۰۱-۱۱۰	باب (۲۵) دیارِ خلیل،	۲۴۵-۲۵۵
باب (۱۲) زیارات و آدابِ زیارت	۱۱۱-۱۲۲	باب (۲۶) عمرہ،	۲۵۶-۲۶۵

1046
28.1.76

سفر حجاز
134756

فہرست مضامین

دیباچہ،	۱ - ۶	باب (۱۳) "روضۂ جنت"،	۱۲۳ - ۱۳۲
الوداع،	۱ - ۷	باب (۱۴) مسجد نبوی،	۱۳۳ - ۱۴۲
باب (۱) روانگی۔ بمبئی،	۸ - ۱۵	باب (۱۵) انوارِ مدینہ،	۱۴۳ - ۱۵۲
باب (۲) بمبئی۔ جہاز،	۱۶ - ۲۴	باب (۱۶) آثارِ مدینہ،	۱۵۳ - ۱۶۳
باب (۳) جہاز،	۲۵ - ۳۳	باب (۱۷) دیارِ حبیب،	۱۶۴ - ۱۷۵
باب (۴) جہاز۔ سمندر	۳۴ - ۴۲	باب (۱۸) چل چلاؤ،	۱۷۶ - ۱۸۵
باب (۵) سمندر۔ کامران	۴۳ - ۵۲	باب (۱۹) احرام پوشی،	۱۸۶ - ۱۹۵
باب (۶) کامران، احرام	۵۳ - ۶۱	باب (۲۰) جدہ۔ مکہ،	۱۹۶ - ۲۰۵
باب (۷) جدہ،	۶۲ - ۷۱	باب (۲۱) سوادِ مکہ،	۲۰۶ - ۲۱۴
باب (۸) جدہ۔ راہِ مدینہ	۷۲ - ۸۱	باب (۲۲) حرم شریف	۲۱۵ - ۲۲۳
باب (۹) مدینہ،	۸۲ - ۹۱	باب (۲۳) حریم قدس،	۲۲۴ - ۲۳۴
باب (۱۰) آستانۂ نبوت،	۹۲ - ۱۰۰	باب (۲۴) کعبۂ مقصود،	۲۳۵ - ۲۴۴
باب (۱۱) گنبد خضرا،	۱۰۱ - ۱۱۰	باب (۲۵) دیارِ خلیل،	۲۴۵ - ۲۵۵
باب (۱۲) زیارت اور آدابِ زیارت	۱۱۱ - ۱۲۲	باب (۲۶) عمرہ،	۲۵۶ - ۲۶۵

باب (۲۷) آغازِ حج	۲۷۵-۲۷۶	باب (۳۶) حج رب البیت،	۳۶۰-۳۷۷
باب (۲۸) منیٰ (قبل حج)	۲۷۶-۲۸۵	باب (۳۷) رخصتی،	۳۷۸-۳۷۶
باب (۲۹) عرفات نمبر (۱)	۲۸۶-۲۹۶	باب (۳۸) "جملہ معترضہ"	۳۷۷-۳۸۵
باب (۳۰) عرفات نمبر (۲)	۲۹۷-۳۰۷	باب (۳۹) جدہ-جہاز	۳۸۶-۳۹۴
باب (۳۱) مزدلفہ	۳۰۸-۳۲۰	باب (۴۰) جہاز بمبئی، وطن،	۳۹۵-۴۰۲
باب (۳۲) منیٰ بعد حج نمبر (۱)	۳۲۱-۳۳۰	ضمیمہ اول حکومت حجاز اور خدمت حجاج	۴۰۷-۴۱۳
باب (۳۳) " " نمبر (۲)	۳۳۱-۳۴۰	ضمیمہ دوم، عام ہدایات،	۴۱۴-۴۱۹
باب (۳۴) " " نمبر (۳)	۳۴۱-۳۵۰	ضمیمہ سوم منازلِ سفر از جدہ تا مدینہ،	۴۲۰-۴۲۱
باب (۳۵) مکہ	۳۵۱-۳۵۹		

Marfat.com

۶۸۶

دیباچہ

134756

از مولانا الحاج سید سلیمان صاحب ندوی ناظم دارالمصنفین،

اُس عہد سے جب سے خدا نے اس "وادی غیر ذی زرع" کے ویرانہ کو اپنی بستی فرمایا اور عالم کے بتکدہ مین اپنا یہ سب سے پہلا گھر بنایا، اور اپنے سب سے پہلے عاشق ابراہیمؑ کی زبانی آیندہ تمام دنیا کے عشاق کے نام یہ پیام بھیجا کہ سال مین ایک دفعہ یہان کی گلیان اور پہاڑیان ان کے ہجوم وازدحام کا روز بازار بنین، خدا جانے حسنِ ازل کے کتنے شیدائی، یہان آئے اور چلے گئے، اور "محبوبِ نادیدہ" کے کتنے طلبگار، اس کو ڈھونڈھنے آئے، اور واپس پھرے، ہر ایک کو یہان جو کچھ نظر آیا، اُس نے چاہا کہ وہ دوسرون کو بھی دکھائے، اور جو اُس پر گذری ہی وہ دوسرون کو بھی سنائے، طور کا جلوہ دنیا نے ایک ہی دفعہ دیکھا ہی، تاہم اسکی داستانِ حسن وعشق ابتک دہرائی جارہی ہی، اور ہمیشہ دہرائی جائیگی، مگر یہان تو یہ جلوہ ہر سال نظر آتا ہی، پھر اگر اس کی داستان ہر ملک، ہر زبان اور ہر طریقہ ادا مین سال بسال دہرائی جاتی رہے تو تعجب انگیز کیا ہی؟

مسلمانون نے دنیا کے ہر علم وفن کو حاصل کیا، مگر جس کو حاصل کیا اپنے دین وملت ہی کی راہ سے حاصل کیا، انکا نقطۂ نظر ہر علم وفن کی خدمت مین کتاب الٰہی ہی کی خدمت اور اسی کے حکم کی تعمیل رہی، مسلمانون نے جغرافیہ کے فن کو بیحد وسعت دی،

دنیا کے گوشہ گوشہ کو جہان تک اسلام کی روشنی پہونچی وہ اُس کے پرتو مین آگے بڑھتے گئے، مگر اُن کی یہ تمام کوششین اور سرگرمیان قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ کے تحت مین تھین اور اس کے بعد جو جاذبۂ شوق اُن کو بیتاب رکھتا تھا، اور دیوانہ وار اُن کو اپنے گھرون سے بے قرار نکال لیتا تھا، اور سفر کی تمام مشکلات کو ان کی نگاہون کے سامنے ہیچ بلکہ اس راہ کی تمام تکلیفون کو راحت بنا دیتا تھا، وہ وہ ندائے عام تھی جو حضرت ابراہیمؑ کی زبانی سنائی گئی تھی، وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ الآیۃ،

جب سے یہ ندا دی گئی، ہر زمانہ مین لاکھون شیدائیون کی زبانون نے اُس پر لبیک کہا، اور جب موسم آیا لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ کہتے ہوئے اپنے گھرون کو اپنے اہل و عیال، اپنے آرام و آسایش کو چھوڑ کر مسافرانہ اٹھ کھڑے ہوئے اور صحراؤ بیابان، دشت و جبل، دریا اور سمندر کو طے کر کے بادیۂ حجاز پہونچے، اور اس بے آب و گیاہ صحرا کی زیارت سے اپنی روح کی پیاس بجھائی،

مسلمانون مین جو بھی بڑا سے بڑا سیاح گذرا ہے، اُس کے دل کی اصلی منزل اور سفر کا کعبۂ مقصود، یہی سرزمین تھی، وطن سے حج و زیارت کے لئے نکلے، راستہ کے عجائب و غرائب، ملکون کے دلکش مناظر، اور قومون کے عجیب و غریب احوال مشاہدہ کرتے ہوئے، اس خطۂ پاک مین پہونچے، فرائض سے فرصت پائی، تو آگے کا رستہ لیا، اور پھر موقع ملا، تو اسی مرکز پر لوٹ کر آگئے، اور پھر کسی دوسری سمت کو نکل گئے، ابن جبیر، ابن حوقل بغدادی، اصطخری فارسی، حکیم ناصر خسرو، ابن جبیر اندلسی، ابن بطوطہ مغربی، اور بیسیون سیاح اسی قسم کے ہین، جنھون نے اپنے سفر کا آغاز اسی نیت سے کیا، اور

پھر جب سیر و سیاحت کی چاٹ لگ گئی تو دنیا کے گوشہ گوشہ کو چل پھر کر دیکھ لیا، اور اپنے مشاہدات کو سفرنامہ کی صورت مین قلمبند کر دیا،

تمام دنیاے اسلام مین ہر سال ہزارون حاجی کرۂ زمین کے مختلف دائرون سے بخط مستقیم یہان آتے ہین اور جاتے ہین، اُن مین سے بیسیون صاحب قلم ہر سال اپنے اپنے مشاہدات کو ہر زبان مین حوالۂ قرطاس کرتے ہین، اس سے اندازہ ہوگا کہ ہر سال مشاہدات ارضی کا کتنا بڑا ذخیرہ ہر سال دنیا مین اضافہ ہوتا ہی،

ہندوستان سے کم و بیش بیس ہزار حاجی ہر سال مکہ معظمہ جاتے ہین، ان مین دو چار ایسے صاحب ذوق ضرور ہوتے ہین، جو اپنے سفر کے واقعات اور اپنے دل کے جذبات کو کاغذ کے منظر عام پر لاتے اور دوسرون کو سناتے اور دکھاتے ہین، اور اُن سے اہل ضرورت حسب ضرورت فائدہ اٹھاتے ہین،

ہندوستان مین شاید شیخ عبدالحق محدث دہلوی پہلے بزرگ ہین جنھون نے سنہ ۹۹۸ھ مین اس سفر کی یادگار مین "جذب القلوب الی دیار المحبوب" کا تحفہ اہل وطن کے سامنے پیش کیا، اور جو کچھ وہان دیکھا تھا، وہ یہان آکر دوسرون کو دکھایا، اس کے بعد شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے سنہ ۱۱۴۳ھ مین "فیوض الحرمین" وغیرہ رسائل مین اپنے روحانی مناظر و مشاہدات کی کاغذ کے صفحون پر تصویر کھینچی، لیکن سفرنامہ کی حیثیت سے شاہ صاحب کے ایک ذی رتبہ شاگرد مولانا رفیع الدین مراد آبادی قابل ذکر ہین جنھون نے سنہ ۱۲۰۲ھ مین حرمین کا سفر کیا، اور احوال الحرمین کتاب لکھی،

اس سنہ عہد مین ہر سال حاجیون مین سے کوئی نہ کوئی بزرگ واپس آکر اپنا سفرنامہ عموماً ترتیب دیتے ہین، اور ان مین مختلف پہلوؤن سے ہر صاحب ذوق اپنی

پسند اور دل بستگی کی باتین لکھتے ہین، خصوصیت کے ساتھ قاضی سلیمان صاحب پٹیالوی مرحوم کا سفرنامہ سبیل الرشاد، اور برنی صاحب کا سفرنامہ صراط الحمید ذکر کے قابل ہین

ہمارے صاحب دل اور وردِ آشنا دوست مولینا عبد الماجد صاحب دریابادی کی زندگی مین مدت سے بتدریج جو انقلاب ہو رہا تھا، میرے خیال مین اسکی تکمیل ۱۳۴۸ھ مین ہوئی، جب وہ حجاز کے سفر کے لئے روانہ ہوئے، اور جو احوال و مشاہد اُنھون نے کتابون مین پڑھے تھے، اُنکا سفرِ حج مین جاکر برای العین مشاہدہ کیا، اور وہان جو عینی مشاہدات قلبی کیفیات، اور روحانی تاثرات ان پر وارد ہوئے، انھون نے اپنے اخبار سچ کے صفحات مین خطوط کی صورت مین منعکس کیا ہو جو دہ مجموعہ انھین مسلسل مضامین کا یکجا ذخیرہ ہی،

اس سے پہلے جو سفرنامے لکھے گئے تھے، یا وہ صرف عالمِ جذبات کی باتین تھین یا محض ایک سیاح و وقائع نگار کے روزنامچے تھے، یا فقیہانہ مسائل اور حج و مناسک کے ہدایت نامے تھے، یا حجاز و سفرِ حج کے لئے مسافرون کی گائڈ بکین تھین، اس سفرنامہ کی خصوصیت ان سب متفرق حیثیتون کی دلکش جامعیت ہی، سفرنامہ کے مختلف ابواب اور مباحث مین اسکا مصنف کہین مورخ ہی، کہین فقیہ، کہین محدث، کہین صوفی، کہین شاعر اور کہین سیاسی، غرض اس کتاب مین وہ سب کچھ ہی، جسکی حاجی کو اپنے سفر کے آثار چڑھاؤ کی مختلف حالتون اور کیفیتون مین ضرورت پیش آتی ہی، سفر کے واقعات، حج و مناسک کے مسائل، مختلف مقامات کی دعائین، سفر کے ضروری ہدایات، حجاز کے ملکی حالات، آمد و رفت اور سفر کے وسائل، سواری، پانی، کرایہ، مکانات، مطوفین، راستے مکہ معظمہ، اور مدینہ منورہ کے شہری حالات، امکنہ مقدسہ، اور وہان کے ضروری آداب

Marfat.com

یہ تمام معلومات اس مین یکجا ہین،

لیکن اس سفرنامہ کی اصلی حیثیت اور حقیقی عزت میری نگاہ مین دو باتون سے ہے، ایک اسکی انشاپردازی کہ مصنف کے قلم نے اسمین انتہائی سادگی کا کمال حسن دکھایا ہی، سہل الفاظ، سادہ ترکیبین، اور پھر شاعرانہ تخیل، اس لئے انشا کی حیثیت سے اس کی اہمیت بہت کافی ہی، دوسری چیز وہ تاثرات اور وجدانیات ہین، جو اس کتاب کے فقرہ فقرہ سے نمایان ہین، ایسا معلوم ہوتا ہی کہ صاحب دل مصنف نے کاغذ کی سطح پر اپنے دل کے ٹکڑے پھیلا دیئے ہین،

مین تو سفرِ حجاز کی یہ بھی برکت سمجھتا ہون کہ اُن کے قلم نے ان کے دل کی ایسی ترجمانی کی ہی، اور روح نے جسم کا ایسا قالب اختیار کیا ہی، کہ باطن ظاہر، محجوب منکشف، اور نادیدہ، دیدنی ہوگیا ہی، مجھے امید ہی کہ فاضل مصنف کی تصنیفات مین ان کے قلم کی یہ سرسری تحریرین، سب سے زیادہ دیرپا، سب سے زیادہ سودمند، اور سب سے زیادہ مقبول ہونگی،

مسئلہ حجاز مین موصوف کے سیاسی مسلک سے ہرچند ہمکو پورا اتفاق نہ ہوتا ہم اس سے انکار نہین ہوسکتا، کہ انھون نے یہ صفحات لکھکر ہماری زبان، ادب، تاریخ، جغرافیہ، فقہ اور تصوف سب پر احسان کیا ہی، اور ظاہر و باطن، لفظ و معنی اور روح و جسم کے مختلف مناظر و مظاہر کا ایک ایسا دلکش نظارہ گاہ تیار کیا ہی، کہ ہر خیال و ذوق کا آدمی اپنے اپنے خیال و ذوق کے مطابق اس سے بہرہ ور ہوسکتا ہے،

ہمارے فاضل فلسفی، اور لایق انشاپرداز دوست کا مذہبی رنگ و زبردست

پختہ ہوتا جاتا ہے، یہان تک کہ وہ کہین کہین صوفیانہ "رواداری اور صلح کل" کی وسیع شاہراہ سے نکلکر فقیہانہ تشدد کے تنگ کوچہ مین کھڑے نظر آتے ہین، کیا عجیب بات ہے کہ ایک پرانی تعلیم گاہ کا مولوی دوست نئی تعلیم گاہ کے گریجویٹ دوست کی حد سے زیادہ "مولویت" کی شکایت کر رہا ہے، وتلک الایام نداولھا بین الناس،

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ، اپنے حبیب کے صدقے ان صفحات کے لکھنے والے کو اجر جزیل اور پڑھنے والون کو بیش از بیش توفیق نیک عطا فرمائے،

سید سلیمان ندوی

۴ر شوال سنہ ۱۳۴۹ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الوداع[1]

واتموا الحج والعمرۃ للہ (بقر-ع۸) الحج اشہر معلومات (بقر-ع۹) ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبارکا وھدی للعالمین فیہ آیات بینات مقام ابراھیم ومن دخلہ کان آمنا وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا ومن کفر فان اللہ غنی عن العالمین (آل عمران-رکوع ۱)

عن عائشۃ انھا قالت یارسول اللہ نری الجھاد افضل العمل افلا نجاھد قال لا لکن افضل الجھاد حج مبرور (بخاری) عن ابن مسعودؓ قال رسول اللہ صلعم تابعوا بین الحج والعمرۃ فانھما ینفیان الفقر والذنوب کما ینفی الکیر خبث الحدید والذھب والفضۃ ولیس للحجۃ المبرورۃ ثواب الا الجنۃ (ترمذی) عن ابی امامۃ، قال رسول اللہ صلعم من لم تمنعہ من الحج حاجۃ ظاھرۃ او سلطان جائر او مرض حابس فمات ولم یحج فلیمت ان شاء یھودیا وان شاء نصرانیا (مجمع الفوائد)

لبیک اللھم لبیک، لبیک لا شریک لک لبیک، ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک!

---

[1] منقول از پیک، مورخہ ۸ مارچ ۱۹۲۹ء۔

یہ الوداع، ماہ رمضان کی سالانہ الوداع نہین، ناظرین سچ سے ان کے خادم مدیر سچ کی الوداع ہے،

حج بیت اللہ، چند شرائط کے جمع ہوجانے پر، ہر مسلمان پر اُسی طرح فرض عین ہی جسطرح ہر روز پانچ وقت کی نماز، یہان نماز ہی کا فریضہ کب ادا ہو پاتا ہی، جسمین نہ کچھ خرچ ہے، اور نہ کوئی خاص محنت، کہ فریضۂ حج کے نہ ادا کرنے کا رونا رویا جائے! عمر کی گھڑیان خاموشی اور تیزی کے ساتھ گذرتی ہین، دن ہفتون مین، ہفتے مہینون مین، مہینے برسون مین تبدیل ہوتے رہے، اور اس فریضہ کی ادائی کا خیال تک نہ آیا، کلام مجید کی آیات مین اور رسول برحق کی احادیث مین، خدا معلوم کتنی بار ادائے حج کی فرضیت اور تاکید نظر سے گذری، اور عدم ادائے حج کی وعیدین بار بار پڑھین، پر قلب کی غفلتون نفس کی شرارتون اور ہوش وخرد کی ہرزہ کاریون نے ہمیشہ مشورہ یہی دیا، کہ یہ اوامر و احکام دوسرون ہی کے لئے ہین، اپنے کو ان سے کیا تعلق! اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے، کہ عمر کی کتنی بیش بہا فرصتین، اور زندگی کی کتنی جاگزیں آنے والی مہلتین، اسی غفلت، اسی بے حسی، اور اسی فساوتِ قلب کی نذر ہوگئین!

ہندوستان کے طول وعرض مین بے شمار سفر، بہ ضرورت اور بلا ضرورت کر ڈالے، لیکن جو ایک ہی جگہ سفر کرنے اور حاضری دینے کی تھی، وہان سر کے بل چلنا کجا، پیرون کے بل بھی جانا نصیب مین نہ آیا، بنگلون اور کوٹھیون، حویلیون اور ڈیوڑھیون کے گرد چکر لگانے مین ایک عمر گذر گئی، پر وہ آستان پاک، جو اس قابل تھا کہ اس کے گرد طواف کرنے مین ساری عمر تمام کردی جاتی، اور اسی پر پروانہ وار اپنی جان نثار کردی جاتی، گردشِ تقدیر نے محروم رکھا تو اسی کی جبین سائی سے! ملک کے گوشہ گوشہ کی سیر کر ڈالی، پر نہ توفیق ہوئی تو ایک اس سرزمین کی زیارت سے مشرف ہونے کی، جس کی سربلندی پر آسمان کو بھی رشک

ہے، جہان کھڑے ہو کر اللہ کے خلیل (علیہ الصلوۃ والسلام) نے اپنے رب کی توحید کی منادی کی تھی، اور جس کی ریگ کے ذرون پر اللہ کے حبیب (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نقشِ قدم آج تک ثبت ہین!

محرومیون کی حکایت دراز، اور کوتہ بختیون کا سلسلہ طویل، لیکن، رحمت باری بے حساب اور فضل خداوندی بیکران، بڑے بڑے مجرم اپنی سیہ کاریون کی پوٹ کی پوٹ لیکر آئے اور ابرِ کرم کے ایک قطرہ نے سارے دفترون کی سیاہیان دم بھر مین سفیدی سے بدل دین، روتے کانپتے آئے اور ہنستے کھلکھلاتے واپس گئے، اقلیمِ سخن کے تاجدار، خسرو نامدار نے اسی مضمون کو یون ادا کیا ہے، ؎

قطرۂ زآب رحمتِ تو بس است　　شستنِ نامۂ سیاہ ہمہ!

اور ایک دہقانی کج مج زبان نے اپنی بولی مین یون عرض کیا ہی، ؎

سمجھے تھے سیہ کاری اپنی ہی فزون حد سے　　دیکھا تو کرم تیرا اس سے بھی سوا پایا!

بالآخر، جس کی رحمت ابرِ کرم بنکر سوکھی کھیتیون کو آن کی آن مین سرسبز و شاداب کر دیتی ہے، اسکی مشیت اسکی متقاضی ہوئی، کہ ایک محرومِ عمل، مردہ قلب کو اپنے حرم محترم کی حاضری و طواف، اور اپنے حبیب پاک صلعم کی آرامگاہ کی زیارت سے مشرف فرماوے، چنانچہ ارادہ ہوا، منصوبہ بندھے، اور زبان پہلی بار لبیک اللھم لبیک، لبیک لاشریک لک لبیک کے تلفظ پر کھلی!

اللہ اللہ! کجا ایک ننگِ خلایق اور کہان وہ قدوسیون اور نورانیون والی سرزمین! کہان ایک روسیاہ کے ناپاک قدم اور کہان وہ معصومون اور ملکوتیون کی سجدہ گاہ!

Marfat.com

ایاز قدرِ خود بشناس عقل اس خوش قسمتی پر دنگ، خرد اس بو العجبی پر حیران!

ہے آرزو کہ ابرو پُر خم کو دیکھئے!
اس حوصلہ کو دیکھئے اور ہم کو دیکھئے!

لیکن ربوبیت کے عجائب کاروبار ہین، اپنا نام رب العالمین ارشاد فرمایا ہی، رب الصالحین نہین فرمایا، مرتبۂ کمال پر صرف اتقیاء و صالحین، ابرار و اخیار ہی نہین پہونچائے جاتے، ربوبیت کا تعلق اشرار و فجّار سے بھی ہے، دستگیری صرف نیکون ہی کی نہین، بدون اور بدتر سے بدتر بدون کی بھی ہوتی رہتی ہے، ہوائے بہار جب چلتی ہے تو چمن کے خوشبودار پھولون اور چراگاہ کی گھاس کی پتیون دونون کو مہکا دیتی ہے، ؎

اے بدرماندگی پناہِ ہمہ، کرمِ تست عذر خواہِ ہمہ!

غرض نیت قائم ہو چکی ہے، حج کے مہینے تین ہین، شوال، ذیقعدہ و عشرۂ اول ذی الحجہ، الحج اشہر معلومات، جس تاریخ کو ماہ مبارک رمضان ختم ہوتا ہی، ٹھیک اسی تاریخ سے موسم حج کی ابتدا ہو جاتی ہے، انشاء اللہ تعالیٰ یکم شوال کو گھر سے نکلنا ہوگا اور ۳ر شوال کو ۱۰ بجے شب کے اکسپرس سے لکھنؤ سے بمبئی کے لئے روانگی، اور ۵ر شوال کو بمبئی پہونچ کر مغل کمپنی کے پہلے جہاز سے عزم سفر، پہلے زیارت دیارِ حبیبؐ و حاضری روضۂ انور، جتنے دنون تک بھی قسمت یاوری کرے، پھر آغاز ذی الحجہ مین فریضۂ حج کیلئے مکہ معظمہ، بعد ادائے فریضہ قصدِ مراجعت، اور اگر زندگی باقی ہے، تو انشاء اللہ اول عشرۂ محرم مین واپسیٔ وطن، یہ سارے ارادے اپنے ہین، اور بندون کو اپنے ارادون کے نفاذ پر جو قدرت ہی، اُس کا حال معلوم! ہوگا وہی جو کچھ بندہ کا چاہا نہین بلکہ بندون

Marfat.com

کے پروردگار و مالک کا چاہا ہوگا، کیا ایک مشتِ خاک اور کیا اُس کے ارادے! ارادہ کا حق تو اُسی کو ہے، جس کے ہاتھ مین موت و زندگی، عافیت و سلامتی کی کنجیان ہین، مولا کی شانِ کریمی دیکھئے، کہ مولانا مناظر احسن صاحب جیسے صاحبِ ذوق و صاحبِ علم بزرگ اور بعض اور عزیزون اور مخلصون کی معیت کی سعادت اور رفاقت کی دولت بھی نصیب مین آرہی ہے، انشاء اللہ العزیز،

سچ اس مدت مین کیونکر جاری رہ سکے گا؟ افسوس ہے کہ اسکی کوئی قابلِ اطمینان صورت نہ نکل سکی، مجبوراً یہ فیصلہ کرنا پڑا، کہ اسکی اشاعت بارہ تیرہ ہفتون کے لئے بند رہے، وسطِ جون تک اس خادم کی واپسی کی توقع ہے، ایک آدھ ہفتہ کے آرام کے بعد شروع جولائی سے پھر اسی خدمت کا اجراء ہوسکتا ہے، البتہ وسطِ مارچ سے آخر مارچ تک کے پرچون کے مضامین فراہم کئے جاتا ہون، میری عدم موجودگی مین مولوی ظفر الملک صاحب ان پرچون کو شایع فرماوین گے، اس حساب سے ناظرین کو صرف تین مہینے کے لئے زحمتِ انتظار برداشت کرنی ہوگی، سچ سے محبت و حسن ظن رکھنے والے بھائیون کے لئے یہ مدت بھی بہت ہے، اور خوب جانتا ہون، کہ انھین اس قدر انتظار بھی نہایت شاق گذریگا، لیکن سچ پوچھئے، تو التوا کی مدت کون ایسی بڑی مدت ہے، اور سچ کا نکلتے رہنا ہی کیون اتنا اہم اور ضروری فرض کرلیا گیا ہے، جو اس کی سہ ماہہ التوا پر اس قدر رنج و غم کیا جائے! آخر

غالبِ خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہین!

دورانِ سفر مین کچھ لکھنے کی نوبت ہی کیون آنے لگی، لیکن اگر کچھ لکھنے کی نوبت آئی تو اسکی اشاعت کے اولین حقدار روزنامہ ہمدرد (دہلی) کے صفحات ہین،

Marfat.com

آدابِ سفرِ حج سے ہے، کہ اس سفر کو سفرِ آخرت کا نمونہ سمجھے، احرام کی چادرون کو کفن کی چادرون کا نمونہ تصور کرے، اور چلتے وقت اپنے تمام ملنے والون اور اپنے سے تمام تعلق رکھنے والون سے اپنی خطاؤن کی معافی طلب کرے، ناظرینِ پیج تک فرداً فرداً پہونچنا ممکن نہین، ان کے حقوق کی ادائی مین مدیرِ پیج کی جانب سے خدا معلوم کتنی غفلتین اور کتنی کوتاہیان ابتک ہوئی ہونگی، اور خدا معلوم کتنون کی دل آزاریان اوراق کے ذریعہ سے ہو چکی ہونگی، سب کی خدمت مین بمنت و بلجاجت گذارش ہے کہ اپنے اس خادم کی بڑی اور چھوٹی، دانستہ اور نادانستہ ساری خطاؤن کو اللہ کے واسطے صدق دل سے معاف فرمائین، وہ جو حاکمون کا حاکم ہے، ان کی خطاؤن کو بھی معاف فرمائیگا اس دربار کے سچے سفیرؐ کی بشارتین اور وعدے موجود ہین،

التماسِ عفو کے بعد دوسری گذارش پیج کی برادری سے یہ ہے کہ اس خادم کو دعاے خیر سے محروم نہ رکھا جائے اور زاہد و فاسق سب کی سننے والے کی بارگاہ مین باربار عرض کیا جائے، کہ اس گنہگار کو حجِ مبرور اور زیارتِ مقبول نصیب ہو! حکم ملا ہے کہ توشۂ سفر کا سامان رکھو، اور پھر خود ہی ارشاد ہوا ہے، کہ بہترین توشۂ سفر تقویٰ ہی، (وتزودوا فان خیر الزاد التقویٰ) یہان تقویٰ کا سایہ بھی نہین پڑنے پایا، سہارا جو کچھ ہے وہ کسی رؤف و رحیم کی رحمتِ بے حساب اور کرمِ بے انداز کا ہی، اور اس کے بعد اگر کسی توشہ کی طلب و ہوس ہے، تو وہ اہلِ دل کی دعائین ہین، زہے نصیب، اس کے، جس کے نصیب مین یہ توشہ آجائے!

شانِ کریمی کے حوصلے دیکھنا! کیسے نامۂ سیاہ کو نوازا جا رہا ہے! کس ننگِ خلائق

Marfat.com

کو سرفراز کیا جارہا ہی! شاعر نے صدیون پیشتر اپنی تخئیل کی رو مین کہا تھا ؎

بطوافِ کعبہ رفتم بہ حرم رہم نہ دادند تو بروں درچہ کردی کہ درونِ خانہ آئی!

وہان تو شاعری تھی، پر اپنی طرف دیکھ کر دل دھڑک رہا ہی، اور ہمت جواب دیرہی ہی کہ کہین اپنے حق مین یہ شاعری ماجرائے حقیقت نہ بنجائے! مولی ہر بیکس کی لاج تیرے ہاتھ مین ہی! ہر مفلس کا آسرا تیرا ہی دستِ کرم ہی! بلایا ہی تو اپنے در سے محروم نہ واپس کرنا! اپنے اس قہر و غضب سے پناہ مین رکھنا کہ اس آستان پاک تک پہونچکر بھی تیرا بھکاری خالی ہاتھ واپس آئے! اندھے کی آنکھین روشن کرکے رہنا، نہ ہو کہ خانہ تک پہونچکر صاحبِ خانہ کے دیدار سے محروم رہے، نہ ہو کہ مکان پر حاضری کے بعد بھی لامکان والے مکین کی تجلیات حجاب ہی مین رہین! بیت کے ساتھ رب البیت کے کے انوار جمال کی زیارت نصیب ہو! مردون کو جلانے والے مالک! مایوسون کو خوشخبری دینے والے مولی! بیکسون کی دستگیری کرنیوالے آقا! دلون کے زخم پر مرہم رکھنے والے پروردگار! تجھ سے بھاگا ہوا تیرا نافرمان غلام، تیرے اور تیرے حبیبؐ کے آستان پاک پر سر رکھنے کو حاضر ہو رہا ہی، دعاؤن کا قبول کرنا تیرے ہی ہاتھ مین ہی، اور دعاؤن کی توفیق دینا بھی تیرے ہی ہاتھ مین!

اے خدائے پاک بے انباز و یار، دست گیر و جرم ما را درگذار

یاد دہ ما را سخنہائے رقیق کہ ترا رحم آورد آن اے رفیق

ہم دعا از تو اجابت ہم ز تو ایمنی از تو، مہابت ہم ز تو

گر خطا گفتیم اصلاحش تو کن مصلحی تو اے تو اصلاحِ سخن

سبحان اللہ الحمد للہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر۔

Marfat.com

باب (۱)

روانگی بمبئی

عید ہر سال آتی ہے، اب کی عید ہر سال کی معمولی عید نہ تھی، کسی کے آستانے پر ذوقِ جبین سائی دل کو بیتاب کئے ہوئے تھا، کسی کے دربار مین حاضری کا دن ایک ایک کرکے گنا جا رہا تھا، رمضان ختم ہوا عید آئی، انتظار کی گھڑیان کٹین، وعدۂ دیدار پورا ہونے کی ساعت آئی، ہجر کے بعد وصل، مہجوری کے بعد حضوری، انتظار کے بعد دیدار، پیاس کے بعد سیرابی، جس کارفرمائے فطرت نے ازل سے یہ قانون رکھدیا ہی، اسی نے ماہِ مبارک کا خاتمہ، موسمِ حج کے آغاز پر رکھا ہی، الحج اشہر معلومات، حج کا مشہور و معروف موسم عین اس وقت سے شروع ہوتا ہے، جب آخری روزہ اور آخری افطار، آخری تراویح اور آخری سحری سے فراغت ہو چکتی ہے، مبارک ہین ماہ مبارک کی راتون کی وہ بیداریان، جو کسی کی آرزوے دید مین بسر ہون، اور مبارک ہین ماہ مبارک کے بھوک اور پیاس، ضعف اور تڑپ والے وہ دن، جنکا خاتمہ کسی کی گلی کے طواف و سعی پر ہو!

انبساطِ عید دیدن روے تو!
عیدگاہِ ما غریبان کوے تو!

Marfat.com

سفر سیر و تفریح کے لئے نہ تھا، تحصیلِ "علوم" و تکمیلِ "فنون" کے لئے نہ تھا، "علمی" و "ادبی" تحقیقات "تاریخی" و "اثری" تفتیش کے لئے نہ تھا، کشمیر و شملہ کا نہ تھا، لندن و پیرس، آکسفورڈ و کیمبرج کا نہ تھا، ہان وہان کے لئے بھی نہ تھا، جہان گرج گرج کر تقریرین کیجاتی ہین اور جھگڑ جھگڑ کر رزولیوشن پاس ہوتے ہین! سفر جلجلاتی ہوئی ریگ والی زمین کی طرف تھا، گرمی کے موسم مین اس آسمان کی چھت کے نیچے تھا، جس کا آفتاب تمتمایا ہوا ہوتا ہی، ہوٹلون اور پارکون، آبشارون اور سبزہ زارون کی طرف نہ تھا، خشک اور چٹیل میدانون، بے آب وگیاہ ویرانون، اور آگ اور خاک برسانے والے ریگستانون کی جانب تھا! ایک گنہگار امتی، اپنے شفیع اور شفیق آقا کے آستانے پر حاضر ہو رہا تھا، بندے کی حاضری اپنے مولا کے دربار مین تھی، بھاگا ہوا غلام، تھک کے اور ہار کر، پچھتا کر اور شرما کر، پھر اپنے مالک کی طرف رخ کر رہا تھا، ذرہ آرزومند تھا، کہ آفتاب کی تابش سے جگمگا اٹھے، قطرے کو ہوس ہوئی کہ بحرِ بیکران کے وصل کا لطف اٹھائے، مشتِ خاک کو یہ دماغ ہوا کہ نورِ پاک کے جاروب کشون کی فہرست مین اپنا نام لکھائے، جو کچھ نہ تھا اسے یہ ولولہ ہوا، کہ جو سب کچھ ہے، اس سے تعلق و پیوند پیدا کیجئے!

ہے آرزو کہ ابر و پرِ خم کو دیکھئے!
اس حوصلے کو دیکھئے اور ہم کو دیکھئے!

حاضری کا حکم دینے والے کا حکم ہے، کہ زادِ راہ ساتھ لے کر چلو و تزودوا اور خود ہی زادِ راہ کی تشریح بھی فرمادی ہی، کہ بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے، خان خیر الزاد التقویٰ، یہان قحط تھا، تو اسی جنس کا، محرومی تھی تو اسی سرمایہ سے

Marfat.com

تہیدستی تھی تو اسی توشۂ راہ سے اول ہچکچایا، طبیعت رکی، ارادہ کا قدم ڈگمگایا، مگر معاً یاد آیا کہ وہ خدائے قدیر و رحیم جو ہر روز تاریکی کو نور مین بدلتا رہتا ہی، سڑے ہوئے فضلہ اور عفونت پھیلانے والی کھاد سے طرح طرح کے رنگارنگ گل بوٹے، پھل پھول میوے اور غلے وغیرہ اگاتا رہتا ہی، بیجانون مین جان پھونکتا رہتا ہی، کیا وہ تباہ کارون کو اپنے دربار مین حاضری کی نعمت سے سرفراز کرنے پر قادر نہین؟ کیا درماندون اور خستہ حالون کے دامن کو گوہرِ مراد سے بھر دینا اس کے فضل و کرم سے کچھ بھی بعید ہے؟ کیا وہ صرف نیکون اور پاکون، پارساؤن اور پاکبازون ہی کا والی و وارث، رب اور مالک ہے؟ اور مدہوشانِ غفلت اس کے لطف و رحمت سے، خدانخواستہ ہمیشہ محروم ہی رہین گے؟

ٹوٹی ہوئی ہمت بندھی، وہ رکتا ہوا دل تھما، ڈگمگاتے ہوئے پیر سنبھلے چند روز قبل حیدرآباد جانا ہوا تھا، وہان کے متعدد اہلِ دل بزرگون کی گفتگوئین اور صحبتین دل مین شوق اور ولولہ پیدا کر چکی تھین، اس سے قبل دہلی کے زندہ جاوید محبوب الٰہی نظام الدینؒ کے دربار سے اجازت مل چکی تھی، ماہ رمضان المبارک مین دیوبند اور تھانہ بھون کے دو زندہ خاصانِ حق کی زبان سے مزید حوصلہ افزائی ہو گئی، اتنی ساری تائیداتِ غیبی کے بعد بھی اگر کوئی بدبخت ازلی سوچتا اور ہچکچاتا رہتا، تو وہ انسانون کے بجائے جمادات مین شمار کرنے کے قابل تھا، اعظم گڈھ، لکھنؤ اور حیدرآباد سے بعض کرمفرماؤن نے اپنے اپنے تجربون کے مطابق ضروریاتِ سفر سے متعلق یادداشتین بھی مرتب کر کے روانہ

Marfat.com

کر دی تھین[1] یکم شوال کو بعد ادائے ظہر، ادعیۂ مسنونہ و ماثورہ پڑھتا ہوا، گھر سے باہر نکلا، مسجد سے رخصت ہوا، جد اعلیٰ حضرت شیخ محمد آبگش چشتی نظامی (م ۹۵۰ھ) اور دوسرے بزرگون کے مزارات پر فاتحہ پڑھی، قصبہ کے مسلمان، ساری دنیا کے مسلمانون کی طرح، اس وقت سخت باہمی زور آزمائی مین مصروف ہین، ہر فریق دوسرے کی عزت و آبرو کا دشمن، یہان تک کہ آج عید کا دن بھی انھین گلے نہ ملا سکا تھا، لیکن مقلب القلوب کی کارسازی، کہ اپنے ایک ناکارہ و ننگِ وطن ہموطن کو رخصت کرنے کے لئے ہر فریق اپنی پوری محبت و خلوص کے ساتھ آمادہ ہو گیا، عین عید کی مشغولیت مین، تیز دھوپ مین پا پیادہ، سب کا دو میل تک آنا، اور ہر ہر قدم پر اپنے جوشِ محبت کا ثبوت دیتے رہنا کوئی معمولی بات نہ تھی،

وطن سے روانگی کے بعد پہلی منزل لکھنؤ کی تھی، اور لکھنؤ بھی اپنے گوناگون تعلقات کے لحاظ سے بمنزلۂ وطن ہی ہے، یکم شوال کو شب مین یہان پہونچے تھے، اور ۳ر شوال (۱۵ر مارچ) یوم جمعہ کو شب ہی مین یہان سے روانہ ہوئے، دوپہر سے بزرگون اور دوستون کی تشریف آوری کا جو سلسلہ شروع ہوا، تو ٹھیک اس لمحہ تک، کہ جب تک دس بجے شب کو گاڑی چھوٹ نہ لی، برابر جاری رہا "انام خان" کے روپئے اور "ناشتہ" کے خوان پر خوان چلے آرہے ہین، اور رخصت کرنے والون مین شہر کے نامور بیرسٹر اور وکلار، اطبار، اور ڈاکٹر، اخبارات کے اڈیٹر، رسالون کے منیجر،

---

[1] مولانا سید سلیمان ندوی، پروفیسر ہارون خان شروانی (جامعہ عثمانیہ) مولوی ظفر الملک صاحب علوی اور مولوی شاہ محمد الیاس برنی کی امداد اس سلسلہ مین شکر گذاری کے ساتھ یاد رکھنے کے قابل ہے،

Marfat.com

ندوہ کے علماء، انگریزی کالجون کے پروفیسر اور طلبہ، فرنگی محل کا سارا خاندان، عام احباب و اعزہ ——— کوئی کس کس کے نام گنائے، اور سب کی مکمل فہرست یاد رکھنے کا دماغ کس کو؟ بڑے اور چھوٹے، عالم اور عامی، سب نے جس خلوص و محبت کیساتھ رخصت کیا ہے، اس کی یاد کا نقش جلد مٹنے والا نہین، احادیث نبوی مین جمعرات اور ہفتہ کا سفر مبارک بتایا گیا ہے، کریم کی کریمی ملاحظہ ہو، کہ دریاباد اسٹیشن سے گاڑی ایسے وقت چھوٹی، کہ چہار شنبہ کا آفتاب غروب ہو رہا تھا، اور شب پنجشنبہ کا آغاز ہونے کو تھا، اور لکھنؤ سے روانگی کے وقت شب شنبہ کو شروع ہوئے کئی گھنٹے گذر چکے تھے؛ راستہ مین بھوپال اسٹیشن پر دوستون اور عزیزون ہی نے نہین، بلکہ ایسے مہربانون نے بھی جنکی خدمت مین اس کے قبل نیاز تک حاصل نہ تھا، جس مسافر نوازی کا ثبوت دیا، اُس کا معاوضہ بجز دعاے خیر کے اور کیا ہو سکتا ہی، اللہ تعالیٰ سب کو دارین مین فائز المرام کرے!

---

۱۷ مارچ، یکشنبہ، کو علی الصباح بمبئی پہونچے، ناواقفون کے لئے بمبئی کا مرحلہ بھی کچھ کم کٹھن نہین، اَن پڑھ دیہاتیون کا ذکر نہین، اچھے اچھے پڑھے لکھے شہری، اگر انکا کوئی دوست یا شناسا یہان موجود نہین تو پہلی دفعہ بمبئی پہونچکر چکرا جاتے ہین، بمبئی مین حاجیون کے لئے متعدد وسیع آرام دہ مسافرخانے بنے ہوئے ہین، جہان آدمی بغیر کسی کرایہ کے ٹھہر سکتا ہی، حاجی سیٹھ صابو صدیق مرحوم کا مسافرخانہ کرافرڈ مارکٹ (جہان دنیا بھر کی چیزین ملجاتی ہین) سے متصل اور بڑے اسٹیشن (وکٹوریہ ٹرمینس) سے چند فرلانگ کے فاصلہ پر واقع ہی، یہ سب سے

Marfat.com

زیادہ آرام دہ ہی، اس کے داروغہ مولوی حضرت اللہ صاحب، جن کے چہرہ کی نورانیت ان کی باطنی پاکیزگی کا آئینہ ہے، اور اُن کے نائب منشی عبد الستار صاحب سچ کے غایتاً کرم فرماؤن مین تھے، خیال تھا، کہ قیام اسی مسافرخانہ مین ہوگا، ۱۹۱۲ء مین والد ماجد مرحوم مع والدہ صاحبہ کے جب حج کو تشریف لے گئے تھے، تو وہ بھی یہین مقیم ہوئے تھے، لیکن ابھی بڑا اسٹیشن دور تھا، اور پوری طرح صبح بھی نہین ہونے پائی تھی کہ بھائی کلہ اسٹیشن پر مولانا شوکت علی مع اپنے رفقائے نمودار ہوئے، اور حکم ہوا کہ وکٹوریہ ٹرمنس پہنچ کر دارالخلافۃ چلنا ہوگا، کس کی مجال تھی کہ بابائے خلافت کے حکم کی تعمیل نہ کرتا،

"دارالخلافۃ" کوئی مسافرخانہ یا مہمان سرا نہین، مرکزی خلافت کمیٹی کے دفتر کا نام ہی، خدا کا شکر ہے کہ کرایہ پر بیشمار روپیہ صرف کرنے کے بعد اب جمعیۃ خلافت کے پاس اپنا ذاتی مکان ہوگیا ہی، یہ مکان بھائی کلہ اسٹیشن سے دو فرلانگ پر، لولین (کسی نے اس کا ترجمہ "کوے جانان" خوب کیا ہے) مین واقع ہے، وسیع دو منزلہ عمارت، صحن کشادہ، خاموش و پرسکون فضا، بمبئی مین ایسی عمارت ہاتھ آجانا خوش قسمتی ہے، مرکزی عمارت کے حصۂ زیرین مین دفترِ جمعیۃ خلافت و دفترِ روزنامۂ خلافت، بالاخانہ پر مولانا شوکت علی کی فرودگاہ، نیز "معزز" مہذب" مہمانون کے لئے آراستہ و مرصع ڈرائنگ روم، اور دوسرے کمرے (یہان یہ سوال نہ پیدا کیجئے کہ جمعیۃ خلافت کو ان پر تکلف آرایش و زیبایش سے کیا واسطہ، قرن صحابہ کی خلافت راشدہ اور چودھوین صدی ہجری کی خلافت کمیٹی مین اب کیا

Marfat.com

اتنا فرق بھی نہ ہوتا) پہلو کی دوسری عمارت کا بالاخانہ مولانا محمد عرفان کی فرودگاہ، اور اسلامی سادگی کی سچی تصویر، نیچے کے حصہ مین خلافت بکڈپو، اور روزنامہ خلافت کے ایڈیٹوریل اسٹاف کے لئے کمرے، مرکزی عمارت کے نیچے کے دو کمرے ہمارے قافلہ کیلئے خالی کر دیئے گئے۔ ان مین عورتین اطمینان و آرام سے رہین، مرد دن بھر اِدھر اُدھر رہتے، رات کو کچھ صحن اور برآمدہ مین لیٹ رہتے، اور کچھ زبردستی مولانا عرفان کے کمرے پر قابض ہو جاتے، مولانا شوکت علی کا تار لکھنؤ ہی مین مل گیا تھا، کہ کوئی اچھا جہاز شروع شوال مین نہین جائیگا، بمبئی پہونچکر معلوم ہوا کہ دس بارہ روز کا انتظار ناگزیر ہے ——— دل کا شوق مضطرب مہینون کی مدت دنون مین اور دنون کا وقت منٹون مین کس طرح کٹ جائے! لیکن بلانے والا اگر خود ہی حکم بھیجدے، کہ دوڑتے ہانپتے ہوئے نہین، راستہ مین دم لیتے ہوئے، اور قدم قدم پر ستاتے ہوئے دربار مین حاضر ہو، تو فرمایئے، جانے والے کا دل آخر کیون کڑھے؟

بمبئی، ہندوستان کا شاید سب سے بڑا "یاجوجی" شہر ہے، لندن اور پیرس، نیویارک اور شکاگو کی زیارت سے جو لوگ مشرف نہین ہوئے ہین، وہ ان کا ایک ہلکا سا نمونہ بمبئی مین دیکھ سکتے ہین، ویسی ہی ہر طرف آسمان سے باتین کرنے والی اونچی اونچی عمارتین، وہی روپیہ کی گرم بازاری، وہی دوکانداری مین انہماک، وہی عیش کی فراوانی، وہی چستی و نفس پرستی، وہی برق و دخان کی پرستاری، وہی ملون، انجنون، اور کارخانون کا زور، وہی ریل، ٹریم، اور موٹر کارون کا شور، اور وہی صبح سے لیکر رات تک اور شام سے لیکر صبح تک چیخنے اور چلاتے ہوئے، شور مچاتے اور دھوان اڑاتے، ڈھکیلتے اور کچلتے ہوئے یاجوج کی بھیڑ اور

اور بے قراری، بھاگ دوڑ، شور وغل، چیخ پکار، شورش و اضطراب! دن کو چین نہ رات کو سکون، اور اسی کا نام اس دور یا جوجی مین "ترقی" و "تہذیب" ہے! حیرت صرف اس پر ہے، کہ اس غلبۂ یاجوجیت کے باوجود اب تک یہان کی مسجدین کیونکر اس قدر آباد و پر رونق ہین، اور اتنے نمازی اور دیندار مسلمان یہان کیسے نظر آتے ہین!

Marfat.com

باب (۲)

بمبئی - جہاز

سفر کا ایک اہم جزو، رفقائے سفر ہوتے ہین، سفرِ حج مین یہ اہم جزو بہت زائد اہم ہوجاتا ہے، مین نے جس وقت سے سفرِ حج کا ارادہ کیا تھا، اسی وقت سے بیوی بھی آمادہ تھین، اور آمادگی محض زبان تک محدود نہ تھی، بلکہ اپنا زیور علٰحدہ کرکے روپیہ کا بھی انتظام کرلیا تھا، خوشدامن صاحبہ (والدۂ خان بہادر شیخ مسعود الزمان بیرسٹر باندہ) بھی عرصہ سے تیار تھین، میرے آرام کے خیال سے انھون نے ایک مرد ملازم میرے ہی گھر کا پروردہ ہمراہ لیا، رامپور کی ایک عزیزہ بہن ساتھ چلنے کو کہہ رہی تھین میری درخواست پر ان کے حقیقی بھائی بھی جو حیدرآباد مین منصف ہین بڑی تیزی و مستعدی کے ساتھ آمادۂ رفاقت ہوگئے، اس طرح میرا اصلی قافلہ کل چھ شخصون کا ہوا، جنکا کھانا پینا ایک ساتھ تھا، لکھنؤ کی ایک اور عزیزہ (بیوۂ ڈپٹی نہال الدین احمد مرحوم) بھی مع اپنے بھائی شیخ حیدر علی قدوائی کے ہمراہ ہولی تھین، انکے علاوہ گدیہ کے مولوی عبدالباری صاحب ندوی (استاد جامعہ عثمانیہ) مع اپنے والدین اور چار دوسرے اشخاص کے ہمراہ ہولئے، اور اسی قافلہ مین مولانا سید مناظر احسن صاحب (شیخ الحدیث جامعہ عثمانیہ) بھی شامل تھے، جنکا تعارف ناظرین سے بالکل غیر ضروری ہے،

اس طرح مل ملاکر ہم سب سولہ آدمی ساتھ تھے، لیکن میرا اصلی قافلہ وہی چھ آدمیون کا تھا، سفرِ حج کا ساتھ بڑا نازک ساتھ ہوتا ہے، اچھے اچھے گہرے دوستون کی مدۃ العمر کی دوستیان اس سفر مین ٹوٹتے دیکھی ہین، اور بھائی سے بھائی کو، باپ سے بیٹے کو، پیر سے مرید کو، اس سفر مین چھوٹ جاتے سنا، اسی خوف سے مین نے شروع سے بڑی احتیاط رکھی، کہ قافلہ بہت بڑا نہ ہونے پائے، اور جو لوگ ساتھ ہون بھی، وہ حتی الامکان اپنا اپنا انتظام دوسرے سے علٰحدہ رکھین، آیندہ کے تمام عازمانِ حج کی خدمت مین مخلصانہ گذارش ہی، کہ جب تک کسی دوست یا عزیز پر یہ اعتماد نہ ہو کہ وہ غیر معمولی تحمل و بے نفسی اور صفاتِ اطاعت و انقیاد کا مالک ہی، ہرگز اسے شریکِ قافلہ نہ بنایا جائے، اور کھانے پینے، رہنے سہنے کا الگ الگ انتظام تو واجبات مین سے ہی،

بمبئی مین شروع شروع بحمد اللہ اپنے کو مخفی رکھنے مین کامیاب رہا لیکن قیام جون جون بڑھتا جاتا تھا، اخفاء کا اہتمام دشوار تر ہوتا جاتا تھا، آخر ایک روز ایک صاحب یہ پیام لیکر آئے، کہ انگریزی روزنامہ انڈین ڈیلی میل کے نمایندہ صاحب مع کیمرہ کے تشریف لانے کا ارادہ فرما رہے ہین، یعنی میرا بیان شایع کرنے کیساتھ ساتھ مجھ عجیب الخلقت کی تصویر سے بھی روشن خیال ناظرین کی ضیافتِ طبع کیجائیگی! گویا اکبر کے اس الہام کی ایک تازہ شرح شایع ہوکر رہیگی، ؎

عشاق کو بھی مالِ تجارت سمجھ لیا　　اس قہر کو ملاحظہ للہ کیجئے،
بھرتے ہین میری آہ کو فونوگراف مین　　کہتے ہین فیس لیجئے اور آہ کیجئے!

یہان بجائے "فونوگراف" کے "فوٹوگراف" سے کام لیا جانے والا تھا، اور پیام

کے ساتھ ہی ساتھ "فیس" کی جانب بھی اشارہ تھا، جواب مین عرض کیا گیا، کہ تصویر کھنچوانا، اور اخبار کے لئے بیان لکھوانا الگ رہا، یہان تو آغازِ سفر سے اخبار پڑھنا ہی سرے سے ترک کر دیا گیا ہے، یہان تک کہ ایک روزنامہ (خلافت) کے دفتر مین رہنے کے باوجود اُس اخبار کو آج تک ہاتھ نہین لگایا ہی، اور اپنے روزنامہ (ہمدرد) کی تو شکل تک بھی نہین دیکھی خیر یہ مصیبت تو ٹل گئی، لیکن سچ کی محبت اور قدر افزائی جس گروہ کے دل مین اللہ نے ڈال دی ہے، اُس کی نظر سے بچے رہنا کیونکر ممکن تھا، بالآخر ان محبت کرنے والے بھائیون کی آمد و رفت شروع ہوئی، خود اپنے اپنے کاروبار کا ہرج کر کر کے آتے تھے، اور اپنے گھرون پر لیجا کر کھانا کھلاتے تھے، عزیزی معین الدین حارث، جامعہ ملّیہ کے ایک قابلِ فخر گریجویٹ ہین، اور اب اپنا ایک روزانہ اخبار بھی نکال رہے ہین، انھون نے اور میمن برادری کے ایک نوجوان احمد عبداللہ "غریب" صاحب نے سادگی و خلوص کے ساتھ "دعوتِ شیراز" کا نمونہ دکھادیا، ان کے ہان کی سادگی کا پورا مقابلہ حاجی قاسم نور محمد چھاپرا صاحب تاجرِ چوب کی ضیافت کے تکلفات نے کر دیا، حاجی صاحب کو سچ سے خدا معلوم کیون اتنا حسنِ ظن پیدا ہو گیا ہی، پہلے قیامگاہ پر تحائف لیکر آئے، پھر اپنے ہان دعوت دھوم دھام سے کی، اور پھر جہاز پر پھلون کی بڑی سی ٹوکری خود لیکر آئے، اور ہر موقع پر یہ محسوس ہو رہا تھا کہ وہ اپنی طرف سے کسی عنایت یا احسان کا احساس مطلق نہین رکھتے، بلکہ اپنی خدمت گزاریون کو اپنے لئے باعثِ فخر و سرمایۂ سعادت سمجھ رہے ہین!

بمبئی مین قیام بارہ دن کرنا پڑا، جہاز کی روانگی کی روز امید بندھتی تھی مگر ہر صبح کی خبر شام کو غلط نکلتی تھی، یہ بارہ دن کی مدت ضروریاتِ سفر کی فراہمی اور سامان کی خریداری مین گذری، حجاز مین اب ہر قسم کی چیزین ملنے لگی ہین، جہاز پر بھی کھانے کا فی الجملہ انتظام ہوگیا ہی، اس لئے سامان بجائے زیادہ لیجانے کے، کم سے کم لیجانا چاہئے، ورنہ ایک تو باربرداری مین خرچ اچھا خاصہ پڑجاتا ہی، دوسرے اس کی حفاظت ونگہداشت کی فکر مین قلب کو ہر وقت تشویش رہا کرتی ہے، اور پھر چیزون کے ٹوٹنے پھوٹنے سے نقصان الگ ہوتا رہتا ہی، چنانچہ یہی ارادہ تھا، کہ سامان بہت مختصر اور ہلکا لیا جائیگا، اور اسی ارادہ سے بمبئی کے بازارون مین خریداری کے لئے نکلے، لیکن پھر بھی سولہ آدمیون کی ضرورتین، پیشِ نظر تھین، ہوتے ہوتے کل سامان کا انبار اچھا خاصہ ہوگیا، بستر، کپڑون کے کئی کئی جوڑے (اگر ایک آدھ رنگین جوڑا بھی ساتھ رہے تو بہت آسانی رہتی ہے) اور پیش بدہضمی، بخار وغیرہ کی مجرب دوائین، گھر سے ہمراہ لیکر نکلے تھے باقی سامان بمبئی مین خرید کیا، ہر شخص کی ضروریاتِ سفر دوسرے سے مختلف ہوتی ہین، تاہم حسبِ ذیل سامان بمبئی سے خرید کرنا غالباً علی العموم مفید ثابت ہوگا

احرام کی چادرین (یا تولئے) ڈک چیر (کپڑے کی کرسی) تھرماس، چٹائی، (بہت کام آتی ہی) ٹارچ (چور بتی) لالٹین، ہینڈ بیگ، انگیٹھی، کوئلہ، کیتلی، ٹین کا پیالہ (پانی رکھنے کے لئے) مشکیزہ، منجمد دودھ، دلیا، ستو، کھچڑی، چائے، اور پھل، اور جنکو فرش پر سونے مین زیادہ تکلیف محسوس ہوتی ہو وہ سفری چارپائیان بھی خرید لین، اس سارے سامان کی فراہمی مین بہت زیادہ مدد سیٹھ محمد روشن صاحب

Marfat.com

(تاجرِ چوب) اور اُن کے صاحبزادے میان سراج احمد سے ملی، جنھون نے اپنے وقت اور اپنے موٹر کئی دن، کئی کئی گھنٹے ہم غریب الوطنون کی خدمت کے لئے وقف رکھا، اور جن کی رہبری سے ہر سودے مین بڑی کفایت رہی،

حج اور سفرِ حج، صحیح معنی مین ایک مجاہدہ ہے، خودی پر ضرب پوری قوت و شدت کے ساتھ پڑتی ہی، اور بندہ کو بندگی پوری طرح سکھائی جاتی ہی، اسی کا ایک کرشمہ ہے کہ بندہ کا ارادہ قدم قدم پر توڑا جاتا ہی، اور کوئی نقشۂ اوقات (پروگرام) خواہ کتنے ہی غور و فکر کے بعد تیار ہوا ہو، سالم و ثابت نہین رہنے دیا جاتا، دریاباد سے قصد یہ تھا، کہ موٹر لاری پر روانگی ہوگی، اور راستہ مین بانسہ کی مشہور و متبرک درگاہ پر حاضری دیتا ہوا لکھنؤ پہونچونگا، لاریان دریاباد سے روزانہ ایک نہین، تین تین روانہ ہوتی رہتی ہین، مگر اُس روز بہر امکانی تلاش و کوشش کے بعد ایک بھی نہ مل سکی، مجبوراً ٹرین سے روانہ ہونا پڑا تھا، گاڑی اس قدر لیٹ آئی، کہ راستہ مین اتر کر بانسہ حاضر ہونے کا وقت باقی نہین رہا، یہ سب کچھ تو عین آغازِ سفر کے وقت پیش آیا تھا، لکھنؤ سے ۳ر شوال کو شب کے وقت روانگی کا قصد مصمم تھا، ۲ر کی سہ پہر کو بمبئی سے تار پہونچا کہ جہاز ابھی نہین جا رہا ہے، چند روز کے لئے ارادہ ملتوی کرو، اُسی وقت جوابی تار دیکر مزید تفصیل دریافت کی، ۳ر کی دوپہر تک کچھ جواب نہ ملا، دفترِ خلافت کو ٹیلیفون دینا چاہا معلوم ہوا کہ ٹیلیفون کا سلسلہ ٹوٹا ہوا ہی، غرض روانگی سے صرف چند گھنٹے قبل تک تذبذب و تردد ہی رہا تھا، یہی صورت بمبئی مین بھی قائم رہی، ہر روز جہاز کے دفتر ہی سے مستند و معتبر اطلاعین موصول

ہوتی تھین، لیکن ہر پچھلی اطلاع پہلی اطلاع کو غیر مستند و غیر معتبر ثابت کر دیتی تھی!
انسانی خودی کا سب سے بڑا مظہر، اُس کا ارادہ ہوتا ہی، اسی ارادہ کو چکنا چور کیا جاتا
ہے، مغرور و نادان انسان، حج کے قصد سے نکلا ہی، پھر بھی اپنے ہی ارادہ کو غالب
و حاکم رکھنا چاہتا ہی! اپنی بے بسی کے اعتراف اور اپنی ہیچ مایگی کے اقرار کو اٹھا
ہے، پھر بھی اپنے ہی کو اختیار و قدرت والا ثابت کرنا چاہتا ہی! عبدیت و بیچارگی، بندگی
و بیکسی کا سبق لینے کو چلا ہی، پھر بھی اپنی ہی خدائی قائم رکھنا چاہتا ہی! ——
انکسار و افتقار، درماندگی و شکستگی کی تعلیم اگر اس سفر مین بھی نہ ہوگی، تو کب ہوگی؟

بارہ دن تک ہماری پوری پارٹی دار الخلافہ مین مہمان رہی، مہمانی کے یہ معنی
نہین کہ اتنے روز تک ہم سب کا بار خلافت فنڈ پر پڑتا رہا، اس کے برعکس ہم سب کے
کھانے پینے کے بل برابر تیار ہوتے رہے، اور چلتے وقت ہم سب اپنے اپنے حسابات
آنہ پائی سے بیباق کر کے آئے، بلکہ اکثر مہمانون نے اصلی حساب سے زائد ہی خلافت فنڈ
کی خدمت مین نذر کر دیا، جس قدر کفایت یہان ٹھہرنے مین ہوئی، بمبئی کے کسی
ہوٹل مین ممکن نہ تھی، اور جس قدر آرام یہان ملا، یہ بھی اتنے خرچ مین بمبئی کے
کسی ہوٹل مین ممکن نہ تھا، مولانا شوکت علی ہر وقت جس طرح خاطر داریون مین
لگے رہتے تھے، اور اُن کی وجہ سے ہر معاملہ مین جتنی سہولت رہی، اس کا شکریہ الفاظ
کے ذریعہ سے ادا کرنا دشوار ہی، عزیزی زاہد علیخان سلمہ "زاہد خشک نہین" اس باپ
مین شاید باپ سے بھی کچھ قدم آگے ہین، مولانا عرفان (ناظم مالیات خلافت) فرحت
(ایڈیٹر روزنامۂ خلافت) مولوی عزیز الرحمٰن صاحب دہلوی، ان سب کی کوشش

Marfat.com

اور عنایتین، رسمی شکریہ کی حدود سے بالاتر ہین،

اکثر حاجیون کے سامنے ایک سوال، روپیہ کے رکھنے کا ہوتا ہی، نقد روپیہ سب اپنے ساتھ رکھئے، تو خواہ مخواہ ایک بار اور ہر وقت کی فکر حفاظت کا اضافہ ہوتا ہے، ہندوستان مین متعدد کوٹھیان اور ایجنسیان ایسی ہین، جہان روپیہ بسانی جمع ہو جاتا ہی، اور حجاز مین بحفاظت تمام ملجاتا ہے، دہلی کے حاجی علیجان مرحوم کی کوٹھی، اس بارے مین قدیم اور سب سے زیادہ مشہور ہے، ان کا کاروبار بڑے پیمانہ پر ہے، اور مکہ و مدینہ دونون جگہ ان کے معزز دیانتدار کارکن موجود ہین، ہم لوگون کو اس توسط کی ضرورت نہین پڑی، ہم نے اپنا بیشتر روپیہ بمبئی کے مشہور سیٹھ محمد عمر بھائی چاند بھائی خازن جمعیتہ خلافت (ناگدیوی اسٹریٹ) کے حوالہ کر دیا، اور جدہ، مدینہ منورہ، و مکہ معظمہ، ان کے ایجنٹون کے نام چٹھیان لے لین، تھوڑا سا روپیہ شیخ ابراہیم عبداللہ الفضل (نیو کوئنس روڈ چوپاٹی) کے پاس بھی جمع کرا دیا، یہ ذریعہ بھی بہت معتبر ہے، شیخ عبداللہ الفضل نجدی الاصل ہین، اور سلطان ابن سعود کے خاص مقربون مین ہین، ان کے ایک بھائی شیخ عبدالرحمن الفضل، جدہ کے مشہور تاجر ہین، اور دوسرے بھائی محمد الفضل مکہ معظمہ مین نائب گورنر ہین، الفضل صاحب سے بمبئی مین ملاقات بھی ہوئی، اب کی سال یہ بھی عازم حج ہین، اور مجھ سے چند روز کے بعد روانہ ہونگے، جہاز پر جو لوگ چاہین، کپتان کے پاس بھی اپنا روپیہ امانت رکھا سکتے ہین،

13475G

بمبئی اور کراچی مین حاجیون کی جہازی کمپنیان تین ہین، مغل لائن، نمازی اور شوستری، نمازی اور شوستری مسلمانون کی ہین لیکن ان پر مشترکہ کمپنیون کا اطلاق مشکل ہی ہوسکتا ہی، خصوصًا شوستری تو بہت ہی چھوٹی ہی، مغل لائن کسی زمانہ مین مسلمانون کی تھی، اب اس پر تمامتر قبضہ اس کے ایجنٹ مسٹر ٹرنر مارلین اینڈ کمپنی کا ہی، دراصل ان سب کے جہاز مال لادنے کے ہین، اور سال کے بیشتر حصہ مین یہی کام کرتے بھی رہتے ہین حج کے موسم مین انھین "مال گاڑیون" کو "سواری گاڑی" بنادیا جاتا ہی، اور ان پر بے جان مال واسباب کی جگہ جاندار حاجیون کو لادا جانے لگتا ہی، ٹرنر مارلین کمپنی کے چھ ڈائرکٹر ہین، ان مین صرف ایک مسلمان ہین باقی پانچون انگریز، کمپنی کی شاخین رنگون سے لیکر سوئز تک خلیج بنگال، بحر ہند، خلیج فارس، بحر عرب، بحر روم، مین ۲۳ مختلف مقامات پر قائم ہین، کارکن زیادہ تر انگریز ہی ہین، لیکن بحرین، بندر عباس، بوشہر، جدہ، کراچی، کویت، مسکّا، وغیرہ مین مسلمان ایجنٹ ہین، بمبئی کا ایجنٹ براؤن نامی ایک انگریز ہے، لوگ اس کے مزاج واخلاق کی تعریف کرتے ہین، کمپنی آٹھ جہازون کی مالک ہی، اور جہازون کی تعداد نیز عام انتظامات کے لحاظ سے، دوسری کمپنیون سے بڑی اور بہتر ہی، اسی کمپنی سے سفر کرنا طے پایا، اب تک اکثر ایسا ہوتا تھا کہ مقابلہ کی کشمکش کے وقت بعض کمپنیان اپنا کرایہ بہت گھٹا دیتی ہین، اب کی یہ صورت اُس وقت تک نہ تھی، اور نہ آیندہ اسکی توقع رکھنی چاہیئے، ہر کمپنی کا کرایہ یکسان اور بڑی سی بڑی سرکاری شرح کے مطابق تھا، یعنی:-

تیسرے درجہ کیلئے ۱۹۵ روپیہ آمدورفت (کفایت واپسی ہی کے

Marfat.com

سکنڈ کلاس کیلئے ۴۵۰ روپیہ آمدورفت ٹکٹ مین ہوتی ہے اور
فرسٹ کلاس کیلئے ۵۵۰ " " واپسی کی مدت ۱۰ مہینے ہوتی ہے
جہاز کے ٹکٹ لیتے وقت وہ منظر پیش نظر ہو جاتا ہے، جو کسی میلہ کے زمانہ مین
ریلوے اسٹیشنون پر تھرڈ کلاس کے ٹکٹ گھرون کا ہوتا ہے! وہی ریل پیل، وہی
دھکم دھکا، وہی انسانیت کی جگہ حیوانیت کی نمایش اور غلبہ! پھر پاسپورٹ حاصل
کرنے کا معرکہ اس پر مستزاد، لیکن ہملوگون کے حق مین خلافت کمیٹی کا وجود آیۂ
رحمت ثابت ہو کر رہا، ع،

حلِ این نکتہ ہم از روے نگار آخر شد!

مولانا شوکت علی، اور دوسرے کارکنانِ خلافت کی نگاہِ توجہ نے اس
مشکل کو آسان کر دیا، اور گھر بیٹھے ہم لوگون کو پاسپورٹ اور ٹکٹ حاصل ہو گئے،

Marfat.com

باب (۳)

جہاز

جہاز کی روانگی کی تاریخ خدا معلوم کتنی بار بدلی، ہماری اطلاعین براہ راست کمپنی کے دفتر سے حاصل شدہ ہوتی تھین، ٹرنر مارلیسن کے دفتر مین ایک صاحب قاری محمد بشیر اعظم گڈھی بڑے کام کے اور مستعد آدمی ہین، وہ بیچارے ہمارے ہر کام کے لئے ہر وقت تیار رہتے تھے، اس پر بھی ہر اطلاع غلط ہی ثابت ہوتی رہی، اور روانگی برابر ٹلتی رہی، اسمین خاصہ قصور ہم لوگون کا بھی تھا، جو اپنی ناواقفیت اور ناتجربہ کاری سے حاجیون کے جہاز کو ریل پر قیاس کئے ہوئے تھے، ان جہازون کے چھوٹنے مین بہت سے ایسے موثرات کام کرتے رہتے ہین، جنکا کئی روز قبل سے صحیح اندازہ کر لینا کمپنی کے افسرون کے اختیار سے باہر ہوتا ہے، اس لئے بہت قبل سے کوئی تاریخ قطعی طور پر متعین نہین ہو سکتی، بہرحال ایک آدھ روز قبل متعین طور پر معلوم ہوا کہ جہاز اکبر ۸ مارچ کو روانہ ہوگا، یہ جہاز کچھ ایسا پرانا نہین، ۱۹۲۴ء کا بنا ہوا ہی، اور کمپنی کے جہازون مین اوسط درجہ کا ہی، وزن ۴۳۰۴ ٹن ہے، ۱۹۲۶ء مین خلافت کمیٹی اور جمعیۃ العلماء کے معزز ارکانِ وفد اسی جہاز پر گئے تھے، روانگی کی تاریخ کا بالآخر تعین سنکر مایوس اور پریشان حال حاجیون کی جان مین جان آگئی، ہم لوگ بھی انتظار سے اکتا چلے تھے،

Marfat.com

صبر وضبط کا امتحان کافی ہوچکا تھا، اور وہ جو گھر سے یہ امید لیکر چلا تھا، کہ وسط شوال مین ارض مبارک مین پہونچ جائیگا، اسے وسط شوال تک بمبئی ہی مین رکا رہنا پڑا تھا، ۲۷ و ۲۸ کی دریانی شب، خاص شوق و اشتیاق مین گذری،

جمعرات، ۲۸ مارچ، ۱۶ شوال جہاز ۱۱ بجے شب کو چھوٹنے والا تھا لیکن حاجیون کو حکم یہ ملا تھا، کہ ۸ بجے صبح اپنا سامان جہاز پر رکھدین، اور خود ۳ بجے سہ پہر کو بھیارہ (ڈس انفکشن) کے لئے حاضر ہوکر قبل مغرب جہاز پر سوار ہوجائین، اس حکم کی تعمیل مین سامان صبح روانہ کردیا گیا تھا، لیکن اسکی روانگی مین کسی قدر دیر ہوگئی تھی، دوسرے حاجی بہت قبل سے پہونچکر ساری اچھی جگہین اپنے اسباب سے گھیر چکے تھے، حج کا سفر اللہ نے اس لئے رکھا ہی کہ بندہ کو بندہ بننے کی عادت پڑے، بندہ، بندگی، ایثار و بے نفسی کا سبق حاصل کرے، لیکن بندون مین ٹھیک اس کے برعکس خود غرضیون کا زور ہوتا ہے، اور ہر شخص اسی فکر مین لگا رہتا ہی، کہ دوسرون کو دھکا دیکر، ڈھکیل کر، ڈرا دھمکا کر، جس طرح بھی ممکن ہو اپنے لیے بہتر سے بہتر جگہ حاصل کرے، اور دوسرون کے حقوق اور انکی تکلیفون کا مطلق لحاظ نہین رہتا، عموماً کامیاب وہی رہتے ہین، جو ہاتھ پیر کے زبردست ہوتے ہین، یا پھر وہ جو جہاز کے ملازمون کو دے دلا کر اپنا کر لیتے ہین، سہ پہر کو ہم لوگ بھیارہ گھر حاضر ہوئے، جس کی عمارت پرنسس ڈاک سے ایک آدھ فرلانگ کے فاصلہ پر ہے، یہان کا سمان دیکھنے سے تعلق رکھتا ہی، حاجیون کی جماعت اس وقت انسانون کی جماعت نہ تھی، بھیڑ بکریون کا ایک غول تھا، جسے پولیس کے کانسٹبل، اور شفاخانہ کے ملازم، جس طرح چاہین ہانک رہے ہین،

سنتے ہین کہ بمبئی مین ہماری مہربان سرکار کی طرف سے کوئی محکمہ محافظِ حجاج بھی قایم ہے، "محافظت" کی نئی اور انوکھی صورت آج دیکھنے مین آئی کہ بیچارے عوام کا لانعام" کا ذکر نہین، اچھے اچھے معزز وذی مرتبت حاجی، فرسٹ کلاس کے ٹکٹ رکھنے والے تیز دھوپ مین حیران و پریشان، ہجوم مین دھکے کھاتے پھرتے ہین! اور عورتون بیچاریون کی حالت اس سے بھی کہین ابتر! یہ سزا ہے یا جوجی حکومت کی طرف سے اس جرم کی، کہ اس بیسوین صدی کی روشنی مین بھی لندن اور پیرس، روما اور ویانا، آکسفرڈ اور کیمبرج، گلاسکو، اور ایڈنبرا، نیویارک، اور واشنگٹن، کو چھوڑ کر ایک ریتیلے بیابان، اور پتھریلے ویرانہ کی طرف ذوق وشوق سے رُخ کیا جارہا ہے! حدیث نبوی مین یہ بے شبہہ ارشاد ہوا ہے، کہ حج، یاجوج کے زمانہ مین جاری رہے گا، لیکن یاجوجی حکومتین حاجیون کے ساتھ کیا برتاؤ کرینگی، اور حاجیون پر کیا کچھ گذرتی رہیگی، اسکا تعلق سننے سے نہین، دیکھنے سے، مطالعہ سے نہین، مشاہدہ سے، اور اخبار سے نہین، تجربہ سے ہے! یہ سچ ہے، کہ اللہ کے راستہ مین نکلنے والون کے لئے ہر تکلیف عین راحت، اور ہر توہین عین عزت ہے، لیکن جو یاجوجی قوتین آج اپنے دست وبازو پر نازان ہین، وہ سن رکھین، کہ یہ امتحان اللہ کی راہ مین نکلنے والون کے صبر و ضبط، کسرِ نفس وخود شکنی کا نہین، بلکہ خود زمین وآسمان کے پروردگار کے حلم کا امتحان ہے!

شوکت صاحب کل شب مین دہلی روانہ ہوگئے تھے، آج انکی جانشینی زاہد سلمہٗ کے حصہ مین آئی، بھپارہ اور جہاز کے سارے معرکے زاہد صاحب ہی کی مدد سے سر ہوئے، اور "اگر پدر نتواند پسر تمام کند" کے پرانے مقولہ کی آج نئی تصدیق حاصل ہوئی،

Marfat.com

اللہ اس ہونہار نوجوان کو اپنے حفظ و امان مین رکھے، اور اسے پختہ دیندار مسلمان بنا دے، انجمن خدام النبی کے کارکن بڑی محبت اور سیر چشمی کے ساتھ حاجیون کو برف و شربت سے سیراب کرتے ہوئے دکھائی دیئے، کاش سرکار دولتمدار کے محکمہ محافظِ حجاج مین اتنی ہی ہمدردی و انسانیت ہوتی! گھنٹون کے انتظار کے بعد بھیارہ خانہ مین ہم لوگون کی بھی "ڈاکٹری" ہوئی، یعنی پرائے نام ہماری نبضون پر ہاتھ رکھکر، دو سکنڈ مین اس سوانگ کو ختم کر دیا گیا، اور عصر کے آخر وقت تک سب کے سب حاجی جہاز پر سوار ہو گئے، مجموعی تعداد قریب پندرہ سو کے پہونچی، اس وقت سے لیکر شب کے گیارہ بجے تک جو جہاز کے چھوٹنے کا وقت تھا، انسانون کے اتنے بڑے مجمع کو، جسمین بوڑھے اور بچے تندرست اور بیمار، توانا اور کمزور سبھی تھے، حوائج بشری سے بالکل پاک اور منزہ فرض کر لیا گیا، گویا جہاز کا عرشہ جنت کا صحن تھا، جہان کسی کو قضاے حاجت کی ضرورت نہ پیش آئیگی! جہاز مین پیشاب اور پاخانے کی جگہین متعدد بنی ہوئی تھین، لیکن، اس وقت سب کی سب مقفل تھین، اور جب تک جہاز چھوٹ نہ لیا، بدستور مقفل رہین! سنا کہ جہاز جب تک گودی (ڈاک) مین لگا رہتا ہی، اس اندیشہ سے کہ کہین ساحل سمندر گندگی و غلاظت سے لبریز نہ ہو جائے، برابر اسی طرح جہازون کے پاخانے مقفل رہا کرتے ہین، ۳ بجے بھیارہ کا وقت مقرر تھا، بہت سے غریب حاجی ۲ بجے اپنے اپنے ٹھکانون سے روانہ ہوئے تھے، اُس وقت سے لیکر ۱۱ بجے تک، یعنی پورے ۹ گھنٹہ کی مدت مین کمزور مثانہ والے حاجیون پر کیا گذری، کیا اس کی تصریح کی ضرورت ہی؟

ٹھیک ۱۱ بجے شب کو جہاز مین حرکت ہوئی، اور اُس نے آہستہ آہستہ ساحل کو چھوڑنا شروع کیا، لیجئے دیکھتے ہی دیکھتے، قرب وجوار کی ساری عمارتین نظرون سے پوشیدہ ہوگئین، اور صرف اُنکی روشنیان باقی رہ گئین، اللہ اللہ! کیا وقت ہی! کیا سمان ہی! جہاز مین حرکت تو خیر جیسی کچھ بھی ہو، اپنے دل کی حرکت کا کیا حال ہے؟ وطن ہر لحظہ دور ہوتا جارہا ہی، وطن کی دلچسپیان ساری کی ساری پیچھے چھوٹتی جاتی ہین، بیوی بیشک ساتھ ہین، لیکن بچیان وہین ہین، والدہ ماجدہ وہین ہین، بھائی وہین ہین، بہن وہین ہین، سارے اعزہ اور دوست وہین ہین، ساتھ کے کام کرنے والے وہین ہین لیکن بحمداللہ دل مین اس وقت ان مین سے کسی کی فکر نہین، فکر اُنکی نہین، جو پیچھے چھوٹ رہے ہین، فکر ہے تو اُنکی جو آگے ملنے والے ہین! دوستو! اور عزیزو! خدا حافظ! خاکِ وطن کے ذرو، خدا حافظ! سب کو اسی مالک ومولا کے سپرد کیا، سب کو اُسی کریم ورحیم کی حفاظت مین دیا، جس کے در پر جبین سائی کو یہ ننگِ وطن وننگِ خاندان اس وقت روانہ ہورہا ہی، اُس کی خطائین معاف کرو، اُس کے قصورون سے درگذرو، اُسکی بہبودگیون پر خاک ڈالو اللہ تمھارے عیبون پر پردہ ڈالیگا، اللہ تمھارے مرتبے بلند کریگا، اللہ تمھاری خطاؤن کو معاف کریگا، لبیک اللّٰھم لبیک، اللّٰھم الیک توجھتُ وعلیک توکلتُ وجھک اردت فاجعل ذنبی مغفورًا وحجی مبرورًا وارحمنی ولا تخیبنی واقض بعرفات حاجاتی انک علی کل شئ قدیر،

خواجہ حافظ نے مدت ہوئی فرمایا تھا ؎،

Marfat.com

شبِ تاریک و بیم موج و گردابے چنین حائل
کجا دانند حالِ ما سبکسارانِ ساحلہا!

لیکن حقیقت یہ ہے کہ "شب تاریک" ہی نہین، روز روشن مین بھی، اور "بیم و موج" ہی کے وقت نہین، سمندر کے سکون کے وقت بھی، اور "گرداب" و تلاطم ہی کی حالت مین نہین، پوری ہمواری کی حالت مین بھی، حاجیون کے جہاز کی کیفیت کا اندازہ صرف حاجی ہی کر سکتے ہین، بغیر آپ بیتی کے "سبکسارانِ ساحل" اس کا صحیح اندازہ کرنے سے بالکل قاصر ہین! ریل کے سفر مین جو سہولتین بالعموم حاصل رہتی ہین، وہ ان جہازون مین عنقا کا حکم رکھتی ہین، تھرڈ کلاس والون کا ذکر نہین وہ مخلوق تو شاید سختیان اٹھانے اور تکلیفین جھیلنے کے لئے پیدا ہی ہوئی ہے، سکنڈ کلاس بلکہ فرسٹ کلاس والون کو بھی قدم قدم پر یہ محسوس کرایا جاتا ہے، کہ وہ عبادت کیلئے مجاہدہ کے لئے، کسرِ نفس کے لئے گھرون سے نکلے ہین، اور خدا بننے کیلئے نہین، بندہ بننے کے لئے چلے ہین! اکبر کا شمار اچھے خاصے جہازون مین ہے، سب سے نیچے کا حصہ ریل کی مال گاڑیون کی طرح مال کے لئے مخصوص، اس "اسفل سافلین" کے مقابلہ مین "اعلیٰ علیین" یعنی جہاز کا سب سے اونچا عرشہ، اعلیٰ فرنگی افسرون، کپتان، چیف آفیسر انجینیر وغیرہ کے لئے مخصوص! چھوٹی چھوٹی کوٹھریان، جنمین نہ پنکھا، نہ ہوا کا گذر، نہ پاخانہ، نہ غسل خانہ، اوپر تلے دو بنچین، ان کا نام "سکنڈ کلاس کیبن" جنکا کرایہ تھرڈ کلاس سے ڈھائی گنا! فرسٹ کلاس بھی اسیقدر تنگ و مختصر، البتہ انکا مقام نسبتہً بہتر، اور پنکھا ان مین موجود، لیکن پاخانہ اور غسل خانہ ان کے ساتھ بھی نہین، اور پیشاب کی ضرورت کے لئے ہر مرتبہ، ہر فرسٹ کلاس کے مسافر کو خاصی مسافت

Marfat.com

طے کرکے اُس عام و مشترک بیت الخلا تک جانا ہوتا ہی جس پر فرسٹ کلاس اور سکنڈ کلاس دونون کے کل مسافرون کا یکسان حق ہوتا ہی! پھر زنانہ و مردانہ کی بھی تفریق نہین، سب کے لئے ایک ہی کافی! ایسی صورت مین اگر دروازہ پر دس دس منٹ تک لوٹا ہاتھ مین لئے امیدواری کرتی رہنا پڑے، تو حیرت کی کیا بات! طہارت کا انتظام بمنزلۂ صفر، اگندگی دور ہونے کے بجائے کپڑون کے نجس ہو جانے کا اندیشہ ہر وقت لگا ہوا! آرام و آسایش کا یہ معیار فرسٹ کلاس والون کے لئے ہی!

"جسکی بہار یہ ہو پھر اسکی خزان نہ پوچھ"! اگر "بہار" سے "خزان" کا اندازہ کرنا ممکن ہی، تو فرسٹ کلاس کی حالت سے تھرڈ کلاس کا بھی اندازہ کر لینا ناممکن نہین، جہاز کے اسفل سافلین سے اوپر کے دو درجے تھرڈ کلاس والون کے لئے ہوتے ہین، لیکن انھین درجہ قرار دینا، خود لفظ "درجہ" کی تحقیر کرنا ہی! یہ درجے کیا ہوتے ہین بھیڑ بکریون کے باڑے ہوتے ہین، جنمین بے زبان جانورون کے بجائے بے زبان (اور شاید بے جان بھی!) "کالے" آدمیون کو الٹے سیدھے، تلے اوپر، بھر دیا جاتا ہی! اِدھر کوڑے کے ڈھیر، اُدھر غلاظت کے انبار! اِدھر کھانا پک رہا ہی، اور دھوان ہی، کہ آنکھ اور ناک مین گھسا جا رہا ہی، اُدھر سامنے بیٹھے ہوئے چھوٹے بچے ہی نہین، انکے باپ اور چچا، جوان نابالغ، ہر قسم کی شرم و غیرت کو بالائے طاق رکھے ہوئے، بلا تکلف، پیشاب اور پاخانہ کے مشاغل مین مصروف! روشنی کا گذر دشوار، اور ہوا کا گذر دشوار تر! رہے تھرڈ کلاس کے پاخانے اور غسلخانے، تو اُن کا تو تصور بھی نفیس مزاجون پر بار ہوگا، جہاز کا نیچے والا عرشہ (ڈک) جہان فرسٹ کلاس کیبن ہوتے ہین،

درحقیقت فرسٹ اور سکنڈ کلاس والون کا برآمدہ ہوتا ہی، جو تھرڈ کلاس والے قلیون یا جہاز والون کو کچھ دے دلاکر یہان قبضہ کر لیتے ہین، وہ مزے مین رہتے ہین، اور مسافرون مین بہت خوش قسمت سمجھے جاتے ہین، میٹھا پانی اول تو ملتا بہت محدود مقدار مین ہے، پھر اُس کے ملنے کے اوقات معیّن و مختصر، یہی حال کھانا پکانے کی لکڑی کا ہی، جو جہاز پر بلا قیمت تقسیم ہوتی رہتی ہی، پانی اور لکڑی، دونون کی تقسیم کے وقت جو ہنگامہ برپا ہوتا ہی، جس طرح کنستر سے کنستر اور سر سے سر ٹکراتے ہین، اور بوڑھون اور کمزورون کو جس قیامت کا سامنا ہوتا ہی، اُن سب کا تعلق دیکھنے سے ہے، سننے سے نہین! ——— لیکن درحقیقت صبر و شکر کا سبق بھی اللہ کی اسی بے زبان مخلوق سے لینا چاہیئے، دیکھنے والون کو ان پر ترس آرہا ہی، لیکن یہ اپنے حال مین مست، اپنی دھن مین مگن! انھین نہ برقی قمقمون کی طلب، نہ پنکھے کی ہوس، نہ برف کی خواہش، نہ لائم جوس کی تمنا، کہین تلاوت ہو رہی ہی، کہین وعظ کی محفل گرم، کہین دیگچیان مانجی جا رہی ہین، کہین کپڑے اپنے ہاتھ سے دھل رہے ہین، کہین روٹیان توے پر پڑ رہی ہین، اور تقریباً سارے کے سارے بے فکر و بے غم! انکا میلاپن قابلِ نفرین، لیکن انکا صبر قابلِ رشک، انکا شکر قابلِ داد، اور انکی ہمت قابلِ آفرین!

مغرور و برخود غلط، متمرد و سرکش، غافل و مدہوش، خاک کا پتلا، کس قدر اپنی حیثیت کو بھولا ہوا، اور اپنی حقیقت کو بھلائے ہوئے ہے، حج کا سفر ایثار و فروتنی و نفس شکنی کا مدرسہ ہوتا ہی، اس پر بھی نفس کی فربہی مین ایک ذرہ کمی نہین

انانیت ہر ہر قدم پر زندہ، اور نفس پرستی سے وقت کا لمحہ لمحہ معمور! مصائب سفر کا بیشتر حصہ تو خیالی اور اپنے دماغ کا پیدا کردہ ہوتا ہی، باقی تھوڑی بہت تکلیفین جو واقعی ہوتی ہین، سو اے عزیز! اگر یہ علم صحیح قائم ہوجائے، کہ یہ کس کی راہ مین پیش آرہی ہین، تو معاً تکلیف آرام سے اور درد راحت سے تبدیل ہوجائے، ہر گمرہی کی بنیاد انسان کے اس جذبہ پر ہی، کہ وہ اپنی مرضی کو سب پر حکمران دیکھنا چاہتا ہی، اسلام اسی باطل پرستی کی تصحیح کے لئے ہے، اسلام کے معنی اپنی مرضی کو اپنے پیدا کرنے والے کی مرضی کے محکوم کر دینے کے ہین، اور فریضۂ حج اسی مقصد کی تکمیل کا ایک آلہ ہے، پھر اگر راستہ مین کچھ اُمور ناخوشگوار پیش آئین، تو اُن پر بے صبری کا اظہار کتنی بڑی محرومی اور بدنصیبی ہے! دنیا مین کسی کے ساتھ ذرا سا دل کا لگاؤ پیدا ہوجاتا ہی، پھر دیکھئے، کہ اسکی گلی کا ہر کانٹا کس طرح پھول بنجاتا ہی، پس وہ جو سب محبوبون کا محبوب ہی، اور سب کی محبتون کا تاجدار ہے، اگر اُسکی راہ مین کوئی بات خلافِ مزاج یا خلافِ توقع پیش آئے، تو وہ بات ہی ایسی کیا ہوسکتی ہی، جس کے چرچے زبانون پر لائے جائین، اور جس کے تذکرے اخبارات کے کالمون مین پھیلائے جائین!

Marfat.com

باب (۴)

جہاز سمندر

قافلہ کے دونون جزو ملاکر کل ہم لوگ سولہ آدمی تھے، سکنڈ کلاس کی حالت اوپر بیان کیجا چکی ہے، حاجیون کے جہاز پر سکنڈ کلاس کا ٹکٹ لینا نادانی ہی، ریل کے سکنڈ کلاس پر ہرگز اسے قیاس نہ کرنا چاہئے، وہ آرام و آسایش یہان خواب و خیال ہے، ساڑھے چار سو اور ساڑھے پانچ سو کی رقم مین کچھ بہت زائد فرق نہین، جو لوگ صاحب استطاعت ہین، انھین چاہئے، کہ فرسٹ کلاس کا ٹکٹ لین، ورنہ پھر تھرڈ ہی پر قناعت کرین، ہم لوگون نے چار ٹکٹ فرسٹ کے لئے، باقی بارہ تھرڈ کے تھے، انھین بارہ مین ہم میان بیوی بھی تھے، تھرڈ سے زیادہ کی بجٹ مین گنجایش نہ تھی، طے کر چکے تھے، کہ بری بھلی جس طرح بھی گذریگی، بہرحال ہزارون دوسری مخلوق خدا کی طرح برداشت ہی کرین گے، مگر اب خدا کی قدرت ملاحظہ ہو، شوکت صاحب خود مجھے ہمراہ لیکر ٹرنر مارسین کے دفتر مین گئے، اور لگے میرا تعارف اپنی زبان اور اپنے لہجہ مین کرنے، اُنکی زبان کون پکڑ سکتا تھا، جو کچھ جی مین آیا فرماتے رہے، نتیجہ یہ ہوا، کہ تھوڑی ہی دیر کے بعد ہم میان بیوی کے ٹکٹ، تھرڈ کلاس کی قیمت کے ساتھ فرسٹ کلاس کے ہوگئے! دفتر

ہی مین جہاز اکبر کا نقشہ دیکھکر ہمارے فرسٹ کلاس والے ساتھیون کے لئے دو کیبن مخصوص و نامزد ہوگئے، اور ہم میان بیوی کے لئے کمپنی والون نے سب سے اوپر کے عرشہ کا وہ کیبن مخصوص کر دیا، جسکی تمنا فرسٹ کلاس والون کو بھی رہا کرتی ہی، سب سے اوپر کے عرشہ پر بجز انگریز افسرون کے اور کسی کا کیبن نہین ہوتا، صرف یہی ایک کیبن خالی ہوتا ہی جو کپتان کے کیبن سے بالکل ملا ہوا ہوتا ہی، اور خوش نصیبون ہی کے حصہ مین آتا ہے! اس طرح سب سے کم خرچ مین، مین سب سے اونچی اور ہوادار جگہ پاکر، صحیح معنی مین "کم خرچ بالانشین" بنا ہوا تھا،

کریم کی دستگیریان اور مشکل کشائیان ملاحظہ ہون، کمزوردن اور ناتوانون کی کس کس طرح دستگیری کیجاتی ہی، اور بزدلون اور پست ہمتون کی ہمت کس کس طرح بندھائی جاتی ہی! جہاز بھر مین جو سب سے زیادہ کم ہمت اور مشقت سے بھاگنے والا تھا، اسی پر سب سے زیادہ الطاف وعنایات کی بارش ہوئی، اور وہ جو قدم قدم پر راحت کا حریص اور آرام کا بھوکا تھا، اُسے کیسا کیسا نوازا گیا، اور کن کن طریقون سے بہلایا گیا، کُلًّا نُمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ! بیمار بچہ جب دوا سے، اور بدشوق بچہ جب مدرسہ سے بھاگتا ہی، تو دایہ کس کس طرح بہلاتی ہی، اور ماں کیسے کیسے لالچ دلاتی ہی، پھر وہ جسکی رحمت وشفقت نے ہر دایہ سے بڑھکر چاہت، اور جسکی ربوبیت وکریمی نے ہر ماں سے زیادہ مامتا، اپنے اوپر لازم کر رکھی ہے، کیونکر ممکن تھا کہ اپنی خلقت کے نادان اور نافہم، ضدی اور ہٹیلے بچون کو یون ہی بھٹکتا اور بہکتا چھوڑ دے!

Marfat.com

اے خدا از فضلِ تو حاجت روا — با تو یادِ ہیچکس نبود روا،
تلخ تر از فرقتِ تو ہیچ نیست — بے پناہت غیر ہیچا ہیچ نیست
دستِ ما چون پائے ما رامی خورد — بے امان تو کسے جان کے برد

ہر سفر کی خوشگواری و ناخوشگواری مین خاصہ دخل سفر کے رفیقون کو ہوتا ہی، رفیق اگر ہم مذاق ہین، تو ہر سفر خوشگوار بن سکتا ہی، اور اگر رفیق ناجنس ملے، تو گو وقت بھی اُسی درجہ کی ہوتی ہی، جہاز کے سفر مین، جہان ساری بیرونی دنیا سے بے تعلقی ہو جاتی ہی، اور ڈیڑھ ڈیڑھ دو دو ہفتے یہ بے تعلقی قایم رہتی ہی، رفیقون کا سوال اور زائد اہم ہو جاتا ہی، ہمارے قافلہ کے جو اصلی اجزا تھے، انکا ذکر اوپر آچکا، مولوی عبد الباری صاحب ندوی کے والد ماجد حکیم عبد الخالق صاحب کی رفاقت بہت مفید ثابت ہوئی، وہ محض ایک عبادت گذار درویش صفت بزرگ ہی نہین، بلکہ تجربہ کار طبیب بھی ہین، اور اپنے ہمراہ مجربات کا ایک پورا بکس لے گئے تھے[1]، راستے مین تھوڑا بہت بیمار پڑنا ناگزیر تھا، سارے قافلہ کو کم و بیش حکیم صاحب اور انکے مجربات کی ضرورت پڑی، اور سب کے دلون سے ان کے حق مین دعاے خیر نکلی، مولانا مناظر احسن صاحب کا درد و گداز، علم و فضل، ذوق و جوش ہر موقع پر ایک نئے رنگ مین نمایان ہوتا رہا، اور اُنکی ایمان پرور تقریرین اور نظمین خدا معلوم کتنے دلون کو گرماتی، اور کتنے ایمانون کو تازہ کرتی رہین، انکے عزیز مولوی شاہ لطف اللہ مونگیری (خلف مولانا شاہ محمد علی مونگیری قدس سرہٗ

---

[1] افسوس ہی کہ اس سفرنامہ کی ترتیب کے وقت تک حکیم صاحب کا انتقال ہو چکا،

Marfat.com

بھی مع اپنی پارٹی کے بمبئی سے ہمراہ ہو گئے تھے، بہار ہی کے ایک منصف نصیر الدین صاحب بھی مع اپنے صاحبزادہ ضمیر الدین صاحب کے، جو اپنے صوبہ کی خلافت کمیٹی کے ایک پرجوش کارکن معلوم ہوتے ہین، جہاز پر ملے، اور تھوڑی ہی دیر مین ہم لوگون سے گھل مل گئے، مولوی عین الحق صاحب پنشنر جج عدالت خفیفہ، جو ایک زمانہ مین بہاری تھے، مگر اب لکھنوی ہو گئے ہین، والد ماجد مرحوم کے ملنے والون مین ہین، اور دو حج اس کے قبل کر چکے ہین، ابکی اپنے تیسرے حج مین اسی جہاز پر ہین، انھین دیکھ کر قدرتِ خدا نظر آتی ہی، لباس اس درجہ سادہ! مزاج اس درجہ قانع! یقین ہی نہین آتا، کہ یہ بی اے، بی ال ہین، اور بڑے بڑے سرکاری عہدون پر رہ چکے ہین، غازیپور کے گریجویٹ وکیل مولوی رفیع اللہ صاحب بھی اسی قبیل کے انسان نظر آئے، ان کی شب بیداری، انکی سادگی، اور انکے ذوقِ عبادت پر بار بار رشک آتا ہی، سب سے زیادہ دلچسپ ہستی ہمارے وطن کے چودھری محمد علی (چمرو) تعلقدار ردولی کی ہی، جو لوگ اس ہنسنے والے اور ہنسانے والے زندہ دل رئیس سے واقف ہین، وہ خدا معلوم اُن کے سفرِ حج کی خبر کو باور کیونکر کرین گے! لیکن کریم کی کریمی مین کسی کا کیا اجارہ ہی، وہ جسے چاہے دم بھر مین نواز دے! ہندوستان کی شیعی جماعت کے شاید وہی تنہا نمایندہ ہین، جو اِس جہاز پر مع اپنی سنی اور دیندار زوجۂ محترمہ کے حجِ بیت اللہ کے لئے چل رہے ہین، ان سب رفیقون اور حلیسون نے مل جل کر سفر مین وطن کی شان پیدا کر دی تھی،

سنتے تھے کہ جہاز مین متلی کی شکایت عام رہتی ہی، اور اکثر دن کو چکر آتے رہتے

ہین، یہان تک کہ بعض لوگون کی حالتین خراب ہو ہو جاتی ہین، ہم لوگون نے اسکی پیش بندی مین کاغذی لیمون بہت سے ساتھ رکھ لئے تھے بعضون کے ساتھ اطمینان تھین، ہلکے ترش میوے اکثر متلی اور دورانِ سفر مین مفید ثابت ہوتے ہین بعض لوگون نے ایک پیٹنٹ دوا (MOTHER SEIGATS ANTI SEA-SICKNESS) کے قرص بھی جو خاصے گران ملتے ہین بمبئی سے خرید کر ہمراہ لیلئے تھے لیکن بحمداللہ ان چیزون کے استعمال کی ضرورت اکثرون کو مطلق نہین پیش آئی اس کی ایک خاص وجہ ماہرین سفر دریائی نے یہ بیان کی کہ موسم خشک و خوشگوار تھا اور سمندر مین تلاطم بالکل نہ تھا، مارچ اور اپریل کا مہینہ سفر بحری کے لئے خاص طور پر موزون ہین سمندر اس زمانے مین خاموش و پرسکون رہتا ہی، البتہ برسات کے موسم مین خصوصاً اُس کے آغاز مین اور اُس کے اختتام پر سمندر مین شدید تلاطم برپا رہتا ہے، اور طاقتور موجین ہولناک حد تک بلند ہو ہو کر جہاز سے ٹکراتی رہتی ہین، ان سے جہاز ہنڈولے کی طرح ڈانوا ڈول ہونے لگتا ہی، یعنی دائین اور بائین پہلوؤن پر جھکنے اور اُٹھنے لگتا ہی، اسی سے آلاتِ ہضم مین ہیجان پیدا ہو جاتا ہی، اور انسان دورانِ سر اور متلی مین مبتلا ہو جاتا ہی، ہمارا جہاز تقریباً بالکل محفوظ رہا، اور بجز معدودے چند اشخاص کے اور کسی کو قابلِ ذکر شکایت نہین پیدا ہوئی، ایک بات تجربہ سے یہ معلوم ہوئی، کہ پرخوری اور خلوی معدہ دونون اس حالت مین مضر ہین، اور ایک طرف اگر ثقیل، دیر ہضم غذاؤن سے بچنے کی ضرورت ہی، تو دوسری طرف بالکل بھوکے رہنے سے بھی، بجائے اسکے کہ ایک یا دو بار کھانا خوب شکم سیر ہو کر کھا لیا جائے یا محض فاقہ کیا جائے، چاہئے

اور ناشتہ کی ہلکی غذائین اگر دن مین بار بار استعمال مین آتی رہین، تو انشاء اللہ جہاز کی بیماری سے نجات رہیگی، ایک اور ضروری شے تازہ ہوا ہی، تھرڈ کلاس والے بیچارے ایک بڑی حد تک اس نعمت سے محروم رہتے ہین، تاہم جس حد تک بھی ممکن ہو اسکی طرف انھین سبقت کرتے رہنا چاہئے، میرا ذاتی تجربہ ایک یہ بھی ہے کہ نگاہ کو حتی الامکان اگر جہاز کے کنارون پر نہ جمنے دیا جائے، بلکہ سمندر کے دور سے دور کنارون پر جمایا جائے تو بھی سر کے چکر سے بہت عافیت رہتی ہی،

گوری حکومت مین گوری قوم کا ہر ہر فرد اپنے کو حاکم سمجھتا ہی، اور کوئی گورا کہین اور کسی مرتبہ پر بھی ہو، ماتحت نہین، حاکم اور خادم نہین، آقا بنکر رہتا ہی، حاجیون کے جہاز اس کلیہ سے مستثنیٰ نہین ہوتے، ظاہر ہے کہ یہ کمپنیان حاجیون کے روپیہ سے زندہ ہین، اور انکا مقصد وجود حاجیون کی خدمت ہی، تاہم جہاز کے جتنے بڑے عہدہ دار تھے، سب فرنگی ہی تھے، کپتان انگریز، چیف آفیسر انگریز، سکنڈ آفیسر انگریز، انجنیر انگریز، ہیکنیک انگریز، دایرلیس نیر آپریٹر انگریز، جونیر آپریٹر انگریز وغیرہ وغیرہ، اور غیر مسلم تو چھوٹے بڑے تقریباً سب ہی عہدہ دار تھے، اور سب کا برتاؤ حاجیون کے ساتھ وہی تھا، جو "گورون" کا "کالون" کے ساتھ اور "صاحب" کا "نیٹیو" کے ساتھ ہر جگہ رہا کرتا ہی، تاہم یہ شاید حاجیون کی طویل صحبت کی برکت تھی، یا کیا، کہ برتاؤ فی الجملہ نرم و مہذب تھا، اور سختیان نسبتہً کم تھین، جہاز کا سب سے بڑا افسر کمانڈر یا کپتان کہلاتا ہی، فرنگیون سے بات چیت کرنے کو اب مدت سے جی نہین چاہتا، تاہم اس جہاز کا کپتان پی ایچ، وارڈ ایک نیکدل و سادہ مزاج انگریز ہی، جو حاجیون سے ہمدردی بھی خاصی رکھتا ہے،

اُس سے اکثر بات چیت ہوتی رہتی تھی، جہاز کا چیف آفیسر گبن بھی ایک خوش مزاج نوجوان انگریز ہے، اس سے بھی کبھی کبھی گفتگو ہوتی رہتی تھی، کپتان کے دروازہ سے دروازہ ملا ہوا تھا، بار بار سابقہ پڑتے رہنا ناگزیر تھا،

حاجیون کے جہاز پر ابتدا سے کھانے کا مسئلہ بہت اہم رہا کیا ہی، جہاز پر جو ہوٹل افسرانِ جہاز کے لئے ہوتا ہی، اول تو عام مسافرون کے لئے ہوتا نہین، صرف فرسٹ کلاس والون کے لئے ہوتا ہی پھر کھانے کے دام زائد، اور کھانا انگریزی مذاق کا اس لئے عموماً حاجیون کے لئے اس کا وجود بیکار ہی ثابت ہوتا ہی، اور ہر حاجی کو کھانے، اور کھانا پکانے کا سارا سامان لاد کر لیجانا پڑتا ہی، آٹا دال چاول، گھی، مسالہ دیگچیان برتن چولھا، سل بٹہ، لکڑی چیرنے کی کلہاڑی، اور خدا معلوم اور کیا کیا، بوریون مین بھر بھر کر لادنا پڑتا ہی جس کی زحمت و مشقت محتاجِ بیان نہین، ابکی سال خدا کے فضل سے یہ زحمت ایک بڑی حد تک دور ہو گئی تھی، "مسلم پلگرم فوڈ سپلائی" کمپنی کے نام سے، حاجی سیٹھ عمر بھائی چاند بھائی کے زیر اہتمام و نگرانی، ٹرنر مارسین کے جہازون پر کھانے کی دو کانین اس سال سے کھل گئی ہین، چنانچہ اکبر پر بھی اسی کمپنی کی طرف سے ایک مسلم ہوٹل موجود تھا، جو معتدل بلکہ ارزان نرخ پر مسلمان باورچیون کا پکایا ہوا کھانا دے رہا تھا، کسی ہوٹل کے لئے یہ ممکن نہین، کہ وہ ہر شخص کے ذائقہ کا یکسان لحاظ رکھ سکے، اور پھر یہ ہوٹل تو ابھی بالکل نیا تھا، ناتجربہ کاری کی لغزشین ناگزیر تھین، پھر بھی ہونہار ہوٹل نے اپنی بساط کے موافق بہت آرام پہونچایا، اور اس کے منیجر اور اسسٹنٹ منیجر نے حاجیون کو خوش اور مطمئن رکھنے کی اپنی

Marfat.com

والی پوری کوشش جاری رکھی، افسوس ہے کہ کمپنی والون نے ہوٹل کو کافی مشتہر نہین کیا تھا، اور ہوٹل کھلنے کی اطلاع صرف چند اخبارون تک محدود رہی تھی، اس لئے حاجیون کے عام اور دیہاتی طبقہ کو اسکی اطلاع بھی نہین ہوسکی تھی، اور وہ لوگ حسب دستور اپنے اپنے گھرون سے پورا سامان لاد کر لائے تھے، اور اپنا کھانا اپنے ہاتھ سے پکاتے رہے، آیندہ کے لئے میرا مشورہ ہی، کہ حاجی صاحبان بڑی تعداد مین اسی مسلم ہوٹل کی سرپرستی فرمائین (بشرطیکہ یہ کمپنی مسلمانون کی عام غفلت وبے حسی کا شکار ہوکر ٹوٹ نہ جائے) اس مین سہولت بھی رہیگی، اور کفایت بھی، تاہم وقت ضرورت کے لئے مختصر سامان کھانے اور کھانا پکانے کا خود اپنے ساتھ بھی رکھنا ضروری ہی، محض ہوٹل کے بھروسہ پر رہنا غلطی ہی، اور کمزور معدہ والون کو تو ہرگز کسی ہوٹل کے بھروسہ پر نہ رہنا چاہئے، جو لوگ خوشحال ہین، اور جن کے معدہ اور ذائقہ کو انگریزی کھانا ناموافق نہین پڑتا، وہ جہاز کے انگریزی ہوٹل سے اپنے کھانے کا انتظام رکھ سکتے ہین، کھانے کی شرح غالبًا تین روپیہ یومیہ ہی،

جہاز پر جہاز کے ستو ڈیڑھ سو ملازمین کے علاوہ، مسافرون کی تعداد قریب پندرہ سو کے ہے، گویا ایک چھوٹے قصبہ کی پوری آبادی ہے، سب سے بڑی تعداد دیہاتی بنگالیون کی ہی خصوصًا مشرقی بنگال والون کی، جو بیچارے اپنے جسم اور دماغ دونون کی کمزوری کی بنا پر، بلا ارادہ دوسرون کے لئے باعث تجسس بنے ہوئے ہین، تھوڑے تھوڑے لوگ بہار، یوپی، ملابار، گجرات اور بمبئی کے بھی ہین، ان ڈیڑھ ہزار مین، ستو دو سو ایسے ہین، جو جوان ہین، تندرست ہین،

تعلیمیافتہ ہین، آسودہ حال ہین، اور دنیوی وجاہت ومنصب رکھتے ہین، باقی عموماً بیچارے ایسے ہین، جو بوڑھے ہین، کمزور وبیمار ہین، غریب ہین، لکھنے پڑھنے سے معذور ہین، جاہ ومنصب سے محروم ہین، گمنام ہین، اور خود دنیا کو ترک نہین کر رہے ہین، بلکہ دنیا انھین ترک کر رہی ہے، کیا حج بیت اللہ انھین بیچارون کے لئے فرض رہگیا ہی؟ اور وہ جو اونچی اونچی کوٹھیون مین رہتے ہین، جو سجے سجائے بنگلون مین بستے ہین، جو نفیس نفیس موٹرون پر سوار پھرتے رہتے ہین، جنکے بڑے بڑے کھاتے بینکون مین کھلے ہوئے ہین، جو دو دو ہزار، اور چار چار ہزار ماہوار کی تنخواہین رکھتے ہین، جو بڑے بڑے تعلقون اور زمینداریون کے مالک ہین، جو یورپ اور ہندوستان کی یونیورسٹیون کی بڑی بڑی ڈگریان رکھتے ہین، جو نامور بیرسٹر ہین، جو مشہور ڈاکٹر ہین، جو نامی انجینیر ہین، جو کامیاب ایڈیٹر ہین، جو خان بہادر ہین، جو سی، آئی، ای ہین، جو نواب اور نواب زادے ہین، جو کونسلون کے ممبر ہین، جو تھیٹر اور سینما، اور ناچ اور ہر فرنگی "آرٹ" کے شیدائی ہین، جو اپنی اولاد کو لندن اور پیرس، برلن اور ویانا، آکسفرڈ اور کیمبرج بھیجتے رہتے ہین ——

شاید ان سب سے فریضۂ حج ساقط ہوگیا ہی!

Marfat.com

باب ۵

سمندر۔ کامران

۲۹ مارچ، ساحل بمبئی سے جہاز ۱۱ بجے شب کو چھوٹا تھا، رات تو خیر جون توں کٹ گئی، صبح اٹھ کر دیکھا، تو ہر طرف عالم آب، جہان تک بھی نظر کام کرتی ہے، بجز پانی کے اور کچھ نہین دکھائی دیتا، اپنی عمر مین یہ منظر کبھی کا ہے کو دیکھا تھا، بڑے سے بڑے دریا جو ابتک دیکھے تھے، وہ بھلا سمندر کے مقابلہ مین کیا حیثیت رکھتے ہین! صبح سے دوپہر، دوپہر سے شام اور شام سے پھر صبح، نہ کہین جہاز رکتا ہی! نہ کوئی اسٹیشن آتا ہی! ہر وقت ایک ہی فضا محیط، ہر سمت ایک ہی منظر قائم! دن طلوع ہوتے ہین، اور ختم ہو جاتے ہین، راتین آتی ہین اور گذرتی جاتی ہین، نہ کوئی خط نہ کوئی تار، نہ اخبارات نہ ڈاک کے انبار! نہ کسی عزیز کی خبر نہ دوست کی، نہ اپنون کا حال معلوم نہ بیگانون کا! اپنا مٹی کا گھروندا ہی، کہ ہر لحظہ پیچھے چھوٹتا جا رہا ہی، پر وہ گھر جسے لامکان کے مکین نے اپنا گھر کہکر پکارا ہی، ہر آن نزدیک سے نزدیک تر ہوتا جا رہا ہی! زمین چھوٹ گئی، لیکن آسمان نہین چھوٹا، اُدھر جہاز ہوا اور پانی سے ہچکولے کھا رہا ہی، ادھر دل کی کشتی ہے، کہ یاس و امید کی کشمکش مین ابھی ڈوبی اور ابھی ابھری (خدا نہ کرے کہ کبھی بھی ڈوبے!) دل ابھی

Marfat.com

اپنی اس خوش نصیبی پر نازان، کہ کسی کی کشش کس کو کہان سے کہان لئے جا رہی ہی!
اور ابھی اس خوف سے لرزان، کہ اپنی محرومیون اور شور بختیون سے دیکھئے، اب بھی
نجات ملتی ہے، یا نہین! ابوجہل اور ابولہب آخر عمر بھر اسی بیت اللہ کے جوار مین
رہے، پھر انھین تو کچھ بھی حاصل نہ ہوا، مدینہ کے منافق روزانہ دیدار رسول سے
سے مشرف ہوتے رہے، پھر اُن کے دلون کے پتھر تو نہ پسیجے! ——— لیکن یہ
کیا وہم آرائی و پریشان خیالی ہی، وہ کریم، جو اپنے گھر مہمان بلا رہا ہی، کیا اپنے
در کے گداگرون کی جھولی مین بھیک بھی نہ ڈالے گا،؟ اسکی رحمت کی فراوانی
اور کرم کی ارزانی نہ حق کو دیکھتی ہی نہ استحقاق کو، اسے تو محض عطا و بخشش، محض
نوازنے اور سرافراز کرنے سے سروکار ہی، اور بس!

گھنٹہ دو گھنٹہ نہین، دن دو دن بھی نہین، پورا ایک ہفتہ ہو گیا، اور خشکی
کا کہین نشان نہین! جنگل کے درندے نہ سہی، باغ و صحرا کے چرندے نہ سہی،
ہوا کے پرندے تک نہین! ادھر پانی اُدھر پانی، آگے، پیچھے، داہنے، بائین ہر
سمت پانی ہی پانی! اوپر نیلا آسمان، نیچے نیلا سمندر! زمین کی بے بساطی اب
جاکر محسوس ہوئی! خشکی کے بڑے بڑے شہر اور صوبے، آبادیان، اور بستیان،
جنگل اور پہاڑیان، سڑکین اور ریل کی پٹریان، ریگ کے تودے، اور
پہاڑون کی چوٹیان، جنکی وسعت اور کثرت، عظمت و ہیبت ابتک دماغون
مین رچی، اور آنکھون مین بسی ہوئی تھی، اب معلوم ہوا، کہ خالق کے بحر قدرت
کے سامنے نہین، بلکہ اپنی ہی جیسی، ایک دوسری مخلوق کے سامنے کتنی

حقیر اور کیسی بے حقیقت چیزین ہین! جل جلالہٗ! جس سمندر کو دیکھتے دیکھتے آنکھین تھکی جاتی ہین، جو معلوم ہوتا ہی کہ اب کبھی ختم نہ ہوگا، وہ دنیا کے پانچ بڑے سمندرون مین سے صرف ایک سمندر ہی! اور اُن پانچون مین بھی سب سے بڑا نہین، بلکہ دوسے چھوٹا ہی! پھر ظاہر ہی، کہ وہ بھی پورے کا پورا بہ یک وقت پیشِ نظر نہین، بلکہ اسکا ایک مختصر جزو آنکھون کے سامنے ہے! اللہ اکبر! جب جزو اور ادنیٰ جزو مین یہ ہیبت رکھدی گئی ہی، تو "کل" کے مشاہدہ سے کیا کیفیت طاری ہوتی ہوگی! آج یہ مہیب اور لق ودق سمندر، اور کرۂ ارض کے سارے معلوم سمندر "یاجوج" کے قبضہ مین ہین، وہ جسے چاہے، اسمین جہاز اور کشتی چلانے کی اجازت دے، اور جب اور جس کو چاہے، اللہ کی کاریگری کے اس نادر نمونہ سے فائدہ اٹھانے سے روک دے! "خلق" خدا کی ہو تو ہو، لیکن سمندر اور سمندرون کے بندرگاہ، جہاز اور انکے پھریرے، محکمۂ بحری (ایڈمرالیٹی) اور خداوندانِ بحر (LORDS SEA) تارپیڈو اور ٹوریڈو ناٹ، کروزر اور ڈسٹرائر، آج ہانکے پکارے کہہ رہے ہین، کہ "امر" اور "حکم" (نعوذ باللہ) یاجوج کا ہی ——— پھر اگر ایسے حال مین آپ کسی سچے کا قول سنتے ہین کہ "یاجوج و ماجوج سمندر کا پانی پی جائین گے" تو آپ اس پیشینگوئی کے پورے ہونے کے لئے کسی زمانۂ مستقبل کا کیون انتظار کرنے لگتے ہین!

قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا، دل نے کہا کہ یہی وہ سمندر ہے، جس کی بابت ارشاد ہوا ہے، کہ اگر سارا سمندر روشنائی بنجائے، اور اسی جیسا ایک اور سمندر بھی روشنائی

Marfat.com

بنا دیا جائے، جب بھی قدرتِ الٰہیہ کے بحرِ بیکران کے کلمات لکھنے سے قاصر رہیگا!
لیکن یہ روشنائی آیندہ ہی کیون نہ، روشنائی تو یہ اب بھی بنا ہوا ہی، نیلی روشنائی
ہی کی طرح نیلا ہی، بحرِ قدرت وصنعت کے اتھاہ اور بے پایان ہونے کا یہ کیسا نادر
نمونہ ہی! اسی کے ساتھ ہی نظرون کے سامنے یہ سمان بھی آگیا، کہ ایک روز یہ سارا
بحرِ اعظم، یہ سارا لق و دق سمندر موجین مارتے ہوئے پانی کے بجائے، آگ کے لپکتے
ہوئے شعلون، اور دھوئین کے تیرہ و تار بادلون مین تبدیل ہوکر رہیگا! یہ وہ دن
وہ ہوگا جب "یاجوج" اپنے مایۂ ناز جنگی جہازون اور آبدوز کشتیون، اپنے تیل کے چشمون
اور اپنے پٹرول کے خزانون کی بھڑکائی ہوئی آگ کے شعلون سے، لنکا کے
راون کی طرح، خود ہی جل رہا ہوگا، اور جب اُسکی حرص و ہوس، اُسکی ملک گیری
اور زر پرستی، اسکی قیصریت (امپریل ازم) اور کیپٹل ازم (سرمایہ داری) کے انگارے
سمندر مین آگ لگا لگا کر خود اسی مادی دنیا مین اسے دوزخ کا نمونہ دکھا رہے
ہونگے! یہ وہ دن ہوگا، جب ارشادِ ربانی واذا البحار سُجّرت کی تفسیر و تاویل
کے لئے نہ تفسیرون کے اوراق الٹنے کی ضرورت ہوگی، نہ اہلِ لغت کے کلام سے
سند لانے کی، بلکہ عالم و عامی، سب اپنی آنکھون سے مجاز کا نہین، حقیقت کا مشاہدہ
کرلین گے! آج "یاجوج" کو مہلت ہی، آج وہ جتنا بھی چاہے، ہمارے دلون اور
دماغون کو، ہماری عقلون اور ذہنون کو، ہماری آنکھون اور کانون کو اپنے اوپر
وچشم سے، اپنی تہذیب اور تعلیم سے، اپنے علوم اور اپنے فنون سے، اپنے ڈاکٹرون
اپنے انجینیرون سے، اپنے سائنس اور اپنے آرٹ سے، اپنی توپون اور اپنی ٹینکون
سے، اپنی مشین گن اور اپنی سنگینون سے، اپنے خزانون اور اپنے طیارون سے مر

Marfat.com

اور مخبوط اور مفلوج کرے، لیکن یہ مہلت سدا رہنے والی نہین، اور کسے خبر کہ پردہ اٹھنے کا وقت قریب ہی آن لگا ہو!

۴-اپریل، جمعرات، آج سہ پہر سے دور دور کے پہاڑی ساحل دکھائی دینے لگے ہین، اور آبادی کے دیکھنے کو آنکھین ایسی ترسی ہوئی ہین، کہ آبادی کی ان بعید اور دھندھلی علامتون کو بھی غنیمت سمجھکر بڑے شوق و اشتیاق کے ساتھ آنکھین پھاڑ پھاڑکر اور دوربینین لگا لگاکر انھین دیکھا جارہا ہی، شب مین جہاز عدن کے قریب سے بغیر لنگر انداز ہوئے گذر گیا، ۵ر اپریل، جمعہ، آج آٹھ بجے صبح کامران مین لنگر انداز ہوا، کامران، چار ہزار کی آبادی کا ایک چھوٹا سا جزیرہ ہی، جو جنگ عمومی کے بعد سے ترکون سے نکل کر انگریزی قبضہ مین آگیا ہی، ایک انگریز حاکم برٹش ملٹری ایڈمنسٹریٹر کے نام سے رہتا ہی، جن حاجیون کے جہاز عدن مین نہین رکتے، عرب کی سرزمین پر انکا پہلا قدم یہین پڑتا ہی، اصلی نام قمران تھا، مگر اب شاید اسی مناسبت سے، کہ یہ زمین کامرانی و کامرانی کا پہلا نشان ہی، اس کا نام بھی عام زبانون پر کامران ہوگیا ہی، یہان حاجیون کا "قرنطینہ" ہوتا ہے، یعنی سرکار برطانیہ کو اپنی غریب رعایا کی جان و صحت کا اس قدر درد رہتا ہی، کہ اگرچہ ہر حاجی گھر سے چیچک کے ٹیکہ کا ڈاکٹری سرٹیفکیٹ لیکر چلتا ہی، اور باوجود اس کے کہ بمبئی (یا کراچی) مین سوار ہوتے وقت ڈاکٹری معائنہ ہوچکتا ہے پھر بھی حاجیون کے جہاز یہان روکے جاتے ہین، اور حاجی یہان غسل اور ڈاکٹری معائنہ کے لئے مجبور کئے جاتے ہین، کاش اس "دلسوزی" اور "غمخواری" کا عشر عشیر بھی فرنگستان کے مسافرون کے حصہ مین آتا!

Marfat.com

جس مقام پر جہاز لنگر انداز ہوتا ہی، وہان سے ساحل میل ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ہی، اتنی مسافت کشتی پر طے کرنی ہوتی ہی، جہان کشتی رکتی ہی، وہان سے مقام غسل تک بھی دو تین فرلانگ کا فاصلہ ہے، چنانچہ ہم لوگ بھی اتارے اور پہونچائے گئے، کامران، گویا حاجیون کا غسل خانہ ہی، غسل عموماً تفریح و انبساط کا ذریعہ ہوتا ہی، مگر یہ سرکاری غسل، جو بڑے بڑے ڈاکٹرون کی نگرانی و اہتمام مین دیا جاتا ہی، بجائے لطف و تفریح کے، انقباض و تکلیف کا ایک آلہ ہوتا ہی! حاجی اپنے اپنے سامان کا بیشتر حصہ جہاز ہی پر چھوڑ آتے ہین، صرف مختصر سامان لے لے کر اترتے ہین، سب سے پہلے انھین غسل خانہ کے برآمدہ مین لاکر بٹھایا جاتا ہی، اور جس وقت اُنکی ٹولی کی باری آتی ہی، ایک بڑے کمرے کے اندر ان سب کو داخل کرکے ان کے سارے کپڑے اتروا کر ایک مختصر سی لنگی، جو ناف سے گھٹنے تک شاید ہی پہونچ سکتی ہو، باندھنے کو عنایت ہوتی ہی، اسی کو نہاتے وقت باندھنا، اسی کو نہانے کے بعد باندھے رہنا، اسی سے بھیگا ہوا جسم خشک کرنا، یہ ساری ضرورتین ماہرین فن اطباء سرکاری کے نزدیک اسی "چارگرہ کپڑے" سے پوری ہوسکتی ہین! جن قومون کے دماغ سرے سے ستر پوشی کے مفہوم ہی سے ناآشنا ہین اور جن کے ہان علانیہ سب کے سامنے، برہنہ غسل کرنے کا رواج ہی، وہ اگر مشرقی و اسلامی جذبات کا اتنا بھی لحاظ کرلیتی ہین، تو یہ انکا غایت کرم اگر نہین تو اور کیا ہی؟ (جن خوش نصیبون کے ساتھ، میری طرح خاص رعایت و نوازش مدنظر ہوتی ہی، انھین بجائے ایک کے دو لنگیان عنایت فرما دیجاتی ہین!) یہ "لنگوٹی" جسم پر لپیٹوانے کے بعد سب کے سرون پر حمام کی ٹونٹیان کھولدی جاتی ہین، اور سب کو دو دو بار (ایکبار دواؤن کے پانی سے اور ایکبار سادہ سرد پانی سے) نہلایا جاتا ہی، اس ٹھنڈے

غسل کے معاً بعد دوسرے کمرہ (جامہ خانہ) مین لاکر بجلی کے پنکھے کھول دیئے جاتے ہین، اور نہائے ہوئے حاجیون کے بھیگے ہوئے اور تر بتر جسم کو جس کے خشک کرنے کیلئے کسی حاجی کے پاس قطعاً کوئی کپڑا نہین ہوتا، پنکھے کی ہوا سے خشک کیا جاتا ہی! اور اکثر حاجیون کو چونکہ دوسری لنگی نصیب نہین ہوتی، اس لئے اس حالت مین وہی بھیگی ہوئی لنگی اُن کے جسم سے بدستور لپٹی ہوئی رہتی ہی!

اس کا نام اہتمام صحت ہی! یہ "سرکار" کی طرف سے حاجیون کی جان اور زندگی کے رکھ رکھاؤ کا انتظام ہی! یہ اونچی اونچی تنخواہین اور الاؤنس پانے والے ہندوستان اور یورپ کی ڈگریان رکھنے والے حاذق ڈاکٹرون کے اہتمام ونگرانی مین طریقۂ غسل ہی! لیکن اب بھی پڑھنے والے کے سامنے "غسل" کا پورا نقشہ نہین آیا، جامہ خانہ مین آنے کے بعد "جامہ تلاشی" شروع ہوتی ہی، یعنی حاجیون کے جسم سے، قبل غسل، جو سارے کپڑے اتروالئے گئے تھے، اور اتروا کر اُس ٹولی کے بیسیون دوسرے حاجیون کے کپڑون کے ساتھ بھپارے مین ڈال دیئے گئے تھے، وہ اب ایک بڑے گٹھر مین بھیگے بھاگے سارے دوسرے کپڑون کے ساتھ خلط ملط لائے جاتے ہین، اور ہر حاجی اس انبار مین سے اپنے کپڑے تلاش کرنا شروع کرتا ہی! "سرکار" کا جامہ خانہ اس وقت اچھا خاصہ دھوبی خانہ معلوم ہوتا ہی، (خدا نہ کرے کوئی دھوبی اتنا پھوہڑ بدسلیقہ اور تکلیف دِہ ہو) گیلے اور تر بتر کپڑون کا ایک آڑم سامنے ہوتا ہی، اور بھیگے ہوئے، تر بتر جسم پر بھیگی تر بتر لنگیان باندھے ہوئے، حاجی پنکھے کی ٹھنڈک مین اپنے اپنے کپڑون کی تلاش مین مصروف! کپڑون کی جو گت بنجاتی ہے اُسے چھوڑئیے، خود انسانون

کی جوگت اس وقت بنی ہوتی ہے، ذرا اس کا تصور کیجئے! اور اپنی شفیق و مہربان "سرکار" کو دل سے دعائین دیجئے! پانچ پانچ دس دس منٹ اس تلاشی مین لگجاتے ہین، اور اس کے بعد اگر سب کپڑے، بغیر دھوئے ہوئے مل بھی گئے، تو انھین بھیگے ہوئے کپڑون کو بھیگے ہوئے جسم پر پہنکر، ہوا اور دھوپ مین حاجیون کو اپنے اپنے خس پوش بارکون مین جانا پڑتا ہی، جو قریب سے قریب بھی نصف فرلانگ کے فاصلہ پر ہین، ورنہ عموماً ایک ایک فرلانگ پر! قرنطینہ جہان کہین بیماری بھگانے کے لئے ہوتا ہوگا، ہوتا ہوگا، کامران مین حاجیون کے لئے تو یقیناً بیماری بھگانے کی نہین بیماری بلانے کی پوری کوشش ہوتی ہی، اور یہ سنکر ذرا بھی حیرت نہ کیجئے، کہ یہ کوشش عموماً کامیاب رہتی ہی! چنانچہ ہمارے جہاز کے حاجی دو چار نہین، خدا معلوم کتنے، کامران سے واپس آتے ہی بیمار پڑے ایک صاحب کو دمہ کا دورہ پڑگیا، لکھنؤ کی ایک صاحبہ کو اتنا شدید بخار چڑھا، کہ ان کی جان ہی لیکر اترا، اور نزلہ، زکام، و حرارت سے تو شاید ہی کوئی بچا ہو!

یہ جو کچھ کیفیت بیان ہوئی، مردانہ غسلخانہ کی تھی، جو پھر بھی غنیمت ہی، اصلی بیہودگی زنانہ غسلخانہ کے لئے اٹھ رہتی ہی، یہان نہلانے والیان شاید خاص طور پر اپنی مہیب صورتون اور مہیب تر سیرتون کی بنا پر انتخاب کرکے رکھی گئی ہین، ان کے ہاتھون شریف و حیادار خاتونون پر جو کچھ گذرتی ہے، اسکا تذکرہ اخبارات کے صفحات پر لانا آسان نہین، نہلاتے وقت یہی نہین کہ اُنکے جذبات حیا و شرافت کی مطلق کوئی پرواہ نہین کیجاتی، بلکہ ہر قسم کی سختی، درشتی، اور

بدتہذیبی بھی ان کے ساتھ بے تکلف روا رکھی جاتی ہی، چنانچہ ہمارے قافلہ کی جتنی عورتین غسل خانہ سے نکلین، سب نہایت برہم و نالان، گویا روتی ہوئی نکلین، وہ تو کہئے، کہ حج بیت اللہ کا شوق ہر مومن اور ہر مومنہ کو کچھ ایسا مست رکھتا ہی کہ اس مقصد کے آگے اپنی کسی تکلیف و توہین کی پرواہی نہین رہتی، ورنہ اگر کوئی دوسرا موقع ہو، تو ہمارے ہان کی بے زبان عورتین بھی اس برتاؤ پر، اتنی بے زبان اور اس قدر بے دست و پا ثابت نہ ہون! ـــــ سنا ہی، کہ اسمبلی کے بعض مسلمان ممبرون کی تحریک پر حج کمیٹی، حاجیون کی مشکلات کے رفع و انسداد کے لئے قایم ہوئی ہے، امید ہی کہ اس کمیٹی کے سامنے حاجی صاحبان کامران سے متعلق اپنے ذاتی تجربات تفصیل سے بیان کرین گے، اور اسکی لغوتیون کے مٹانے مین جد و جہد کا کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھین گے،

لیکن کیسی تکلیف، اور کہان کی مصیبت! ایک اہلِ دل مدت ہوئی ہندوستان سے سفرِ حج کے لئے تشریف لے گئے، بمبئی اور کامران دونون جگہ قرنطینہ کی بلائین پیش آئین، اور وہ بزرگ باوجود اس کے کہ ریاضات و مجاہدات کے خوگر تھے، تاہم انھین کہنا پڑا کہ یہ قرنطینے حاجیون کیلئے "سخت قید خانے" ہین، جب لوگون نے یہان کی وقتین زیادہ بیان کرنا شروع کین، تو انھون نے فرمایا کہ "میان سفرِ حج سے ملکون کا سیر و تماشہ

لہ سنہ ۲۹ء کے آخر مین، حج کی تحقیقاتی کمیٹی کے سامنے معزز حاجیون نے اپنی آپ بیتی سنا سنا کر قرنطینہ کامران کی شدید و پرزور مخالفت کی اس متحدہ صدائے احتجاج کا نتیجہ اس قدر تو بہرحال ظاہر ہوا کہ سنہ ۳۱ء سے حاجیون کے ہر جہاز کے لئے یہان کا قرنطینہ لازمی نہین رہا، بلکہ صرف حسب ضرورت رکھ دیا گیا، میر منشی صاحب (انبالہ) کی کوششین اس باب مین خاص شکریہ کی مستحق ہین،

مقصود نہین، بلکہ یہ نفوس کے تزکیہ اور تجلیہ کے لئے ایک مجاہدۂ عظیم ہی، پہلا قرنطینہ بہ ارادۂ الٰہی اس لئے قائم ہی، کہ دلون پر جو ظلمت اور کدورت چھائی ہوئی ہی، یہان کے آلام جسمانی وروحانی سے ان کا تصفیہ ہو جائے، کامران کا قرنطینہ اس غرض سے ہی کہ یہان کے قیام سے عرب کے ساتھ مناسبت پیدا ہو جائے، اور حصولِ برکات کی قابلیت حاصل ہو جائے، اس کا نام تجلیہ ہی، حکیم مطلق کا کوئی فعل حکمت سے خالی نہین ہوتا، جو کچھ ان بزرگ نے فرمایا، وہ بالکل صحیح ہے، جسم کی بیماریان دور ہوتی ہون یا نہ ہون، بدن کی کثافتین دھلتی ہون یا نہ ہون، لیکن اس عجیب قرنطینہ اور عجیب رغسل سے ہر حاجی کو اضطراً ایک مجاہدۂ عظیم پر مجبور ہو جانا پڑتا ہی، بہت سے گناہون کا کفارہ ہو جاتا ہی، اور روح آلایشون سے یقیناً بہت کچھ پاک ہو جاتی ہی،

باب (۶)

کامران احرام

کامران کی مستقل لغویت کے تذکرہ کو کہان تک پھیلایا جائے، جو کچھ بھی پیش آتا ہی، بہ ارادۂ الٰہی کسی مصلحت وحکمت ہی کی بنا پر پیش آتا ہی، صبر کے سوا چارہ نہین، شکر سے بہتر مداوا نہین، لیکن یہ جو کچھ لکھا گیا یہ "جگ بیتی تھی"، "آپ بیتی" یہان بھی سفر کی دوسری منزلون کیطرح، نسبتہً بڑے مزے کی رہی، ادھر ہماری کشتی کنارے سے لگی، اُدھر اُسی لمحہ ڈاکٹر کی سرکاری موٹر لانچ بھی پہونچی، اور ساحل پر قدم رکھتے ہی ڈاکٹر قاسم چوہان سے تعارف ہوا، یہ چیف میڈیکل آفیسر کہلاتے ہین، اور یہان کے سیاہ وسپید کے مالک ہین، ان کے "اوصافِ حمیدہ" حیدرآباد کے بعض دوستون سے خوب سُن چکا تھا، تاہم میرے ساتھ توفی الجملہ مہربانی ہی سے پیش آتے رہے، دوسرون کو صرف ایک لنگی ملتی تھی، مجھے دو لنگیان عنایت فرمائین، دوسرون کو غسل کے لئے پون پون گھنٹہ انتظار کرنا پڑتا ہی، میرے لئے جلدی کرادی، دوسرون کو چھ دن کے نیچے رہنا ہوتا ہی، مجھے پختہ بارک مین بلا کرایہ رہنے دیا، ان ڈاکٹر صاحب کی خدمت مین دوستانہ گذارش ہی کہ اگر اپنے وسیع اختیارات کے اظہار مین کسی قدر کمی فرمادین، تو خود انھین کے حق مین بہتر ہوگا، ان کے ماتحتون مین ڈاکٹر حاجی خان

Marfat.com

کا برتاؤ تمام حاجیون کیساتھ اچھا دیکھنے مین آیا ڈاکٹر فقیر اللہ بھی بھلے آدمی معلوم ہوئے، جزیرہ کا بڑا حاکم برٹش ملٹری ایڈمنسٹریٹر کہلاتا ہی، اس وقت جو حاکم ہی اس کا نام اسی ویکم ہے، فوجی کپتان کا عہدہ رکھتا ہی خلیق اور خوش مزاج ہی، مین غسل کرکے بھیگی لنگی باندھے ہوئے ابھی جامہ خانہ مین کھڑا اپنے کپڑے تلاش کر رہا تھا، کہ ایک انگریز کو مین نے اپنے پاس کھڑا ہوا پایا، جو اردو مین مجھ سے پوچھ رہا تھا کہ "سب اچھا ہی؟" ڈاکٹر چوہان بھی پاس ہی ٹہل رہے تھے، انھون نے بتایا کہ یہ انگریزی جانتے ہین، اس کے بعد انگریزی مین باتین ہونے لگین، اور تھوڑے تھوڑے وقفہ کے ساتھ بہت دیر تک جاری رہین، بڑی بے تکلفی سے سیاسیات حاضرہ سے لیکر اپنے بیوی بچون تک ہر مسئلہ کو اپنا موضوع گفتگو رکھا، علی برادران کا بھی ذکر آیا، اور "بڑے بھائی" خدا معلوم اس خبر کو کس دل سے سنین گے، کہ جتنی دیر تک ان کا ذکر خیر رہا، اس سے کہین زیادہ دیر تک "چھوٹے بھائی" اور ان کے اخبار ہمدرد کا رہا!

کیمپ مین ایک چھوٹی سی مسجد بھی بنی ہوئی ہی، جمعہ کی نماز اسی مین پڑھی، عرب کی سرزمین پر یہ پہلی نماز اور پہلا جمعہ نصیب ہوا، سہ پہر تک کیمپ کے "بازار" مین سناٹا تھا، یعنی بجز خشک روٹی اور چاے کے کوئی شے نہین ملتی تھی، شام سے کچھ قبل کچا گوشت فروخت ہونے لگا، جو قیمت مین خاصا گران تھا، اور جسے پکانا صرف انھین لوگون کے لئے ممکن تھا، جو پکانے کا پورا سامان اپنے ہمراہ لیکر جہاز سے اترے تھے، کیمپ کے ایک گوشہ مین پانچ یا چھ پاخانے بنے ہوئے ہین، صبح کے وقت

Marfat.com

جب ڈیڑھ دو ہزار انسانون کا مجمع، جسمین بدتہذیب اور گنوار مرد بھی شامل ہوتے ہین، اور پردہ نشین شریف خاندانون کی حیادار اور شرمیلی بہو بیٹیان بھی، لوٹا ہاتھ مین لئے ہوئے ان چند پاخانون پر حملہ آور ہوتا ہی، تو اس وقت کی کشمکش اور ہپاپش دیکھنے کے لائق ہوتی ہی! ——— لیکن اس کی شکایت ہی کیا، اور اسکا شکوہ کیون؟ یہ کیمپ آخر حاجیون ہی کا کیمپ ہوتا ہی، اور حاجی غریب کسی یاجوجی حکومت سے راحت و آسایش کی توقع ہی کیون رکھے،؟ اس کا کام تو فی کس ۴ عثمانی کے حساب سے قرنطینہ کامران کی فیس دیدینا ہی، اور بس! راحت و آسایش ہی کا اگر خیال ہی، تو اس روشنی اور روشن خیالی کے زمانہ مین حج و عمرہ، طواف و سعی، زیارت و عبادت کے لئے سفر ہی کیون اختیار کیا جائے؟

جسکو ہو دین و دل عزیز، اسکی گلی مین جائے کیون!

کیمپ کا وسیع احاطہ لوہے کے تارون سے گھرا ہی، جس کے باہر قدم رکھنا ممکن نہین، کامران مین انگریزی ڈاکخانہ بھی ہی، بہت سے لوگون نے خطوط لکھکر یہان وطن روانہ کئے، شب یہین بسر کی، ۶ راپریل کی صبح کو اس "قید فرنگ" سے نہ سہی قرنطینۂ فرنگ" سے نکلنے کی اجازت ملی، اور خاص عنایت و اہتمام سے کام لیکر سب سے پہلی کشتی ہماری ہی ٹکڑی کو دلائی گئی، سب مسافرون کے جہاز تک پہونچنے مین کوئی چار گھنٹے لگے ہون گے، دس بجے کے قریب جہاز نے لنگر اٹھا دیا، اور روانہ ہوا،

کامران کی بے احتیاطیان، اب رنگ لائین، سرکاری غسلخانے مین ماہرین فن

ڈاکٹرون کے زیر ہدایت ونگرانی جو بدپرہیزیان کرائی گئی تھین، اُنکا اثر ظاہر ہونا
تو کامران ہی سے شروع ہو گیا تھا، اب پوری طرح نمودار ہو گیا، کسی کو کھانسی
کسی کو حرارت، کتنون کو زکام، اور کتنے اچھے خاصے تیز بخار مین پڑ گئے، لکھنؤ کی
ایک بیوی کو جو پہلے سے بھی کسی قدر علیل تھین، اتنا تیز بخار چڑھا، کہ چند روز کے
بعد اُنکی جان ہی لیکر اترا، انا للہ، مولوی عبدالباری بیچارے کو دمہ کا دورہ پڑ گیا،
غرض جس کسی کو دیکھئے، کامران کی یادگار کوئی نہ کوئی بیماری لئے ہوئے، یہ نتیجہ ہی
سرکاری اہتمام صحت کا! یہ ثمرہ ہی حاجیون کے ساتھ سرکار کی ہمدردی وغمخواری
کا! کامران کے قریب کا سمندر بھی کسی قدر پُرشور ہی، اس لئے اب جو جہاز چلا، تو اسمین
حرکت بھی زیادہ محسوس ہونے لگی، اور بہت سے لوگ دورانِ سر اور متلی مین
مبتلا ہو گئے، لیکن بحمد للہ یہ شکایت بہت زائد بڑھنے نہین پائی، اور رات تک
از خود سکون ہو گیا،

---

۷ اپریل (۲۶ شوال) یکشنبہ، آج جہاز یلملم کے سامنے سے گزرنے والا ہی،
جو اہلِ ہند کا میقات ہی، میقات اُس مقام کو کہتے ہین، جہان سے عازمانِ حج
اپنا معمولی لباس اتار کر احرام باندھتے ہین، جہاز جب یلملم کے مقابل آجاتا ہی، تو
حاجیون کی اطلاع کے لئے زور سے سیٹی دیدیجاتی ہی، آج حاجیون کی خوشی کا
کیا پوچھنا ہی، جہاز یلملم کے سامنے تو کہین پانچ بجے سہ پہر کو پہونچے گا، اور جہاز کی
سیٹی اسی وقت ہو گی، لیکن حاجیون مین چہل پہل صبح ہی سے شروع ہو گئی ہی،
حجامتین بنوائی جارہی ہین، غسل کئے جارہے ہین، خوشی خوشی احرام کی نئی نئی

اجلی اجلی چادرین نکالی جارہی ہین، مقفل نمازین پڑھی جارہی ہین، جہاز پر بہت سے معلم یا اُن کے ایجنٹ بمبئی ہی سے ہمراہ ہولئے ہین، سب اپنے اپنے حاجیون کی ٹولیان بنائے ہوئے انھین احرام باندھنے کی نیت تلقین کرارہے ہین، احرام بندھوا رہے ہین، لیجئے دوپہر تک سب کے احرام بندھ گئے، سب کے سب اپنے ہاتھون ہنسی خوشی گویا کفن پوش ہوگئے، دل مسرت سے باغ باغ ہوئے جاتے ہین، ایک دوسرے کو مبارکبادین دیجارہی ہین، اور ہر طرف سے "لبیک" "لبیک" کی صدائین بلند ہونی شروع ہوگئی ہین!

آپ نے دیکھا؟ دیکھتے ہی دیکھتے، پوشش ولباس کے سارے امتیازات مٹ گئے! سنتے چلے آئے ہین، کہ النّاسُ باللباس انسان اپنی پوشاک سے پہچانا جاتا ہی، اور اُس کے مرتبہ کا اندازہ اُس کے لباس سے لگایا جاتا ہی، لیکن آج اس قاعدہ پر عمل کیونکر ہوگا؟ آج کس لباس سے خادم کو مخدوم سے پہچانا جائیگا، اور کس پوشاک سے غلام کو آقا سے الگ کیا جائیگا،؟ ابھی کل تک اس وسیع آبادی مین بڑے بھی تھے اور چھوٹے بھی، امیر بھی اور فقیر بھی، رئیس بھی اور مزدور بھی، خوشحال بھی اور مفلس بھی، عالم بھی اور جاہل بھی، نامور بھی، اور گمنام بھی، تعلقدار بھی اور رعایا بھی، مجسٹریٹ بھی اور چپراسی بھی، پر آج کس کو کس سے شناخت کیا جائیگا؟ ——— سب سے بڑے مہاراجہ کی راجدھانی کے حدود شروع ہوگئے، اب نہ کوئی راجہ ہی نہ کوئی ٹھاکر، سب کے سب اسی کی پرجا، کل کے کل اُسی کے چاکر، سارے کے سارے اُسی کی رعایا ہین! مالک کے

Marfat.com

دربار کی سرحدین شروع ہوگئین، اب نہ کوئی بڑا ہی نہ کوئی چھوٹا، نہ کوئی امیر ہی نہ کوئی وزیر، نہ کوئی حاکم ہی، نہ کوئی عالم، نہ کوئی خان بہادر ہی، نہ کوئی لیڈر، سارے کے سارے غلام ہین، اور سب کے سب بیکس اور بے بس بندے! اب نہ ہیٹ ہی، نہ پگڑی، نہ عمامہ ہی، نہ شملہ، نہ ترکی ٹوپی ہے، نہ گاندھی کیپ، نہ قمیص ہے، نہ عبا، نہ کوٹ ہے، نہ شیروانی، نہ کالر ہے، نہ ٹائی، نہ پتلون ہی، نہ پاجامہ، سب کی زبانون پر لبیک لبیک کے ترانے ہین، اور سب کے جسمون پر بے سلی ہوئی دو دو چادرین، یہ وائسرائے کا دربار نہین، لاٹ صاحب کا ڈنر نہین، ہائیکورٹ کی عدالت نہین، یہان نہ ایوننگ ڈریس کی ضرورت، نہ گاؤن کی حاجت، نہ پاتابہ اور دستانہ کی احتیاج! یہ اللہ کے دربار کی حاضری ہے، یہ اُس قدرت اور حکومت والے، اُس عزت اور جلالت والے کے دربار کی حاضری ہے، جو کلکٹر صاحب اور کمشنر صاحب، جج صاحب اور ڈاکٹر صاحب، لاٹ صاحب، اور بڑے لاٹ صاحب، قیصر جرمنی اور شاہ برطانیہ، فرانس کے وزیر اعظم اور جمہوریۂ امریکہ کے صدر، اٹلی کے مسولینی اور انگلستان کے لائڈ جارج، مصطفےٰ کمال، اور جواہر لال، سب کی جانون اور سب کی زندگیون کا یکسان مالک ہی! اس دربار کی وردی سب سے انوکھی، سب سے نرالی، سب سے الگ ہے، یہان قدر زرین کلاہون کی نہین، یہان عزت رنگین قباؤن کی نہین، یہان طلب صرف کفن پوشون کی ہے! —— اُن کی جو جیتے جی مُردون کا لباس پہن چکے ہین، اُنکی جو اس لباس کی یاد تازہ کئے ہوئے ہین، جس کے زیب تن کرنے کے بعد پھر قطعاً کوئی دنیوی لباس جسم کو مس نہ کرسکے گا، مبارک ہین وہ جو زندگی مین موت کا لباس پہن چکے

Marfat.com

ہین، مبارک تر ہین وہ جو زندگی مین اپنے نفسون کو مردہ کر چکے ہین! آج انکا لباس ہی مردون کا لباس نہین، انکا نفس بھی مردون کا نفس بن چکا ہے، لا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِی الحج، لڑنا جھگڑنا، شہوتون اور خواہشون مین مبتلا ہونا زندون کا کام ہے، مردون کو بھی کسی نے رفث اور فسوق اور جدال مین مبتلا دیکھا ہی؟

لبیک اللّٰھم لبیک لاشریک لک لبیک، ان الحمد و النعمۃ لک و الملک لاشریک لک لبیک الہ الحق لبیک لبیک و سعدیک و الخیر بیدیک، نماز کے بعد صدائین ہین تو یہی، اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، چڑھتے اترتے، ایک دوسرے سے ملتے جلتے، صاحب سلامت کرتے صدائین ہین تو یہی، ملائکہ کو اگر رشک کا موقع ہوسکتا ہی، تو یہی، آج حاجیون سے بڑھکر خوشی کس کو ہوسکتی ہی؟ جس محبوب کی خاطر اپنا گھر بار چھوڑا، وطن چھوڑا، دوست چھوڑے، عزیز چھوڑے سفر کی ساری کٹھیان جھیلین، اس کے شہر کا پہلا پھاٹک کھل گیا، داخلہ کی اجازت مل گئی، حاجیون سے زیادہ خوش نصیب آج کون ہوگا،؟ اور ان سے زیادہ خوشی اس وقت کس کو ہوگی،؟ ڈیڑھ ہزار حاجیون مین سے تقریباً سب کے سب احرام پوش ہوگئے، البتہ دیوانون کی ایک مختصر جماعت ایسی تھی، جس نے اس وقت احرام نہین باندھا، اس جماعت کا ایک خادم گھر سے یہی نیت کرکے نکلا تھا، کہ جدہ پہونچ کر پہلے سیدھے آستانۂ نبوی پر حاضری دیجائیگی، اور پھر وہان سے انشاء اللہ حج بیت اللہ کی نیت کیجائے گی، حضرت بایزید بسطامی رح

کی بابت منقول ہی، کہ آپ حج کے ساتھ ضمناً و طبعاً مدینہ منورہ کی زیارت خلافِ
ادب اور اپنے لئے ناجائز سمجھتے تھے، بلکہ اس کے لئے ایک مستقل سفر، تازہ احرام کیا کرتے
اختیار فرماتے تھے، خیر، یہ تو بڑے مرتبہ کے لوگون کی باتین ہین، لیکن اگر کسی امتی
کو وہین سے سفرِ حج اختیار کرنے کی سعادت حاصل ہو، جہان سے اُس کے رسولِ
برحق نے کیا تھا، اور اسی مقام سے احرامِ حج باندھنے کی دولت نصیب ہو جائے،
جہان سے خود مرشدِ اعظم نے باندھا تھا، تو اس مین شریعت و طریقت، ظاہر و باطن،
حنفیت و حنبلیت، کسی کو کچھ گفتگو کی گنجایش ہی؟ اور اگر کسی کو ہو بھی، تو بہر حال
اپنا اپنا ذوق اور اپنا اپنا مسلک ہی،

معلمون کی ایک خاصی جماعت (خدا ان پر رحم فرمائے اور انھین راہِ ہدایت
دکھائے) جو بمبئی سے جہاز پر ہمراہ ہو گئی تھی، اس نے کامران سے غل مچانا شروع
کر دیا کہ جدہ سے کسی کو براہ راست مدینہ منورہ جانے کے لئے سواری نہ ملیگی،
اور سعودی حکومت نے براہ راست مدینہ کا سفر حاجیون کے لئے بند کر رکھا ہی،
اس لئے سب کو مکہ کے قصد سے یہیں ہی مین احرام باندھ لینا چاہئے، اس
جماعت مین سب سے پیش پیش خود ہمارے معلم عبد القادر سکندر تھے، جو شاید
کسی زمانہ مین عرب یا ترک رہے ہون، مگر اب تو سالہا سال سے لکھنوی
ہی ہین، اور بمبئی سے جہاز پر ہمراہ تھے، بہت سے نیکدل و سادہ مزاج
احباب جو اپنے ہی ظرف پر معلمون کو بھی قیاس فرما رہے تھے، دھوکے مین
آ گئے اور معلمون کے ہنگامہ سے متاثر ہو کر جہاز پر سب کے ساتھ احرام بند ہو گئے

لیکن بحمد اللہ ایک مختصر گروہ آخر تک اس فریب مین نہ آیا، اور مدینۂ پاک کی حاضری سے ابتدا کرنے کی نیت پر قایم رہا، موجودہ حالاتِ حجاز کی جو طلسم ہوشربا" سکندر صاحب نے سنانی شروع کی تھی، یہ اس کی پہلی حکایت تھی، آیندہ کیلئے تمام عازمانِ حج کی خدمت مین بڑے اصرار کے ساتھ گذارش ہی، کہ اپنے معلّمون کی صداقت و دیانت کے متعلق زیادہ حسن ظن ہرگز نہ قایم فرمالیا کرین، اور انکی بہم پہونچائی ہوئی اطلاعات کی تحقیق دوسرے ذرائع سے ضرور کرلیا کرین،

Marfat.com

باب ۷

جدّہ

۸ر اپریل، دوشنبہ، آج جدہ پہونچنے کا دن ہے، آج دلون کے شوق و اشتیاق کا کیا پوچھنا؟ اسباب کی بندش رات ہی سے شروع ہو گئی تھی، صبح سویرے سے جہاز کی بالائی عرشون پر حاجیون کے پرے جمے ہوئے سب کی نگاہین ساحل کی طرف لگی ہوئی، ساحل جون جون قریب آتا جاتا ہی، پانی کا رنگ بجائے نیلے کے سبز ہوتا جاتا ہی، اور بحری پہاڑیان کثرت سے نمودار ہوتی جاتی ہین، دن نکلنے کے بعد ساحل سے ایک کشتی جہاز کی طرف آتی ہوئی نظر آئی، اس کشتی پر عرب کپتان سوار ہی، اندرون ساحل جہاز کی رہنمائی بھی عرب کپتان کریگا، لیجئے، وہ کشتی جہاز سے آکر لگی، اور عرب کپتان دم بھر مین کھٹ کھٹ کرتا ہوا جہاز کے سب سے بالائی حصہ مین کپتان کے پاس پہونچ گیا، اب اس وقت سے جہاز کی رہنمائی کا مالک و مختار بھی عرب ہی، ——— شاید کارکنانِ قضا و قدر کو بھی موزونیت اسی مین نظر آئی کہ ملک عرب مین داخلہ کے وقت رہنمائی فرض ایک عرب رہنما ہی کے ہاتھون انجام پاتا رہے، ——— آٹھ بجے ساڑھے آٹھ بجے اب جدّہ کی عمارتین صاف نظر آنے لگین، مگر شہر اب بھی

Marfat.com

ڈھائی تین میل دور ہی، نو بجے تک جہاز لنگر انداز تھا، مگر بمبئی کی طرح جدہ مین جہازون کے لئے کوئی پلیٹ فارم نہین اور کیون ہونے لگا تھا؟ جدہ مین آخر حاجیون ہی کے جہاز تو ٹھہرتے ہین نہ،؟ اور حاجی کیون یہ ہر مرتبہ بھول بھول جاتے ہین، کہ اس دورِ علم وتمدن مین اُنکا وجود جانورون اور چوپایون سے کچھ ہی بہتر ہے،! ساتوین صدی عیسوی کے کہنہ وفرسودہ احکام وشرایع پر عمل کرنیوالے آخر اس کی توقع ہی کیون قایم کرتے ہین، کہ زیادہ سے زیادہ خرچ کرنے پر بھی اُن کے نصیب مین بیسوین صدی عیسوی کی سہولتین اور آسایشین آسکین گی؟

جہاز کی حرکت رُکی، اور جہاز پر حرکت شروع ہوئی، چیخ پکار، غل وشور، دوڑ بھاگ، ظاہر ہی کہ جہاز کہین بھاگا نہین جارہا ہی، ٹھہرنے ہی کے واسطے رکا ہی، اور نہ جدہ کی زمین کہین پھسلی جارہی ہی، لیکن اتنا صبر کس کو، اور اتنے انتظار کی توفیق کسے،؟ جہاز سے کشتیون پر اترنے کے لئے زینے صرف دو، اور ان دو زینون پر ڈیڑھ ہزار کے مجمع کا ہجوم! ہر شخص بیتاب، کہ سب سے پہلے خود ہی اتریگا، اور اپنا اسباب اتاریگا، یہ اسے گھسیٹ رہا ہی، وہ اسے ڈھکیل رہا ہی، یہ اسے دھکا دیرہا ہے، وہ اسے کہنیان مار رہا ہی، طاقتورون اور چیرہ دستون کی بن آئی ہے، باقی کمزورن اور ناتوانون، بیمارون اور بچون، بوڑھون، اور بوڑھیون پر جو کچھ گذر رہی ہی، اس کی بجز خدائے علیم وبصیر، سمیع وخبیر کے اور کسے خبر! یک نفسی نفسی کا عالم، ہر سمت محشرِ اضطراب! یہ ان لوگون کا حال ہی، جو ایثار بے نفسی کا سبق لینے کو نکلے ہین،! یہ اس سفر مین پیش آرہا ہی، جسکا مقصد

Marfat.com

ہی صبر وضبطِ نفس کی تعلیم ہے! یہ عین اُس گھڑی پیش آرہا ہے، جس وقت دوسرون
کی خدمت واعانت ہی سب سے بڑا مقصود ہونا تھا، ——— غیرون کے جو
مظالم آپ پر ہوتے چلے آئے ہین، اور اس وقت ہو رہے ہین، اُنکا دکھڑا تو آپ
بڑے درد کے لہجہ مین روتے ہین، لیکن ٹٹولو ایک مرتبہ ذرا آئینہ ہاتھ مین لیکر ارشاد
ہو، کہ خود آپ نے اپنے اوپر ظلم کرنے مین کون سی کسر اٹھا رکھی ہی؟ وما اصابکم
من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم ویعفوعن کثیر!

جہاز کے رکتے ہی دو موٹر لانچ (دخانی کشتیان) نمودار ہوئین، ایک مین
جہازی کمپنی (ٹرنر مارسین) کے کچھ عہدہ دار تھے، اور دوسری مین انگریزی قنصل
خانہ کے افسر، ان کے علاوہ کچھ سعودی حکومت کے نمایندے بھی تھے، ڈاکٹر
وغیرہ مسافرون کو اترنے کی اجازت ملنے سے قبل ان سب حضرات کو اپنے
سرکاری خدمات کے ضابطے اور رسوم پورے کرنے تھے، اور ان کے لئے
خاصہ وقت درکار تھا، ٹرنر مارسین کے دفتر مین ہمارے جوارِ وطن، سیدن
ضلع بارہ بنکی کے رہنے والے قاضی عزیز الدین صاحب سالہا سال سے کار
اور بڑے کارگذار ہین، انکی کارگذاریون کے واقعات اپنے جوار کے بعض حاجی
کی زبانی سن چکا تھا، یہ جہاز پر اپنی سرکاری ضرورتون سے آتے ہی رہتے
کپتان کے کمرے سے نکلے ہی تھے، کہ مجھ سے تعارف ہوا، پردیس مین دیس
کے آدمی کی شکل دیکھ کر طبیعت کو قدرۃً جو خوشی حاصل ہوتی ہی، اسکا
وہی کر سکتے ہین، جنھین خود کبھی ایسی صورت پیش آچکی ہی، بیچارہ لطف

اخلاق سے ملے چند ہی منٹ کے بعد ایک اُن سے بھی زیادہ کارآمد اور صاحب اختیار افسر ہنشی احسان اللہ صاحب سے ملاقات ہوئی، جو عرصہ سے جدہ کے انگریزی قنصل خانہ مین ہین اور اس وقت شعبۂ حجاج کے ذمہ دار افسر ہین، انکی بابت مختلف روایات و حکایات سننے مین آئی تھین، تاہم اتنے جزو پر سب کا اتفاق تھا کہ یہ جس پر مہربان ہو جاتے ہین، اُسکا کام اپنے اثر و اقتدار سے خوب نکال دیتے ہین، آدمی باخبر ہین، اخبارات وغیرہ پڑھتے رہتے ہین، مجھ سے واقف نکلے، اور بڑی خندہ جبینی سے پیش آئے، بعض احباب نے اُن کے نام کے تعارف نامے بھی دیدیئے تھے لیکن انکی خوش اخلاقی کے بعد یہ تعارف نامے غیر ضروری تھے، ان دونون جدید مہربانون نے صلاح یہ دی، کہ اپنی پارٹی کو مع اسباب کے سردست جہاز پر چھوڑے جاؤن، اور خود ان کے ساتھ انکی سرکاری کشتیون پر چلا چلون، بالآخر یہی طے پایا، اور اپنے قافلہ کو جہاز پر چھوڑ کر، مین تن تنہا قاضی عزیز الدین صاحب کے ہمراہ، ٹرنر مارسن کمپنی کے موٹر لانچ پر سوار ہو کر ساحل کو روانہ ہوا، اسی موٹر لانچ پر ہمارے جہاز کے کپتان پی، ایچ، وارڈ، اور چودھری محمد علی ردولوی بھی آئے،

ساحل پر قدم رکھتے ہی، قاضی صاحب تو "رو کردہ از ما یکطرف" بغیر ہمین کوئی ہدایت دیئے کپتان کو ساتھ لئے، اپنے دفتر کی طرف چلے گئے، اور ہم نو وارد اجنبیون کو بالکل ہماری قسمت پر چھوڑ گئے، مین تنہا تھا، چودھری صاحب کیساتھ ستورات بھی تھین اور کچھ سامان بھی، اب محکمۂ بحری کے مختلف لوگون نے ہم سے سوالات شروع کئے، اور زبان کی اجنبیت کا عملاً احساس اس وقت سے شروع

Marfat.com

ہوا، وہ لوگ نہ فارسی بول سکتے تھے، نہ انگریزی نہ اردو، رہی عربی، سو عربی اول یہان آتی ہی کیا ہی، اور غلط سلط، ٹوٹی پھوٹی، ایک آدھ فقرے بولنے کی جو کوشش کیجاتی، سو اسکو وہان کے لوگ "نحوی" کہتے، اور سرے سے عربی ہی نہین تسلیم کرتے، پاسپورٹ کی دکھائی یہین ہوتی ہی، اور اس کی اصلی ضرورت سارے سفر بھر مین اسی موقع پر پیش آتی ہی، بہرحال چنگی خانہ کے مختلف عمال کے سامنے حاضری دینی پڑی، میرے پاس اسباب مطلق نہ تھا، صرف گلے مین ایک تھیلا پڑا تھا، اسمین چند خطوط اور ہنڈیان وغیرہ تھین، محکمۂ چنگی کے مختلف عمال اپنی ساری قوت تفتیش وتحقیق انھین کاغذات کی الٹ پلٹ مین صرف فرماتے رہے اور ادھر یہ اندازہ ہوتا رہا، کہ "سرخ فیتہ" (RED TAPE) خواہ بحرِ ہند کے ساحل پر ہو یا بحرِ احمر کے، ہر جگہ کچھ یکسان ہی سا ہوتا ہی! چودھری صاحب کے ساتھ چونکہ بکس وغیرہ بھی تھے، اس لئے قدرۃً اُن بیچارہ سے باز پرس بھی زائد ہوتی رہی، اور غالبًا بکس کھلوا کر دیکھے گئے، اس گیرودار مین ہین اور وہ علٰحدہ بھی ہوگئے، اور مین بغیر کسی رفیق ورہنما کے اس اجنبی مقام مین بالکل تنہا رہ گیا، بارے تھوڑی ہی دیر کی حیرانی وسرگشتگی کے بعد ہمارے وکیل کا ایک ملازم مل گیا اور وہ وکیل صاحب کے مکان تک لے آیا، فاصلہ گو دو تین فرلانگ سے زائد نہ تھا، لیکن ایک تو عرب کی دوپہر اور پھر مقام کی اجنبیت، اس لئے مسافت اس وقت زائد محسوس ہوئی،

سفرِ حجاز مین جہان تک حج ومتعلقاتِ حج کا تعلق ہے، ہر حاجی کی

Marfat.com

"عقل کل" اُس کا "معلم" ہوتا ہی، ہندوستان کے لئے حکومت حجاز کی طرف سے سیکڑون بلکہ شاید ہزارون کو "معلمی" کی اجازت حاصل ہی، ادھر حاجی نے مکہ مین قدم رکھا اُدھر اُس کی زندگی کا ہر ہر قدم معلم کے حدودِ اختیار مین آگیا، مکہ مین قیام کا انتظام، طواف کا انتظام، سعی کا انتظام، منیٰ، عرفات، و مزدلفہ مین رہنے کا انتظام، قربانی کا انتظام، سواری کا انتظام، غرض چھوٹی بڑی ہر شے معلم ہی کے ذریعہ سے طے پاتی ہے، جدہ مین ہر معلم کی طرف سے ایک نمایندہ یا ایجنٹ مقرر رہتا ہی، جو یہان کی اصطلاح مین اُس کا "وکیل" کہلاتا ہی، اور جس طرح مکہ مین حاجی کے لئے معلم ہی سب کچھ ہوتا ہے، وہی حیثیت اور وہی مرتبہ یہان جدہ مین "وکیل" کو حاصل رہتا ہے، ہم سے ساحل پر اترتے ہی قبل اس کے کہ محصول خانہ اور رنگی گھر کے مرحلے طے ہون، دریافت کیا گیا تھا کہ تمھارا معلم کون ہے؟ اور جب جواب مین عبدالقادر سکندر کا نام بتایا گیا تھا تو اُن کے وکیل جدہ، صالح بیسونی نے بڑھکر ہمارے پاسپورٹ کو، بلکہ خود ہم کو اپنے قبضے مین کیا، سکندر کے وکیل کا نام محمود بسیونی ہے، مگر اب وہ کبرسنی کی بنا پر خانہ نشین ہوگئے ہین، صالح بسیونی اُن کے لڑکے ادھیڑ عمر کے ہین، اور چونکہ ہندوستان مین عرصہ تک رہ چکے ہین، اس لئے اردو بخوبی سمجھ لیتے، اور اُلٹی سیدھی بول بھی لیتے ہین، انکا نوجوان لڑکا مصطفےٰ بسیونی گو بے تکلف ہونے سے قبل اردو بولتے ہوئے شرماتا ہی، لیکن حاجیون کا کام نکالنے اور انھین آرام پہونچانے مین اپنے والد سے کہین بڑھکر ہے، ہم کو انھین وکیل صاحب کے مکان مین لایا گیا، تھوڑی دیر کے بعد ہمارے سارے قافلہ کے لوگ بھی یہین پہونچ گئے،

اور دوپہر ہوتے ہوتے "چار درویش" کے چہار چند یعنی پورے سولہ درویش انکے مکان مین اکٹھا ہو گئے!

جدّہ، ہندوستان کے شہرون کے معیار سے کوئی بڑا شہر نہین، کوئی پندرہ ہزار کی آبادی ہو گی، لیکن اپنی جغرافی ہیئت کے لحاظ سے اہمیت بہت خاصی رکھتا ہے، بازار اچھا بڑا ہے، ہر قسم کی چیزین مل جاتی ہین، اور گرانی کچھ ایسی زائد نہین، سکہ ہر ملک کے چل جاتے ہین، ہندوستان کے چاندی کے سکے بے تکلف چلتے ہین، البتہ نکل کی ریزگاری نہین چلتی، ہندی سکہ کا تبادلہ حجازی سکہ سے بآسانی ہو جاتا ہی، کھانے کی دوکانین بکثرت، اور پیٹ بھرنے کے قابل کھانا قدم قدم پر مل جاتا ہی، البتہ اچھے ہوٹل ذرا تلاش کے بعد ہی ملتے ہین، اور اُن کے نرخ کا تحمل بھی ہر شخص کے بس کی بات نہین، ڈاکخانہ ہے، اسپتال ہے، مہینہ مین تین مرتبہ ہندوستان کی ڈاک نکلتی ہے، لیکن ہندوستان کے ڈاکخانون سے یہان کے ڈاکخانہ کو کوئی نسبت نہین، ہر کام توکل پر چلتا ہے، صفائی کا انتظام خاطر خواہ نہین، یہان کی مکھیان اپنی کثرت کے لحاظ سے خاص طور پر مشہور ہین، عرب کی سرزمین شروع ہو چکتی ہی، اس لئے گرمی کی بابت کچھ کہنا تحصیل حاصل ہے، برف ملجاتی ہی، اگرچہ گران قیمت پر، پانی کی قدر جہاز ہی سے شروع ہو جاتی ہی، اور عرب پہونچکر تو پانی کے بارے مین ہندوستان کی پڑی ہوئی مسرفانہ عادتون کی اچھی خاصی اصلاح ہو جاتی ہے، جدّہ مین میٹھا یعنی سمندر کا صاف شدہ پانی تلاش سے اور خاصی گران

شرح پر ملتا ہی، کھاری سمندری پانی البتہ بہ افراط، مکانات کی وضع بمبئی کے
مکانات سے ملتی جلتی، یعنی صحن کا رواج برائے نام، اور اوپر تلے چار چار پانچ
پانچ منزلون کا رواج عام! انھین کمرون کو کھڑکیون کی مدد سے خاصا ہوا
بنا لیا جاتا ہی، ہندوستان کے لوگون کو جس شے کی زیادہ تکلیف ہوتی ہے، وہ یہان
کے پاخانے ہین، مہترون کی قسم سے کوئی قوم یہان موجود نہین، نتیجہ یہ ہے کہ
ہر مکان مین بہت گہرے سنڈاس، کنوین کی طرح گہرے بنے ہوئے ہین،
انھین مین رفعِ حاجت کی جاتی ہے، اور ان کی عفونت مکان کے دوسرے
حصون تک پھیلی رہتی ہے، زبان، موجودہ بگڑی ہوئی عربی ہی، جسے قرآن مجید کی
عربی سے کوئی نسبت نہین، تاہم اردو بھی اچھی خاصی سمجھ لیجاتی ہی، اور محض اردو دان
بھی اپنا کام نکال ہی لیتے ہین، حاجیون کے ہجوم کے زمانے مین ہر ہر گھر
مسافر خانہ بنا ہوا، ہزار ہا غریب حاجی سڑکون پر اور گلیون پر پڑے ہوئے،
مملکت آصفیہ حیدرآباد، ریاست بھوپال اور ریاست ٹونک کی طرف سے
مکہ و مدینہ مین رباطین (قیامگاہین) بنی ہوئی ہین. اگر جدہ مین بھی ہندوستانیون
کے لئے دو ایک بڑی رباطین بنجائین، اور انتظام اچھے ہاتھون مین رہے،
تو کم سے کم حاجیون کی ایک جماعت کو تو بڑی سہولت حاصل ہو جائے، آبادی
مین ہندوستانیون کا عنصر بالکل غائب نہین، مہاجنی اور تجارت کے سلسلے مین
صوبہ بمبئی خصوصاً علاقۂ گجرات و کاٹھیاوار کے لوگ اکثر نظر آئے، انگریزی
فصل خانہ مین، نیز موٹر کمپنیون مین صوبہ پنجاب کی نمایندگی ممتاز ہی، جہازی
کمپنیون کے دفتر مین بمبئی، بہار، اور اودھ کے چہرے اور قیافے نظر پڑے

Marfat.com

جدّہ، سرزمین عرب کا پھاٹک ہی، حکومتِ اسلام کا پہلا شہر ہے، بُرا یا
بھلا جیسا بھی ہے، اپنا ہے، اور اپنون اور اپنے والون کی چاہت کسے نہین
ہوتی ؟ لیکن ——— اے سب عزتون کے مالک ! ایک گستاخ
مشتِ خاک کو یہ کہنے کی اجازت دے کہ ——— اب تو کسی کو بھی
"اپنا" کہتے ہوئے دل لرزتا ہے، اور زبان ہچکچاتی ہے، خیر، قرطبہ، غرناطہ
کو تو مدت ہوئی بھول چکے، لیکن ابھی کل کی بات ہے، کہ بصرہ اپنا تھا، بغداد
اپنا تھا، حلب اپنا تھا، بیروت اپنا تھا، دمشق اپنا تھا، بیت المقدس اپنا تھا، قاہرہ اپنا تھا، استنبول اپنا تھا
اور کچھ ہی قبل شاہجہان آباد اپنا تھا، اکبرآباد اپنا تھا، لاہور اپنا تھا، ملتان اپنا تھا، لکھنؤ اپنا تھا، مرشدآباد
اپنا تھا، عظیم آباد اپنا تھا، ڈھاکہ اپنا تھا، بیجاپور اپنا تھا، کرناٹک اپنا تھا، آج ان
مین سے کوئی "اپنا" ہی ؟ پھر جدّہ غریب کی خیر کب تک منائی جا سکتی ہے
یاجوج کا پھریرا گو آج ضابطہ و رسم کے ساتھ وہان نہ لہرا رہا ہو، لیکن جد
کے کوچہ و بازار، در و دیوار سب یاجوج ہی کی عظمت کے نقیب بن چکے ہین
دوکانون مین مال ہے تو ولایتی، بازارون مین سودا ہے تو ولایتی، مکانو
مین سامان ہے تو ولایتی، جسمون پر لباس ہے تو ولایتی، عقلین مرعوب، قلو
مفلوج ! کوئی کس چیز سے دل کو سمجھائے، اور کیا کہکر اپنے کو دھوکا دے
سرزمین اسلام کا اسلامی شہر، اور دل ترستا رہ گیا، کہ کسی محدث کی زیارت
سے آنکھین روشن ہون، کسی بزرگ صاحب باطن کی نگاہِ کرم دل کو گر
کسی فقیہ کے حلقۂ درس و افتاء کی تازگی و شگفتگی تھکے ماندے مسافر کی خستگ
ماندگی کو دور کر دے ! پر آہ، یہ کچھ بھی نہ ہوتا تھا ! ہر تمنا ناکام، ہر آرزو منفع

Marfat.com

ہو کر رہتی تھی، سو ہو کر رہی، مسجد مین نماز کئی وقت پڑھی، پر شہر کے عمائدو اکابر ایک وقت بھی مسجد کے اندر نہ دکھائی دیئے، اور دل نے تاسف کے ساتھ کہا کہ حضرت اکبر مرحوم کا تجربہ ع

"کونسل مین بہت سید، مسجد مین فقط جمّن!"

صرف ہندوستان ہی تک محدود نہین، دریاے جمنا کا کنارہ ہو، یا بحر احمر کا ساحل، آج مسجد کی آبادی جہان کہین بھی قایم ہے، میان جمّن ہی کے دم سے ہے!

Marfat.com

باب ۸

جدّہ ۔ راہ مدینہ

صالح بسیونی نے ہمین اپنے ذاتی مکان مین ٹھہرایا، یہان عموماً کئی کئی منزلون کے مکانون کا رواج ہی، یہ مکان بھی کئی منزل کا ہی، ہم لوگون کو جگہ دوسری منزل مین ملی، اسمین دو کمرے ہین، ایک بڑا اور ایک اوسط درجے کا، عورتون کو بڑے کمرہ مین کر دیا، چھوٹے کمرے کو مردانہ رکھا ہی، سامان زیادہ تر نیچے کی منزل مین رہنے دیا، سولہ آدمیون کے لئے دو کمرون کی گنجایش ناکافی معلوم ہو رہی ہی، صحن نہ ہونے سے گرمی علی الخصوص محسوس ہو رہی ہی ——— لیکن یہ بھی درحقیقت اللہ کی ناشکری ہی، سیکڑون ہزارون، اللہ کے بندے ایسے بھی ہین، جنھین اتنی جگہ کیا بمعنی، اس کی آدھی بلکہ چوتھائی بھی نصیب نہین، اور وہ صبر و شکر کے ساتھ، تیز دھوپ مین تپتی ہوئی زمین کے اوپر، سڑکون اور راستون مین، بسر جائے بیٹھے ہین، وہ بھی آخر انسان ہی ہین، وہ بھی حاجی ہین، وہ بھی پردیسی ہین، وہ بھی اللہ ہی کی راہ مین گھر بار، عزیزون، دوستون کو چھوڑ کر نکلے ہین، اور ان مین سب کے سب مفلس اور کنگلے ہی نہین، کیا انھین آرام کی خواہش نہین؟ کیا انھین موسم کی سختیون کا احساس نہین ہوتا، ہی ——— جدّہ کا رقبہ کچھ بہت بڑا نہین، اس لئے مقامات

Marfat.com

زیادہ دور دور نہین، جہان ہم ٹھہرے ہین، بازار یہان سے قریب ہین، ڈاکخانہ بھی زیادہ فاصلہ پر نہین، اور مسجد تو بالکل پڑوس ہی مین ہے، اتفاق سے آج ہی ہندوستان کی ڈاک روانہ ہونے کا دن ہی، خطوط لکھ کر ڈاک مین ڈالے نہین گئے، بلکہ پوسٹماسٹر صاحب کے ہاتھ مین دیدیئے گئے،

سامنے ایک لق ودق، شاندار وآراستہ عمارت کھڑی ہوئی ہی، معلوم ہوا کہ شیخ محمدؐ نصیف صاحب کا مکان ہی، یہ یہان کے ایک امیر کبیر ہین، بمبئی سے ایک صاحب نے اپنی کسی ضرورت کے متعلق ایک خط اُن کے نام کا مجھے دیا تھا، اسے لیکر، مولانا مناظر احسن صاحب کے ہمراہ دوپہر کو ان کے ہان گیا، عربی وسعت اخلاق اور حجازی شانِ مسافر نوازی کے ساتھ پیش آئے، اردو نہین جانتے، صرف عربی مین گفتگو کر سکتے ہین، چنانچہ مولانا سے عربی ہی مین گفتگو ہوتی رہی، ایک عظیم الشان کتبخانہ کے مالک ہین، بڑی بڑی الماریون مین نفاست وسلیقہ کے ساتھ کتابین چنی ہوئی، اور گفتگو کے بعد معلوم ہوا، کہ کتابون کا ذخیرہ محض الماریون کی زینت کے لئے نہین بلکہ دل ودماغ مین بھی اپنا گھر بنا چکا ہی، ظہر کی نماز انھین کے مکان پر جماعت کے ساتھ نجدی امام کے پیچھے پڑھی، یہین ایک صاحب سے یہ کہکر ملایا گیا کہ وہ شیخ محمدؐ بن عبدالوہاب کے پوتے ہین، اور یہ بھی کہا گیا، کہ نجد کے مشاہیر علمار مین ہین، مولانا مناظر نے ان سے کچھ سوالات کئے، جوابات اُس معیار پر نہ ملے، جس کی توقع ایک صاحبِ نظر عالم سے ہو سکتی ہی، سنا ہے، کہ سلطان ابن سعود جب جدہ آتے ہین، تو شیخ محمدؐ نصیف ہی کے ہان فروکش ہوتے ہین، ۱۳۴۶ھ مین ہندوستان کا

وفدِ خلافت، جو سلطانی مہمان تھا، وہ بھی جدہ مین شیخ موصوف ہی کے ہان ٹھہرایا گیا تھا
بسیونی کے ہان، بند کمرون مین، شب بسر کرنے مین دقت تھی، شب مین مین نے
اور مولنا مناظر صاحب نے شیخ موصوف سے اُن کے کھلے ہوئے ہوادار چبوترہ پر لیٹ
رہنے کی اجازت مانگی، شیخ نے اپنے لطف و کرم سے بمسرت تمام اجازت دیدی،
اور ہم دونون کی رات بڑے آرام سے اور شیخ کی شکر گذاری کیساتھ بسر ہوئی

جدہ اترتے ہی سفر مدینہ کے لئے روپیہ کی ضرورت پڑی، عمر بھائی چاندبھ
نے جدہ مین ہنڈیان ایک ہی نام کے دو ساہوکارون، شیخ جمال الدین اور
سیٹھ جمال الدین ٹپنی کے نام کی دی تھین، دونون سے ملاقات ہوئی، اول ال
نے بڑی مستعدی اور مستعدی سے بھی بڑھکر ہمدردی و دلسوزی کے ساتھ سارا
کر دیا، یہی نہین کہ رقم فوراً ادا کر دی، بلکہ یہ صحیح و ضروری مشورہ دیکر کہ اندرو
حجاز، انگریزی نوٹ اور روپیہ سے کہین بڑھ کر انگریزی گینّان کام دیتی ہین
رقم کو نوٹ سے گینّیون مین تبدیل کر دیا، روپیہ ہاتھ مین آتے ہی چلنے کی ف
ہوئی، جدہ اور مدینہ منورہ کے درمیان اونٹ کے قافلے بھی چلتے ہین، اور
موٹر بھی کثرت سے چلنے لگے ہین، ہم لوگون نے موٹر ہی پر چلنا طے کیا، حجاز مین
قدم رکھتے ہی مسافر بالکل معلم یا اُن کے وکیل کے ہاتھ مین آجاتا ہی، اور بغیر ان
وساطت کے کسی سواری کے لئے معاملت نہین کر سکتا، وکیل صاحبون کے
و اغراض قدرۃً اس کے مقتضی ہوتے ہین، کہ جتنے دن بھی ممکن ہو حاجیو
کو جدہ مین پڑا رہنے دیا جائے، اور جب وہ سواری کے لئے تقاضا کرین، تو اُ

Marfat.com

مال دیا جائے، یہی صورت ہمارے ساتھ بھی پیش آنی شروع ہوئی،

جدّہ مین منشی احسان اللہ صاحب (نائب قنصل برائے حجاجِ ہند) کی ذات ہندوستانی حاجیون کے حق مین بڑی کارآمد ہی، جہاز پر ان سے تعارف ہو چکا تھا، سہ پہر کو ان سے ان کے گھر پر ملاقات ہوئی، اخلاق و محبت سے پیش آئے ہمارے وکیل صاحب کو مہمانون کی کثرت و ہجوم کی بنا پر ہم لوگون کی جانب توجہ کرنے کی فرصت کم ملتی تھی، اور سواری کے جلد بہم پہونچنے کی طرف سے تو اُنھون نے بالکل قطعاً مایوس کر دیا تھا، منشی صاحب سے جب ملاقات ہوئی، اور ان چیزون کا تذکرہ آیا، تو اُنھون نے ٹیلیفون دیکر وکیل صاحب کو فوراً طلب کیا، وکیل صاحب کا اخلاق اُسی لمحہ سے بدل گیا، اب ہم لوگون پر توجہ کرنے کی فرصت بھی انھین زائد تھی، اور سواری کے لئے بھی وعدہ ہو گیا کہ کل ملجائیگی، جدّہ مین حکومتِ حجاز کی طرف سے جو حاکم اعلیٰ رہتے ہین، انکا اسم شریف حاجی عبد اللہ رضا زینل ہے جدہ مین ٹرنر مارسین کمپنی کے ایجنٹ بھی یہی ہین، بڑے متمول تاجرون مین انکا شمار ہے، بمبئی مین ان کے بھتیجے محمد علی زینل موتیون کی تجارت لاکھون روپیہ کی کرتے ہین، انھون نے ازراہِ عنایت اپنے چچا صاحب کے نام ایک تعارف نامہ دیدیا تھا، سہ پہر کو منشی صاحب اپنے ہمراہ ان کے ہان لے گئے، حج کمیٹی کا اجلاس ہو رہا تھا، اور وکیل صاحبون کو بدعنوانیون پر سزائین مل رہی تھین، زینل صاحب کو دیکھا، سن سفید داڑھی، چہرہ شرافت و نورانیت کی ایک تصویر، بڑی خاطر سے پیش آئے، پوچھا کہ کسی قسم کی تکلیف تو نہین؟ جدہ بھر مین صحیح و پاکیزہ عربی بولتے

Marfat.com

ہوئے صرف دو ہی صاحبون کو پایا، ایک شیخ نصیف کو، دوسرے حاجی عبداللہ زینل
کو، ورنہ اور تو ہر شخص کی زبان سے وہ زبان سنی، جسے خدا معلوم عربی کہا ہی
کیون جاتا ہی! شام کے وقت منشی صاحب اپنے موٹر پر سمندر کے کنارے ہوا خوری
کے لئے لے گئے، اور وہین نماز مغرب پڑھی، عشا کی نماز پڑوس کی مسجد مین آکر پڑھی،

---

۹ اپریل سہ شنبہ، وکیل صاحب نے آج موٹر دلا دینے کا وعدہ کر لیا تھا، لیکن یہ
وعدہ اطمینان و اعتبار کے لئے کافی نہ تھا، اگر آج شام کو وہ انکار کر دیتے، تو اُنکا
تو کوئی نقصان نہ ہوتا، لیکن ہم لوگون کا ایک دن خواہ مخواہ ضایع ہو جاتا، اور صرف
یہ کہ مدینہ طیبہ کی حاضری مین ایک دن کی تاخیر ہو جاتی، بلکہ وہان کی مدت قیام
مین بھی ایک دن گھٹ جاتا، وکیل صاحب کے لئے ہماری التجائین اور درخواستین
قطعاً غیر موثر تھین، آج صبح مین مولانا مناظر احسن کے ہمراہ شیخ عبدالرحمن محمد الفضل
سے ملا، جو بمبئی کے عبداللہ الفضل کے حقیقی بھائی ہین، اور جدہ کے مشاہیر اور
سلطان کے حاشیہ نشینون مین ہین، یہ بہت خوب شخص نکلے، خلافت کمیٹی
علی برادران، خدام الحرمین، اور ہندوستان کے اور بہت سے مسائل پر آزادی
و بے تکلفی سے باتین کرتے رہے، شرکۃ حرمین کے نام سے ایک موٹر کمپنی انھ
کی ہے، سفر مدینہ کی عجلت ہم لوگون مین دیکھ کر اُنھون نے پورا اطمینان دلا
کہ وکیل پر تاکید کر کے آج ہی لاری کا انتظام کر دیا جائیگا، اور شام تک
روانہ ہو جائیگا، اس کے بعد وکیل صاحب کو بھی کوئی راہ گریز باقی نہ رہ
اور آج شام کو روانگی طے پا گئی، موٹر کی سرکاری شرح آمد و رفت فی کس

Marfat.com

پندرہ گنی تھی، لیکن مختلف موٹر کمپنیون مین مقابلہ جاری تھا اس لئے ارزانی ہو کر فی کس دس گنی (تقریباً ۱۳۵ روپیہ انگریزی) کی شرح آمد و رفت رہ گئی تھی، مولوی شاہ لطف اللہ صاحب مونگیری کی پانچ آدمیون کی پارٹی بھی ہمارے ہی ہمراہ چلنے پر آمادہ ہوئی اس طرح کل ۲۱ آدمی ہوئے، دو موٹر لاریان، تیرہ تیرہ نشستون کی کی گئین، اور الفضل صاحب کی عنایت سے ہمارے لئے مخصوص ہو گئین یعنی ۲۱ آدمیون کے ٹکٹ سے ۲۶ آدمیون کی جگہ مل گئی،

روانگی شام کو قرار پائی تھی عین مغرب کے وقت دونون لاریان دروازہ پر آکر لگ گئین، سب کے سوار ہونے، سامان لادنے، پوری پیشگی اجرت دیکر اس کی رسید حاصل کرنے اور حکومت و بلدیہ کے دوسرے مراحل طے کرنے مین عشا کا وقت آگیا، اور عین اُس وقت جبکہ مسجدون مین عشا کی ذانین ہو رہی تھین ہمارا قافلہ شہر کے پھاٹک سے روانہ ہوا، جدہ سے مدینہ تک موٹر راستہ مین آرام لیتا ہوا اور سستاتا ہوا، ڈیڑھ دو دن مین پہونچتا ہی، اونٹون سے یہ فاصلہ دس دن مین طے ہوتا ہی، جابجا منزلین بنی ہوئی ہین، موٹر جہان عموماً ٹھہرتے ہین، اُن مین سے مشہور منزلین، طوآل، قدیمہ، رآبغ، مستورہ، بیر درویش، بیر حسان، مسجد ہین، ہر منزل پر پانی، چائے، قہوہ، کی دوکانین ہین، اکثر منزلون پر روٹی اور پکا ہوا گوشت یا ابلی ہوئی مچھلیان مل جاتی ہن، مگر گوشت بدوی مذاق کا ہوتا ہی، ہندوستانیون کے ذائقہ کا نہین ہوتا، گو بھوک کے وقت ہر شے اچھی معلوم ہوتی ہی، بعض منزلون، مثلاً رابغ کا پانی بہت نفیس ہی، اور بعض مثلاً بیر حسان کا اس کے بالکل برعکس،

Marfat.com

پیٹ کی آگ ہر جگہ بجھائی جا سکتی ہی، لیکن اگر زبان کا ذائقہ بھی مطلوب ہی، تو ان منزلون کے کھانے کے بھروسے پر ہرگز نہ رہنا چاہیے، بلکہ اپنے مذاق و پسند کے مطابق کچھ ناشتہ ضرور ساتھ رکھنا چاہیے، بعض منزلون مین تربوز اور بعض مین کھجور بھی ملجاتے ہین، بڑی بڑی منزلون مین رات کو سونے یا دن کو لیٹنے بیٹھنے کے لئے بان کے اونچے اونچے تکیہ دار کھاٹ مناسب کرایہ پر مل جاتے ہین، گوشت کی بنی ہوئی چیزین تو گرم موسم مین زیادہ ٹھہر نہین سکتین، البتہ ستو، بسکٹ، بکھن، وغیرہ اگر اس سفر مین ساتھ رہین، تو کھانے کا مسئلہ بآسانی حل ہوتا رہتا ہی، سڑکین اچھی بری کیا معنی، کہنا چاہیے کہ سڑکے ہین ہی نہین، چلتے چلتے جو راستے بن گئے ہین، انھین کا نام سڑک رکھ لیا گیا ہی، حیرت ہے کہ سعودی حکومت جو موٹرون کی سرپرستی مین اتنی عالی ہمتی دکھا رہی ہی (شاید اس لئے کہ موٹر کمپنیون سے خوب بھاری بھاری ٹیکس وصول ہوتے رہتے ہین) سڑکون کی تعمیر کی طرف سے اس درجہ غافل و بے پروا ہے (شاید اس لئے کہ سڑک کوئی آمدنی کی مد نہین، محض خرچ ہی خرچ کا کام ہی) حالانکہ بہتر سے بہتر سواری بھی بغیر اچھی سڑک کے بیکار ہی، راستہ کی اسی ابتری کا نتیجہ ہے، کہ سواری کی دو دو لاریون کے ساتھ، حوادث ناگہانی کے خطرہ سے، ایک ایک خالی لاری بھی رکھی جاتی ہی، اور یہ خطرہ محض موہوم نہین، اکثر ایسے واقعات ہوتے رہتے ہین، خود ہمارے ساتھ جو لاری زنانہ قافلے کی تھی، دوپہر کے وقت ایک جگہ ریت مین دھنس گئی، اور کسی طرح نہ ہمس سکی، مجبوراً سواریون کو اسی خالی لاری مین منتقل کرنا پڑا،

Marfat.com

موٹرین روانہ ہوئین اور شب کی تاریکیون مین سفر شروع ہوا، کس کا سفر کہان کا شروع ہوا؟ ــــــ کون بتائے؟ کسکی زبان جواب دے؟ حاضری کی اجازت اُسے مرحمت ہو رہی ہی، جس کے نامۂ اعمال کی سیاہیان، شب تار کی تاریکیون سے بھی سیاہ تر ہین! حضوری اُس کے آستانہ پر ہو رہی ہی، جو خود طارق جنکر رات کی تاریکیون کو منور کرنے آیا، جس کا ظہور اُس گھڑی ہوا، جب دنیا پر تاریکیون اور سیاہیون کے ایک سے ایک گہرے پردہ پڑے ہوئے تھے، اور جو اپنے ہمراہ نور اور اجالا لیکر آیا، ــــــ این! یہ دل کیون دھڑکتا جاتا ہی؟ یہ آنکھین کیون پرنم ہو رہی ہین،؟ یہ زبان کیون خشک ہوئی چلی جاتی ہی؟ سامنا اُس کا تو نہین، جو انصاف کی میزان ہاتھ مین لئے بیٹھا ہے، جو دودھ کا دودھ، پانی کا پانی الگ کرنیوالا ہی، حاضری تو اُس کے دربار کی ہے، جو ہمہ رحمت و ہمہ مرحمت ہے، جو بدکارون کی پردہ پوشی کرنے والا ہے، جس کا نام شفیع المذنبین ہی، یعنی نیکون اور پاکون کا نہین، گناہگارون کا نجات دلانے والا، تباہ کارون کا سہارا! یہ سب کچھ سہی، یہ سب صحیح، پر دل اب بھی اپنے قابو مین نہین، نفس کی شرارتین، اندر کی خباثتین، قلب کی فسادتین، ایک ایک کرکے بے پردہ و بے نقاب سامنے آرہی ہین! اور ریا اور نفاق کا جامہ ہر ہر لمحہ چاک ہو رہا ہی، جدہ سے نکلتے ہی ریت شروع ہو جاتی ہی، راستہ کا بیشتر حصہ بالکل ریتیلا ہے، اور جب مدینہ طیبہ کی مسافت بقدر ایک ثلث رہجاتی ہے، تو پہاڑیون کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہی، اور زمین بالکل پتھریلی ملنے لگتی ہی، ان ناہموار یون کا قدرتی نتیجہ یہ ہے، کہ لاریان گویا اچھلتی ہوئی چلتی ہین، اور دھکے اور دھچکے قدم قدم پر لگتے رہتے ہین، ادھر دھچکا لگا، اور اُدھر زبان

Marfat.com

اعتراض پر کھلی! ——— اے ریاکار، آج تیری اصلیت ظاہر ہو رہی ہے! اے منافق! اس وقت تیری کیچل اتر رہی ہے! جب قوالی کی محفلون مین، شاعری کی دنیا مین، دشتِ یثرب مین ناقہ کے پیچھے دوڑتے رہنے کا، یا تلوؤن مین خاکِ صحرائے مدینہ کے چھنے کا ذکر آتا تھا، تو تو خوب گردن ہلاتا تھا، اور بڑی مستی کا اظہار کیا کرتا تھا، اور ہمہ تن اشتیاق و تمنا بن جاتا تھا، پھر آج تو یہ منظر سامنے ہی، تصور و خیال مین نہین، مادی آنکھون کے روبرو ہے، اس خاک کا سرمہ آنکھون مین کیون نہین لگاتا؟ یہان کے کانٹون کو اپنے پیرون مین کیون نہین چھنے دیتا؟ اس دشت مین جیب و گریبان کی دھجیان اڑاتے ہوئے کیون نہین دوڑ لگاتا، ہے عجب رسول اصلعم کے زبانی دعوے بڑے بڑے تھے، دوستون اور معتقدون کے مجمع مین، عشقِ سرکارِ مدینہ کی خوب خوب لاف زنی ہوتی تھی، آج سارے دعوون کی حقیقت کھل گئی! مرکزِ نور سے جون جون قرب حاصل ہوتا جاتا ہی، ہر شے کی اصلیت سے نقاب اٹھتا جا رہا ہی، اے نفس خبیث کے غلام، کیا تو یہ سمجھے ہوئے تھا، کہ تیری ریاکاری و نفاق پروری پر پردہ یون ہی پڑا رہنے دیا جائیگا،

ہماری طرح خدا معلوم کتنی اور موٹرین اور موٹر لاریان سواریون سے کھچا کھچ بھری ہوئی اس راستہ پر چل رہی ہین، ہزارہا انسان اونٹون کے قافلون مین چلتے ہوئے مل رہے ہین، سیکڑون آدمی پیدل سفر کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہین، ان مین عورتین بھی ہین، اور مرد بھی، بوڑھے بھی ہین اور بچے بھی، غریب بھی ہین اور امیر بھی، بنگالی بھی ہین، اور پنجابی بھی، دکھنی بھی،

Marfat.com

ہین، اور گجراتی بھی، حجازی بھی ہین، اور نجدی بھی، مصری بھی ہین اور سوڈانی بھی، جاوی بھی ہین اور چینی بھی، برہمی بھی ہین اور بخاری بھی، افغانی بھی ہین اور مراقشی بھی، یہ سب کے سب بے وطن اور عزیزانِ وطن کو چھوڑے ہوے، تپتی ہوئی ریگ مین جلجلاتی ہوئی دھوپ مین، کشمیر اور شملہ کو چھوڑکر، سبزہ زارون اور آبشارون کو بھلاکر، بھوک اور پیاس کی مشقتین جھیلتے، اور گرد وغبار مین غسل کرتے ہوے کہان کو چلے رہے ہین، ؟ رامپور کے حاتمِ وقت رئیس، کلب علیخان کو کس راستہ کی خاک چھانکنے پر فخر تھا، ؟ بھوپال کی اہلِ دل فرمانروا، سلطان جہان بیگم کو کس کے آستانہ کی گدائی پر ناز رہا ہے؟ مملکت آصفیہ کے تاجدار، میر عثمان علیخان نامدار کے دل کو کس کے کوچہ کی آرزوے جاروب کشی تڑپاے ہوئے ہے، ؟ محمدؐ کے نام سے، ابوجہل، اور اور ابولہب کی طرح جلنے والے محمدؐ کی عظمت کو "علمی" توجیہات وتاویلات کرکرکے دلون سے گھٹانے والے، محمدؐ کی سیرت پاک کو اپنی ناپاکیون اور گندگیون پر قیاس کرکے مسخ کرکرکے پیش کرنے والے، آج کاش اپنے اپنے مٹی کے گھروندون سے باہر نکلکر دیکھین، کہ اس دورِ یاجوجیت، اس غلبۂ دجّالیت کے باوجود دنیا کی کسی یونیورسٹی اور کسی کالج مین، کسی جامعہ اور کسی اکاڈمی مین، کسی کتبخانہ اور کسی تجربہ گاہ مین، کسی "ماہرِ فن" کے لکچر روم مین، کسی "پروفیسر" کے حلقۂ درس مین وہ کشش اور دلکشی، وہ قوتِ جذب ہے، جو اُس مقام مین ہے جہان اُس امی کا جسدِ ظاہری آرام فرما ہے، جو اپنے رب کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا (احمدؐ) تھا، اور جسے اس کے رب نے "تعریف کیا گیا" (محمدؐ) کہکر پکارا؟

Marfat.com

باب ۹

مدینہ

بوے یارِ مہربانم می رسد　　بوے جانان سوے جانم میرسد
بازآمد آبِ ما در جوے ما،　　بازآمد شاہِ ما در کوے ما،

۲۹ اپریل سنہ ۱۹۰۷ء پنجشنبہ، یکم ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۵ھ، آج کی صبح کتنی مبارک صبح ہے، آج کے دن زندگی کا سب سے بڑا ارمان پورا ہونے کو ہے! آج ذرہ آفتاب بن رہا ہے، آج بھاگا ہوا غلام اپنے آقا و مولا کے دربار مین حاضر ہو رہا ہے، آج گنہگار امتی کو شفیع اور شفیق رسول (صلعم) کے آستانہ پر سلام کی عزت حاصل ہو رہی ہے!

ہندوستان کی عورتین ذیقعدہ کو "خالی" کا مہینہ کہتی ہین، پر جس کے نصیب مین اسی "خالی" مہینہ مین اس دولت سے مالا مال ہونا مقدر ہو چکا ہو، وہ اس مہینہ کو کیا کہکر پکارے؟ "جمعرات" کو شاید قافیہ کی رعایت سے "پیرون کی کرامات" کہتے ہین، ہر جمعرات ایسی ہوتی ہو گی، لیکن جس جمعرات کو کسی کی قسمت مین یہ کرامت لکھی ہو، اُس کا تو جی مین آتا ہی، کہ پیرون اور بزرگون کی نہین، تباہ کارون اور سیاہ کارون کی کرامات، نام رکھے!

عاذلا، چند این صداع و ماجرا　　پند کم ده بعد ازین دیوانه را

غیر حبدِ آن نگار مقبلم ، گر دو صد زنجیر آری بگسلم ،
وقت آن آمد کہ من عریان شوم جسم بگذارم سراسر جان شوم

شب، منزل یرحصان مین گزاری تھی، صبح سویرے روانہ ہوئے، اور سات بجے مسیجد بین دم لیا، سرزمین طیبہ کے انوار و آثار صبح ہی سے شروع ہو گئے روحانی انوار تو خیر جس کسی کو نظر آتے ہونگے، اُس کے لئے ہین، باقی مادّی فضا کی خوش آیند تبدیلیان تو ہم بے بصرون کو بھی محسوس ہو رہی تھین، خوش عقیدگی کا سوال نہین، محض ثباتِ حواس و ادراک کی ضرورت ہی، ۹ بجے، کھڑے کھڑے چند منٹ کے لئے ایک اور منزل پر رُکے، اس کا نام اِس وقت یاد نہین آتا، یہ آخری منزل ہے، اس کے بعد کوئی اور منزل نہین، صرف منزلِ مقصود ہی اب گویا نواحِ مدینہ شروع ہوا، کھجور نہایت شاداب و شیرین سامنے رکھے ہوئے ہوا لطیف و خوشگوار، فضا خوش منظر، سبزی جو راستہ بھر کہین نہین نظر آتی تھی اب ہر طرف دکھائی دے رہی ہی، ریت کے میدان اور ریگستان کے بجائے اب ہر طرف پہاڑیون کا سلسلہ، سڑک اتنی ہموار و نفیس، کہ معلوم ہوتا ہی عرب مین نہین، ہندوستان مین سفر کر رہے ہین، دس بجے ہوا دس بجے، ساڑھے دس بجے، اُدھر وقت کی گھڑیان گذر رہی ہین، اور اِدھر دلون کا شوق و اشتیاق ہے کہ ہر ہر منٹ، ہر ہر سکنڈ بڑھتا جا رہا ہی، کسی کے ہاتھ مین مناسک و آدابِ زیارت کے رسالے ہین، وہ اُنھین دیکھ دیکھ کر دعائین یاد کر رہا ہی، اور کوئی خالی درود شریف کا ورد کئے جا رہا ہی، ہر قلب اپنے اپنے حال مین گرفتار، ہر دل اپنی اپنی

جگہ مضطر و بیقرار، کسی کی آنکھین اشکبار، اور کسی کا دماغ نشۂ لذت و فرحت سے سرشار! اپنی اپنی نسبتین اور اپنا اپنا اعتبار!

سارا قافلہ ذوق و شوق کی تصویر، اور تو اور نجدی شوفر تک چند لمحون کے لئے بجائے "نجدی" کے "وجدی" بنا ہوا، مولانا مناظر فرطِ گریہ سے بیتاب، ضبط و احتیاط کے باوجود بھی چیخ نکل جانے پر مجبور، ایک سرگشتہ و دیوانہ عقل سے دور، علم سے بیگانہ، نہ گریان نہ شادان، نہ اپنی حضوری کی خوش بختی پر خوش، اور نہ اپنی تباہ کاریون کی یاد پر مغموم، محض اس الجھن مین گرفتار کہ یا الٰہی یہ بیداری ہے یا خواب! کہان یہ ارض پاک، اور کہان یہ بے مایہ مشتِ خاک! کہان مدینہ کی سرزمین، اور کہان اس ننگِ خلایق کی جبین! کہان سید الانبیاؐ کا آستانہ، اور کہان اس روسیاہ کا سر دشانہ! کہان وہ پاک سرزمین کہ اگر اس پر قدوسیون کو بھی چلنا نصیب ہو، تو ان کے فخر و شرف کا نصیبا جاگ جائے، اور کہان ایک آوارہ و ناکارہ بے تکلف اُسے پامال کرنے کی جرأت کر بیٹھے! عرآقی نے کہا تھا، کہ ناپاک کے سجدہ کرنے سے زمین فرطِ اذیت سے چیخ اُٹھتی ہے، ؎

بہ زمین چو سجدہ کردم ز زمین ندا برآمد
تو مرا خراب کردی بہ این سجدۂ ریائی

لیکن جب ریاکار کے سجدے سے، ہر معمولی اور عام خطۂ زمین یہ ایذا محسوس کرتا ہے، تو پھر ایک ریاکار کے بارِ قدم سے اس عظمت و تقدس والی سرزمین کے

Marfat.com

جگر و سینہ پر کیا گذر گئی ہو گی!

عزیز و اور بزرگو! یہ شاعری نہین، وہم و تخیل کی کرشمہ سازی نہین، ابوداؤد اور صحیح مسلم مین حضرت حذیفہؓ کی زبانی بیان ہی کہ مین راستہ مین جا رہا تھا، اور مجھے غسل کی حاجت تھی، کہ سامنے سے رسول اللہ صلعم تشریف لاتے ہوئے ملے، اور میری طرف بڑھے (فاھویٰ الیہ) لیکن مین الگ ہٹ گیا (فحاد عنہ) اور اس کے بعد غسل سے فراغت کر کے حیب خدمت والا مین حاضر ہوا ہون، تو مین نے عرض کیا، کہ اُس وقت مین پاک حالت مین نہ تھا، اور اسی طرح اس نامورؐ آقا کے ایک دوسرے نامور خادم ابوہریرہؓ اپنی آپ بیتی بیان کرتے ہین کہ مجھے ایک روز رسول اللہ صلعم راستہ مین مل گئے، اور مجھے اس وقت غسل کی حاجت تھی، مین الگ ہٹ گیا، اور غسل کرنے کے بعد مجلس مبارک مین حاضر ہوا! اللہ اللہ! یہ احتیاط کون لوگ کر رہے ہین؟ حذیفہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما جو پاکون کے سردار کے فیض صحبت سے خود پاک و پاکیزہ بن چکے ہین! اور جو خود اس درجہ پر پہونچ چکے ہین، کہ انکا سایہ ناپاکون کو پاک بنا دینے کے لئے کافی ہے! رسول خدا صلعم از خود ان کی جانب التفات فرماتے ہین، اور بڑھکر ملنا چاہتے ہین، لیکن اُدھر یہ حالت ہے کہ بجائے سر کے بل دوڑنے کے، الٹے پاؤن واپسی اور علیحدگی اور کنارہ کشی ہوتی ہی، اور رسول کریمؐ کی عارضی آزردگی کا خطرہ قبول کر لیا جاتا ہی، لیکن یہ گوارا نہین ہوتا، کہ اپنی عارضی ناپاکی کو اس سراپائے نور کے مقابل لایا جائے، جو ہمہ لطافت اور ہمہ نظافت ہی! جب

Marfat.com

حذیفہؓ اور ابو ہریرہؓ کا ایک عارضی اور وقتی ناپاکی کی بنا پر یہ حال ہو، یہ احساس ہو، تو اے دین متین کے حاملو، اور اے شریعت اسلامیہ کے مفتیو! اُس کے متعلق کیا فتویٰ دوگے، جس کی گندگی عارضی نہین دائمی ہی، وقتی نہین مستقل ہی، جسم کے اوپر نہین، روح کے اندر ہے، ظاہر مین نہین، باطن مین ہی، پانی کے چند لوٹون سے دھل جانیوالی نہین دریاؤن اور سمندرون مین غوطہ کھاکر بھی جون کی تون رہجانیوالی ہی!

ادب کا تقاضا، کہ شہر کچھ دور باقی رہے، کہ سواری سے اتر کر پیدل چلے، شوق دل کا فتویٰ، کہ ضروریات سے فارغ ہوکر، نہا دھوکر، سفر کے گرد آلود کپڑون کی جگہ نئے کپڑے بدل کر شہر کے اندر قدم رکھے، لیکن سواری اپنے اختیار کی نہین، موٹر کے شوفرون کی ہر طرح خاطر مدارات کی، کہ کسی طرح مان جائین، لیکن جواب یہی ملتا رہا کہ حکومت کے قانون اور سرکار کے ضابطہ سے مجبوری ہی، جو جگہ موٹرون کے ٹھہرنے اور مسافرون کے اترنے کی مقرر ہی، ٹھیک وہین پہونچکر موٹر رکے گا، نہ اُس سے چار گز ادھر، نہ چار گز اُدھر! لیجئے، بات کہتے کہتے گیارہ بج گئے، اور سوادِ شہر نظر آنے لگا، شوفر نے پکار کر کہا "مدینہ! مدینہ!" اور سرسبز درخت اور شہر کی عمارتین دھندلی دھندلی دکھائی دینے لگین

خاکِ یثرب از دو عالم خوشتر است — اے خنک شہرے کہ آنجا دلبر است

در دلِ مسلم مقامِ مصطفےٰ ست — آبروے ما زِ نامِ مصطفےٰ ست

اللّٰھم ھذا حرم نبیک فاجعلہ لی وقایۃ من النار وامانا من العذاب وسوء الحساب، اب موٹر قدم قدم پر رکنے شروع ہوئے، کہین سرکاری کارندے اور پیادے

Marfat.com

شوفرون سے سوال وجواب کر رہے ہین، اور کہین مزدورون کی جماعت اہل قافلہ کے سوالون کی بھرمار کر رہی ہی!

"کس شہر سے آرہے ہو"؟ "کتنے آدمی ہو"؟ "کس رباط مین ٹھہروگے"؟ اس قسم کے سوالات کے مسلسل جوابات دیتے ہوئے، ٹھیک دوپہر کے وقت کہ ہندوستان کے حساب سے بارہ بجے تھے، اور عربی گھڑیون مین چھ بجے کا وقت تھا، فصیل شہر کے اندر داخل ہوئے، اور موٹر ریلوے اسٹیشن کے سامنے والے میدان مین اپنے اڈے پر پہونچکر رُک گئے، یہ اسٹیشن وہی ہے، جو مشہور حجاز ریلوے کے سلسلہ مین، ترکون کے زمانہ مین تعمیر ہوا تھا، عمارت نہایت وسیع اور عالیشان ہے، شام سے اُس زمانہ مین ریلون کی آمد و رفت شروع بھی ہوگئی تھی، ریل کی پٹریان اب تک بچھی ہوئی ہین، اور انجن اور گاڑیان ابتک کھڑی ہوئی ہین، یہ ریل اُس پیمانہ کی تھی، جسے ہندوستان مین "چھوٹی لین" کہتے ہین، بسم اللہ ماشاء اللہ ولا قوۃ الا باللہ رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی مخرج صدق و اجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا اللّٰھم ھذا احرم رسولک فاجعل لی وقایۃ من النار و امانا من العذاب سوء الحساب اللّٰھم افتح لی ابواب رحمتک و ارزقنی من زیارۃ رسولک صلی اللہ علیہ وسلم ما رزقت اولیائک و اھل طاعتک و اخلصنی من النار و اغفر لی و ارحمنی یا خیر مسئول! اسٹیشن مسجد نبوی سے کوئی میل بھر کے فاصلہ پر ہوگا، یہین ترکون کی بنائی ہوئی ایک مسجد بھی ہے، جسکی سمت قبلہ کہا جاتا ہی، کہ بہت غلط واقع ہوئی ہی، اور اس لئے جماعت مین صفین ترچھی کھڑی ہوتی ہین، سامان اٹھانے کے لئے مزدور بکثرت مل جاتے ہین،

ضعیفون عورتون، بچون، اور ناتوانون کے لئے، حیدرآبادی جھٹکے کی قسم کی سواریان بھی ملجاتی ہین، جنھین یہان کی زبان مین اعرابیان کہتے ہین، مزدور ہون یا سواریان سب کی اجرتین پہلے سے چکاکر طے کرلینا ضروری ہی، ورنہ بعد کو خواہ مخواہ بدمزگی واقع ہوتی ہے، اور جو مقام شکستگی وافتقار کا ہے، وہان خواہ مخواہ زبان بدزبانی پر کھلتی ہی،

مکہ کے معلّمون کی طرح، مدینہ مین بھی ایک پیشہ ور جماعت موجود ہے، جسکا کام زائرون کے قیام کا بندوبست کرنا، اور انھین آدابِ زیارت تلقین کرنا ہی، یہ لوگ مزوّر کہلاتے ہین، ہندوستان کا ایک ایک شہر ہر ہر مزوّر کے حصہ مین تقسیم ہی، اسی لئے شہر مین داخل ہونے سے پہلے ہی یہ سوال کرلیا جاتا ہی، کہ "کس شہر سے آتے ہو" خود مزوّرین تو بہت کم آتے ہین، البتہ اُن کے کارندے اور ملازمین لازمی طور پر ہر قافلہ کو ملتے ہین، اور جو قافلہ جس شہر کا ہوتا ہی، اس کے قیام کا ذمہ دار اُس شہر کا مزوّر ہوجاتا ہی، زائرون اور مسافرون کے لئے عام طریقہ یہی ہی، ان کے علاوہ، ہندوستان کے بعض صاحب خیر رئیسون کی طرف سے رباطین بھی قایم ہین مثلاً رباط ٹونک، رباط بھوپال، رباط حیدرآباد، رباط ٹونک تک پہونچنا نہین ہوا لیکن اسکی تعریف سننے مین آئی، رباط بھوپال، حرم سے نصف فرلانگ کے فاصلہ پر ہے، اور عمارت گو بہت زیادہ وسیع نہین، تاہم اچھی حالت مین ہی، اور تھوڑے سے آدمی اسمین پوری آسایش کے ساتھ رہ سکتے ہین، حیدرآباد کی طرف سے کم سے کم دو عمارتین ہین، ایک رباط حسین بی کہلاتی ہی، اور دوسری کو مکان حسین بی

Marfat.com

کہتے ہین، اور شاید ان کے علاوہ بھی کوئی عمارت ہی، حسین بی کا مکان گو مختصر ہی لیکن اچھی حالت مین ہے، حسین بی کی رباط گو بہت وسیع اور چومنزلی عمارت ہی، لیکن بہت بوسیدہ اور مرمت طلب حالت مین ہی، ان حیدرآبادی عمارتون کے مہتمم شیخ جعفر داغستانی، ایک معقول وخوش اخلاق شخص ہین، جو مزوری بھی کرتے ہین، ہم سب لوگون کے ٹھہرنے کا انتظام، ریاست حیدرآباد کی طرف سے انھین سرکاری عمارتون مین ہوگیا تھا، اور ان داغستانی صاحب کے نام متعارف نامہ بھی اختر یار جنگ بہادر معتمد امور مذہبی مملکت آصفیہ نے دیدیا تھا،

بزرگون نے افضل اور مستحب اسکو بتایا ہے، کہ مدینہ طیبہ پہونچتے ہی سب سے پہلے ہی روضۂ اقدس پر حاضری دیجائے لیکن ایسے نصیب صرف خوش نصیبون ہی کے ہوسکتے ہین، یہان اکیس ۲۱ آدمیون کا قافلہ ہمراہ تھا، جس مین اچھی خاصی تعداد بوڑھے مردون اور بوڑھی عورتون کی تھی، سب سے پہلی فکر قدرۃً ان کے ٹھہرانے اور سامان کے ٹھکانے لگانے کی ہوئی، موٹر سے اتر کر سامنے والی مسجد مین چار چار رکعتین نفل کی پڑھین، اور سامان اعزامیون پر لاد کر ہم لوگ پاپیادہ روانہ ہوئے، مقام کی اجنبیت زبان کی اجنبیت، راستہ کی ناواقفیت بہرحال کچھ دیکے بعد پتہ لگاتے لگاتے مکان حسین بی تک پہونچے، داغستانی صاحب معلوم ہوا کہ نماز ظہر پڑھنے حرم گئے ہوئے ہین، اور ابھی واپس نہین ہوئے ہین، وہ خدا معلوم کتنی دیر مین واپس ہون؟ عورتون کو اتنی دیر کہان بٹھایا جائے؟ خود اتنی دیر تک، عرب کی اس تیز و شدید دھوپ مین ٹھیک دوپہر کے وقت کہان بیٹھکر انتظار کیا جائے؟ یہی سوالات پیش نظر تھے کہ مکان کے کوٹھے

سے ایک صاحب نے میرا نام لیکر پکارا، حیرت ہوئی، کہ یہان یہ کون شناسا نکل آئے، اتنے مین وہ صاحب اتر کر نیچے آئے، تو معلوم ہوا، کہ منشی امیر احمد صاحب علوی کاکوروی (ڈپٹی مجسٹریٹ و ڈسٹرکٹ جج پنچ چھاؤنی) ہین جو کئی ماہ قبل سے یہان مقیم ہین! اسوقت انکا ملنا نعمتِ غیر مترقبہ تھا، خود مہمان تھے، مگر ہمارے میزبان بن گئے، منشی صاحب اردو کے ایک ممتاز ادیب اور اہلِ قلم ہین، اور متعدد ادبی کتابون کے مصنف، لیکن یہ کم لوگون کو معلوم ہوگا کہ محض "اہلِ قلم" نہین "اہلِ دل" بھی ہین، تھوڑی دیر مین صوبہ بہار کے ایک ہومیوپیتھک ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب سے بھی ملاقات ہوگئی، جو ریاست حیدرآباد کی طرف سے دو سال سے خدمتِ حجاج کیلئے حجاز آرہے ہین، انکی وسعتِ اخلاق نے ثابت کردیا کہ مسافر نوازی مین صوبۂ بہار کا قدم، صوبۂ اودھ سے کچھ پیچھے نہین، اتنے مین دلفگانی بھی آگئے، مولوی لطف اللہ صاحب مونگیری کا پانچ آدمیون کا قافلہ اسی مکان مین رہگیا، اور ہم سولہ آدمی رباط حسین بی مین منتقل ہوگئے،

اس سارے اہتمام و انتظام مین ظہر کا وقت تو جاہی چکا تھا، عصر کا بھی اول وقت چلا گیا، اور یہ دونون نمازین بجائے حرم شریف مین پڑھنے کے گھر ہی مین پڑھین، اب ڈر ہوا، کہ کہین خدانخواستہ مغرب کا وقت بھی نہ چلا جائے، جلدی جلدی حجامت بنوائی، غسل کیا، کپڑے بدلے، اور حرم شریف کی حاضری کی فکر ہوئی، جسم ان تیاریون مین مصروف، لیکن دل کس حالت مین؟ آدابِ زیارت کے جتنے رسالے نظر سے گذرے، یہ سب مین لکھا ہوا ملا کہ غسل کرے، خوشبو لگائے، کپڑے نئے پہنے، لیکن یہ کوئی نہین بتاتا، کہ دل کو کیونکر قابو مین کیا جائے؟ اس وقت اپنے دل کا کیا حال ہورہا ہے

خوش ہو رہا ہی؟ مغموم ہی؟ حیرت طاری ہی؟ ہیبت سے دھڑک رہا ہی؟ شوق سے اچھل رہا ہی؟ آخر کیا ہی؟ ——— کون بتلائے؟ اور بتلانے کے لئے الفاظ کہان سے لائے؟ زبان، گوشت اور پوست کی بنی ہوئی زبان، زبان گفتگو کی ترجمانی کر سکتی ہی لیکن دل کی ترجمانی کیلئے تو دل ہی کی زبان چاہئے کاغذ کے نقوش اور سیاہی کے حروف مین خدارا کیونکر منتقل کیا جائے، ع

کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائین کیا؟

Marfat.com

باب ۱۰

آستانۂ نبوت

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا، یہ کسی فقیہ کا اجتہاد نہین جس پہ ردّ و قدح کی گنجایش ہو، کسی بزرگ کا کشف نہین جسمین غلطی اور دھوکے کا احتمال ہو، کوئی روایتِ حدیث نہین، جس کے اسناد مین گفتگو ہو سکے، خدائے پاک کے کلام کی ایک آیت ہے، ارشاد ہوتا ہے، کہ "ان لوگون نے جس وقت اپنے اوپر ظلم کئے تھے اے پیغمبر اگر تمہارے پاس آگئے ہوتے، اور اللہ سے اپنے قصور کی معافی چاہتے، اور رسولؐ بھی اُنکے حق مین معافی چاہتے، تو پاتے اللہ کو معاف کرنے والا مہربان" گویا گناہگارون اور تباہ کارون کو یہ حکم ملا ہے، کہ اپنے پروردگار سے معافی طلب کرین، لیکن تنہا اپنے گھرون پر بیٹھے ہوئے نہین، بلکہ رسولؐ کی خدمت مین حاضر ہو کر، اور اُن سے بھی اپنے حق مین دعا کرا کر، ظاہر ہے کہ حکم کا براہ راست تعلق کسی ایسے گروہ سے ہے، جو حضور انورؐ کے زمانہ مین موجود تھا، خوش نصیب تھے وہ افراد جنھین اس حکم پر عمل کی توفیق نصیب ہوئی، جو رسولؐ کی خدمت مین حاضر ہوئے، جنھون نے اللہ سے گڑگڑا گڑگڑا کر معافی مانگی، اور رسولؐ نے جن کے حق مین سفارش فرمائی، لیکن آج اس چودھوین صدی مین امت کا کوئی فاسق

فاجر، بدعمل و نامہ سیاہ، اگر حکم "جاؤک" کی تعمیل کرنا چاہے، تو کیا اس کے لئے، اِس سعادت و ہدایت کا دروازہ، خدانخواستہ، قیامت تک کے لئے بالکل بند ہو چکا ہی؟ اور اسکی قسمت مین بجز محرومی و مایوسی کے اور کچھ نہین؟

موسمِ گل جب چمن سے رخصت ہو چکتا ہے، اور کوئی بوے گل کا متوالا آنکلتا ہی، تو عرق گلاب کے شیشون اور قرابون کو غنیمت سمجھتا ہی، پھر اگر آج کوئی بوے حبیبؐ کا متوالا، حکم "جاؤک" کی تعمیل مین، اپنے کو ہزارون میل کے فاصلہ سے دیارِ حبیبؐ تک پہونچاتا ہے اور اپنے مظالمِ نفس کی تلافی و عذر خواہی کے لئے اپنے ایمان اور اپنی بیعت کی تجدید کیلئے اپنی تباہ کاریون پر پشیمانی و اشک افشانی کے لئے، حبیبؐ تک نہ سہی، آستانِ حبیبؐ تک گرتا پڑتا جا پہونچتا ہی، تو کیا اُس پر "بدعت" و "شرک" کا فتویٰ لگایا جائیگا؟ جہان اللہ کے اس سب سے بڑے پرستار نے نمازون پر نمازین پڑھین، اور آخری نمازین پڑھین، جہان عبد و معبود کے راز و نیاز، حیات ناسوتی کی آخری سانس تک جاری رہے، جہان ہیبت و خشیت سے لرزتے ہوئے گھٹنے خدا معلوم کتنی بار رکوع مین جھکے، جہان ذوق و شوق سے دمکتی ہوئی پیشانی بارہا سجدہ مین گری، جہان امت کے گنہگارون اور سیہ کارون کے حق مین درد بھری دعاؤن کے لئے ہاتھ اٹھے اور لب ہلے، جہان ٹوٹی ہوئی آس والون کی بیشمار مرتبہ تشفی کرائی گئی، جہان آج وہ جسدِ اطہر آرام فرما ہے، جس کے طفیل مین عرش بھی وجود مین آیا، اور کرسی بھی، کوثر بھی اور سلسبیل بھی۔

اس عظمت و جلالت والی، اس برکت اور نورانیت والی زمین پر، مقدس مکین کے مقدس مکان پر بھی جبینِ نیاز کو خم کرنا، اگر "شرک" ہے "بدعت" ہے، تو خدا معلوم کسی

Marfat.com

مقام اور کسی مکان پر بھی حاضر ہونا کسی آئین "توحید" و "سنت" کے مطابق ہو سکتا ہی؟

حافظ ابن کثیر دمشقیؒ، تیرہوین اور چودھوین صدی کے "مبتدع" نہ تھے، ساتوین اور آٹھوین صدی کے محدث تھے، اپنی تفسیر مین (اُس تفسیر مین جو اکیبار ہندوستان کے مشہور "موحد"، نواب صدیق حسن خان مرحوم کی تفسیر کے ساتھ شائع ہوئی تھی، اور اب نجد و حجاز کے مشہور "موحد" سردار سلطان ابن سعود کے حکم سے شایع ہوئی ہی) عتبیؒ کی زبانی نقل فرماتے ہین، کہ مین رسولؐ کی تربت مبارک کے قریب بیٹھا ہوا تھا کہ ایک اعرابی آیا، اور عرض کی "یا رسول اللہ صلعم! مین نے سنا ہی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاؤک فاستغفر واللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما، پس مین آپ کے پاس حاضر ہوا ہون، اپنے گناہون پر مغفرت طلب کرتا ہوا اور اپنے پروردگار کے حضور مین آپ سے شفاعت کی درخواست کرتا ہوا"، اس کے بعد مغفرت مین دو شعر پڑھے، عتبیؒ کہتے ہین، کہ اس کے بعد اعرابی تو وہان سے ہٹ گیا، اور مجھے نیند آگئی، خواب مین مجھے، رسول اللہ صلعم کی زیارت ہوئی، اور آپؐ نے مجھ سے فرمایا، کہ اُس اعرابی سے جا کر مل، اور اسے بشارت پہونچا دے کہ اللہ نے اسکی مغفرت کر دی، (جلد ۲ ص ۵۰۱ مطبوعہ المنار مصر، سنہ ۱۳۴۳ھ) اور اسی سے ملتی جلتی ایک دوسری روایت ابوحیان اندلسی نے بھی اپنی تفسیر بحر المحیط مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حوالہ سے نقل کی ہی، (جلد ۳ ص ۲۸۳ مطبوعہ مصر، سنہ ۱۳۲۸ھ) یہ روایات اپنے تمام جزئیات و تفصیلات مین صحیح ہون یا نہ ہون، لیکن اتنا تو بہرحال نکلتا ہی کہ یہ "خوش عقیدگی" کوئی آج کی بدعت نہین، بلکہ صدیون پیشتر کے "موحدین" بھی اس مرض مین مبتلا

رہ چکے ہین!

اس کے بعد اب اس بحث مین کیون الجھئے کہ نیت روضہ اقدس کی زیارت کی رکھنی چاہیئے، یا مسجد نبوی کی؟ انسان کی جدال پسند فطرت ہر سیدھی بات کو ٹیڑھی بنا دیتی ہے صاف اور سیدھی بات یہ ہے کہ مقصود خود حضور انور کی زیارت ہونی چاہیئے، ظاہر ہے کہ اب مادی آنکھون سے اس کا امکان نہین، اس لئے مکان کے جس حصہ کو مکین سے جس قدر زیادہ تعلق، جس قدر زیادہ نسبت، جس عدر زیادہ قرب ہوگا، اسی قدر اس کی زیارت اہم تر و محبوب تر ہوگی، حجرۂ عائشہ صدیقہ رضہ ہو یا مصلے و منبر، جس شے کو بھی امتیاز و افتخار حاصل ہوا، اسی بنا پر حاصل ہوا، کہ حضورؐ کی ذات سے اس کا تعلق تھا، اس مین نہ کسی کو نزاع ہے اور نہ کوئی وجہ نزاع ہے، اس کے آگے جو کچھ اختلاف ہی، وہ کسی اصول یا عقیدہ کا اختلاف نہین، اپنے اپنے ذوق طبعی کا اختلاف ہی بعض کی نظرین کے اُن ٹکڑون کی عظمت و تقدیس پر گئی، جو سید الانبیاء صلعم کے رکوع و سجود کیلئے مخصوص تھے، اور اس لئے اُنھون نے نیت زیارت مین مسجد نبویؐ کے احترام کو سب پر مقدم و بالا رکھا، اور بعض نے یہ خیال کیا، کہ وہ شہیدون اور صدیقون کا سردارؐ جب اپنی حیات طیبہ کے ساتھ اس وقت بھی زندہ و قایم ہے، تو قدرۃً سب سے زیادہ شرف و احترام مٹی کی اس لحد کو حاصل ہے، جس کے اندر جسد اطہر آرام فرما ہے، اور اس لئے سفر کا اعلیٰ مقصود اُس تربت پاک ہی کی زیارت رہے تو بہتر ہے، اور فقہاء حنفیہ نے غایت انصاف و اصابت رائے کے ساتھ یہ فیصلہ فرما دیا ہی، کہ زیارت تربت مبارک کے ساتھ ہی ساتھ زیارت مسجد نبویؐ کی نیت کو بھی جمع کر لیا جائے،

Marfat.com

وزیارۃ قبر الشریف مندوبۃ بل قبر شریف کی زیارت مستحب، بلکہ بہ قول بعض علمأ
قیل واجبۃ لمن سعۃ ..... کے واجب ہی، جسکو استطاعت ہو.....
..... ولیترمعہ زیارۃ مسجدہ اور قبر شریف کی زیارت کے ساتھ چاہئے کہ
الشریف (درمختار) فاذی نوی زیارۃ مسجد شریف کی زیارت کی بھی نیت کرے،
القبر فلیزمعہ زیارۃ مسجد رسول اللہ
صلعم (عالمگیری)

مسجد نبوی ؐ اور روضۂ مبارک الگ الگ عمارتون کے نام نہین، اور ایک دوسرے سے جدا نہین، مسجد کی عمارت بہت وسیع، شاندار، اور اس سے بھی کہین بڑھکر حسین وجمیل ہی، اُس سے بڑی بعض مسجدین ہندوستان کے اندر موجود ہین، اور دوسرے ملکون مین بھی یقیناً ہونگی، لیکن حسن وجمال کے لحاظ سے، خوبی ومحبوبی کے لحاظ سے، زیبائی ودلکشی کے لحاظ سے پردۂ زمین پر اس مسجد کا جواب نہین بس یہ جی چاہتا تھا کہ ہروقت صحن مین بیٹھے ہوئے، عمارتِ مسجد کی طرف برابر ٹکٹکی لگی رہے، اللہ اللہ! کس محبوب کی مسجد ہے! کیسے کیسے محبوبون نے یہان ماتھے ٹیکے ہین! اینٹ اور پتھر، مٹی اور چونہ تک پر محبوبیت چھا کر رہی ہی! مسجد کی پیمائش کا دماغ کس کو، اور طول عرض کے جائزہ لینے کا ہوش کسے، لیکن بعض کتابون مین پڑھا ہی، کہ موجودہ مسجد کا طول ۶۰۰ فٹ اور عرض ۴۸۰ فٹ ہی، قبلہ جنوب کے رخ پر ہے، آگے پیچھے دس گیارہ دالان بنے ہوئے، بہترین نقش ونگار سے آراستہ ہین، وزیبائش مین ایک سے ایک بڑھے ہوئے، اس کے بعد وسیع صحن، صحن کے داہنے

اور بائین دونون جانب صحن ہی کے برابر لانبے لانبے دالان، بائین جانب والے دالان مین عورتون کیلئے جگہ مخصوص، کلام پاک کی آیات، بعض احادیث کے ٹکڑے، اسمائے الٰہی، اسمائے رسولؐ، اسمائے صحابۂ کبار، سب موقع موقع سے در و دیوار پر کندہ، بڑی محراب، محراب عثمانی کے نام سے موسوم حضرت خلیفہ ثالثؓ کی تعمیر کرائی ہوئی منبر ٹھیک اسی جگہ پر رکھا ہوا، جہان عہد نبوتؐ مین تھا، اسی منبر اور روضۂ مبارک (حجرۂ عائشہ صدیقہؓ) کا درمیانی حصہ "روضۂ جنت" کے نام سے، حدیث صحیح کی بنا پر موسوم، اتنے رقبہ مین کوئی ڈھائی تین سو نمازیون کی جگہ ہوگی، اسی حصہ مین محراب النبی، اور مصلّٰے نبیؐ، یعنی وہ مقام جہان سرکارؐ خود کھڑے ہوکر امامت فرمایا کرتے تھے، اصل مصلّٰے ایک دیوار سے چھپا دیا گیا ہی، صرف اتنا حصہ کھلا ہوا ہے، جہان حضور صلعم کے قدم مبارک ہوتے تھے، اس طرح اب جو قسمت کا دھنی وہان کھڑے ہوکر نماز پڑھتا ہے، اُس کا سر قدرۃً و اضطراراً حضور صلعم کے آثار قدم پر جاکر پڑتا ہے! اللہ اکبر! کیا شانِ جمال، کیا وسعتِ کرم ہے! خدا جانے کتنون کی نجات اسی بہانہ سے ہوجاتی ہی!

عہدِ نبوت مین یہ تکلفات اور یہ وسعت کہان تھی، مختصر سی زمین اور انتہائی سادگی، توسیع فاتح روم و ایران حضرت عمرؓ کے زمانہ مین ہوئی، پھر خاص خاص ترمیمات حضرت عثمانؓ غنی اور خلیفہ ولید نے کرائین، موجودہ عمارت کی زینت و خوشنمائی کا سہرا سلطان عبدالمجید خان مرحوم و مغفور کے سر ہے، اللہ ان سب خدام حرم نبویؐ کو پورا اجر عطا فرمائے، اس وقت مسجد مین پانچ دروازے

ہین، دو جانب مغرب، باب السلام اور باب الرحمۃ، ایک جانب شمال باب مجیدی سلطان عبدالمجید خان کا تعمیر کرایا ہوا، اور دو جانب مشرق، باب النساء اور باب جبرئیل، صحن مین شرقی دالان سے ملا ہوا بستان فاطمہ تھا، کھجور کے چند شاداب درخت لگے ہوئے تھے، اور اُن کے سایہ مین ایک کنوان تھا، جسکا پانی شیرینی ولطافت مین مشہور تھا، نجدی حکومت نے وہ درخت کٹوا کر صاف کر دیئے ہین، اور کنوئین کو بند کرکے اس مین قفل ڈالدیا ہی، مسجد مین خدام پہلے سیکڑون تھے، اب بہت گھٹ گئے ہین، خواجہ سراؤن، (آغاؤن) کی جماعت پہلے بہت ذی اختیار تھی، اب یہ لوگ بھی تعداد مین بہت کم رہ گئے ہین، اور ان کے اختیارات بھی بہت محدود ہو گئے ہین، انکے بیٹھنے کا ایک وسیع چبوترہ باب جبرئیل اور باب النساء کے درمیان بنا ہوا، کہا جاتا ہی، کہ اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا بھی یہی چبوترہ تھا، مسجد کے ستونون پر عہد نبوی کی مسجد کے حدود درج،

اسی مسجد کے، گوشۂ جنوب و مشرق مین دالانون کے اندر، وہ سبز گنبد والا روضۂ اقدس ہی، جس کی زمین بہ قول محدث جلیل، قاضی عیاض مالکی کے بلا نزاع، واختلاف سارے روے زمین سے بڑھکر ہے (ولا خلاف ان موضع قبرہ صلعم افضل بقاع الارض) اور بہ قول ہمارے فقہاء کے زمین، آسمان، کعبہ، عرش، کرسی، سب سے افضل ہی، فما اشتمل اعضاء الشریفہ فھو افضل بقاع الارض بالاجماع حتی من الکعبۃ و من العرش (لباب المناسک) فانہ افضل من الکل حتی من الکعبۃ و العرش و الکرسی (درمختار) جس حصۂ زمین کی بابت تحقیق

محدثین اور خشک فقہا یہان تک فرما جائین، اس کے لئے جذبات کی زبان، الفاظ کہان سے ڈھونڈ کر لائے؟ اور کسی نے خود جو کچھ دیکھا ہی، وہ اسے دوسرون کو کیونکر دکھائے؟ شاعر کی تخئیل نے بڑی بلند پروازی کی، تو یہ کہا کہ ؎

انبساطِ عید دیدن روے تو
عید گاہِ ما غریبان کوے تو

لیکن جس کی دیدِ رخ کو "انبساطِ عید" سے کوئی نسبت ہی نہ ہو، اور جس کی گلی پر ہزارون عید گاہین قربان ہون، اُس کے بیان کرنے کے لئے دنیا کی کس زبان سے الفاظ تلاش کرکے لائے جائین، اور کس اہلِ زبان کی زبان سے امداد و اعانت کی التجا کی جائے؟

ہر کجا یوسف رخے باشد چو ماہ — جنت ست آن گرچہ باشد قعرِ چاہ
ہر کجا دلبر بود خرم نشین — فوق گردون ست نے قعرِ زمین
خوشتر از ہر دو جہان آنجا بود — کہ مرا با تو سر و سودا بود،

یہ تو سب کو معلوم ہی، کہ حضور صلعم نے بی بی عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ مین عالم ناسوت سے سفرِ آخرت اختیار فرمایا تھا، اور جسد اطہر یہین سپردِ لحد کیا گیا، پہلو مین، ادب کے ساتھ ذرا پائین کی طرف ہٹے ہوئے، صدیق رضؓ و فاروق رضؓ دونون وزیر بھی یہین آرام فرما ہین، حجرۂ صدیقہؓ مین اس کے بعد سے بار بار تبدیلیان ہوتی رہین، یہان تک کہ اب روضۂ مبارک کوئی ۳۰، ۳۵ فٹ لانبی اور اس سے کچھ کم چوڑی عمارت ہو گی، خانۂ کعبہ سے ممتاز رکھنے کے لئے اسے بالقصد، بجائے مربع کے مستطیل

رکھا گیا ہے، سب سے پہلے چارون طرف لوہے اور پیتل کی جالی یا جنگلے کی دیوارین ہین، ان جالیون کی دیوارون مین جنوب، مشرق، اور شمال کے رُخ پر دروازے بھی ہین، مگر عام لوگون کے لئے ہمیشہ بند ہی رہتے ہین، خاص خاص موقعون پر خدام وغیرہ کے لئے کوئی دروازہ کھلتا ہی، جالیون کے اندر سیسہ بھری ہوئی گہری بنیاد دن کے اوپر ایک مضبوط پختہ چار دیواری ہی جو حجرہ صدیقہؓ کو پوری طرح گھیرے ہوئے ہی، اور جسمین کوئی دروازہ نہین، اس عمارت پر غلاف پڑا ہوا ہی، اور گنبد خضرا اسی عمارت کے اوپر ہی، اس کے اندر اصل حجرۂ صدیقہؓ ہی، جو عہد نبوی مین خام تھا، بعد کو پختہ کر دیا گیا، یہ بھی ہر طرف سے بند ہی، جالیون والی چار دیواری کے اوپر کے حصہ مین بھی خوشنما سبز غلاف ترکون کے زمانہ کا ابتک پڑا ہوا ہی، مدینہ سے کعبہ سمت جنوب مین ہی، اس لئے روضۂ اطہر کا، جسے صدر دروازہ سمجھا جاتا ہی، وہ جنوب رخ ہی، اور یہی مواجہہ شریف کہلاتا ہی، اسی عمارت کے اندر، حجرہ صدیقہؓ سے ملا ہوا ایک اور حجرہ بھی ہی، جس کے اندر ایک مزار سا بنا معلوم ہوتا ہی، کہا جاتا ہی کہ حضرت فاطمہ زہراؓ نے یہین وفات پائی ہی، اور مزار کی بابت ایک روایت یہ ہی، کہ انھین سیدۂ خاتون جنت کا ہی، اور بعض روایات یون مشہور ہین، کہ یہ کوئی دوسری بی بی حضرت زہراؓ کی ہمنام تھین، ——— مدینہ پہونچتے ہی تڑپ تھی تو یہ، بے قراری تھی تو اس کی کہ جسقدر جلد بھی ممکن ہو، اس آستانِ پاک تک پہونچے، لیکن اس ذوق و شوق، اس طلب و تمنا کے باوجود، یہ کیا ہی کہ ہمت کے قدم ڈگمگائے جا رہے ہین، اور ارادہ ہی کہ جم جم کر ٹوٹتا ہی اور ٹوٹ ٹوٹ کر جمتا ہی! الٰہی یہ آخر کیا اسرار ہی!

باب (۱۱)

گنبدِ خضرا

طور کی چوٹیان، جس وقت کسی کی تجلیاتِ جمالی کی جلوہ گاہ بننے لگین، تو پاکون کے پاک اور دلیرون کے دلیر، موسیٰ کلیمؑ تک تاب نہ لاسکے، اور اللہ کی کتاب گواہ ہی کہ کچھ دیر کے لئے ہوش وحواس رخصت ہوگئے، معراج کی شب، جب کسی کا جمال بے نقاب ہونے لگا، تو روایات مین آتا ہی، کہ اس وقت وہ عبدِ کامل، جو فرشتون سے بھی بڑھکر مضبوط دل اور قوی ارادہ کا پیدا کیا گیا تھا، اپنی تنہائی کو محسوس کرنے لگا، اور ضرورت ہوئی کہ "رفیقِ غار" (رضی اللہ عنہ) کا تمثل سامنے لاکر، آب و گل کے بنے ہوئے پیکرِ نورؐ کی تسلی کا سامان کیا جائے ——— یہ سرگذشت انکی تھی، جو قدوسیون سے بڑھکر پاک، اور نورانیون سے بڑھکر لطیف تھے، پھر وہ مشتِ خاک جو ہمہ کثافت اور ہمہ غلاظت ہو، جسکا ظاہر بھی گندہ اور باطن بھی گندہ، اگر وہ رسول (صلعم) کی مسجدِ اقدس مین قدم رکھتے ہچکچا رہا ہو، اگر اسکا قدم رسول کے روضۂ انور کی طرف بڑھتے ہوئے لڑکھڑا رہا ہو، اگر اسکی ہمت رحمت وجمال کی سب سے بڑی تجلی گاہ مین قدم رکھنے سے جواب دے رہی ہو، اگر اسکا دل اس وقت اپنی بیچارگی و درماندگی کے احساس سے پانی پانی ہوا جارہا ہو، تو اس پر حیرت

کیون کیجیے، خلاف توقع کیون سمجھیے، اور خدا کے لئے، اس ناکارہ و آوارہ، بیچارہ و درماندہ کے اس حال زار کی ہنسی کیون اڑائیے؟

مغرب کی اذان مین چند منٹ باقی تھی کہ قسمت کی یاوری نے باب النساء کے متصل ایک ہندی بزرگ مولانا سید احمد صاحب فیض آبادی مدظلہ کی خدمت مین پہنچایا، موصوف حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدظلہ (جانشین حضرت شیخ الہند علیہ الرحمہ) کے حقیقی بھائی ہین، (قلم ہچکچا رہا ہی کہ اگر انکو "بڑا" لکھے، تو انھین "چھوٹا" کیونکر کہے!) ۲۵، ۳۰ سال سے اپنے شہر کو ترک کئے ہوئے دیار رسول (صلعم) مین حاضر ہین، اور وطن کے ساتھ ہی یاد وطن کو بھی ترک کر چکے ہین، مولانا گنگوہی سے بیعت و اجازت ہی، اور مرشدون کے مرشد حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کے چشمۂ فیض سے سیراب، صبح سے لیکر رات تک ہر وقت خدمت خلق مین مشغول، ایثار و استغنا، بے نفسی و خود فراموشی، تواضع و فروتنی کا ایک کامل نمونہ ہندوستان مین دیکھا تھا، اور دوسرا نمونہ اللہ نے اس مقدس سرزمین پر پہونچتے ہی دکھا دیا جلدی جلدی تعارف ہوا، اور فوراً اذان کی آواز فضا مین گونجنے لگی، ایک مصرعہ ذہن مین پڑا ہوا تھا، ع

مومن چلا ہے کعبہ کو اک پارسا کیساتھ!

حکیم مومن خان تو شاعری کی دنیا مین چلے تھے، یہان چلنا خیالی دنیا مین نہین، عملی دنیا مین تھا، اور حاضری "بیت خلیل" مین نہین "بیت حبیب" مین دینی تھی، اس گھڑی ایک "پارسا" کی دستگیری و رہنمائی غنیمت نہین نعمت تھی، دھکو ہوا دل کچھ تھما، اور ڈگمگاتے ہوئے پیر کسی قدر سنبھلے، اِدھر اذان کی آواز ختم

Marfat.com

ہوئی اُدھر قدم دروازہ سے باہر نکالے، مکان سے حرم کے داخلہ کا دروازہ باب جبرئیل اگرچند فٹ نہین، توچند گز پر ہی، اتنا فاصلہ بھی خدا معلوم کے منٹ مین طے ہوا، اس وقت نہ وقت کا احساس نہ فاصلہ کا ادراک، نہ "زمان" کی خبر نہ "مکان" کی!

کہتے ہین کہ داخلہ باب جبرئیل ہی سے افضل ہی، یہ افضلیت بلا قصد خود بخود حاصل ہوگئی، حرم کے اندر قدم رکھتے ہوئے، یہ دعا پڑھی جاتی ہی، اللھم افتح لی ابواب رحمتک وفضلک واسترقنی من زیارۃ بیتک ورسولک صلی اللہ علیہ وسلم کما وفقتہ اولیاءک واغفر لی وارحمنی یا ارحم الراحمین، لیکن پہلی مرتبہ قدم رکھتے وقت ہوش وحواس ہی کب درست تھے، جو یہ دعا یا کوئی اور خاص دعا، قصد وارادہ کرکے پڑھی جاتی، ایک ربودگی، بیخبری، اور نیم بے ہوشی کی حالت مین معمولی درود شریف کے الفاظ تو محض حفظ کی بنا پر، بلا قصد وارادہ زبان سے ادا ہوتے رہے، باقی بس، ہوش آیا، تو دیکھا کہ نماز کو شروع ہوئے، دو چار منٹ ہوچکے ہین، اور امام پہلی رکعت کی قرأت ختم کرکے رکوع مین جارہے ہین جھپٹ کر جماعت مین شرکت کی، اور جون توں کرکے نماز ختم کی، یہ پہلی نماز وہان ادا ہورہی ہے، جہان کی ایک ایک نماز، پانچ پانچ سو اور ہزار ہزار نمازون کے برابر ہے، اللہ اللہ! شانِ کریمی اور بندہ نوازی کے حوصلے دیکھنا! کس کو کیا کیا مزے عطا ہورہے ہین!

اس مرتبہ کو دیکھئے، اور ہمکو دیکھئے!

وقت، نماز مغرب کا تھا، اور مغرب کی نماز سورج ڈوبنے پر پڑھی جاتی ہی،

Marfat.com

لیکن جسکی نصیبہ وری کا آفتاب، عین اسی وقت "طلوع" ہو رہا ہی، جس کی سربلندیون اور سرافرازیون کی "فجر" عین اس وقت ہو رہی ہو، کیا وہ بھی اس وقت کو، مغرب ہی کا وقت کہتا اور سمجھتا رہے؟

لیجئے، نماز ختم ہو گئی، فرض ختم ہو گئے، سنتین ختم ہو گئین، اور روضۂ اطہر کے دروازہ پر ہر طرف سے صلوٰۃ وسلام کی آوازین آنے لگین، ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی یا ایھا الذین آمنو اصلوا علیہ وسلموا تسلیماً، جس پر اللہ خود درود بھیجے، اللہ کے فرشتے درود بھیجتے رہین، اس کے آستانہ پر بندون کے صلوٰۃ وسلام کی کیا کمی ہو سکتی ہے! الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یا سید المرسلین، الصلوٰۃ والسلام علیک یا رحمۃ للعالمین، السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ۔ (آج "غائب" کا صیغہ سرے سے غائب ہے، حضوری کے وقت بھی غیبت کے آداب ملحوظ رکھنا کیسی کھلی ہوئی بدتہذیبی ہی) واشھد انک عبدہٗ ورسولہ واشھد انک قد بلغت الرسالۃ وادیت الامانۃ ونصحت الامۃ وکشفت الغمۃ وجاھدت فی اللہ حق جھادہ، یا رسول اللہ انی اسالت الشفاعۃ واتوسل بک الی اللہ تعالیٰ! ہر طرف آوازین ہین تو یہی، ہر سمت صدائین ہین تو ایسی ہی، جسے دیکھئے مواجہہ شریف کی طرف کھنچا چلا آرہا ہی، اس وقت رُخ قبلہ کی جانب نہین، پتھر سے تعمیر کئے ہوئے کعبہ کی جانب نہین، بلکہ اس کے درِ اقدس کی جانب ہے، جو

دلون کا کعبہ اور روحون کا قبلہ ہی، اور جس کے ارد گرد خود پاکیزگی طواف کرتی رہتی، اور طہارت صدقہ ہوتی رہتی ہی! کسی کا نالہ، جگر گداز، کسی کے لب پر آہ و فریاد، ہر شخص اپنے اپنے حال مین گرفتار، ہر متنفس اپنے اپنے کیف مین سرشار، گنہگارون اور خطاکارون کی آج بن آئی ہے، آستانِ شفیع المذنبین تک رسائی ہی!

سجدون مین اور بڑھتی ہی رفعت جبین کی!

یہان بھی نہ مانگین گے تو کہان جائین گے، آج بھی نہ گڑگڑائین گے، تو کدھر سر ٹکرائین گے، ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاؤک الخ کا وعدہ پورا ہونے کیلئے ہے، محض لفظ ہی لفظ نہین ہین!

ادھر یہ سب کچھ ہو رہا ہی، رند و پارسا، فاسق و متقی سب ہی اس دھن مین لگے ہوئے ہین، اُدھر ایک ننگ امت، حیران و ششدر، فرطِ ہیبت و جلال سے گنگ و مضطر، حواس باختہ، چپ چاپ، سب سے الگ کھڑا ہوا ہی، نہ زبان پر کوئی دعا، نہ دل مین کوئی آرزو، سر سے پیر تک ایک عالمِ حیرت طاری! یا الٰہی! یہ خواب ہی یا بیداری! کہان ایک مشتِ خاک، کہان یہ عالمِ پاک ——— جل جلالہ، جہان ابوبکرؓ اور علیؓ حاضر ہوتے ہوئے، تھراتے ہون، جہان عمرؓ آواز سے بولتے ہوئے لرزتے ہون، جہان کی حضوری جبرئیل امین کے لئے فخر کا باعث اور شرف کا سبب ہو، آج وہان عبدالقادر دریابادی کا فرزند عبدالماجد اپنے گندہ دل اور گندہ تر قلب کے ساتھ، بے تکلف اور بلا جھجک کھڑا ہوا ہی! دماغ حیران، عقل دنگ، زبان گنگ، ناطقہ انگشت بدندان، نہ زبان یاوری کرتی ہی، نہ لب کسی عرض و معروض پر کھلتے ہین، نہ دعا ؤن

Marfat.com

کے الفاظ یاد پڑتے ہین، نہ ملا جامی کی کوئی نعت خیال مین آتی ہی! چلتے وقت تو دل مین کیا کیا ولولہ اور کیسے کیسے حوصلہ تھے! لیکن اس وقت سارے منصوبے یکقلم غلط، سارے حوصلے اور ولولے یک لخت غائب! لے دے کے جو کچھ یاد پڑ رہا ہی، وہ محض کلام مجید کی بعض سورتین، اور آیتین ہین، یا پھر یہی عام و معمولی درود شریف، اور زبان ہی، کہ بے سوچے سمجھے، بغیر غور و فکر کئے، انھین الفاظ کو رٹے ہوئے سبق کی طرح، اضطراراً دوہرائے چلی جا رہی ہی! ع

نظارہ زجنبیدنِ مژگان گلہ دارد!

جالیون کے تین طرف سعودی سپاہیون کا پہرہ رہتا ہی، چوتھی طرف یعنی شمالی سمت سے جالیون تک پہونچنے کا کوئی آسان راستہ نہین، مسجد نبویؐ کے دروازے آخر وقت تہجد سے لیکر بعد نماز عشا تک کھلے رہتے ہین، اس درمیان مین پہرے برابر رہتے ہین، جنوبی سمت مین، جدھر مواجہ شریف ہی، پہرہ کا اہتمام زیادہ رہتا ہی، چار سپاہی ہر وقت تعینات رہتے ہین، زیارت کی عام اجازت بھی صرف اسی رُخ سے ہے، مغربی جانب، بالین مبارک ہے، ادھر سے زیارت کی اجازت نہین (سنا ہی کہ کسی زمانہ مین شیعون کو زیارت کی اجازت اسی رُخ سے تھی) مشرقی جانب پائین مبارک ہے، اور بابِ جبرئیل سے داخل ہونے کے بعد مواجہ شریف تک پہونچنے کا راستہ اسی طرف سے ہے، ادھر سے بھی زیارت کی عام اجازت نہین، لیکن سپاہی بھی مختلف مزاجون اور طبیعتون کے ہوتے ہین، اکثر ایسے تند مزاج، متشدد اور شقی القلب، کہ دھکے دینے مین انھین باک نہین، بید مار بیٹھنے مین انھین تامل نہین، عورتون کو

پکڑ پکڑ کر گھسیٹنے اور ڈھکیلنے مین انھین دریغ نہین، کوئی کوئی اس کے برعکس، ایسے نرم دل اور روادار، کہ زائرون کو ہر طرح کی بے ضابطگی اور قانون شکنی کرتے دیکھتے اور کچھ نہ بولتے، بلکہ سر جھکا کر کلام مجید پڑھنے لگتے، بعض ایسے بھی دیکھنے مین آئے جو زائر کی معمولی داد و دہش کے بعد پتھر سے موم ہو جاتے! سپاہیون کے علاوہ، اور شاید اُن کی نگرانی کے لئے بھی، دو چار آدمی محکمۂ امر بالمعروف کے بھی بید یا چھڑی ہاتھ مین لئے ٹہلتے رہتے ہین، اور "شریعتِ حقۂ نجدیہ" کا نفاذ اس حرم محترم کے حدود کے اندر، زبان اور ہاتھ دونون سے پوری قوت کے ساتھ کرتے رہتے ہین!

مواجہہ شریف، مشتاقانِ زیارت سے خالی تو کسی وقت نہین ہوتا، البتہ پانچون نمازون کے بعد زیارت کے اوقات باضابطہ مقرر ہین، قدرۃً ان اوقات مین بڑی چپلقش ہوتی ہی، اور بعض اوقات اتنا ہجوم ہو جاتا ہی، کہ جو لوگ مسجد کے اندرونی درجون مین محراب عثمانی کے آس پاس سنن و نوافل مین کچھ دیر مشغول رہنا چاہتے ہین، ان کے لئے قطعًا کوئی موقع نہین باقی رہجاتا ہی، بلکہ بعض اوقات تو وہ پستے پستے بچ جاتے ہین! زیارت عمومًا مزوّرون کی پیشہ ور جماعت کراتی ہی، اور زیارت کا عام طریقہ یہ ہے، کہ مواجہہ مبارک کے سامنے ہر مزوّر اپنے اپنے گروہِ زائرین کو لا کھڑا کرتا ہی، اور باواز بلند صلوٰۃ و سلام پڑھتا جاتا ہی، اور زائرین اسی کے الفاظ کو دوہراتے جاتے ہین، یہانتک کہ مسجد ان آوازون سے گونج جاتی ہی، اور جن کو یہ واضح و قطعی حکم ملا تھا کہ لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی (نبیؐ کی آواز سے اپنی آواز کو بلند نہ کرو) وہ مواجہہ مین حاضر ہو کر اپنے حلق کی پوری طاقت و قوت کیساتھ بے تحاشا چیخنے

لگتے ہین، اور اُس کو اپنے نزدیک کمالِ عقیدت و منتہائے تعظیم سمجھتے ہین! ع

خرد کا نام جنون پڑ گیا، جنون کا خرد!

باہر کے آئے ہوئے زائرین بیچارے تو فی الجملہ ادب ملحوظ رکھ لیتے ہین، اور بہر حال ڈرتے ہی رہتے ہین، نڈر ہو کر غضب تو زیارت کرانے والے بزرگ کرتے ہین، جنکا پیشہ ہی زیارت کرانا ہی، اور جو مدتون سے اس پاک سرزمین مین آباد ہین! ان کے لئے نہ اس کی ضرورت، کہ اپنی آوازون کو پست اور نظرون کو نیچا رکھین، نہ اس کی حاجت کہ روضۂ اقدس کے عین پائین مین کھڑے ہو کر زائرون سے ہر قسم کی "معاملت" اور وہ بھی آدابِ شریعت کے ساتھ نہین، بلکہ لوازمِ "معاملت" کے ساتھ طے فرمانے سے محترز رہین، اور نہ ان کے علاوہ دوسرے آدابِ مسجد خصوصاً آدابِ مسجد نبوی کے لحاظ و احترام کی ضرورت! ان کے لئے یہ بالکل کافی ہی کہ یہ "جیرانِ رسول" ہین، اور "اضیافِ رسول صلعم" جو ہزارہا میل کے فاصلہ سے آئے ہوئے ہوتے ہین، اُن کے ساتھ اِنکا ہر سلوک جائز، اور ہر برتاؤ درست!

سرگروہِ عاشقان حضرت اویس قرنیؓ کی بابت بعض اکابرِ صوفیہ سے نقل ہے[1] کہ جب آپ زیارتِ مدینہ کو حاضر ہوئے، آستانِ حرم (باب جبرئیل) تک پہونچے ہی تھے، کہ کسی نے کہدیا کہ "دیکھئے وہ سامنے رسول اللہ صلعم کا مرقد ہی" یہ سننا تھا کہ غش کھا کر گر پڑے، اور جب ہوش آیا، تو کہا مجھے ابھی واپس لے چلو، جس شہر مین بجائے حبیبؐ کے تربتِ حبیبؐ موجود ہو وہان مین ایک لحہ بھی نہین ٹھہر سکتا،

---

[1] احیاء العلوم غزالی،

Marfat.com

اویس سے بڑھکر عاشق و شیدا اویس سے بڑھکر عشق محبت مین غرق، اویس سے بڑھکر مجنون و دیوانہ اور کون ہوا ہی؟ اس عشق کے ساتھ یہ لحاظ ادب، یہ کمال احترام، یہ پاس عظمت! پھر اگر آج حرم رسول (صلعم) مین، مسجد رسول (صلعم) مین روضۂ رسول (صلعم) مین کوئی شریعت رسول (صلعم) کی بکھیرتے ہوئے دیکھے حقوق رسول (صلعم) کو پامال ہوتے ہوئے پائے آداب رسول (صلعم) سے بیزاری پھیلی ہوئی پائے، تو عشق و محبت کے مدعیو! خدارا بتاؤ کہ کیا کیا جائے؟ خوشی خوشی گوارا کر لیا جائے؟ ٹوکنے کی قوت و استطاعت رکھتے ہوئے محض تقدیر الٰہی کے حوالہ کر دیا جائے؟ یا خوش عقیدگی کے معنی یہ فرض کر لئے جائین کہ سیاہ سفید ہی، اور سفید سیاہ؟ صحابہؓ نے، تابعین نے، مجتہدین فقہ نے، محدثین نے، اکابر صوفیہ نے، کسی نے خوش عقیدگی کے یہ معنی لیے ہین؟ رومؒ کا عارف کامل تو اپنی مثنوی مین یہ کہہ گیا، کہ جب "امر حق" مل جائے، تو "نقش حق" کو بھی توڑ ڈالو، اور "شیشۂ یار" کو "سنگ یار" سے چکنا چور کر کے رکھدو[1]، پھر کیا یہ کہا جائیگا، کہ عارف رومیؒ بھی آداب عشق و محبت سے بیخبر تھا؟

نوٹ متعلق باب (۱۱)

کمزور کو قوت والے کا، نابینا کو آنکھون والے کا، گنہگار کو متقی کا سہارا اگر ملجاتا ہی، تو بڑا سہارا ملجاتا ہی، مدیر سچ نے اپنے مضمون "سفر حجاز" کے ذیل مین لکھا تھا، کہ مسجد نبویؐ مین لوگون کو مواجہہ شریف کے روبرو بیباکی کے ساتھ جاتے ہوئے اور چلاتے ہوئے دیکھکر تکلیف ہوتی تھی، اس کے شایع ہونے کے چند ہی روز بعد، مولانا

[1] نقش حق را ہم بہ امر حق شکن — بر زجاجۂ دوست سنگ دوست زن

Marfat.com

عاشق الٰہی صاحب میرٹھی (مترجم القرآن) نے اپنی تازہ تالیف تذکرۃ الخلیل لطف فرمائی، جو مولانا خلیل احمد صاحب انبیٹھوی قدس سرہٗ (شارح ابوداؤد و ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور) کے حالات میں ہی، مولانا شریعت و طریقت کے جامع ایک مسلم بزرگ تھے، ان کے حالات میں حسنِ اتفاق سے ذیل کی عبارت نظر آئی جو بجنسہٖ نقل کر دیجاتی ہی:-

"آستانہ محمدیہ پر حاضری کے وقت حضرت کی عجیب کیفیت ہوتی تھی، آواز نکلنا تو کیا مواجہہ شریف کے قریب یا مقابل بھی آپ کھڑے نہیں ہوتے تھے، خوفزدہ مودبانہ دبے پاؤں آتے اور مجرم و قیدی کی طرح دور کھڑے ہوتے، بہ کمالِ خشوع صلوٰۃ و سلام عرض کرتے اور چلے آتے تھے۔ زائرین جو بے باکانہ اونچی آواز سے صلوٰۃ و سلام پڑھتے اس سے آپ کو بہت تکلیف ہوتی، اور فرمایا کرتے کہ آنحضرت صلعم حیات ہین، اور ایسی آواز سے سلام عرض کرنا بے ادبی اور آپکی ایذا کا سبب ہی،

لہذا پست آواز سے سلام عرض کرنا چاہئے، اور یہ بھی فرمایا، کہ مسجد نبوی کی حدین کتنی ہی پست آواز سے سلام عرض کیا جائے، اس کو آنحضرت صلعم خود سنتے ہین"

(صـ ۲۶۰)

Marfat.com

باب ۱۲،

زیارت اور آدابِ زیارت

توحید کا مسئلہ ایک صاف اور سیدھا مسئلہ ہی، لیکن دہریون اور ملحدون ہی نے نہین، خداپرستی کے دعویدارون نے بھی عجیب عجیب شگوفہ کاریان کر رکھی ہین، اسی طرح بارگاہِ رسالت کے ادائے حقوق کے معاملہ مین انکار کرنے والون نہین، اقرار کرنے والون کے دماغون نے عجیب عجیب مغالطے کھائے ہین لوگون کے کانون مین کہین سے ایک لفظ "محبت" کا پڑ گیا، بس پھر کیا تھا، اسکی آڑ مین ہر حرام، حلال تھا، اور ہر عیب، ہنر بنکر رہا، ذرا نہین سوچتے اور دیکھتے کہ محبت اپنی کتنی بیشمار مختلف صورتون اور قالبون مین اپنے گرد و پیش ہر وقت ظاہر ہوتی رہتی ہی، بیوی کی محبت کی شکل اور ہوتی ہی، اولاد کی محبت کی صورت اور، اولادسے جس قسم کی محبت کیجاتی ہی، کون شخص ہوش و حواس درست رکھکر اپنے ماں باپ سے اُسی طرح کی محبت کریگا؟ پھر خود اولاد کی محبت کا یہ حال ہی، کہ بچہ جب تک چھوٹا ہی، اُسے گود مین لیا جاتا ہی، اُسے گدگدایا جاتا ہی، اُس کے ساتھ کھیلا جاتا ہی، اور جب سیانا سمجھدار ہوا تو اس کیساتھ ادب و قاعدہ برتا جانے لگا، اور ادب کے ساتھ محبت کا برتاؤ بالکل ہی دوسرے انداز کا ہونے لگا،

Marfat.com

اب اگر کوئی شخص اپنے بوڑھے ماں باپ کو اس طرح چھیڑنے گدگدانے کھلانے کدانے لگے، جس طرح اپنے چھوٹے کو کرتا رہتا ہے، تو یہ اس کی "محبت" کی دلیل ہوگی یا انتہا حمق اور کھلے ہوئے جنون اور دیوانگی کی؟

پھر رسول صلعم کا مرتبہ، تو باپ، ماں، بزرگ، استاد، مرشد، حاکم، غرض مخلوق کے ہر مرتبہ سے بڑا، اور رسول صلعم کا رشتہ ہر انسانی رشتہ سے اونچا ہے، اس کی شان میں اُس کے مرتبہ کے لحاظ سے ادنیٰ فروگذاشت بھی کیسے نظر انداز کیجا سکتی ہے؟ اسکی اطاعت عین حق تعالیٰ کی اطاعت ہے، ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ اُس کی اطاعت کا حکم ایک دفعہ نہیں بار بار وارد ہوتا ہے، اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول، اسکی پیروی کا صلہ اللہ کی محبوبیت ہے، فاتبعونی یحببکم اللہ اُس کے مجلس کے آداب تصریح و تاکید کے ساتھ، بار بار تعلیم کئے جاتے ہیں اس کے حضور میں آواز نہ بلند کرو، یا ایھا الذین آمنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی، ایسا نہ ہو کہ ایسی نادانستہ گستاخی سے سارے اعمال مٹ مٹا کر رہجائیں لا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون، اس مظہر نور خدا کے سامنے اپنی آواز کو پست رکھنا ہی بڑی پاکبازی اور دینداری ہے، ان الذین یغضون اصواتھم عند رسول اللہ اولئک الذین امتحن اللہ قلوبھم للتقوی لھم مغفرۃ واجر عظیم، حجروں کے باہر سے آواز دے دیکر پکارنا شدید بدعقلی ہے، ان الذین ینادونک من وراء الحجرات اکثرھم لا یعقلون، رسول صلعم کو اس طرح پکارنا جس طرح عام لوگوں کو پکارا جاتا ہے ممنوع، لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعض

Marfat.com

رسول (صلعم) کے حقوق کا اور کسی اور کے حقوق کا مقابلہ نہین، مومن کی نظرین رسولؐ کا مرتبہ اپنے جان و دل سے بھی بڑھکر ہوتا ہی، النبی اولی بالمومنین من انفسھم، جسکی مجلس کے آداب کا مخلوق کو نہین خالق کو، بندون کو نہین پروردگار کو، یہ اہتمام ہو جس کے دربار مین حاضری کے یہ قواعد و ضوابط اس تفصیل کے ساتھ، ہمیشہ کیلئے اور ہر آنے والی قوم کی ہدایت کے لئے قرآن مجید مین محفوظ کر دیئے گئے ہون، اس کے آستانہ پر دور دراز سے آکر حاضری دینے والے امتی اگر اپنی نادانی اور بے سمجھی سے ان بندھے ہوئے قاعدون اور ضابطون کو توڑین، اور اس ربانی دستور العمل کی جگہ اپنے ایجاد کئے ہوئے طریقون کو رواج دینے لگین، تو بجز اس کے کہ انکی کم نصیبی پر حسرت و تاسف کیا جائے، اور کیا کیا جا سکتا ہی؟

فقہائے حنفیہ رحمہم اللہ کی ہدایات، آداب زیارت روضہ انور کے سلسلہ مین بالکل صاف، صریح اور واضح ہین، جنمین کسی قسم کا اختلاف نہین، علامہ رحمۃ اللہ سندیؒ، لباب المناسک مین، اور اُن کے شارح ملا علی قاریؒ، المنسک المتوسط مین کہتے ہین:-

ثم توجه بالقلب والقالب مع رعاية غاية الادب تجاه الوجه الشريف متواضعاً خاضعاً خاشعاً مع الذلة والانكسار والخشية والوقار والهيبة والافتقار غاض الطرف مكفوف الجوارح فارغ القلب واضعاً يمينه الى	پھر دل و جسم دونون کے حضور کے ساتھ غایت ادب ملحوظ رکھکر مواجہہ شریف مین حاضر ہو، اس حال مین کہ تواضع، خضوع، خشوع، ذلت انکسار، خشیت و وقار، ہیبت اور محتاجی اپنے اوپر طاری ہو، نظرین نیچی ہون، اعضا سمٹے ہوئے ہون، قلب یکسو ہو، داہنا ہاتھ بائین ہاتھ کے اوپر باندھے

Marfat.com

شمالہ مستقبلاً للوجہ الکریم مستدبراً للقبلۃ بحیالہ مسماۃ الفضۃ علی نحو اربعۃ اذرع لا الاقل ای لانہ لیس من شعار آداب الابرار۔

ہوئے ہو، چہرہ روے مبارک کے سامنے ہو، پشت قبلہ کی جانب ہو، اس ہیئت کے ساتھ چاندی کی کیل کے پاس آئے، اور تقریباً چار گز کے فاصلہ پر رہے، اس سے زیادہ قریب نہ آئے، کہ اس سے قریب تر آنا آدابِ صالحین مین داخل نہین،

ادب کی جگہ ہے، ہیبت کا مقام ہی، ناز نہین، نیاز درکار ہی، ناز کرنے اور اترانے کا نہین، لرزنے اور تھرانے کا کام ہے، ہیبت، ادب، وقار، خشیت، مسکینیت پر تمام فقہاء نے زور دیا ہے، اور سب سے زیادہ زور اس پر ہے، کہ لپٹنا، چومنا، مس کرنا، الگ رہا، حالی مبارک کے قریب تک نہ جائے، بلکہ کمالِ ادب کے ساتھ کچھ فاصلہ ہی پر اپنے کو روکے،

صاحب فتح القدیر فرماتے ہین:۔

ثم یاتی القبر الشریف فیستقبل جدارہ ویستدبر القبلۃ علی نحو اربعۃ اذرع،

پھر قبر شریف کی طرف آئے، اُس کی دیوار کی طرف رخ اور قبلہ کی طرف پشت رکھے، اور کوئی چار گز کے فاصلہ پر رہے،

اور عالمگیریہ مین ہی:۔

ثم یدنو منہ ثلثۃ اذرع او اربعۃ ولا یدنو منہ اکثر من ذالک ولا یضع یدیہ علی جدار القبر بل یھابہ اعظم لحرمۃ یقف کما یقف فی الصلوٰۃ،

پھر تربت شریف سے بقدر تین یا چار گز کے قریب آئے لیکن اس سے زیادہ قریب نہ ہو، اور نہ اپنا ہاتھ دیوارِ مزار پر رکھے، کہ یہی مقتضاے ہیبت ہے، اور اس طرح کھڑا رہے، جیسے نماز مین کھڑا ہوتا ہی،

اور طحطاوی، شرح درمختار مین ہی،

یدنو منہ قدر ثلثۃ اذرع اذا اراد	تربت سے بقدر تین یا چار گز کے قریب آجائے،
ولا یدنو اکثر من ذلک ولا یضع یدہ	لیکن اس سے قریب تر نہ ہو اور نہ دیوارِ مزار پر
علی جدار التربۃ فھو اھیب و اعظم	اپنا ہاتھ رکھے، کہ یہی ہیبت و عظمتِ مقام کا تقاضا ہی،

اور فتاوی قاضیخان مین ہی:-

واذا اتی المدینۃ یستعد لزیارۃ قبر	مدینہ پہونچکر زیارت قبر نبی صلعم کے لئے آمادہ ہو اور
النبی صلعم بایتھا بالسکینۃ والوقار	وہان حاضر ہو، ادب و احترام و ہیبت و عظمت کیساتھ
والھیبۃ والاجلال لانہ محل رسول	کہ یہ مقام ہی، رسول خدا صلعم کا اور نزولِ وحی
اللہ صلعم مھبط الوحی و نزول	و نزولِ ملائکہ کا،
الملئکۃ	

یہ نہ خیال گذرے، کہ یہ احکام و ہدایات صرف خشک فقہاء کے ہین، اہل "محبت" نے جو کچھ کہا ہی، پس وہ بالکل یہی ہی، بلکہ اس سے کچھ زیادہ ہی فرما گئے ہین، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ سے بڑھکر اہلِ دل اور اہلِ محبت کے گروہ مین اور کون ہوگا، مگر وہ فرماتے ہین:-

ولا یضع یدہ علی جدار الحظیرۃ ولا	نہ اپنا ہاتھ روضۂ مبارک کی دیوار پر رکھے نہ اسے
یقبلھا فان ذالک و امثالہ من صنع	بوسہ دے، اس لئے کہ یہ اور اسی قسم کی حرکتین
الجاھلین ولیس من سیرۃ السلف	جاہلون کی باتین ہین، اور سلف صالحین کے
الصالحین بل یدنو علی قدر ثلثۃ	معمولات مین نہین، اور تین یا چار گز کے فاصلہ
اذرع او اربعۃ (ماثبت بالسنۃ)	پر رہے،

اس اجمال کی تفصیل خود شیخ ہی کی زبان سے سُن لیجئے:-

وازانچہ در وسیع و امکان بود در ظاہر و باطن	جہان تک اپنے امکان و اختیار مین ہو، ظاہری

Marfat.com

از خضوع وقار و ذلت و انکسار، ذرۂ نامرعی
نگذارد، غیر آنکہ از سجود و تمریغ وجہ بتراب
و استلام و تقبیل شباک شریف و امثال آن
آنکہ در شرع رخصت نہ کردہ اند و در نظر ظاہر
بینان از قبیل ادب نماید اجتناب کنند،
بلکہ بہ یقین داند کہ حقیقت ادب در رعایت
اتباع و امتثال امر آنحضرت صلعم است و ہر چہ
نہ ازین باب است از توہم باطل است،
(جذب القلوب، باب شانزدہم در آداب زیارت)

و باطنی ہر حیثیت سے اپنے مین خضوع، وقار،
ذلت و انکسار پیدا کرنے کا کوئی دقیقہ اٹھا نہ
رکھے، البتہ سجدہ کرنے اور فرشِ زمین پر لوٹنے
اور جالی کو چومنے چاٹنے سے بچے، نیز اسی
قبیل کی دوسری حرکتون سے، اس لئے کہ
شریعت مین ان کی اجازت نہین، گو ظاہر مبنون
کی نظر مین یہ ادب معلوم ہوتا ہی، یقین رکھنا
چاہیئے کہ حقیقۃً ادب نام ہی، آنحضرت صلعم کی
پیروی و تعمیلِ احکام کا اور جو کچھ اس کے علاوہ
ہی، وہ سب توہم باطل ہی،

سرتاج علماء ربانیین و صوفیۂ کرام، حضرت امام غزالیؒ کا ارشاد ملاحظہ ہو۔

ولیس من السنۃ ان یمس الجدار
ولا ان یقبلہ بل الوقوف من بعد اقرب
للاحترام (احیاء العلوم، اسرار الحج باب ۲)

یہ مسنون نہین کہ دیوار (مزار مبارک) کو ہاتھ لگائے
یا اسے بوسہ دے، بلکہ احترام کا تقاضا یہ ہے، کہ
دور ہی کھڑا رہے،

اور پھر چند ورق کے بعد:-

واما زیارۃ رسول اللہ صلعم فینبغی
ان تقف بین یدیہ کما وقفا وضعفا ولا تزورہ
میتا کما تزورہ حیا ولا تقرب
من قبرہ الا کما کنت تقرب من

اور آنحضرت صلعم کی زیارت آپ کے سامنے
کھڑے ہو کر اسی طرح کرنا چاہیئے، جیسا کہ
لکھ آئے ہین، آپ کی زیارت موت کے
بعد اسی طرح کرو جیسے زندگی مین کرتے، او

شخصه الکریم لو کان حیاً وکما کنت تری الحرمة فی ان لا تمس شخصه ولا تقبله بل تقف من بعد ما تلاحین بین یدیه فکذلک فافعل فان المس والتقبیل للمشاهد عادة النصاری والیهود،

آپ کی قبر مبارک کے قریب اُس سے زیادہ نہ ہونا چاہیے، جتنا آپکی حیات مین آپ کے جسم پاک کو ہاتھ لگانے اور بوسہ دینے کو سوءِ ادب سمجھتے، بلکہ آپ کی طرف متوجہ کچھ فاصلہ پر سامنے کھڑے رہتے، اسیطرح اب بھی کرنا چاہیئے، اور مزارات کو بوسہ کرنا اور بوسہ دینا تو نصاری اور یہود کا شعار ہے،

محدثین کے گروہ مین قاضی عیاض مالکیؒ سے بڑھکر جمالِ رسالتؐ کے شیدائیون مین اور کون گزرا ہے، حقوقِ رسالت پر اُن کی کتاب الشفاء سے جامع تر کوئی کتاب آج تک موجود نہ ہو سکی، اپنی اسی کتاب مین خود اُنھون نے، اور انکی شرح مین ملا علی قاریؒ نے جو کچھ فرمایا ہے، ذرا ایک نظر اس پر بھی فرمالیجائے،

(ویدنو) ای یقرب (الی القبر قدر ما) یناسب الادب (ویسلم لا یمس القبر) وکذا جدار قبة وشبکة حجرة علیه السلام (بید ولا یضمه لعدم ورود عن الصحابة الکرام فانه اقرب الی مقام الادب فکان ذالک من عادة النصاری علی ما نقله الغزالی (شفا جلد ۲ باب

قبر شریف کے نزدیک آئے، مگر اسی حد تک جو ادب و تعظیم کے مناسب ہے، اور آپ پر سلام بھیجے، لیکن قبر کو ہاتھ نہ لگائے، اور یہی حکم ہے قبۂ شریف کی دیوارون اور جالیون کا، اور نہ انھین منہ سے چھوئے، اس لئے کہ صحابۂ کرام سے ایسا کرنا ثابت نہین، اور اس لئے بھی کہ ادب کا مقتضا یہی ہے، نیز اس لئے کہ ایسا کرنا نصاریٰ کا شعار ہے، جیسا کہ غزالیؒ

Marfat.com

(رابع فصل فی حکم زیارۃ قبرہ صلعم) | نے نقل کیا ہی،

غرض یہ کوئی حنفی، وہابی، مقلد و غیر مقلد، کا اختلافی مسئلہ نہین، اہل سنت کے سارے اکابر، اور تمام فرقے اس پر متفق ہین، اور آداب زیارت پر جس کسی نے لکھا ہی یہی لکھا ہی،

لیکن عمل کی حالت ؟ —— آہ آج کہان اور کس چیز مین مسلمانون کا عمل اسلامی تعلیمات کے مطابق ہی، جو ایک اسی معاملہ مین مطابقت کی تلاش کیجائے ؟ خدا معلوم کتنے زائر، صبح سے شام تک ایسے آتے رہتے ہین، جنھین نہ ادب سے واسطہ نہ تمیز سے، وقار و سکینۃ و انکسار و مسکنت کا ذکر نہین، کتنے ایسے ہین جو باوضو تک نہین ہوتے، ادب سے بیگانہ، آداب سے ناآشنا، سر اٹھائے، قدم بڑھائے، ورود ازدحام مین داخل ہوئے، اور دوڑتے بھاگتے ہوئے حیرت سے آنکھین پھاڑے چارون طرف دیکھتے ہوئے، روضۂ انور کی طرف دھاوا کئے چلے آرہے ہین، اور پہونچتے ہی یہ چاہتے ہین، کہ جالیون سے لپٹ جائین، یا اُن کے اندر گھس جائین، اِدھر سعودی سپاہی کی نظر چوکی اور اُدھر انھون نے جالی پر ہاتھ اور منہ رکھکر اندر کی طرف، بیباکی کے انداز اور حیرت کی نگاہون کے ساتھ جھانکنا شروع کر دیا، اور سلام پڑھنے کے وقت تو، جاہل مزورون کی رہنمائی مین اُس مسجد مطہر مین، جہان عمر فاروقؓ زور سے بولتے ہوئے تھراتے تھے، شور اور ہنگامہ برپا ہوتا ہی، کہ نمازیون کو نماز پڑھنی، اور تلاوت کرنے والون کو تلاوت کرنی دشوار ہو جاتی ہی، اور پھر مزورون کی زائرون سے "لین دین" کی گفتگو —— ان باتون کا پڑھنا ناظرین کے لئے ناخوشگوار، اور انکا لکھنا راقم کے لئے ناخوشگوار تر

بہرحال جو نہ ہونا تھا، وہ ہوتا ہی، اور وہان ہوتا ہی جہان ہرگز ہرگز نہ ہونا چاہیے تھا، رحمتِ عالم کی شان رحمۃ للعالمینی سب کے عیبون پر پردہ ڈالے ہوئے ہے، اور رحمٰن و رحیم، ربّ غفار، سب کے مالک اور سب کے پروردگار کی شان ستّاری، نادان وزیان کار مجرم وخطا کار، سب کو مہلت دیئے ہوئے ہے، ولو یواخذ اللہ الناس بما کسبوا ما ترک علیٰ ظھرھا من دابۃ،

لیکن ہزارون کے اسی مجمع مین اگر سیکڑون نہین تو بیسیون، ضرور ایسے ہوتے ہین جو دل والے بھی ہوتے ہین، اور آنکھون والے بھی، جو دیکھتے ہین کہ کس دربار مین حاضر ہین، جو سمجھتے ہین، کہ اُنکا نصیبہ اُنھین کہان لے آیا ہی، انھین دیکھیے، تو کبھی حواجہ مبارک کے سامنے، کبھی پائین مین، کبھی بالین کی طرف، کبھی مصلی نبیؐ پر، کبھی منبر نبویؐ کے قریب، کبھی ستون عایشہؓ کے متصل، کبھی ستون ابی لبابہؓ سے لگے ہوئے، کبھی پاک مسجد کے کسی اور پاک گوشہ مین دبے اور سمٹے ہوے، روتے اور گڑگڑاتے ہوئے مناجات مین مشغول ہین، سجدہ مین پڑے ہوئے ہین، رکوع مین جھکے ہوئے ہین، تلاوت مین لگے ہوئے ہین، درود خوانی مین محو ہین، تسبیح وتہلیل مین غرق ہین، اپنی خطائین ایک ایک کرکے یاد آرہی ہین، اپنے گناہون کی فرد کی ہر ہر سطر سامنے ہی، کسی کی رحمتِ بیحساب کا حساب لگ رہا ہی، کسی کے کرمِ بے انداز کا اندازہ کیا جارہا ہی، کسی کی شفاعت کا خیال آکر ٹوٹے ہوئے دل کو تسلی دیرہا ہی، اپنے اور اپنے بزرگون، عزیزون دوستون کے حق مین دعائین ہین، امت اسلامیہ کے حق مین آہین ہین، فریادین ہین، پکارین ہین، دردمندیان ہین، بیقراریان ہین، غرض ہر صورت سے اپنی

عبدیت اور اپنی بندگی کا تحفہ محمدؐ کے رب کے حضور مین محمدؐ کے بتائے ہوئے طریقہ کے موافق پیش کیا جارہا ہی، کون بتلائے کیا کیا مانگا جارہا ہی، کیا کیا مل رہا ہی! دینے والے کے کرم کی کوئی انتہا ہی؟ پھر آخر مانگنے والے کیون اپنی زبانین روکین، اور کیون اپنے دل مین کوئی حوصلہ کوئی ارمان باقی رہنے دین؟ دینے والا وہی تو ہی، جس نے ایک مانگنے والے کے الحاح کو دیکھکر غصہ اور خفگی کے لہجہ مین نہین، پیار کے الفاظ مین اور محبت کی آواز مین "حریص" کہکر پکارا تھا، اللہ اکبر! حرص تو جب کیجاتی ہی جب ملنے سے پورا اطمینان نہین ہوتا بے حساب دینے والے، اور بے اندازہ کرم کرنیوالے سے بھی جو کوئی اپنا سوال جاری رکھے، اسکی "حرص" شفاعت اسکی "حرص" شفقت کا کون اندازہ کرسکتا ہی؟ دینے والا غیر محدود، اسکی فیاضیون کا اندازہ طاقت بشری سے باہر، لیکن مانگنے والا تو غیر محدود نہین، محدود، اور خدا نہین انسان ہی تھا، اس محدود اور متناہی، اور بندہ اور بشر ہی کی "حرص" شفاعت "و حرص" شفقت کا کون اندازہ لگاسکتا ہی؟ آج اور یہان مانگنے والے اُسی حریص شفاعت، اسی حریص علیکم بالمومنین رؤف الرحیم کا لقب پانے والے کے امتی ہین، اسی کے نام لیوا ہین، اسی کا کلمہ پڑھ پڑھ کر جینے والے، اور اسی کا نام لیکر مرنے والے ہین، اِن کی دعائین، اور اِن کی آرزوئین!

——— اللہ اللہ! کس کی زبان مین قوت، اور کس کے قلم مین طاقت، جو اس اجمال کی تفصیل، اور ان اشارات کی تشریح کرسکے!

نوٹ متعلق باب (۱۲)

"مراسلہ"

آدابِ زیارت نبویؐ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، یا سیدی ہذا ما ارقمت ایرادہ فی باب آداب زیارۃ النبی صلعم صلی اللہ علیہ وسلم (۱) سیدنا بلالؓ نے حضور (روحی فداہ) کو خواب مین دیکھا فرماتے ہین کہ اے بلالؓ تونے یہ کیسی جفا کی کہ ہماری زیارت نہ کی، بلالؓ اسی وقت شام سے روانہ ہوئے اور مدینہ پہونچکر جب روضۂ انور پر حاضر ہوئے تو روتے روتے بیہوش ہونے لگے اور اپنا منہ مزار اقدس پر ملنے لگے، (حافظ ابن عساکر عن ابی الدرداء) (۲) مروان نے ایک شخص کو مزارِ اقدس پر منہ رکھے دیکھا تو کہا اے شخص یہ کیا کر رہا ہی، اس شخص نے سر اٹھایا تو وہ ابوایوب انصاریؓ تھے، انھون نے مروان کو جواب ان الفاظ مین دیا، نعم جئت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم آت الحجر (امام احمد فی مسندہ) (۳) اخرج البزار فی مسندہ ان سیدنا عمرؓ خرج الی منبر رسول اللہؐ فاذا معاذ ابن جبل قائم عندہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم،

(محمد افضل سلاچوری دکن، ۱۲۔ آذر،

پسِ نوشت، یہ مراسلہ آج ۲۲ اکتوبر کو سفر مین ملا، وطن واپس ہونے مین ابھی ۲ ماہ ۲۵ دن کی دیر ہی، اور اس اثنا مین کتابون کی طرف رجوع کرنے کا کوئی موقع نہین، پس نمبر ۱۲ مین سفر حجاز نمبر ۱۲ کے ذیل مین آدابِ زیارت روضۂ رسولؐ پر جو کچھ لکھا گیا تھا، مراسلہ نگار

Marfat.com

نے انکا معارضہ روایات بالا سے کرنا چاہا ہی، لیکن ان روایتون مین سے تیسری کا مسئلہ زیر بحث ہی، تو کوئی تعلق نہین معلوم ہوتا، اسمین تو صرف یہ مضمون ہی کہ حضرت معاذؓ رسول اللہ صلعم کے قریب کھڑے ہوئے مصروف گریہ تھے، یہ صحیح ہوگا، لیکن اس سے اُن چیزون کی جو لکھی جا چکی ہین، کسی طرح بھی تردید نہین ہوتی، رہ گئین وہ دو روایتین جو ابن عساکر اور مسند احمد کے حوالہ سے بیان کی گئی ہین، یہ روایتین اگر اسی صورت مین مروی ہین، (مراسلہ نگار صاحب معاف فرمائین انکی خدمت مین تعارف سابقہ بالکل نہین، ورنہ انکے اعتماد پر انھین بالکل صحیح تسلیم کر لیا جاتا) سو اول تو یہ مشہور و معلوم ہی، کہ ابن عساکر اور مسند کے رجال اُس پایہ کے نہین، جیسے کہ صحاح کے ہین، اس لئے محض یہ روایات استناد کے اعلیٰ مرتبہ پر نہین، لیکن بالفرض یہ تمامتر صحیح بھی ہون، تو حضرت بلالؓ اور حضرت ابو ایوبؓ کے ان افعال کو ان کے غلبۂ محبت اور وفورِ جوش پر محمول کیا جائیگا چنانچہ حضرت بلالؓ کے متعلق تو روایت ہی مین تصریح ہی کہ وہ بیہوش ہونے لگے جو دوسرون کے لئے سند اور حجت کا کام نہین دے سکتے، قاضی عیاضؒ، ملا علی قاریؒ امام غزالیؒ، شیخ عبد الحق دہلویؒ اور فقہاء حنفیہ کے حوالون سے سچ مین جو عرض کیا گیا تھا، وہ شریعت کا ایک عام ضابطہ و قانون تھا، باقی اہلِ محبت پر غلبۂ شوق و وفورِ جوش مین اضطراراً جو کیفیات طاری ہو جاتی ہین، اُن پر کون اعتراض کر سکتا ہی، البتہ دوسرون کیلئے جو "حال" سے بیگانہ ہین، محض رسماً و تقلیداً انکا اتباع بھی جائز نہین، اور شریعت کا ضابطہ نظام ان مستثنیات کی بنا پر نہین قایم ہو سکتا، خضرؑ کے لئے ایک بیگناہ کا قتل کر ڈالنا جائز ہو گیا، لیکن ہم آپ اگر کسی کو بے قصور طمانچہ بھی ماردین، تو شریعت کے قانون مین مجرم قرار پائین گے،

(سچ، جلد ۵، نمبر ۱۶)

Marfat.com

باب ۱۳

"روضۂ جنت"

اللہ ٹھنڈا رکھے اگلون کی ترتبون کو، تربتِ مبارک کی حفاظت اور لوگون کی نظر سے مخفی رکھنے کا کیسا کیسا انتظام کر گئے ہین، دین کے بادشاہؐ کا جسدِ مبارک جہان مع دونون وزیرون صدیقؓ و فاروقؓ کے آرام فرما ہے، وہ ام المومنین حضرت عایشہ صدیقہؓ کا حجرہ تھا، ستراسی سال تک یہ حجرہ اپنی اصلی حالت مین زیارت گاہِ خلائق بنا رہا، لیکن رسول (صلعم) کا جمال دیکھنے والے اور ان دیکھنے والون کے دیکھنے والے ایک ایک کرکے اٹھتے جا رہے تھے، ہجرت کی پہلی صدی ابھی ختم بھی نہین ہونے پائی تھی، کہ خلیفہ ولید کے حکم سے والیِ مدینہ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے ایک مستحکم سنگی عمارت حجرۂ صدیقہؓ کے گرد اگرد تعمیر کرادی، جسمین کوئی دروازہ نہ رکھا، تربتِ اطہر تو حجاب مین تھی ہی، اب حجرۂ شریفہ اس حجاب مین آگیا، اور مشتاقانِ جمال کو اسی بیرونی عمارت کی زیارت پر قناعت کرنا پڑنے لگی، کچھ روز کے بعد مزید تحفظ کے خیال سے ایک اور احاطہ پتھر کے ستونون اور محرابون کا، اس عمارت کے اردگرد بھی بنا دیا گیا، اور گنبد خضرا اسی احاطہ پر قایم ہے، اس احاطہ پر کلمۂ طیبہ سے منقش پردے پڑے رہتے ہین، اور اس کے دو دو ہاتھ کے فاصلہ پر چارون طرف فولاد یا پیتل کی زرد جالیون کی دیوارین ہین، اور اب زائر کے

کے پیش نظر صرف یہی جالیان رہتی ہین، یہ اہتمام اور انتظام چودھوین صدی ہجری اور بیسوین صدی عیسوی مین جس پہلو اور جس اعتبار سے بھی دیکھیئے، سرتا سر ضروری و مناسب نظر آئیگا، تربت مبارک اگر بغیر اتنے حجابات کے کہین کھلے میدان مین ہوتی تو شریعت سے بیگانے، اہل ہوس و اہل بدعت خدا معلوم اب تک کیا کر گذرے ہوتے! اور پھر جو اہل نظر ہین، وہ اس نظارۂ بے حجاب کی تاب کیونکر لا سکتے! ان کے علاوہ اور بھی متعدد مصلحتین ہین، جو ہر غور کرنے والے کی سمجھ مین آسکتی ہین،

زیارت سے فراغت ہو چکی ہو، تو درود و سلام پڑھتے ہوئے اب مسجد کے اس حصہ کی طرف آیئے جس کی بابت زبان اقدس سے ارشاد ہوا ہی، کہ:-

ما بین بیتی (او قبری) و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ،	میرے مکان (یا میری قبر) اور میرے منبر کے درمیان جو کچھ ہے، وہ جنت کے باغون مین سے ایک باغ ہی،

اور اسی بنا پر اس قطعہ کا نام بھی "روضہ" یا "جنت کی کیاری" پڑ گیا ہی، بالین مبارک کی طرف، جو جالیان ہین، وہان سے "روضہ" کے حدود شروع ہوتے ہین، اور منبر پر ختم ہوتے ہین، جو تخمیناً پچیس تیس فٹ کے فاصلے پر رکھا ہوا ہی، یہ منبر کہا جاتا ہی کہ سلطان مراد کا بنوایا ہی، لیکن رکھا ہوا اسی جگہ پر ہی، جہان منبر نبوی رہتا تھا، منبر اور جالیون کے درمیان منبر سے ڈھائی تین گز کے فاصلے پر محراب النبی اور مصلی نبوی ہین، یعنی وہ مقامات جہان اپنے رب کے سب سے بڑے پوجنے والے نے نمازین پڑھی ہین، سجدے کئے ہین، رکوع کئے ہین، امامت فرمائی ہی، اس خطۂ نور کی نورانیت

Marfat.com

الفاظ مین کیونکر بیان کیا جائے! حدیث کی شرح مین شارحین کے قول مختلف ہین، کوئی یہ کہتا ہی، کہ اتنا ٹکڑا نزولِ رحمت وحصولِ سعادت مین جنت کے باغیچون کے مثل ہی، اور اس لئے اسے چمنِ جنت کہا گیا، کسی کا فرمانا یہ ہے، کہ یہان کی عبادت نہایت مقبول ہے، اور اس کے سبب یقیناً باغِ جنت ملے گا، اس مناسبت سے اسے روضۂ جنت ارشاد فرمایا گیا، اور بعض شارحین کا قول یہ ہی، کہ اس ارشاد کو ظاہر ہی پر محمول رکھا جائے، یعنی اتنا ٹکڑا حقیقۃً جنت ہی کا ٹکڑا ہی، اور قیامت کے دن بعینہٖ جنت کیطرف اٹھا لیا جائیگا، یہ ساری شرحین اور تاویلین جنھین علامہ ابن حجر نے فتح الباری مین نقل فرمایا ہی، اپنی اپنی جگہ پر بالکل صحیح و درست ہین، عبادت اگر یہان کی بھی مقبول نہ ہوگی، تو اور کہان کی ہوگی، نزولِ رحمت اور حصولِ سعادت اگر یہان بھی نہ ہوگا تو اور کہان ہوگا، یہ سب صحیح ہی، لیکن صحیح ترین مفہوم وہی ہی، جو سب سے آخری قول مین نقل ہوا، کوئی اور مانے یا نہ مانے لیکن جن خوش نصیبون کو اس خطۂ بہشتی کی زیارت نصیب ہو چکی ہے، اُنکا دل تو یہی پکاریگا، اسی کو مانے گا، اور یہی سمجھے گا، اتنا حسین، اتنا جمیل، اتنا دلکش، اتنا جاذبِ نظر، اتنا پر انوار قطعہ اس ناسوتی اور فانی دنیا کا ہو نہین سکتا! یقیناً اسے جنت الفردوس ہی سے اٹھا کر لایا گیا ہی، اور دنیا کی بربادی کے وقت اِسے ہر قسم کی گزند سے محفوظ رکھکر انشاء اللہ بجنسہٖ وہین پھر اٹھا لیا جائیگا!

اور محض دل کی آواز نہین، محض قلب ہی کا فتویٰ نہین، اگلے بزرگون مین بھی بعض محققینِ کرام اسی جانب گئے ہین، شیخ دہلوی حدیثِ بالا اور اسکی شرحون کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہین:-

Marfat.com

"تحقیق آن ست کہ کلام محمول بر حقیقت خود است، و ما بین حجرۂ آنحضرت صلعم و منبر شریف بہ حقیقت روضہ ایست از ریاضِ جنت بآن معنی کہ فردائے قیامت آن را بہ فردوس اعلیٰ نقل کنند و در رنگ سائر بقاع ارض فانی و مستہلک نہ گردانند" چنانچہ ابن فرحون و ابن جوزی از امام مالکؒ نقل کردہ اند، و اتفاق جماعۂ از علماء باو نیز منضم ساختہ، و شیخ ابن حجر عسقلانی و اکثر علماء حدیث ترجیح این قول کردہ اند، ابن ابی حمزہ کہ از کبار علماء مالکیہ است فرمودہ، کہ احتمال دارد کہ عین این بقعہ شریفہ روضہ از ریاض جنت باشد کہ از آنجا بہ دار دنیا فرستادہ باشند، چنانچہ در شان حجر اسود و مقام ابراہیم واقع است، و بعد از قیام قیامت ہم بہ مقام اصلی خود شان برند"

(جذب القلوب، باب ۸)

اور اسے نقل کرنے کے بعد شیخ حسب توقع خود بھی اسی معنی کی تائید کرتے ہین:-

"این معنی از روے حقیقت جامع جمیع معانی ست کہ دیگران گفتہ اند"

بعض کتابون مین بیہقی کے حوالہ سے یہ روایت دیکھنے مین آئی، کہ ہر صبح کو ستر ہزار فرشتے اس روضۂ جنت پر اترتے ہین، اور شام تک درود شریف پڑھتے رہتے ہین، اس کے بعد واپس چلے آتے ہین، اور نئے ستر ہزار آجاتے ہین، جو اسی طرح صبح تک درود شریف پڑھتے رہتے ہین، اس روایت مین تو ستر ہزار فرشتون کا ذکر ہے، جو پھر بھی ایک تعداد محدود و متعین کا نام ہی، جو آنکھین اس روضہ کے دیدارِ جمال سے مشرف ہو چکی ہین، وہ تو اسکی تصدیق کرنے کو تیار ہین، کہ ہزارون اور لاکھون کے عدد کیسے، بے شمار اور بے تعداد فرشتے ہر لحظہ اور ہر ساعت اللہ کی رحمتون اور برکتون سے اس مرکزِ نور کو منور اور منور سے منور تر بناتے رہتے ہین!

Marfat.com

اسی روضہ کے اندر وہ آٹھ ستون بھی ہین جنھین "اسطوانات رحمۃ" کہا جاتا ہے، ان کے پاس نمازین پڑھنے کی خاص فضیلتین آئی ہین، روضہ بھر مین کہین بھی نماز پڑھئے سارا تختہ، تختۂ جنت ہی، لیکن اگر آسانی سے بلا زحمت و کشمکش، ان مین سے کسی ستون کے پاس جگہ مل جائے، تو سبحان اللہ نور علی نور،

(۱) اسطوانۂ مخلقہ، یہ ستون عین مصلی نبیؐ کی پشت پر ہی، منبر تیار ہونے سے قبل رسول اللہ صلعم اسی جگہ کھڑے ہو کر خطبۂ جمعہ ارشاد فرماتے تھے، ستون حنانہ جس نے منبر کی تیاری کے بعد، حضور سے جدا ہونے پر گریہ و بکا کیا تھا، ٹھیک اسی مقام پر تھا،

(۲) اسطوانۂ حرس یا اسطوانۂ علیؓ، یہان صحابۂ کرام حضورؐ کی دربانی یا پہرہ کے لئے بیٹھے رہتے تھے، اور اکثر یہ خدمت حضرت علیؓ سے متعلق رہتی تھی، اور آپ کثرت سے نمازین یہین ادا فرماتے تھے،

(۳) اسطوانۂ وفود، باہر سے جو وفد حضور صلعم کی خدمت مین حاضر ہوتے، ان سے اکثر اسی مقام پر ملاقات فرمائی جاتی،

(۴) اسطوانۂ ابی لبابہؓ، حضرت ابی لبابہؓ مشہور صحابیون مین ہین، ایک مرتبہ آپ جہاد مین نہ گئے، بعد کو خود ہی ندامت ہوئی، اور اس زور کا احساسِ ندامت ہوا کہ اپنے کو مسجد مین ایک ستون سے باندھ دیا، بالآخر جب رحمتِ عالم صلعم جہاد سے واپس تشریف لائے، اور ابو لبابہؓ کی بریت مین وحی نازل ہوئی، تو اپنے دست مبارک سے ابو لبابہؓ کو کھولا،

(۵) اسطوانۂ سریر، اس ستون کے پاس رسول اللہ صلعم حالتِ اعتکاف مین کبھی کبھی کھجور کے بوریئے پر آرام فرماتے تھے،

Marfat.com

(۶) اسطوانہ جبرئیل، حضرت جبرئیلؑ اکثر وحی اسی مقام پر لیکر آئے ہین،
چارستون یعنی اسطوانہ حرس، اسطوانہ وفود، اسطوانہ سریہ، اسطوانہ جبرئیل،
بالین مبارک کی جالیون والی دیوارمین ایک ہی قطار مین قریب قریب ہین،

(۷) اسطوانہ عایشہؓ جس جگہ اب مصلی بنی ہی، اس کے اختیار کرنے سے قبل رسول اللہ نے کچھ روز یہین نماز ادا فرمائی ہی، ایک مرتبہ حضور صلعم کی زبان مبارک سے یہ نکلا تھا، کہ میری مسجد مین ایک جگہ ایسی ہی، کہ اسکی فضیلت اگر لوگون کو معلوم ہو جائے، تو وہان جگہ پانے کے لئے لوگ قرعہ ڈالین، اُس وقت سے صحابہؓ کو برابر اس جگہ کی جستجو رہنے لگی، حضورؐ کی وفات کے بعد حضرت عایشہؓ نے اس جگہ کا پتہ اپنے بھانجے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کو بتایا، اسی مناسبت سے اسے اسطوانہ عایشہؓ کہتے ہین،

(۸) اسطوانہ تہجد، یہ مقصورۂ شریفہ کی پشت کی جانب ہی، (یعنی شمالی دیوارمین) کہا جاتا ہی کہ یہان رسول اللہ صلعم نے تہجد کی نمازین ادا فرمائی ہین، سعودی حکومت نے یہان نماز پڑھنے کی، بلکہ یہانتک پہونچنے کی ممانعت کردی ہی، شاید اس خیال سے کہ یہان کھڑے ہوکر نماز پڑھنے سے تربت مبارک سامنے پڑتی ہی،

روضۂ جنت مین جہان کہین بھی جگہ مل جائے، اپنی خوش نصیبی سمجھئے، لیکن اس کے لئے دوسرون کی جگہ زبردستی چھین لینا، ایک دوسرے سے دھکم دھکا کرنا آداب مسجد اور وقار دربار نبویؐ کے بالکل منافی ہی، اور حق یہ ہی کہ اسکی ضرورت بھی نہین پڑتی، شدت ہجوم کے زمانہ مین بھی، اسے یہان کی کرامت سمجھئے، یا جو کچھ کہ ہر آرزومند کو اس محدود رقبہ کے اندر جگہ مل ہی جاتی ہی، حالانکہ کل گنجایش اسکی

Marfat.com

شاید ڈھائی تین سو نمازیون سے زائد کی نہ ہو، صرف چند لمحے صبر و انتظار کی ضرورت ہوتی ہی، یہان تک کہ مصلے نبی جو موسم حج مین کبھی نمازیون سے خالی نہین رہتا، اور جس پر مشتاقون کے ٹھٹ ٹوٹے پڑتے ہین، وہان بھی کچھ ہی دیر کے صبر و انتظار کے بعد جگہ مل کر رہتی ہی، البتہ اتنا خیال اپنے کو بھی رہنا چاہیئے، کہ اُس جگہ پر بہت دیر تک اپنا قبضہ نہ رکھے، اس پر سب مسلمانون کا حق یکسان سمجھے، اور ہلکی ہلکی رکعتین پڑھکر جلد اس جگہ کو دوسرے آرزومندون کے لئے خالی کردے، یہین منبر کے قریب اور ایک دوسرے مقام پر بھی، بہت سے کلام مجید رکھے رہتے ہین، جسکا جی چاہی، پڑھے، غرض روضۂ جنت کے اندر قدم رکھنے کے بعد جتنی دیر چاہیئے نماز پڑھیئے، جب تک جی مین آئے قرآن کی تلاوت کرتے رہیئے، اور جب تک دل لگتا رہے، درود خوانی مین مصروف رہیئے، ہر عمل جنت ہی کی طرف لیجانے والا ہی، سب سے بڑی بات یہ ہی کہ مواجہ مبارک مین جو رعب و جلال ہے، اور وہان حاضر ہوکر قلب پر جو ہیبت طاری ہوتی ہی، وہ یہان مفقود ہے، یہان سکون، اطمینان اور ٹھنڈک ہی، یکسوئی اور حضور قلب کے ساتھ جب تک قسمت یاوری کرے، مناجات مین لگے رہیئے، عرض معروض کرتے رہیئے، دعائین مانگیئے، اپنی ذات کے لئے، بزرگون کے لئے، عزیزون کے لئے، دوستون کے لئے، ساری امت اسلامیہ کے لئے، سب کے لیے بھلائی چاہیئے، اپنے گناہون کو یاد کیجئے، اپنی تباہ کاریون کا حساب لگائیے، روئیے، اور گڑگڑائیے، سجدون مین گریئے، اور کسی کو منائیے، دل سے بھی روئیے، اور آنکھون سے بھی سیلاب بہائیے، نہ یہ جگہ سب کہین نصیب، اور نہ یہ گھڑیان ہر وقت حاصل!

Marfat.com

جمعہ کا دن مسلمانون کی عید کا دن ہوتا ہی، پھر مدینہ کا جمعہ، اور مسجد نبوی (صلعم) کا جمعہ! جس کے نصیب مین یہ آجائے، اس کے نصیبہ ور ہونے مین کیا کلام ہو؟ لیکن جس نے اپنا نام قادرِ علی الاطلاق رکھا ہی، جس نے اپنی شان غنی عن العالمین بیان کی ہی، اُس کی کارفرمائیون کے بھید کون پا سکا ہی، اور اس کی مشیت کی باریکیون کی تھاہ کس کو مل سکی ہی، آفتاب "عالمتاب" ہی، سارے عالم کی آنکھون کو روشن کر دیتا ہی، لیکن اسی عالم کے اندر ایسے جاندار بھی موجود ہین، جن کے حق مین یہی نورِ عالمتاب، آنکھون کا حجاب بنجاتا ہی، مدینہ پر اس وقت سعودی حکومت کا پرچم لہرا رہا ہی، سلطانِ حجاز کی طرف سے مدینہ مین جو امیر (گورنر) مقرر ہین، وہ عیسائیون کی طرح ہفتہ مین صرف ایک دن، ایک وقت کے لئے مسجد مین حاضر ہونا ضروری خیال فرماتے ہین، "حاضر ہونا" غلط کہا گیا، وہ حاضر نہین ہوتے ہین، مسجد مین "تشریف لاتے ہین" تشریف آوری کی شان یہ ہوتی ہی، کہ نمازِ جمعہ کے وقت مقررہ سے تین گھنٹے قبل (یہ مین گھڑی کے حساب سے پوری ذمہ داری کے ساتھ عرض کر رہا ہون) سے "روضۂ جنت" کا ایک معتد بہ حصہ عام نمازیون، اور عبادت گذارون سے خالی کرایا جانے لگتا ہی، اور منبر سے لیکر مصلی نبی تک کا حصہ بقدر تین صفون کے، ہر نماز پڑھنے والے سے، ہر تلاوت کرنے والے سے، ہر درود پڑھنے والے سے کبھی طوعاً، اور زیادہ تر کرہاً، خالی کرالیا جاتا ہی، اس لئے کہ امیر مع اپنے خدم وحشم کے تشریف لا رہے ہین! (خدا کا شکر ہی کہ اس طرح کی تشریف آوری ہفتہ مین ایک ہی بار ہوتی ہی!) اور یہ خالی کرانے والے سعودی حکومت کے پیادے نیز "محکمۂ امر بالمعروف" کے عہدہ دار ہوتے ہین! محکمہ کا مقصد شریعت کا نفاذ اور

Marfat.com

بدعتون کا مٹانا بتایا جاتا ہی، لیکن خاص جمعہ کے مبارک و متبرک دن عین صاحب شریعت علیہ الصلوۃ والسلام کے دربار مین "بدعتون" کو یون مٹایا جاتا ہی! "امر بالمعروف" کی یون جسارت کیجاتی ہی! "توحید" عملی کی یون منادی کیجاتی ہی، مساوات و اخوت اسلامیہ کا درس، صرف رعایاے حجاز ہی کو نہین ساری دنیاے اسلام کو یون دیا جاتا ہی! اللہ کا حلم، بیشک بہت بڑا ہی، لیکن کیا ہمیشہ مہلت ہی دیتا چلا جاتا ہی!

نماز سے ذرا پہلے امیر صاحب (غالبًا موٹر پر) تشریف لاتے ہین، اور مسجد کے اندر اس شان سے داخل ہوتے ہین، کہ سند و تچیون کا ایک پورا دستہ ہمراہ، آگے بھی سپاہی اور بائین بھی سپاہی، اور اس غول کے اندر امیر صاحب نہ کسی سے مصافحہ، نہ کسی سے سلام علیک! قدم قدم پر حکومت کی شان عیان، اور امارت کے نشانات نمایان، بس یہ معلوم ہوتا ہی، کہ گویا ہندوستان کی سرزمین پر مائیکل اوڈائر، یا جنرل ڈائر اپنے اردلیون اور اپنے فوجیون کی قوت پر نازان، اپنی کالی رعایا کے سامنے، اکڑتا اور جھومتا ہوا چل رہا ہی، لوگ کہتے ہین کہ ترک بادشاہ اپنے نام کے ساتھ "خادم الحرمین الشریفین" لکھتے تھے، اور اس پر فخر کرتے تھے، اب سلطان نجد، و جلالۃ الملک، گو اپنی سلطنت اور وجاہت مین ان سے بہت چھوٹے ہین، ایسا کیون نہین کرتے؟ جواب ظاہر ہی جس سلطان کے نائب اور جس "ملک" کے گورنر تک "خادم" ہونے کے بجائے "مخدوم" ہون اور حرم کے اندر عین عبادت و تضرع کے وقت، عین خشیت و انابت کے موقع پر بھی، اپنے مخدوم اور اپنے حاکم ہونے کا یون مظاہرہ فرماتے رہین، وہ کیا کوئی دیوانہ ہی، جو اپنے کو "خادم" کہتا رہے، اور اپنے تذلل و افتقار کو اپنے لئے باعث شرف سمجھتا رہے؟ —— دوستو اور عزیزو ایمان سوال

Marfat.com

حنبلیت وحنفیت کا نہین، وہابیت اور سنیت کا نہین، ابن تیمیہؒ اور ابو حنیفہؒ کی تقلید کا نہین، سوال صرف قوت واقتدار، حکومت وامارت کا ہی، عبدالعزیز آل سعود آج مَلِک ہی مُلک، اور مُلک کو جھکتے ہوئے اور لچکتے ہوئے، بچتے ہوئے اور دبتے ہوئے، گڑگڑاتے ہوئے اور لرزتے ہوتے آج تک کس نے دیکھا ہی؟ اقبال نے کہا تھا ؎

ایک ہی صف مین کھڑے ہو گئے محمود وایاز
پھر نہ بندہ رہا کوئی نہ کوئی بندہ نواز!

لیکن دنیا اُس وقت سے بہت آگے بڑھ چکی ہی، اب "محمود" اپنی صف ہی "ایاز" کی صف سے الگ رکھے گا، بھلا اب تو کوئی "بندہ" اور "بندہ نواز" کے فرق وامتیاز کو مٹا دیکھے؟

Marfat.com

باب ۱۴

مسجدِ نبوی ﷺ

مسجد پاک کے کن کن حصون کی پاکیان اور کن کن گوشون کی بڑائیان گنائی جائین؟ اور جو ہمہ خوبی دہمہ محبوبی ہی، اسکے کس کس جزو کے حسن وجمال کا نقشہ کھینچا جاے! سوا اسکے کہ ایک ہی بار

گلچین بہارِ تو ز دامان گلہ دارد!

پڑھکر خاموشی اختیار کرلی جائے، ابھی "روضۂ جنت" کا ذکر تھا، "روضہ" کے اندر ہی محراب النبی ﷺ ہے، اس کے مقابل، روضہ کے باہر، منبرِ نبوی کے دوسری جانب محرابِ سلیمانی ہی، سال کے بیشتر حصہ مین، چونکہ جماعت مسجد کی وسعت وگنجایش کے لحاظ سے بہت مختصر ہوتی ہی، اس لئے امام محرابِ نبوی ﷺ مین کھڑا ہوتا ہی، اور نمازی روضہ مین ہوتے ہین لیکن حج کے آگے پیچھے، موسمِ زیارت مین جب مجمع کئی گنا بڑھ جاتا ہی، تو امام، محراب النبی کو چھوڑ کر چند صفین آگے بڑھکر محراب عثمانی مین کھڑا ہونے لگتا ہی، اور نمازی مسجد کے سارے عرض وطول مین پھیل جاتے ہین، یہ محراب ذوالنورین خلیفہ ثالث رضؓ کی تعمیر کرائی ہوئی ہے، اس کی نورانیت کا بیان کس زبان سے ہو! ——— غرض ساری مسجد اللہ ہی کی ہی، اور اللہ کے بندون کے لئے ہے، جہان چاہئے نماز پڑھئے، اور جس جگہ دل مین آئے اپنے مولا سے راز ونیاز مین لگجائے، چپہ چپہ انوار سے معمور، ذرہ ذرہ برکتون سے پرنور

Marfat.com

کس حصہ کو بڑھایئے، اور کس کو گھٹایئے! یہ فخر عمر بھر کہین مٹنے والا، اور یہ شرف زندگی بھر کبھی بھولنے والا ہے، کہ جس زمین کے ذرات کو رسولِ خدا صلعم کے قدمون نے مس کیا، جہان صدیقون نے نمازین پڑھین، جہان شہیدون نے سجدے کئے، جہان نور کے بنے ہوئے فرشتون نے بار بار فخر و ناز کے ساتھ حاضری دی، ہان زمین کے جس ٹکڑے پر آسمان کو رشک آرہا ہو، آج وہان ایک خاک کا پتلا، حرص و ہوا کا بندہ، آزادی کے ساتھ بے روک ٹوک چلے پھرے، ہنسے بولے، روئے اور گڑگڑائے!

یہ نصیب، اللہ اکبر! لوٹنے کی جائے ہے!

پہلے کسی زمانہ مین چار مصلے تھے، جو چارون امامون کی جانب منسوب تھے اب صرف ایک ہی مصلّے ہی، جس پر مذاہبِ اربعہ کے امام مختلف اوقاتِ پنجگانہ مین باری باری نماز پڑھاتے ہین، اور ہر امام کے پیچھے ہر وقت نمازین باقی مذاہبِ ثلثہ کے پیرو جوق جوق نمازین پڑھتے ہین، چار مصلّون کو توڑ کر ایک مصلّے قایم کر دینا، نجدی حکومت کی یقیناً ایک بدعتِ حسنہ ہی، کاش اسی طرح، تفریقون کو مٹا کر وحدتِ امت کا خیال، اس حکومت نے دوسری چیزون مین بھی رکھا ہوتا! فجر کی نماز حنبلی (نجدی) امام پڑھاتا ہی، ظہر شافعی امام سے متعلق ہی، عصر مالکی امام کے اقتدا مین ادا کیجاتی ہے مغرب کی امامت پھر حنبلی امام کے پیچھے ہوتی ہی، اور عشا کے وقت حنفی امام کی نوبت آتی ہے، نمازِ جمعہ پھر حنبلی امام کے پیچھے پڑھی جاتی ہی، اس طرح حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی سب کو ایک دوسرے کے پیچھے ہر روز نمازین پڑھنی پڑتی ہین[1] اور یہی معنی ہین

[1] بعد کو خبر آئی کہ حنفی اور شافعی امام موقوف کر دیئے گئے اور صرف مالکی و حنبلی امام باقی رہ گئے، افسوس!

Marfat.com

وحدت امت اسلامیہ کے، مذاہب اربعہ کی تقسیم سہولیت اور آسانی پیدا کرنے کے لئے ہے، نہ کہ امت اسلامیہ کو مختلف ٹکڑیون مین توڑ دینے، اور ایک کو دوسرے کے مدمقابل وحریف بنا دینے کے لئے، چار جماعتین الگ الگ ہونے مین وہ لطف اور وہ حسن کہان باقی رہ سکتا ہی، جو سب کے یکجا پڑھنے اور ایک امام کی اقتدا کرنے مین آتا ہی، شیعون کے لئے کسی علیحدہ جماعت کا انتظام نہین، خالی اوقات مین شیعون کی چھوٹی چھوٹی جماعتون کو "روضہ" مین اپنے امام کے پیچھے نماز پڑھتے دیکھا گیا، اور چودھری محمد علی مرحوم دلی کے سے شیعہ تو ہم لوگون کی جماعت مین بے تکلف شریک ہوجایا کرتے تھے، کاش یہ فراخ دلی شیعہ فرقہ مین عام ہوجاتی!

فرض نمازون کی اذان کے علاوہ، یہان تہجد کی اذان بھی، ہندوستان کے وقت کے اندازہ سے کوئی ڈھائی پونے تین بجے شب کو ہوتی ہی، اُسی وقت حرم مدنی کے دروازے کھل جاتے ہین، اور اسی وقت خلقت کے ٹھٹ کے ٹھٹ، جو دروازون سے لگے ہوئے باہر کھڑے ہوتے ہین، ذوق وشوق کے ساتھ لمبے لمبے قدم رکھتے ہوئے اندر داخل ہونے لگتے ہین، اور سب کی تمنا یہ ہوتی ہی، کہ سب سے پہلے مصلے نبوی پر یا کم سے کم "روضہ" کے کسی حصہ تک جا پہونچین، تخمیناً گھنٹہ پون گھنٹہ کے بعد فجر کی اذان ایسے وقت ہوتی ہی، کہ خوب اندھیرا چھایا ہوتا ہی، حنبلی امام کی قرأت عموماً بہت طویل ہوتی تھی، پھر بھی جب نماز ختم ہوتی، اندھیرا چھا خاصہ باقی رہتا، اور لوگ تارون کی چھاؤن مین گھر واپس جاتے، اون نکلنے سے لیکر کوئی چار ساڑھے چار گھنٹہ کا وقت مسجد نبوی مین نسبۃً تخلیہ کا ہوتا ہی، اِس وقت ہجوم اور وقتون کے مقابلہ مین کم ہوتا

Marfat.com

ہے، "روضہ" کے اندر نفلین پڑھنے کا یہی بہترین وقت ہوتا ہی، مصلے نبوی پر بھی نماز پڑھنے
کا موقع ملجاتا ہی، جس خوش قسمت کی رسائی یہان تک ہوجائے، اسے یہ نہ بھول
جانا چاہیئے کہ خدا معلوم کتنے دوسرے بھی اسی مصلے پر نماز پڑھنے کے آرزو و اشتیاق
مین ہین، اس لئے اس جگہ پر بہت دیر تک اپنا قبضہ نہ جمائے رکھے بلکہ جلد دوسرون
کے لئے جگہ خالی کردے، حضورِ قلب کے ساتھ اگر چار بلکہ دو رکعتون کا بھی موقع ملجائے
تو بالکل کافی ہی، ظہر مین ابھی گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ باقی ہوتا ہے کہ پھر زائرون اور نمازیون
کا ہجوم بڑھنے لگتا ہی، ٹھیک دوپہر کو بالکل اول وقت، نمازِ ظہر ادا ہوتی ہی، اور اسیطرح
اس کے کوئی تین گھنٹے بعد بالکل اول وقت نمازِ عصر بھی، عصر کے بعد پھر گھنٹہ ڈیڑھ
گھنٹہ ذرا مجمع کم رہتا ہی، یہان تک کہ مغرب مین جب گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ باقی رہتا ہی، تو پھر
بڑھنا شروع ہوجاتا ہی، اس وقت صحن بھی عموماً گھر جاتا ہی، اور درسِ حدیث و درسِ
صرف و نحو کے حلقے جابجا قایم ہوجاتے ہین، مغرب کے بعد بعض لوگون کے وعظ بھی
اکثر سننے مین آئے، ان مین ایک "واعظ" بڑی بلند آہنگی کے ساتھ اردو مین بولتا
رہتا تھا، اپنے کو دہلی کا باشندہ بتاتا تھا، لیکن لہجہ مین پنجابیت اچھی خاصی تھی، ہندوستان
مین تو کوئی اسے جانتا نہین، مگر یہان اس کا شمار "علماء" مین تھا، قرآن کی عبارتین
غلط پڑھتا، اور اس کے معنی غلط تر بیان کرتا، اور "غیر مقلدی" کی تبلیغ دیا کی، اور
بدزبانی کے ساتھ کیا کرتا، ایک روز مین ذری کی ذری کھڑا ہوکر سننے لگا تو کہہ
تھا کہ "جو لوگ یہان کی خاک بطور تبرک لیجاتے ہین، وہ سخت گنہگار ہون گے اور
ہرگز نہ بخشے جائین گے، اس لئے کہ قرآن مین آچکا ہی، ان اللہ لا یغفر ان یشرک
عشا کی نماز، مغرب کے کوئی ڈیڑھ گھنٹہ بعد ہوتی ہے، اس وقت کے امام حنفی

تھے جو ماشاء اللہ تجوید سے واقف ہین، اور خوش الحان بھی ہین، حنبلی امام کے برخلاف قرات مختصر کرتے اور ارکانِ نماز بڑے اطمینان سے ادا کرتے، اس لئے قدرۃً اس نماز مین اور تمام نمازون سے زیادہ جی لگتا، جماعت عشا کے کچھ دیر کے بعد مسجد ہر شخص سے خالی کرا لیجاتی، خدام کھوج لگاتے ہین، کہ کہین کوئی شخص چھپکر تو نہین بیٹھ رہا ہی، روشنیان کل کردیجاتی ہین، اور دروازے بند ہوجاتے ہین، صرف دو ایک خادم اندر رہجاتے ہین،

مسجد کے خدام عموماً سیہ فام خواجہ سرا ہین، حبشہ، مراقش، زنجبار، وغیرہ افریقہ کے مختلف علاقون سے ترکون کے زمانہ مین نوعمر خواجہ سرا لاکر بکتے تھے، اور ترک سلاطین انھین خدمتِ حرمین کے لئے خرید لیتے تھے، سلطان ابن سعود نے اس دستور کو جو ہرگز نہ سنتِ رسول ﷺ کے مطابق تھا، نہ سنتِ صحابہؓ کے، بحمداللہ بند کردیا ہی، تاہم پرانے خواجہ سراؤن کی ایک تعداد (پچیس تیس کے قریب ہوگی) اب بھی باقی رہ گئی ہے، حرم نبوی ﷺ کے اصلی خدام، چند سال قبل تک یہی لوگ تھے، اور اس مقدس چار دیواری کے اندر سیاہ و سپید سب انھین کے ہاتھ مین تھا، اب انکے اختیارات بہت گھٹ گئے ہین، اور تنخواہین بھی بہت کم ہوگئی ہین، نذرانون کی آمد نیان بھی یون ہی رہ گئی ہین، تاہم ان کے حسن اخلاق، ان کے ولولۂ خدمت، انکے حبِّ رسول ﷺ مین اب بھی کوئی فرق نہین، انکا وہ سر سے پیر تک سفید براق لباس، وہ اونچی اونچی پگڑیان، وہ ڈھیلی ڈھیلی عبائین، وہ لمبی لمبی آستینین، ایک مرتبہ دیکھ لینے کے بعد انکی صورتین نظر مین ایسی کھب جاتی ہین، کہ پھر نکالنا چاہے بھی، تو نہین نکلتین، مدینہ والے

Marfat.com

خصوصاً حرمِ مدینہ والے، یون تو سب ہی آپ کی امداد و اعانت کے محتاج و منتظر، لیکن
بن پڑے تو ان خدام کی کچھ خدمت، خلوصِ دل سے ضرور کیجئے، ان کو یہان کی اصطلاح
مین "آغا" کہتے ہین، بیچارے اپنے وطن سے دور، اور اپنے عزیزون قریبون سے مجبور،
آستانۂ نبیؐ پر پڑے ہوئے ہین، نہ کہین آنے کے نہ کہین جانے کے، کچھ بھی ہو جائے،
کیسے بھی انقلابات آئین، سارے شہر مدینہ کی آبادی خالی ہو جائے، پر یہ یہان سے
نہین ٹلتے، جب دیکھئے، حجرۂ مطہرہ کی پشت پر، جانب شمال، باب جبرئیل، باب النساء
کے درمیان اپنے وسیع چبوترہ (دکۃ الاغوات) پر بیٹھے ہوئے، اور کہا جاتا ہی کہ یہی چبوترہ
کبھی اصحابِ صفہ کا صفہ (چبوترہ) تھا، ان کے کمزور جثون، ان کے نحیف جسمون، اور
سب سے بڑھکر ان کے سیاہ رنگ پر اگر کبھی نظر جائے، تو فوراً یہ یاد کر لیجئے، کہ فخرِ امت
بلالؓ کس ملک کے اور کس رنگ کے تھے، موجودہ آغاؤن کے سردار خلیل آغا
خاص طور پر خوش اخلاق ہین، ہندوستان بھی آچکے ہین،

حرم کے اندر ایک خاص شخصیت "شیخ الروضہ" شیخ توفیق کردی ہی، جو ترکون
کے زمانہ سے، اسی عہدہ پر ہین، نورانی چہرہ، سفید رنگ پر سن سفید داڑھی ہے
سے کلام مجید آس پاس لئے ہوئے، روضہ کے اندر منبر نبویؐ و مصلی نبویؐ کے درمیان
بیٹھے ہوئے، تلاوت کے لئے، جس وقت، جتنی دیر تک جی چاہے اُن سے کلام
لے لیکر پڑھتے رہئے، ایک صاحب نقیب العلمائ کے لقب سے باب مجیدی کے
صحن کے شمالی دالان مین لڑکون کو درس دیتے رہتے ہین، یہ بھی ملنے کے
ہین، ذیعلم خوش اخلاق، بے طمع، ہندوستان کی سیر کئے ہوئے، پانچون

پر ایک ایک دو دو بوّاب ہینی دربان، جنکا کام یہ ہی، کہ جب آپ مسجد کے اندر قدم رکھنے لگین، تو اپنا جوتہ، یا چھتری، یا لالٹین، ان کے پاس رکھا دین، واپسی پر بہ حفاظت آپ کی چیز آپ کو مل جائیگی، اس مقدس مکان کی دربانی، کوئی معمولی چیز ہے! جس کے نصیب مین آجائے، اُسکی خوش نصیبی قابل رشک! باب جبرئیل کے دربان سے سابقہ زیادہ پڑتا رہا، ایک ہندوستانی ہین، صوبۂ بہار کے رہنے والے، قمر الدین نام ہے، سالہا سال سے ترکِ وطن کئے، درِ رسولؐ پر پڑے ہوئے ہین، عربی فارسی سب زبانین بقدر ضرورت سیکھ لی ہین، ذرا خوشدلی سے انکی خدمت کر دیجئے، بس پھر دیکھئے کیسے مہربان ہو جاتے ہین، اور آپ کے کیسے کیسے کام نکال دیتے ہین، باب الرحمۃ پر جو دربان ہین، ایک نورانی شکل کے پیر مرد ہین، ثقہ لوگون سے سننے مین آیا، کہ صاحب دل و صاحب نسبت ہین، باب مجیدی کے بواب سے صرف دو ہی ایکبار سابقہ پڑا، لیکن انکی خدمت مین جو کچھ پیش کیا گیا، اسے کسی طرح قبول نہ فرمایا، یہی کہتے رہے کہ "میرے لئے کعبہ و عرفات مین دعا کر دینا، یہی معاوضہ کافی ہی" یہ بے طمعی، اور ایسی متوکلانہ روش ایسے موقع پر، جہان ہر وقت ترغیبات موجود ہون، قایم رکھنا بجائے خود ایک مجاہدہ ہی،

بلدۂ طیبہ مین قیام کی جگہین بہت سی ہین، علاوہ کرایہ کے مکانات کے رباط بھوپال، رباط لونک، حیدر آباد کی متعدد رباطین، وغیرہ، اوپر گذر چکا ہی، کہ اپنا قافلہ حیدر آباد کی ایک رباط مین آکر اترا، لیکن دوسرے تیسرے ہی روز قافلہ مختلف مکانون مین تقسیم ہو گیا، مولانا مناظر صاحب، مولوی عبد الباری صاحب وغیرہ بدستور

رباط حسین بی مین مقیم رہے، جو حرم سے دو فرلانگ کے فاصلے پر ہی، بعض دوسرے رفقاء بھی الگ الگ مکانات مین اُٹھ گئے، لیکن جو جماعت بھر مین سب سے زیادہ کم ہمت اور بہانہ باز تھا، اُسے مع خاص اس کے چھ آدمیون کے قافلہ کے، اللہ کے فضل و کرم نے حرم کے باب جبرئیل و باب النساء سے کل دس بیس گز کے فاصلہ پر، مولانا سید احمد کے مدرسۃ الیتامیٰ سے متصل، مولانا ہی کے ذریعہ سے جگہ دلادی! وہ کمزورون اور ناتوانون کا رب، اپنے پست ہمت بندون کی شایدیون ہی دستگیری کرتا رہتا ہے! مولانا سید احمد فیض آبادی کے احسانات و عنایات کا بیان کن الفاظ مین ہو، محض انھین کے لطف و توجہ نے قیام کا مسئلہ یون حل کر دیا، اور اس کا پورا موقع بہم پہونچا دیا، کہ جتنی دیر تک اور جتنی بار جی چاہے، حرم مین حاضری ہوتی رہے اور پھر کھانے پینے، اوڑھنے بچھانے، اور ہر قسم کے سامان آسایش کی، جس اہتمام و التزام کے ساتھ، وہ ہر وقت خبر لیتے رہے، اس کی تفصیل اگر تحریر مین لائی جائے، تو یقیناً ایک گروہ اسے مبالغہ بیانی پر محمول کرے،

حرم کے دروازے نماز عشا کے کچھ دیر بعد بند ہو جاتے ہین، اور شب مین کسی کو اندر رہنے کی اجازت نہین، الا یہ کہ خدام و محافظین سے مخصوص اجازت قبل سے حاصل کر لی جائے، کون ایسا بد نصیب ہے، جسے اس کی تمنا نہ ہوئی ہوگی؟ لیکن اس آرزو کے پورے ہونے کی آخر کیا صورت؟

حل این نکتہ ہم از روے نگار آخر شد!

لہ اب یہ اجازت بھی نہین مل سکتی،

ایک بار پھر اپنے انھین فیض آبادی بزرگ، اور اُن کے حقیقی بھائی حضرت مولانا حسین احمد صاحب کا نام لینا پڑتا ہے، کہ ایک کے مکتوب نے اور دوسرے کی زبانی گفتگو نے اخواتِ حرم، خصوصاً شیخ خلیل آغا کو (جو حدیث مین موجودہ شیخ الحدیث دیوبند کے شاگرد بھی ہین) مہربان کر دیا، اور ایک شب، کہ شب دوشنبہ تھی، قیام کی اجازت اس نامہ سیاہ اور اس کے رفیقون مین مولانا مناظر صاحب کو مل گئی، چند اور اصحاب کو بھی جو سب کے سب ہندی ہی تھے، اسی شب اجازت ملی جن مین قابلِ ذکر میر نزنگ صاحب (معتمد انجمن تبلیغ اسلام انبالہ) اور حیدرآباد دکن کے وکیل مولوی ابوالخیر خیر اللہ صاحب ہین، یہ شب کس طرح گذری اور کس نے کیا کیا کیا، اس کی شرح اخبار کے صفحہ پر لانے کی نہین، صرف لوحِ دل پر محفوظ رکھنے کی ہے، البتہ ایک بدنصیب ایسا تھا، جس نے اپنی ناقدری سے اس شب قدر کو بھی بالکل ضایع کر کے رکھا، وہ صحن مین جاکر سویا بھی، اور جتنی دیر تک جاگا، اتنی دیر بھی اس کا وقت غفلت ہی کی نذر رہا! وہ اپنی محرومیون اور کوتہ بختیون کا گلہ کس سے اور کن لفظون مین کرے! سکندر کو حضرت خضر جیسے رہبرِ کامل ملے، اور چشمۂ حیوان تک رسائی ہوئی، لیکن نتیجہ؟ یہ واقعہ دنیا کی تاریخ مین صرف ایک ہی بار، ایک ہی شخص کو پیش نہین آیا ہے، خدا معلوم کتنے سکندر ہین، جنھین ہر جگہ ہر وقت یہی پیش آتی رہتی ہے ——— باقی اور بعض مہربانون نے اس شب مین جو کچھ کیا حکومت کے قانون، اور شریعت کے قانون دونون کو جس طرح توڑا

Marfat.com

آستانۂ مبارک پر جس طرح سجدے کئے، اُس کے آستانہ پر سجدے کئے، جسکی ساری زندگی کا منشا، اسی انسان پرستی کو مٹانا تھا، اُن کی بابت کیا کہا جائے، اور بیسوین صدی عیسوی کا دوریا جو جی جو کچھ دکھا رہا ہے، اس کا رونا کہاں رویا جائے!

باب ۱۵

انوارِ مدینہ

مسجد نبویؐ کی زیارت ہو چکی، آستانۂ نبوت پر سلام عرض کیا جا چکا، صدیقؓ اور فاروقؓ کے دربار مین حاضری کے آداب بجا لائے جا چکے، گھڑیان اور گھنٹے گزر چکے، زائین آئین اور جا چکین، دن طلوع ہوئے اور ختم ہو چکے، لیکن ابھی وہان حاضر ہونا باقی ہے، جہان آدھی رات کو خواب اور آرام چھوڑ کر تشریف لیجانا اور اپنے مولا سے راز و نیاز مین مصروف ہو جانا، خود محبوب رب العالمین کو محبوب تھا، اس مقام کا نام کون مسلمان ہے، جسکو معلوم نہین؟ اس جگہ کی حاضری، کون سا دل ہے، جسمین اس کا ارمان نہین، بقیع الغرقد، یا عرف عام کے مطابق جنت البقیع وہ خاکِ پاک ہے، جہان رسول صلعم کے چہیتے اور لاڈلے، اللہ کے برگزیدہ اور پیارے، ایک دو نہین، دس بیس نہین خدا معلوم کتنے اور کس تعداد مین، آرام فرما رہے ہین! حرم نبویؐ سے کچھ زیادہ دور نہین، مشرق کی جانب پیدل ٹہلتے ہوئے چلیے، تو آٹھ دس منٹ مین بآسانی پہونچ جائے گا، آبادی سے الگ ایک نہایت وسیع چار دیواری، اور اس احاطہ کے اندر کیا بتایا جائے کہ کیسے کیسے گوہر نایاب زیر خاک آسودہ ہین! ادھر دیکھیے تو جگر گوشۂ رسول صلعم چہا جزادہ ابراہیمؓ، جو اگر زندہ رہتے تو نبی ہوتے، اور نورِ نظر

Marfat.com

امام حسنؓ، اُدھر دیکھئے تو دونون صاحبزادیان حضرت رقیہؓ، و حضرت ام کلثومؓ، اور شہیدِ کربلا کے لخت جگر امام زین العابدینؒ، ایک طرف امت کی شفیق مائین، مائی عایشہؓ، اور مائی حفصہؓ، مائی زینبؓ اور مائی ام سلمہؓ اور تقریباً ساری امہات مومنینؓ، اور دوسری طرف عم رسولؐ عباسؓ اور عمۂ رسول صفیہؓ، ایک گوشہ مین خلیفہ ثالث عثمانؓ ذوالنورین اور ایک ٹکڑے مین عبد الرحمن بن عوفؓ، اور سعد بن ابی وقاصؓ، اور اگر ایسی روایات بھی قبول کر لیجائین جو اب تک محققین کے ہان مقبول نہین کی گئی ہین، تو خاتونِ جنت فاطمہ زہراؓ، اور امیر المومنین علی مرتضیٰؓ بھی!

ایسے ایسے آفتاب اور ایسے ماہتاب جہان زیر خاک ہون، اُس زمین کی نورانیت پر اگر خود آسمان بھی رشک کرنے لگے، تو کس کو حیرت ہو سکتی ہے، اور یہ چند نام تو صرف نمونہ کے طور پر لے دیئے گئے، کہ ان سے اس خطۂ صالحین کی عظمت و نورانیت کا کچھ اندازہ ہو سکے، ورنہ جہان ایک نہین، چند نہین، ہزارون صحابی آرام فرما ہون، جہان بے گنتی شہدا و صدیقین مدفون ہون، اور جہان زمانہ صحابہ و تابعین سے لیکر اس تیرہ سو برس کے اندر بے شمار اولیاء کاملین اور ابرار صالحین کی ایک پوری بستی کی بستی آباد ہو چکی ہو، وہان کے انوار و برکات کا احاطہ کرنا کس کے بس کی بات ہے! آج ان مین کوئی ایک ہستی بھی کہین علیحدہ مدفون ہوتی، تو اس کا مزار مرجع خلایق بنجاتا، اور اُس کے آستانہ پر ایک پورا میلہ لگا رہتا، لیکن یہان روضۂ رسولؐ کا جوار ہے، بجلی کے قمقمے بڑے روشن سہی، ستارون کی روشنی شب تار کی تاریکیون کو کافور کر دینے والی سہی، اور خوش جمال ماہتاب ان سب سے روشن تر سہی، لیکن جب

آفتابِ عالمتاب طلوع ہوتا ہی، تو اُس کے پہلو مین، کون ایسا ہے، جس کی روشنی ماند نہین پڑجاتی! آستانۂ رسول صلعم ہے فرصت کس کو، اور فرصت ہو بھی تو دل کس کا، کہ بقیع تک جائے، خواہ اس کا فاصلہ چند ہی قدم سہی! اسی حیص بیص مین دن گذرتے گئے، اور ٹلتے گئے، لیکن بالآخر ایک روز صبح سویرے بعد نماز فجر، کہ وہ وقت بقیع مین ہجوم کا بالکل نہین ہوتا، حاضری کا ارادہ کر لیا، اور داغستانی صاحب کی رہبری مین چل کھڑا ہوا،

بقیع کو جا کر دیکھا، اچھی طرح دیکھا، کاش نہ دیکھا ہوتا! کاش وہان جانے کی نوبت نہ آئی ہوتی، کاش وہان کی حاضری، جہان چند روز تک ملتوی ہوتی رہی تھی، ہمیشہ ٹلتی ہی رہی ہوتی! شاعر کا مصرعہ

ہمہ شوق آمدہ بودم ہمہ حرمان رفتم!

پڑھا جا رہا تھا، معنی کا تحقق آج جا کر ہوا! شریعت کے قانون مین شاندار مقبرون اور اونچے اونچے قبون کی یقیناً گنجایش نہین، قبرون کے پختہ کرنے تک سے نہی آئی ہے، (گو وہ نہی، نہی تنزیہی سمجھی جائے) لیکن کیا قبورِ مسلمین کی توہین، چہ جائیکہ قبورِ صالحین وصدیقین کی اہانت، کا حکم بھی کہین وارد ہوا ہے؟ حکم نہ سہی، کسی امام نے اس کی اجازت بھی دی ہی؟ نجدیون نے قبے گرا دیئے، درست، قبرین بھی تمام ترکچی بنا دی گئی ہوتین، تو حکومت کا ہاتھ پکڑنے والا کوئی نہ تھا، لیکن یہ کیا قیامت ہے، کہ مقبرۂ صالحین کو گرے ہوئے مکانات کا ملبہ بنا دیا جائے، بلکہ (مسلمانون کے کان اس سے بھی زیادہ صاف صاف سننے کے لئے تیار ہین؟) اس کی ہیئت اس درجہ مسخ کر دیجائے

کہ دیکھنے والون کو، پاکون کے پاک مدفن پر نعوذ باللہ ایک طرح کے مزبلہ یا گھورے
کا دھوکا ہونے لگے! ٹین کے ٹکڑے، ٹاٹ کے سڑے گلے ٹکڑے، بالون کے گچھے
اور اسی قسم کی دوسری چیزین، جو عموماً گھورے پر پھینکدی جاتی ہین، ان پاک جسمون کی
پاک تربتون پر، کثرت کے ساتھ، پڑی ہوئی اپنی انھین آنکھون سے دیکھنی پڑین!
بقیع کے مقابر ایک احاطہ کے اندر ہین، احاطہ کا ایک پھاٹک ہے، پھاٹک پر سرکاری
پہرہ رہتا ہی، ان پہرہ دارون کا کام یہ ہے، کہ زائرون کو ہر "بدعت" سے روکین،
لیکن "بدعت" کی نجدی تعریف مین، قبورِ صالحین کی توہین، اور اُن پر گندگی کا ڈالنا
یقیناً داخل نہین! گویا قبورِ صالحین کو اتنی گندی اور غلیظ حالت مین رکھنا (نعوذ باللہ)
سنت و آثارِ سلف کے مطابق ہی!

امت اسلامیہ کی شوربختیون کی کوئی انتہا ہے؟ ایک طرف اگر محبت کا نام کہین
سے کان مین پڑ گیا ہی، تو بس "مزارات" پر میلہ ہین، راگ ہے، ناچ ہے، نشہ بازیان
ہین، بدکاریان ہین، طواف ہے، سجدہ ہے، چادر ہی، گاگر ہے، دوسری طرف
اگر "اصلاح" اور "بدعت شکنی" کی بولی زبان نے سیکھ لی ہے، تو یہ بے ادبیان ہین،
بے احترامیان ہین، اہانتین ہین، زندون کی دلآزاریان ہین، اور مردون کی دلشکنیان
اور خواریان ہین! ضد اور نفسانیت کا دور دورہ ہے، فریقانہ جنبہ داریون کی
گرم بازاری ہے، کون کسے روک سکتا ہے، ہر زبان آزاد، ہر قلم بیباک
ہر ہاتھ گستاخ!

جو گنہ کیجئے ثواب ہے آج!

ان سطور کے پڑھنے والون مین بہت سے ایسے ہین جو دلسوزی و نیک نیتی کیساتھ نجدی حکومت کے ہمدرد و ہوا خواہ ہین، اور ان مین سے بعض ان سطور کے لکھنے والے کے مکرم و مخدوم بھی ہین، ازراہ کرم وہ عالم الغیب والشہادۃ کو گواہ کرکے خود اپنے قلب سے استفتا کرین، کہ آج اگر امام احمد بن حنبلؒ زندہ ہوتے، اور امام احمدؒ نہ سہی، حافظ ابن قیمؒ یا ان کے استاد شیخ ابن تیمیہؒ بھی ہوتے، تو وہ بقیع کی اس گندی حالت کو گوارا فرما سکتے تھے، جو چودھوین صدی کے نجدی "حنابلہ" نے اس کی بنا رکھی ہی، یہ تو ایسی شے ہے، کہ بالفرض فقہ حنبلی نے اسے جائز رکھا ہوتا، تو بھی نجدی حکومت کو جمہور مسلمین کے مذاق کی رعایت لازمی تھی، چہ جائیکہ جب فقہ حنبلی مین سرے سے اس بابت کوئی حکم ہی نہ موجود ہو، مصالحِ امت کی اہمیت اسی سے واضح ہے، کہ خود صاحب شریعت علیہ الصلوۃ والسلام نے اس کا لحاظ رکھا ہی، اور حطیم کو خانۂ کعبہ مین شامل کرنے سے اسی بنا پر اعراض فرمایا، کہ اس سے امت مین ایک تفریق اور فتنہ پیدا ہونے کا احتمال تھا، پھر کسی غیر نبی کا جزئیات مین اِس قدر غلو و تشدد اپنے اندر کیونکر کوئی پہلو جواز کا رکھ سکتا ہی!

سعودی حکومت کے روشن پہلوؤن سے انکار نہین، لیکن نہ ہو، کہ کسی اہل دل کی زبان پر آیۂ کریمہ وَاِثمھما اکبر من نفعھما کا مضمون آجائے، اسکی ساری خوبیان ایک طرف، اور جنت البقیع کی یہ ناقابلِ برداشت حالت تنہا ایک طرف کم سے کم، عام مسلمان تو اس مشاہدہ کے بعد اپنے دماغون مین سعودی حکومت کی کوئی خوشگوار یاد لے کر نہین واپس ہو سکتے، اور حکومت کی فہرستِ جرائم کا

Marfat.com

یہ آخری عنوان ہرگز نہین، خود مسجد نبوی کے ساتھ جس بے التفاتی و سرد مہری کا مستقل برتاؤ قائم ہی، اُسے بھی کوئی کیسے بھلا سکتا ہی؟ مسجد مین قالین بچھے ہوئے ضرور دیکھے گئے، لیکن اول تو یہ سننے مین آیا، کہ یہ قالین ہمیشہ نہین بچھے رہتے، بلکہ صرف موسم زیارت بھر کے لئے بچھوا دیئے گئے ہین، باقی سال کے بیشتر حصہ مین محض چٹائی بچھی رہتی ہی! اور پھر جو قالین بچھے ہوئے دیکھے گئے، وہ اتنے بوسیدہ اور ایسے ادنی درجہ کے تھے، کہ مسجد نبوی تو الگ رہی، اگر دہلی کے جامع مسجد مین بھی بچھا دیئے جائین تو بجاے زیب و زینت کے بدنمائی اور بدزیبی کا سامان بن جائین! یہ صحیح ہے کہ سعودی حکومت ترکون کی سی دولت نہین رکھتی، لیکن یہ بھی صحیح ہے، کہ سعودی حکومت اتنی مفلس و نادار بھی نہین، کہ مسجد نبوی کے لئے ایسے قالین بھی نہ بہم پہونچا سکے، جنکا انتظام بھوپال، ٹونک، بہاول پور اور رامپور کی مسلمان ریاستین بدقت نہین، بلا دقت، کر سکتی ہین! اور تنہا فرش ہی پر موقوف نہین، روشنی کا انتظام بھی ایسا ہی ناقص و ابتر ہے، بجلی کا انجن خاص مسجد نبوی کے لئے موجود ہے لیکن خدا معلوم انجن کا قصور ہی، یا انجن چلانے والون کا، کہ روشنی اول تو ہی بہت ناکافی، یعنی جس وقت سارے قمقمے روشن ہوتے ہین، اس وقت بھی دھندلی سی رہتی ہی، دوسرے بجلی کی روبار بار "فیل" ہوتی رہتی ہی، بارہا ایسا اتفاق ہوا کہ تہجد کی اذان ہو گئی، دروازون پر نمازیون کا ہجوم ہی، لیکن پھاٹک اس لئے نہ کھلتے کہ اندر اندھیرا گھپ پڑا ہوا ہی، اور روشنی کی رو کسی طرح آ نہین چکتی! بجلی کی روشنی اور ایسا اندھیر!

Marfat.com

فرش اور روشنی کی بدانتظامی سے کہین زیادہ تکلیف وہ وضوخانون کی بدانتظامی ہے، جس قسم کے وضوخانے اور حوض ہندوستان کی بڑی بڑی مسجدون مین عموماً ہوتے ہین، اس طرح کی کوئی چیز مسجد نبویؐ مین سرے سے موجود ہی نہین، البتہ مختلف دروازون کے باہر پانی کے نل کی چند ٹونٹیان لگادیگئی ہین، یہ گنتی کی چند ٹونٹیان اول تو کسی بڑے مجمع کے لئے کسی طرح کافی ہی نہین ہوسکتین، پھر اکثر تجربہ یہ ہوا، کہ جن حوضون مین یہ ٹونٹیان لگی ہوئی ہین، نماز کے وقت سرے سے وہ حوض ہی خشک ہین! اور اگر ٹونٹیون سے پانی آتا ہوا دیکھا بھی گیا، تو خدا جانے ٹونٹیون مین کیا نقص ہی، کہ پانی نکلنا بہت قلیل مقدار مین ہے، اور بہت باریک دھار سے، جس کا نتیجہ یہ ہی، کہ جتنے وقت مین تین آدمی وضو کرسکتے ہین، اتنی دیر ایک آدمی کو لگ جاتی ہی، اور ہجوم کی کشمکش مین پورا اوھورا الٹا سیدھا، جس طرح بھی وضو کرنے کو ملجاتا ہی، وہ بیچارہ اسی کو غنیمت سمجھتا ہی، وضوخانون ہی کی طرح طہارت خانون کے بھی کافی انتظام کی شدید ضرورت ہی، اور یہ سارے انتظامات ایسے ہین، جو تھوڑی ہی سی توجہ سے، بغیر کسی غیر معمولی بارِ مصارف کے، انجام پاسکتے ہین، کاش سعودی حکومت کو اس کی توفیق نصیب ہوتی، کہ اختلافی ونزاعی جزئیاتِ امور کو چھوڑ کر اپنی توجہ والتفات کا مرکز انھین معاملات کو بناتی، جنکا متعلق، بلانزاع و اختلاف، زائرون اور نمازیون کے ہر فرقہ اور ہر طبقے سے ہی!

اپنے ملک کے فرقۂ شیعہ کی حالت دیکھکر خیال یہ ہوتا تھا، کہ حج وزیارت کیلئے شیعہ تو جاتے نہ ہونگے، لیکن تجربہ سے معلوم ہوا کہ یہ خیال غلط تھا، ہندوستان

Marfat.com

کے شیعہ تو بے شک برائے نام ہی تھے، لیکن عراق و خراسان کے شیعہ ہزارون کی تعداد مین آئے ہوئے تھے، شیعون کے مزوّر علیحدہ ہین، انھین آداب زیارت وہی تلقین کرتے رہتے ہین، "روضۂ جنت" کے اندر شیعون کو مین نے بکثرت نماز پڑھتے دیکھا فرداً فرداً بھی، اور اپنی جماعتین بنا بنا کر بھی، اہلِ سنت کی پنجوقتہ جماعت کے وقت یہ لوگ الگ الگ ہٹ جاتے تھے یا اکثر باہر چلے جاتے تھے، بعض فراخ دل شیعہ اپنے بھی دیکھنے مین آئے، جو ستونِ عائشہ صدیقہ کے پاس کھڑے ہو کر دیر تک نمازین پڑھتے رہے اور اپنے شیعی دوست چودھری محمد علی ردولوی کا یہ فقرہ مجھے کسی طرح نہین بھولتا جو اس موقع پر انھون نے فرمایا تھا کہ "بیوی عائشہ رضؓ جیسی بھی ہون بہرحال ہمارے رسول صلعم کی محبوب تھین" لیکن یہ حال سب کا نہ تھا، بیشتر تو یہ ہوتا رہتا، کہ یہ لوگ نہایت کثیف جسم و لباس کے ساتھ کئی کئی کے غول مین آتے، اور جالیون کو یا منبر رسول کو بوسہ دینے کی کوشش کرتے، حجودی سپاہیون کی نظر پڑ جاتی، اور وہ انھین دھکیلتے اور کبھی کبھی مارتے بھی، یہ لوگ بھاگتے، اور سپاہی انھین پکڑنے کو دوڑتے، یہ ماجرا عموماً خراسانی شیعون کے ساتھ پیش آتا رہتا تھا، عراق کے شیعہ اپنے خراسانی بھائیون سے جسم و لباس مین ہر طرح بہتر ہوتے تھے، یہ لوگ مقابلہ پر آمادہ ہو جاتے تھے، اور سپاہیون سے کلہ بکلہ لڑتے، غرض دونون صورتون مین، وہ مقدس جگہ جو صرف نماز، اور عبادت، تضرع و الحاح کے لئے تھی، اور جسکا ادب و احترام فرشتے تک کرتے ہین، خود امت محمدیہ ہی کے نادانون کے ہاتھون بے ادبیون اور بدتمیزیون کی تماشا گاہ بنجاتی! ایسا ہی ہنگامہ مصری عورتون کی زیارت کے وقت برپا رہتا، ماشاء اللہ بڑی قدآور تنومند، چہرے کھلے ہوئے، لیکن اور ہر طرح پر مستور

سر سے پیر تک سیاہ لباس مین ملبوس، غول کے غول آتی ہین، اور آتے ہی جالیون سے چمٹ کر بوسہ دینا چاہتی ہین، سعودی سپاہی، عموماً حبشہ کے لاغر و نحیف، بڑھکر انھین روکنا اور دھکے دینا چاہتے ہین، لیکن اکثر خود ہی شکست کھاتے ہین، اور اس ہاتھا پائی آپا دھاپی مین، جو جو بد تمیزیان، نادانستہ سہی، عین مواجہہ مبارک یا بالین مبارک یا پائین مبارک مین سرزد ہوتی رہتی ہین، خدا کرے کہ آیندہ کبھی نہ واقع ہون، اور ان کے ذکر کرنے کی ضرورت کسی کو پیش نہ آئے،

بوہرون کے مختلف فرقون، داؤدیون اور سلیمانیون کو، اور دوسرے اسلامی فرقون کو اپنے اپنے طریقون پر نمازین پڑھتے اور زیارت کرتے دیکھا، رحمتِ عالمؐ کا دربار سب کی عقیدتون کا مرکز ہی، اختلافات جتنے ہین، باہر ہین، اندر نہین، راہ مین ہین، منزلِ مقصود مین نہین، امام ابو حنیفہؒ ہون یا امام شافعیؒ، حضرت جیلانیؒ ہون یا خواجہ اجمیریؒ، سب آستانِ رسالتؐ تک پہونچانے کے واسطے اور ذریعے ہین، حرم کے اندر داخل ہوکر، درِ رسولؐ پر پہونچکر، نہ کوئی حنفی ہی نہ شافعی، نہ مالکی ہی نہ حنبلی، نہ اشعری ہے، نہ ماتریدی، نہ قادری ہے، نہ چشتی، نہ صابری ہے، نہ مجددی، نہ مقلد ہی، نہ غیر مقلد سب کے سب صرف محمدیؐ ہین، رسولؐ کی حیات مین صحابہؓ کا کیا مذہب تھا؟ کیا وہ بجز محمدیؐ ہونے کے کچھ اور تھے؟ حضور کے مواجہہ مین اپنے آپ کو کسی اور کی جانب منسوب کرنا کتنی بڑی گستاخی، اور نادانی تھی؟ پھر آج جب آپ کی خوش نصیبی آپ کو درِ رسولؐ تک لے آئی ہی، اور آپ کو یقین ہی کہ آپ کا رسول زندۂ جاوید ہے تو یہ کتنی بڑی گستاخی، اور کیسی کھلی ہوئی نادانی ہوگی، کہ آپ، نبیؐ کے ہوتے ہوئے کسی غیر نبی

کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑے رہین، اور اس رشتہ پر فخر و ناز کرتے رہین، رات کی تاریکیون مین بے شبہہ ہر روشنی ایک نعمت ہی، لیکن جب آپ آفتاب کے سامنے ہین، تو اتنی دیر کے لئے تو اپنی قندیلون اور اپنی مشعلون کو گل کر ہی دیجئے، اور ہو سکے تو آج نئے سرے سے مسلمان ہو جیے، اپنے اسلام کی تجدید کیجئے، اللہ اور رسول کے سامنے اپنے عہد و پیمان کو استوار کیجئے، اور اُس کے ہاتھ پر بیعت کیجئے، جسکا ہاتھ قادرِ مطلق کا ہاتھ، اور جس کی بیعت خالقِ کائنات کی بیعت ہی، ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ، ید اللہ فوق ایدیھم، مبارک ہین وہ جنھین اس عہد کی توفیق نصیب ہو، مبارک تر ہین وہ جنھین اس عہد پر ثابت قدمی نصیب ہو!

باب ۱۶

آثارِ مدینہ

مدینہ وحوالی مدینہ مین مقاماتِ زیارت کی کیا کمی، ذرّہ ذرّہ مقدس اورچپہ چپہ زیارت گاہ مرفوردن کے ہاتھ مین اپنے آپ کو دیدیجئے، توخدا معلوم کتنے مقامات کی زیارت کرادینگے مقبرے، مسجدین، پہاڑیان، کنوئین، ولادت گاہین، اور کتنے ہی اور مقدس آثار ومشاہد زیادہ مشہور زیارت گاہون کے نام یہ ہین، مسجد قبا، مسجد ذوقبلتین، جبل احد، بیر ماریس بیر رومہ، مقتلِ شہدائے اُحد، ان مین سے کوئی مقام بہت زیادہ فاصلہ پر نہین، عموماً دو دو چار چار میل کے اندر ہین، اگر پیدل چلنے کی عادت وہمت ہو، اور وقت کافی ہو، تو پاپیادہ ہی زیارت ہوسکتی ہی، ورنہ یہان کی سواری جو اعرابی کہلاتی ہی، چند روپیہ کے کرایہ پر آمد ورفت کے لئے طے ہوسکتی ہی، دوستون اور رفیقون نے اکثر مقامات پر حاضری دی، اور خصوصاً مولانا مناظر احسن صاحب تو ہمہ تن ذوق وشوق بنے ہوئے ہر جگہ

تمتع ز ہر گوشہ یافتم

پر عمل کرتے رہے، اور ہر بابرکت زمین سے مشرف ہوتے رہے، لیکن قافلہ مین ایک کاہل وبے ہمت ایسا بھی تھا، جو باوجود خاصے طویل قیام کے کہین نہین نکلا، اور

اس کا نفس ہمیشہ یہ تاویل کرتا رہا، کہ آستانِ پاک مسجد نبویؐ سے کہین ہٹنا، آفتاب کو چھوڑ کر قندیلون اور مشعلون کی روشنی تلاش کرنا ہی، البتہ ایک مسجد قبا اس سے مستثنیٰ تھی، اس کی زیارت کی فضیلت کسی ظن و قیاس سے نہین، نص سے ثابت ہی، اور حدیث مین وارد ہو چکا ہی، کہ مسجد قبا مین نماز پڑھنے کا اجر، عمرہ کے اجر کے مساوی ہی، من تطھر فی بیتہ ثم اتی مسجد القباء فصلی فیہ صلوٰۃ کان لہ کاجر العمرۃ، اسلام مین جو مسجد سب سے پہلے تعمیر ہوئی، وہ یہی مسجد قبا ہی، حضور صلعم نے مکہ سے جب مدینہ کو ہجرت فرمائی ہی، تو اوّل اوّل قیام اسی مقام قبا مین فرمایا اور یہین اس مسجد کی تعمیر شروع فرما دی، اللہ اللہ! بڑے بڑے صدیقین اور ایک سے ایک بڑھکر اولیائے امت، یعنی حضرات صحابۂ کرام جس مسجد کے مزدور اور معمار ہون، اور جس کی تعمیر مین خود رسول کریم صلعم کا دست مبارک شامل ہو، اس کی نورانیت اور اس کے تقدس کا کوئی اندازہ ہو سکتا ہی! بہت سے مفسرین اس جانب گئے ہین، کہ آیہ کریمہ لمسجد اسس بنیانہ علی التقویٰ من اول یوم احق ان تقوم فیہ مین جس مسجد کی مدح آئی ہی، وہ یہی مسجد ہی،

حدیث مین آیا ہی، کہ عادت مبارک یہ تھی، کہ ہر شنبہ کو اس مسجد مین تشریف لے جاتے تھے، ایک سنیچر کی صبح کو مولانا مناظر احسن صاحب کی رہنمائی مین، اپنے چھوٹے سے قافلہ کو ہمراہ لیکر اس مسجد مین حاضری کے لئے روانگی ہوئی، شہر مدینہ سے کچھ زائد فاصلہ نہین، مسجد نبویؐ سے تخمیناً ڈھائی میل ہوگی، عورتین ہمراہ تھین، ایک اعرابی کرایہ پر کر لی تھی، کرایہ یون تو بہت ارزان رہتا ہی، لیکن حج و زیارت

موسم مین قدرۃً بڑھ جاتا ہی، آمد و رفت کیلئے غالبًا آٹھ روپے طے ہوئے، شہر سے باہر نکلے، تو دیہات کا سا سمان نظر آیا، کھجور کے درخت اور باغ ہر طرف لگے ہوئے، اکثر نہایت سرسبز و شاداب، عرب کی خشکی پر ہندوستان کی شادابی کا دھوکا ہوتا تھا، راستے بھر چھوٹے لڑکون اور لڑکیون کی ٹولیان نعت و سلام کے اشعار پڑھتی ہوئی، اور گاتی ہوئی، کثرت سے ملتی رہین، صبح کا سہانا وقت، ہر طرف سناٹا، معصومون کی زبان کا پیارا لب و لہجہ، ہر قلب متاثر، اور ہر روح کو وجد، تھوڑی دیر مین یہ سفر ختم ہو گیا، مسجد قبا خاصی بلندی پر واقع ہی، اچھی خاصی وسیع عمارت، سفید رنگ، پرانی وضع کی بنی ہوئی، ہر قسم کے تصنع و آرایش سے خالی، سادگی کی موثر تصویر، یہان نہ کسی ہجوم کا کھٹکا، نہ کسی چپقلش کا اندیشہ، پورے سکون و اطمینان، یکسوئی و فراغ خاطر کیساتھ جہان جتنی دیر تک چاہیئے، نمازین پڑھیئے، سجدے کیجیئے، عبادت کرتے رہیئے، صحن مین ایک مسقف چبوترہ، اور اس پر عربی مین یہ عبارت کندہ کہ یہ وہ جگہ ہی، جہان رسول اللہ صلعم کی اونٹنی بیٹھی تھی، ذرّہ ذرّہ آنکھون سے لگانے کے قابل!

یہ وہ جگہ ہی، جہان اللہ کے سب سے زیادہ تعریف کرنے والے، اور سب سے زیادہ تعریف کیے گئے بندہ کو اس وقت پناہ ملی تھی، جب اس کے وطن والے اس کے خون کے پیاسے ہو چکے تھے، غنی عن العالمین کی شان بے نیازی کا کوئی ٹھکانا ہی! پناہ اسے ڈھونڈھنی پڑی تھی، جو خود اس واسطے بنایا گیا تھا، کہ سارا عالم اس کی پناہ مین آئے!

رسول صلعم کی زندگی کے آئینہ مین امت کی ساری تاریخ کا عکس دکھا دیا گیا، جس رسول صلعم پر ایک روز مکہ کی زمین تنگ کر دیگئی تھی، آج اس کی امت پر عرصۂ عالم

Marfat.com

تنگ ہو! رسول صلعم کی جان کے دشمن ایک ابوجہل اور ایک ابولہب تھے، رسول ؐ کی عزت کے، رسول صلعم کے پیام کے، رسول صلعم کے دین کے دشمن آج خدا معلوم کتنے ابوجہل اور کتنے ابولہب پیدا ہو گئے ہین، اُن کی دشمنانِ حق کا خاتمہ ہلاکت و بربادی پر ہوا تھا، کیا یہ بیسوین صدی عیسوی کے "روشنخیال" ابوجہل اور ابولہب ہمیشہ مہلت ہی پاتے رہین گے؟ مکہ کے مہاجر کو اپنے رب کا نام پکارنے، توحید کا کلمہ بلند کرنے کو قبا کا ایک ٹھکانا مل گیا تھا، کیا اسی محبوب کی امت کی قسمت مین کوئی قبا نہین اور کیا اُسے خدانخواستہ ہمیشہ بھٹکتے ہی رہنے دیا جائیگا!

مسجد نبوی مین ایک روز حاضر تھا، عصر کی جماعت کے بعد سلام پھیرا، تو ایک صاحب نے ایک دستی خط لاکر دیا، حیرت ہوئی، کہ یہان خط بھیجنے والا کون، الٹا کھول کر پڑھا، تو امیر مدینہ کا کرمنامہ "مدیر جریدۂ سچ" کے نام تھا، کہ جلالۃ الملک سلطان عبدالعزیز ابن سعود ریاض سے مکہ جاتے ہوئے مدینہ سے گذرین گے، اُن کے ورود مدینہ کے دن، سہ پہر کو امیر مدینہ کی طرف سے اُن کی دعوت ہو گی، اس مین شرکت ہو، مزید حیرت ہوئی، کہ مدیر سچ نے تو یہان اپنے تئین مخفی و گمنام رکھنے کا پورا اہتمام کر لیا تھا، اُس کے وجود کی خبر سرکاری حلقون کو کیونکر ہو گئی، بہت کچھ لگایا، کچھ پتہ نہ چلا، اب سوال یہ پیدا ہوا، کہ آیا اس دعوت نامہ کو قبول بھی کرنا چاہئے؟ جس نے آغازِ سفرِ حج سے اخبارات کا پڑھنا تک یکلخت ترک کر دیا ہو، اُس کے لئے ایسے سرکاری مجمع اور شاہی دعوت مین شرکت آسان نہ تھی، کافی رہی، حیص بیص اور ایک بزرگ دوست کے مشورہ کے بعد بالآخر طے یہ پایا

خود اسی طرف سے تحریک ہوئی ہی، تو چلنا چاہئے، اور سلطان سے مل کر مسجد نبوی اور بقیع وغیرہ سے متعلق جو زیادتیان، بد انتظامیان، اور بے تمیزیان مشاہدہ مین آچکی ہین، سب ان کے گوش گذار کر دینا چاہئے، یہ سوچ کر تمام اصلاح طلب پہلوؤن کی ایک مفصل یادداشت قلمبند کر لی، اور مولانا مناظر احسن صاحب سے اس کا عربی ترجمہ کرا لیا، کہ ملاقات کے وقت، ایک مختصر تمہیدی گفتگو کے بعد اسے سلطان کی خدمت مین پیش کر دیا جائیگا، سلطان کی آمد ایک مدت تک برابر ملتوی ہوتی رہی، آخر کار ایک صبح کو انکا ورود ہوا، اور اسی روز بعد عصر وہ دعوت ہوئی، دعوت کا مقام وہ تھا، جہان حجاز ریلوے کا اسٹیشن بنا ہوا ہی، اتفاق سے فورًا بعد عصر بارش شروع ہو گئی، کچھ دیر یون ہوئی، اور پھر جب بارش کے ہلکے ہوتے ہی، مولانا مناظر کو بطور ترجمان اپنے ہمراہ لیکر روانہ ہوا ہون تو مقام دعوت کا فاصلہ اندازہ سے زائد نکلا، غرض جب پہونچے ہین، تو وقت معینہ سے کچھ دیر ہو چکی تھی، اسٹیشن کی عمارت جھنڈیون وغیرہ سے خاصی آراستہ تھی، صحن مین فوج پولیس، چوکی پہرہ کا ہر طرف انتظام، بدوی سادگی کے دیکھنے کی حسرت ہی رہ گئی، آرائشین اس درجہ کی تھین، جیسے ہندوستان مین اوسط درجہ کے والیان ریاست کے دربار کے موقع پر ہوتی ہین، دعوت اندر بڑے ہال مین ہو رہی تھی، اور دروازون پر بجائے اس کے کہ میزبان یا ان کے نائب، مہمانون کے استقبال کے لئے کھڑے ہوتے، بندوق اور سنگین لئے پہرہ دار موجود تھے! ہم لوگ جب پہونچے اور ہال کے اندر جانا چاہا، تو ایک پہرہ دار نے، کہ نہ ہم اس کی زبان سمجھ سکتے تھے، اور نہ وہ ہماری، جانے سے روک دیا، عربی اخلاق و میزبانی کا یہ تجربہ شاید نجدی دور سے پیشتر کسی کو نہ ہوا ہوا

مجبوراً برآمدہ مین کرسیون پر بیٹھ گئے، کچھ دیر کے بعد سلطان مع اپنے رفقاء کے
کھانے سے فارغ ہوکر برآمدے مین آئے، اور ایک آراستہ صوفہ پر جلوس فرمایا، سلطان
کے لباس و وضع مین واقعۃً کوئی امتیازی شے نہ تھی، ان کی اس ذاتی سادگی کی
داد جس قدر بھی دیجائے، درست ہی، ان کے اسٹاف کے لوگ ان سے کہین زیادہ
زرق برق لباس مین تھے، اور اگر کوئی بتانے والا نہ ہوتا، تو محض وضع و لباس
سے سلطان کو پہچاننا ممکن نہ تھا، کاش جس طرح سلطان کا لباس اور ظاہر سادہ ہی
ایسی ہی سادگی حق تعالیٰ انھین زندگی اور اخلاق کے ہر شعبہ مین نصیب کردے آمین!
بہرحال سلطان جب صوفہ پر آکر بیٹھ گئے تو لوگ اُن کے سامنے پیش ہونے لگے، ہم
لوگون نے اس وقت پھر اپنے میزبان امیر مدینہ کو تلاش کرنا شروع کیا، کہ جنھون نے
خط بھیجکر مدعو کیا تھا، وہ دعوت کے بعد ہی سہی، کم از کم مل تو لین، تلاش ناکام رہی
کافی انتظار کے بعد، مجبوراً ہم دونون پردیسی خود ہی، بغیر کسی تعارف کرانے وا
کے، ہمت کرکے سلطان کے صوفہ کی طرف بڑھے، اور قریب پہونچکر السلام علیکم
کہا، سلطان نے وعلیکم السلام کہا، اور کھڑے ہوکر مصافحہ فرمایا، ہم لوگون نے
اپنا تعارف (یا اپنی تعریف؟) خود کرنا چاہا، لیکن ابھی زبان سے صرف دو لفظ "ہ
ھندیون" نکلنے پائے تھے، کہ شاہی چوبدار نے ہاتھ پکڑکر ہم لوگون کو فوراً کھینچ لیا
کہا کہ یہ گفتگو کا محل نہین، ہم لوگون نے ہرچند سمجھانا چاہا، کہ ہماری حاضری کا
ہی ضروری گفتگو کرنا تھا، لیکن بھلا وہ چوبدار صاحب ہمارے سمجھائے کیا سمجھ
تھے، اتنے مین دوسرے لوگ سلطان کے سامنے پیش ہونے لگے، اور ہمین ایکبار
جبراً صبر اختیار کرنا پڑا، اتنے مین سلطان کا موٹر آ لگا، اور وہ سوار ہوگئے، آخر

امیرِ مدینہ کی تلاش پھر شروع کی، اور ابکی وہ مل گئے، ہم نے ان کے سامنے ساری سرگذشت سنائی، بغیر کسی اظہارِ تاسف و معذرت کے فرمایا، کہ آج تو موقع نہین رہا، اور کل سلطان چلے جائین گے، البتہ کل صبح اگر آجاؤ، تو ملاقات کرادونگا،

مشیتِ الٰہی مین جو کچھ ہوتا ہی، وہی ہوکر رہتا ہی، طبیعت کچھ خراب پہلے ہی سے تھی، سلطانی دعوت گاہ سے واپسی پر طبیعت زیادہ بگڑ گئی، اور شب مین اچھا خاصہ تیز بخار ہو آیا، ضعف اس درجہ ہوگیا، کہ سلطان کے ہان جانے کا کیا ذکر، کوٹھے سے اترنے اور عشا و فجر کی نماز مین جماعت کے لئے مسجد نبوی تک حاضر ہونے کی سکت باقی نرہی، مجبوراً صبح کو ایک مختصر خط مولانا مناظر احسن سے عربی مین لکھوا کر، سلطان کی خدمت مین بھیجدیا، جو صاحب لیکر گئے تھے، انکا بیان ہی، کہ سلطان نے پڑھکر اپنے ایک سکریٹری کو دیدیا، اور فرمایا "اسے رکھ لو، مکہ مین حج کے زمانہ مین یاد دلانا، اُس وقت ان صاحب سے ملاقات کرونگا" اور اسی واقعہ پر سلطان و گدا کی ناتمام ملاقات تمام ہوئی، یادداشت جو ان کی خدمت مین پیش کرنے کے لئے لکھی گئی تھی، اس کا لکھنے والا محض سچ کا مدیر ہی نہ تھا، بلکہ خلافت کمیٹی کا بھی ایک خادم تھا، اور یہ دونون حیثیتین اس مین واضح کردی گئی تھین، لب و لہجہ مین آدابِ شاہی کا پورا لحاظ کرلیا گیا تھا، اور اس کا شائبہ بھی نہ آنے پایا تھا کہ سلطان کی کسی قسم کی اہانت ہو، ادب کے ساتھ، اصلاح طلب امور کی فہرست نمبروار درج تھی، اور آخر مین پورے زور کے ساتھ یہ گذارش کی گئی تھی، کہ مسجد نبوی، مقصورۂ شریفہ، جنت البقیع وغیرہ پر سارے اسلامی فرقون کے یکسان حقوق ہین، اس لئے یہان کے آداب زیارت و انتظامات مین بڑی

فراخدلی سے کام لینا چاہیئے، اور تا بہ امکان ہر فرقہ کے، یہان تک کہ گمراہ و باطل اسلامی فرقون کے، معتقدات و مزعومات کی رعایت، تاوقتیکہ وہ صحیح اصول اسلامی سے معارض نہ ہون، رکھنی چاہیئے، اور دولت حجاز کے محکمۂ مذہبی کی خدمت مین یہ مشورہ پیش کیا گیا تھا، کہ دوسرے اسلامی ملکون کے متدین و مصلحت فہم علماء سے برابر مشورہ جاری رکھنا چاہیئے، ہندوستان کے گروہ اعظم، اہل سنت مین خدا کے فضل سے متعدد بزرگ ایسے موجود ہین، جو دولت حجازیہ سعودیہ کی مشکلات مین اضافہ کئے بغیر، اس باب مین اسے بہترین مشورہ دے سکتے ہین، جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد مدظلہ صدر جمعیۃ العلماء مولانا مفتی کفایت اللہ، جماعت اہلحدیث کے ممتاز فاضل مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری[1] (مصنف "رحمۃ للعالمین") "شیخ الاسلام" مملکت آصفیہ مولانا شروانی، شیخ الحدیث جامعہ عثمانیہ مولانا مناظر احسن گیلانی، فاضل محترم مولانا سید سلیمان ندوی، اور اسی قسم کے دوسرے صاحب علم و صاحب نظر علماء اہل سنت سے اگر حکومت حجاز، آداب زیارت وغیرہ کے باب مین مشورہ کرتی رہے، تو ہندوستان کے مسلمانون کے ایک خاصے بڑے گروہ کے دل مین اس کی طرف سے جو نلخیان پیدا ہو رہی ہین، وہ یقیناً بڑی حد تک دور ہو سکتی ہین،

اس قسم کے تذکرے جو بار بار اس سفرنامہ مین آرہے ہین، اس سے اگر ایک طرف لوگون کو صحیح حالات اور ضروری معلومات سے باخبر کرنا ہی، تو دوسری طرف حکومت حجاز اور اس کے ہواخواہون کو خود اپنی فلاح و اصلاح پر توجہ دلانا ہی

[1] افسوس ہی کہ قاضی صاحب نے ۱۳۴۷ھ حج سے واپس ہوتے ہوئے جہاز مین انتقال فرمایا،

اور یہ جو کچھ لکھا جارہا ہی، حاشا نجدیون کی مخالفت وعناد مین نہین، انکی بدنامی ورسوائی کے لئے نہین، بلکہ انکی سچی دوستی اور حقیقی خیر اندیشی مین، وہ لاکھ برے سہی، پھر بھی بہرحال کلمہ گو ہین، دائرۂ اسلام سے خارج نہین، خاطی ہین، کافر نہین، نادان ہین، باغی نہین، بھائی ہین دشمن نہین، انکی رسوائی مسلمانون ہی کی رسوائی ہی، انکی پردہ دری کرکے خوش ہونا، محمدؐ کا کلمہ پڑھنے والون کی پردہ دری پر خوش ہونا ہے، خانہ جنگی قابل داد کبھی بھی نہ تھی، لیکن آج تو اس سے بڑھکر شاید ہی کوئی گناہ ہو آج وقت نجدی وحجازی کی آویزش کا، حنفی وحنبلی کی جنگ کا، اہل سنت واہل بدعت کی کارزار کا نہین، وقت تو اس کا ہی، کہ یہ سب ملکر، یاجوج کی اس بے گنتی اور بے تعداد لشکر سے مقابلہ کرین، جو بے شمار ناموں اور نشانون کیساتھ، بے حساب لباسون اور نقابون کے ساتھ، ہر سمت اور ہر جہت سے، ہر پہلو اور ہر گوشہ سے، من کل حدب ینسلون اللہ کے دین پر، رسول کی شریعت پر، اسلام کے پیام پر حملہ آور ہورہا ہی، اور جس کی زد سے نہ ہندوستان محفوظ ہی نہ نجد، اور نہ مرکز اسلام کے وہ مقدس ومحترم مقامات ——— نام لکھنے کی جرات قلم کہان سے لائے ——— جن کے شرف سے اسلام کا شرف قائم، اور جنکی عظمت سے اسلام کی عظمت وابستہ ہی! جہاد کی ضرورت ان کے مقابلہ مین نہین، جنھون نے عثمان غنیؓ کے قبہ مزار کو گرایا اور فاطمہ زہراؓ کی تربت کو کھنڈر بنادیا، جہاد ان پر کرنا ہی، جو عثمانؓ وفاطمہؓ کے دین کے دشمن ہین، جو قبہ عثمانؓ کو نہین، خود عثمانؓ کے کارناموں کو فنا کررہے ہین، اور جو تربت فاطمہؓ کی نہین خود فاطمہؓ کی تحقیر اور بے وقعتی دلون مین پیدا کررہے ہین!

Marfat.com

اہل دل بزرگون اور نیک نفس دوستون کی ایک جماعت، حسرت و تاسف،
خلوص و ہمدردی کے لہجہ مین، زیر لب کہہ رہی ہی، کہ مشاہد متبرکہ کے انوار و برکات کی
شرح کرنے کے بجائے، یہ بے محل سیاسی رجز خوانیان کیسی شروع ہو جاتی ہین لیکن
بزرگو اور دوستو، للہ کوئی یہ بتائے، کہ کلمۂ توحید کی بنیاد نفیِ غیر اللہ پر کیون ہی؟
اور اللہ کے اقرار سے بھی پہلے آخر غیر اللہ کی نفی کیون، اس قدر اہم سمجھی گئی ہی؟
انوار و تجلیات کا مشاہدہ جنھین ہوتا ہوگا، ہوتا ہوگا، ایک عامی اور دنیادار تباہ کار سے
اس کی توقع ہی کیون قایم کی گئی، وہ تو وہی لکھے گا، جو کچھ اُس نے خود محسوس کیا،
اس کا مال گھٹیا سہی، ناقص سہی، ادنیٰ درجے کا سہی، لیکن بہر حال اُس کا اپنا مال
ہوگا، کیا دوسرون کا حسن ظن قایم رکھنے کے لئے، صوفیون کی بول چال کی نقالی شروع
کر دیجائے، ؟ کیا خود وہ بزرگ اس سے خوش ہونگے، کہ اُن کے خوش کرنے کے لئے
جھوٹے موتی کشتیون مین لگا لگا کر پیش کئے جانے لگین، ؟ یہان تو مسجد نبویؐ کے ہر
ستون، اور ہر ہر محراب سے، ایک ایک در اور ایک ایک دیوار سے، قبا کی ایک ایک
اینٹ سے، بقیع کے ذرہ ذرہ سے، شہر مدینہ کے چپہ چپہ سے ایک ہی پکار سنائی دی
اور وہ پکار من انصاری الی اللہ کی تھی! ہر جگہ ایک ہی جلوہ دکھائی دیا، اور
جلوہ دین کی تقاضائے نصرت کا تھا! آج اللہ کے بجائے یاجوج کی الٰہیت والوہیت
کا کلمہ ہر جگہ پڑھا جانے لگا ہی، عدالتون مین حاکم مسلمان بنائے جاتے ہین، اور ان
مسلمان حاکمون سے شریعت کے فیصلون مین ترمیم کرائی جاتی ہی، کونسلون مین
مسلمان لئے جاتے ہین، اور ان مسلمان ممبرون کی تجویزون اور تقریرون سے شریعت
کی دھجیان اڑائی جاتی ہین، وزارت و امارت کی کرسی پر مسلمان بٹھائے جاتے

Marfat.com

اوران مسلمان امیرون اور وزیرون کے احکام سے شریعت کو توڑا جاتا ہی، یونیورسٹیون
اور درسگاہین مسلمانون کی قایم کرائی جاتی ہین، اوران مسلمان ماہرین فن کے مقالات
ومضامین سے شریعت پر قہقہے لگائے جاتے ہین، حب وطن وحب قوم کا جذبہ مسلمانون
مین پیدا کرایا جاتا ہی، اور نتیجہ یہ نکلتا ہی کہ ترک ترکیت کی، مصری مصریت کی پرستش
شروع کردیتے ہین، اور ہندی مسلمان بھی اپنے اسلام کو چھوڑ کر اپنی ہندیت پر فخر ومباہات
کرنے لگجاتا ہی! قوالی کی محفلین بہت دیکھ لین، نعتیہ نظمین بہت سن لین، شعر وشاعری
بہت ہوچکی، اب اللہ کے ہان سے پکار ہی تو یہ، اور محمدؐ کے دربار سے طلب ہی تو اسکی،
کہ کچھ اللہ کے بندے، اور محمدؐ کے امتی اٹھین، اور دین کی غیرت سے مست ودیوانے
ہوکر، دوستون اور عزیزون سے بیگانے بنکر، یاجوج کے لشکر کے مقابلہ مین صف بستہ
ہوکر، کانھم بنیان مرصوص، باہر نکلین، اور اس ہاری ہوئی لڑائی مین حق کا علم
بلند کرکے، اپنے سر اور اپنی جانین نذر کردین!

Marfat.com

باب ۱۷

دیارِ حبیبؐ

مدینہ شہر کی موجودہ بستی کچھ ایسی بڑی نہین، آبادی ہندوستان کے چھوٹے شہرون یا بعض بڑے قصبون کے برابر ہوگی، سنتے ہین کہ کسی زمانے مین آبادی کی وہ کثرت تھی، کہ راستہ چلنا مشکل تھا، لیکن جس وقت سے ریل کے قدم آئے حجاز ریلوے کا اسٹیشن کھلا، اور شام سے ریل کی آمد و رفت شروع ہوئی، اُس وقت پہلے تو اخلاق و قلوب کے عالم مین انقلاب آیا، اور جو چھپ چھپا کر بھی نہ ہونا وہ کھلے خزانہ ہونے لگا، اور پھر وہ زبردست مادّی جھٹکے لگے، کہ ساری آبادی تباہ ہوکر رہ گئی، ترکی حکومت کی بربادی، شریفی دور، نجدی دور، ہر سیاسی جھ کا پہلا ہدف اسی شہر کو بننا پڑا، اور اِس وقت مدینہ دنیا کے مظلوم ترین شہر مین ہی، سچّے، اور مدینہ والے سچّے کا قول بالآخر پورا ہوکر رہنا تھا، کہ ظہورِ دجّال کے وقت بیت المقدس آباد ہوگا، اور مدینہ تباہ، بیت المقدس کی آبادی اور رو رونق و آبادی سب دیکھ رہے ہین، پھر مظلوم مدینہ کی تباہی و بربادی پر حیرت ہو؟ ——— لیکن شہر آباد ہو یا برباد، آبادی خواہ بڑھے خواہ گھٹے، بس ایک مدینہ والاؐ، سلامت رہے، کہ اُس کے طفیل مین مدینہ بھی ہمیشہ سلامت ہی رہ

شاعر نے کہا ہی، ع

مکین کی خیر ہو یارب مکان رہی نہ رہی!

لیکن مکین اگر سلامت ہی، تو مکان کی سلامتی بھی یقینی ہے، اور پھر بھلا کون ایسا مکان ہوگا، کہ سارا عالم تو اُس کے مکین کی برکتون سے مہک رہا ہو، اور خود وہی مکان محروم رہجائے!

صاحبِ جذب القلوب نے ایک مستقل باب فضائلِ شہر مدینہ کا باندھا ہی، اور اسکی افضلیت پر مفصل عقلی ونقلی دلائل قایم کئے ہین، لیکن درحقیقت اس تفصیلی بحث کی سرے سے ضرورت ہی نہین، جن کے پہلو مین دل ہی، اُن کے لئے تو بس یہی ایک دلیل سب سے بڑی دلیل ہے، کہ اُنکا محبوب آقا، اور اُن کے رب کا محبوب ترین بندہ اس سرزمین پر آرام فرما ہی! ؎

خاکِ پیرب از دو عالم خوشتر است
اے خنک شہرے کہ آنجا دلبر است

اور جن کے سینہ مین دل ہی نہین، ان کے لئے دلیل وبحث کے دفتر کے دفتر بھی بیکار ہین مثنوی مین مولاناؒ نے ایک حکایت لکھی ہی، کہ کسی کنوین کو ایک دیوزاد نے اپنا مسکن بنالیا تھا، اور جو کوئی، اس کنوین کے اندر اترتا، اس سے وہ سوال کرتا، کہ بہتر شہر کون ہی، ہر شخص اپنی اپنی پسند کے موافق کسی شہر کا نام لیتا، اس پر وہ ناخوش ہوکر اسے وہین قید کرلیتا، اور باہر نہ نکلنے دیتا، آخر مین ایک مرد دانا اترا، اور اس سے جب حسب معمول وہ سوال ہوا، تو اس نے جواب مین کہا، کہ

Marfat.com

"جہان اپنا محبوب موجود ہو، وہی مقام سب سے بہتر ہے"۔ اس جواب پر وہ دیوزاد خوش ہو گیا اور خوشی مین اگر تنہا اُسی کو نہین، بلکہ سارے قیدیون کو بھی رہا کر دیا، پس مومن کیلئے تو اسی قدر کافی ہی، کہ یہ شہر، رسول اللہ صلعم کا شہر ہی، اور یہی وہ شہر ہی، جس کا نام طابہ (پاک، پاکیزہ، اچھا) کسی بندہ نے نہین، بندون کے پروردگار نے رکھا ہی،

ان اللہ تعالیٰ سمی المدینۃ طابۃ،

اور "پاک" کی شرح مین ائمۂ فن نے لکھا ہی، کہ مدینہ کفر و شرک کی نجاستون سے پاک ہے، مدینہ والون کے ساتھ جس نے دھوکہ بازی کی، وہ خود دھوکا کھا گیا، جس نے انکی بدخواہی کی، اس نے خود اپنی بدخواہی کر لی، جس نے انھین تباہ کرنا چاہا، وہ خود تباہ ہو کر رہا، حدیث مین آیا ہی، کہ وہ اس طرح گھل جاتا ہی، جس طرح نمک پانی مین گھل جاتا ہی، بخاری و مسلم کی روایت کے الفاظ لا یکید اھل المدینۃ احد الا انماع کما ینماع الملح فی الماء، یا جوج کے دور مین سب کچھ ہو گا، اور سب کے نتیجے بھی ظاہر ہو کر رہین گے، سختیان اور ناگواریان کہان نہین پیش آتین؟ لیکن اس ارضِ محبوب کی سختیان بھی رحمتین ہین، اور یہان کی ناگواریون کو گوارا بنا لینے والون کے لئے وہ انعام اور قطعی انعام ہی، جس کی تمنا ہر مسلم کے سینہ مین ہی، ارشاد ہوتا ہی، بروایت صحیح مسلم کہ

لا یصبر علی لاواء المدینۃ وشدتھا احد من امتی الا کنت لہ شفیعًا یوم القیمۃ،	میری امت مین کوئی ایسا نہین، کہ وہ مدینہ کی سختیون اور محنتون پر صبر کرے، اور مین قیامت کے دن اسکی شفاعت کرنے والا نہ ہون؛!

اب اس کے بعد بھی کوئی مرتبہ باقی رہجاتا ہے؟ ایک دوسری روایت مین یون آتا ہی:-

Marfat.com

من سکن المدینة وصبر علی بلائها کنت له شفیعا یوم القیمة	جس نے مدینہ مین سکونت اختیار کی، اور یہان کی بلاؤن پر صبر کیا، تو مین قیامت کے دن اس کی شفاعت کرنے والا ہونگا،

اتنے بڑے انعام کے وعدہ کے بعد کچھ حیرت نہ کرنا نہ چاہیئے، اگر مدینہ مین زحمتون سے بچنے کے بجائے، اور دوڑ دوڑکر زحمتون مین اپنے تئین ہنسی خوشی مبتلا کیا جانے لگے، اور یہ سختیان اور ناگواریان تو انکو پیش آسکتی ہین، جو اس سرزمین پر زندہ رہین، لیکن اگر یہین موت آجائے تو، ؟ اس "تو" کا جواب بھی سچی بشارتین دینے والے کی سچی زبان سے سنیے!۔

من مات فی احد الحرمین بعثه الله من الآمنین یوم القیمة،	جس شخص کی وفات مکہ یا مدینہ مین ہوجائے، وہ قیامت کے دن ان لوگون مین اٹھیگا جو بیخوف ہونگے،

اور بعض احادیث مین بجائے حرمین کے صرف مدینة کا لفظ آیا ہی، من مات بالمدینة کنت له شفیعا یوم القیمة اور بعض روایات مین اسے محض بطور خبر کے نہین بیان فرمایا گیا ہی، بلکہ مدینہ مین مرنے کی رغبت بھی دلائی گئی ہی،

من استطاع ان یموت بالمدینة فلیمت فمن مات بالمدینة کنت له شفیعا وشهیدا،	جس کے لئے یہ ممکن ہو کہ وہ مدینہ مین آکر وفات پائے، تو اُسے چاہیئے، کہ یہین آکر مرے، اس لئے کہ جو یہان مریگا، مین اسکا گواہ اور شفیع ہونگا،

اس سے ملتے جلتے ہوئے مضمون کی متعدد احادیث ہین، اور صحابہ رضی اللہ عنہم کرام برابر مدینہ مین اپنے مرنے کی دعائین اور آرزوئین کرتے رہتے تھے، پس جس شہر مین جینا، اور جس شہر مین مرنا، دونون اس قدر مبارک ہون، کس کو وہان حاضر ہونے اور حاضر

Marfat.com

رہنے کی تمنا نہ ہوگی؟

یون تو سال کے بیشتر حصہ مین سناٹا چھایا رہتا ہی، دوکانین بند، بازار سرد، مکانات مقفل رہتے ہین، لیکن موسم حج مین تین چار مہینے کے لئے اچھی خاصی چہل پہل ہوجاتی ہی، اور سڑکون اور بازارون مین خاصا مجمع رہنے لگتا ہی، ذی الحجہ کی ۸ تاریخ سے حاجیون کے قافلے ماشاء اللہ بہت بڑی تعداد مین آنے لگتے ہین، اور یہ مجمع آخر محرم تک قایم رہتا ہی، شوال و ذیقعدہ مین مجمع نسبتہً ہلکا رہتا ہی، پھر بھی ہزارون کی تعداد مین رہتا ہی، خصوصاً ذیقعدہ مین، بازارون مین ضرورت کی سب چیزین مل جاتی ہین، اور نرخ بھی کچھ زیادہ گران نہین، گوشت (بکرے اور دنبہ دونون کا) گھی، شکر، گیہون کا آٹا، بعض سبزیان، دودھ، دہی ہر چیز اچھی حالت مین بآسانی دستیاب ہوجاتی ہے، عام دستور یہ ہے، کہ لوگ روٹی گھر مین نہین پکاتے، بلکہ بازار سے خرید لیتے ہین، باقی سالن وغیرہ گھرون مین پکتا ہے، صبح کے وقت، بہت تڑکے سے، جو ناشتہ بازارون مین ملنے لگتا ہی، وہ خاص طور پر لذیذ و خوش ذائقہ ہوتا ہے، اور قیمتاً بھی ارزان، شام کا کھانا عموماً عصر کے وقت ہوجاتا ہے، شب مین، کھانے کا دستور نہین، دوکانین بھی، شام ہی کو بند ہوجاتی ہین، اور عشا کے بعد بالکل سناٹا چھا جاتا ہی، کپڑے وغیرہ کی قسم سے بھی ضرورت کی سب چیزین مل جاتی ہین، مادی نعمتون مین دو چیزین ایسی ہین، جو صرف مدینہ طیبہ ہی کے لئے مخصوص ہین، ایک تو کھجور ہے، جس کے حذا معلوم کتنے اقسام بازارون مین ڈھیر لگے رہتے ہین، بڑے اور چھوٹے، میٹھے اور بہت میٹھے، خشک و شاداب

سیاہ و سرخ، جتنے طرح کے، اور جس نرخ کی چاہئے، لیجئے، اتنے لذیذ و نفیس، کہ پیٹ بھر جائیگا، لیکن جی نہ بھریگا، افسوس ہے کہ ہندوستان زیادہ مقدار مین لانا اول تو دشوار و زحمت طلب، اور پھر اگر دشواریان برداشت کرکے لایا بھی جائے، تو یہان زیادہ عرصہ تک ٹھہرتے نہین، خراب جاتے ہین، بمبئی مین جو کھجور ملتے ہین، وہ عراق وغیرہ کے ہوتے ہین، مدینہ کے کھجور بجز مدینہ کے اور کہین نہین دستیاب ہوتے، دوسری مادّی نعمت، اس سے بھی کہین بڑھکر، مدینہ شریف کا پانی ہے، زبان اس کی تعریف سے حقیقۃً قاصر ہے، اتنا سرد، اتنا لطیف، اتنا سبک، ایسا ہاضم، پاکی، شاید پردۂ ارض پر کہین بھی نہ ہو، بار بار برف کا دھوکہ ہوتا تھا، جتنا چاہئے، پیتے چلے جائیے، ذرا بھی گرانی نہ محسوس ہوگی، جنت مین جو پانی، ساقیِ کوثر کے ہاتھ سے ملیگا، شاید اسی کا ایک نمونہ اس جنت ارضی مین دکھادیا گیا ہے! افسوس ہے کہ اس تحفہ کو مدینہ سے باہر لانے کی کوئی صورت اس وقت تک ممکن نہین،

مکانات کے کرایے بہت ارزان، موسمِ حج مین نسبتۃً گران ہو جاتے ہین، پھر بھی کہان تک؟ کوئی پرانا مکان خریدنا منظور ہو، تو وہ بھی بہت سستے داموں مل سکتا ہے، اللہ غریق رحمت کرے مولانا عبد الباری صاحب فرنگی محلی کو، اس طمع مین ایک مکان مدینہ طیبہ مین خرید رکھا تھا، کہ شاید اسی بہانے حشر مین اہلِ مدینہ مین شمار ہو جائے! یہ راہ ہر خوش عقیدہ مومن کے لئے اب بھی کھلی ہوئی ہے، آبادی مین بیرونی عنصر کثرت سے شامل ہو گیا ہے، ترک، کرد، عراقی، ہندی، مصری، نجدی، مغربی، خدا معلوم کتنے خاندان کے خاندان باہر سے آکر آباد ہو گئے ہین، سب کے اخلاق اور سب کے مزاج جداگانہ،

Marfat.com

باقی جو چند مخصوص گھرانے اصلی اہلِ مدینہ یعنی سادات و انصار کے رہ گئے ہین، انکے اخلاق اور اُن کے جوہرِ شرافت کا کیا کہنا! ہم لوگون کو قدرۃً ہندیون ہی سے سابقہ زیادہ پڑا، ان سب مین ایک بار پھر سب سے پہلا نام قلم کی زبان پر مولانا سید احمد فیض آبادی کا آتا ہی، جنھون نے مسافرت کو ہر پہلو سے گویا وطن بنا دیا، جی مین آتا ہی کہ اس پیکرِ اخلاص و ایثار، اور مجسمۂ بے نفسی و خدمتِ خلق کے رازون کو خوب کھول کر بیان کرون، جائے، لیکن پھر انھین کی ناخوشی و ناگواری کا خوف غالب آکر زبان کو روک دیتا ہی، اب یہ اللہ ہی جانے کہ نفس کا اتنا پاک ہو جانا، حرمِ رسولؐ کی تیس سال کی مجاورت کی برکت ہی، یا نفس پہلے ہی سے خود اتنا پاک ہو چکا تھا، کہ اُس نے وطن اور عزیزان وطن سے ہزارون میل دور کسی کے آستانِ پاک پر پڑے رہنے پر آمادہ کر دیا! اللہ ان کے مقاصد دینی و دنیوی پورے کرے، اور ان کے مدرسۃ الیتامیٰ کو اپنے خزانۂ غیب سے مالا مال کر دے، انھین کے ہمنشینون مین ایک صاحب منشی محمد حسین فیض آبادی

لے اس مدرسہ کے متعلق سچ نمبر ۱۳، جلد ۵ مین حسب ذیل نوٹ شایع ہوا ہے:-

مدینہ طیبہ کی ایک صحیح خدمت

حجاز کا سفر کئے بغیر اہل حجاز کی موجودہ دردناک اور عبرتناک مسیتون کا اندازہ نہین ہوتا، مدینہ طیبہ کے دورانِ قیام مین اس کی بیشمار فضیلتون اور بے حساب برکتون کے باوجود یہ منظر دیکھ کر قلب کو کس درجہ تکلیف ہوتی تھی، کہ ہر ہاتھ ہر موقع پر آپ کی طرف پھیلا ہوا ہی، اور ہر جگہ کام غیرتمندی و استغنا کا سبق دینا تھا، عین اُس محترم ہستی کے جوارِ محترم مین، جس نے مسئلہ سوال کرنا حرام ٹھہرایا ہی، ہر ہر لمحہ اس کے حکم کو توڑ رہے ہین، اسکا علاج سختی نہین، اور اہل مدینہ کے ساتھ سختی اور بیدردی تو کسی صاحبِ ایمان کے خواب و خیال مین بھی نہین آسکتی، تا

Marfat.com

ہین، ان کی یاد بھی شکرگذاری کے ساتھ دل مین قایم ہی، لکھنو کے خاندانِ فرنگی محل کے ایک ممتاز و مسن رکن، مولانا عبدالباقی صاحب بھی سالہا سال سے ترکِ وطن کئے ہوئے یہین مقیم ہین، اور مدرسۂ نظامیہ کو چلا رہے ہین، بڑی شفقت اور بزرگانہ نوازش سے پیش آئے، اور اپنے ہان ٹھہرانے پر اصرار فرماتے رہے، ان کے مدرسہ کی عمارت بہت وسیع اور مہمانون کیلئے ہر طرح آرام دہ تھی، لیکن مسجد نبویؐ سے ذرا فاصلہ پر تھی، اس لئے معذرت کر دینی پڑی،

(بقیہ حاشیہ صفحہ ماقبل) نفس علاج نہایت ضروری ہے، اور مرض سے بے پروائی مریض کیساتھ دوستی نہین، دشمنی ہی، صحیح علاج صرف یہ ہی، کہ صحیح دینی تعلیم مین لگاکر اور ایثار و استغنا، و غیرتمندی کا عملی نمونہ پیش کرکے عادتون کو بگڑنے سے روکا جائے، اور بگڑی ہوئی عادتون کو حتی الامکان درست کیا جائے، اللہ کا شکر ہی، کہ اس خطۂ پاک کی اس اہم خدمت کا شرف ہمارے ایک ہندی بزرگ کے نصیب مین آیا ہی، اور انھون نے نہایت صحیح اصول پر ایک دینی درسگاہ مدرسۃ الیتامیٰ کے نام سے، انھین اصلاحی مقاصد کے ساتھ، حرم نبویؐ سے بالکل متصل قائم کردی ہی، ان بزرگوار کا (جو رسماً و تعظیماً نہین، حقیقۃً اور اپنے صحیح معنی مین ایک قابل صد رشک بزرگ ہین) اسم مبارک مولانا سید احمد فیض آبادی ہی، حضرت مولانا حسین احمد صاحب (شیخ الحدیث دیوبند) کے برادر کلان ہین، اور اپنی عمر جوار و جیرانِ رسولؐ کی خدمت کے لئے وقف کر چکے ہین، مدرسہ کا تفصیلی "معائنہ" مولانا مناظر احسن صاحب گیلانی کے قلم سے انشاء اللہ آیندہ نمبر مین نکلیگا، مختصراً اس وقت اس قدر عرض ہے کہ سچ کے جو پڑھنے والے اہل ایمان اپنے دل مین اہل مدینہ کی حقیقی خدمت کا ارمان اور ولولہ رکھتے ہون، وہ بلا تامل اور بے تکلف، اس مدرسہ کی اعانت کو اپنا فرض سمجھین، مولانا موصوف سے بڑھکر امین اور قابلِ اعتماد و اطمینان بزرگ اس زمانہ مین، تلاش کے بعد بھی نہ مل سکے،

روپیہ بھیجنے کے پتے:- (۱) حکیم ڈاکٹر عبدالعلی صاحب، گوین روڈ، لکھنؤ، (۲) کوٹھی حاجی علیجان چاندنی چوک دہلی، (۳) عبداللہ بھائی عبدالقادر نمبر ۲۰۶ ناگدیوی اسٹریٹ بمبئی (۴) مولینا محمد ذکریا صاحب کاندہلوی شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر العلوم

Marfat.com

ہندی تاجرون مین اطراف بمبئی کے ایک صاحب عبدالغنی نامی ہین، چاے اور غلہ کی دوکان ہی، دوکان کا نام عثمان، احمد و شرکا ہے، بڑے ہمدرد و خدمتگزار، ہمیشہ تعارف پر ہر طرح امداد و دستگیری فرماتے رہے، اللہ انھین جزاے خیر دے،

ہم لوگ یکم ذیقعدہ کو داخل ہوئے تھے، ہندی عشاق مین معلوم نہین کتنے ایسے تھے، جو اس سے بھی قبل سے یہان حاضر تھے، منشی امیر احمد صاحب کاکوروی کا ذکر اس سے قبل آچکا ہی، مہینون پیشتر سے حجاز آچکے تھے، اور مکہ معظمہ مین حاضری دیکر اور عمرہ سے فارغ ہوکر آستان حبیبؐ پر مقیم تھے، اسی طرح مولوی غلام بھیک صاحب نیرنگ (ایڈوکیٹ انبالہ و معتمد انجمن تبلیغ) بھی ایک مدت سے حاضر آستانہ تھے، ان صاحبون کے ذوق و شوق کا کیا پوچھنا، جس دربار کی زیارت اگر ایک دن کے لئے بھی میسر آجائے، تو خوش قسمتی ہی، وہان یہ حضرات مہینون کی مسلسل حاضری سے بھی سیر نہ تھے، بہار کے ہومیوپیتھ ڈاکٹر عبدالرحمن بھی، حکومت نظام حیدرآباد کی طرف سے خدمت حجاج پر متعین، یہین مقیم تھے، اور فرائض علاج و تیمارداری کے علاوہ، یون بھی ہر طرح پر حاجیون اور زائرون کی خدمت مین لگے رہتے تھے، خدا جانے کتنے لوگون کے کام ان کے ذریعہ سے نکلتے تھے، حیدرآباد کے وکیل مولوی ابوالخیر خرا صاحب سے جو سچ کے صفحات مین کبھی کبھی جلوہ گر ہو چکے ہین، اور فیض آباد کے منشی محمود عا صاحب سے، جن سے بہت قدیم خاندانی تعلقات ہین، بارہا ملاقاتین ہوتی رہین، زیادہ ملنے جلنے کی یہان فرصت کسے تھی، ہر شخص اپنے اپنے مشاغل مین مست تھا، پھر بھی بشریت سے منزہ تو کوئی ہو نہین گیا تھا، ملاقاتین بھی ہوتین اور دعوتین بھی، آپس کے لوگ ہنسے بھی اور بولتے بھی، بعض خوش نصیبون کی موت بھی اس پاک سرزمین پر آتے دیکھی، جہان

لائے جاتے، اور مسجد نبویؐ کے اندر محراب عثمانی کے سامنے نماز پڑھائی جاتی، اور روضۂ اقدس کے سامنے سے، اور کبھی پشت سے "روضۂ جنت" کے اندر ہوتے ہوئے، باب جبرئیل سے میت کو باہر لاتے، اور بقیع مین لیجاکر سپردِ خاک کرآتے، اللہ اللہ! ان مردون پر کتنے زندون کو رشک نہ آئیگا! مدینہ کی موت، مسجد نبویؐ کے اندر نمازِ جنازہ، رسول کریمؐ کے ہموطنون اور مہمانون کی دعائے مغفرت، شافع امتؐ کے مواجہہ مبارک یا سرہانے سے میت کا گذرنا، بقیع کا قبرستان، جس کے لئے اتنے سامان رحمت جمع ہوجائین، اس پر کیونکر رشک نہ آئے! بیچارہ فرنگی، ایمان کی لذت و حلاوت سے ناآشنا، اپنی جان پر ہر وقت جان دیتا رہتا ہی، اسے کیا خبر، کہ اس ناسوتی زندگی سے بڑھکر بھی کوئی زندگی ہی، اقبالؔ کا یہ شعر بھولتا نہین، رہ رہ کر یاد آتا ہی، ؎

دین اور کو حضور یہ پیغامِ زندگی، ہم موت ڈھونڈتے ہین زمین حجاز مین!

مدینہ پاک سارے حجاز کا طرزِ معاشرت، ظاہر ہی، کہ ہندوستان سے مختلف ہی لیکن، ایسا مختلف نہین، کہ دل کو اس سے وحشت ہو، یا زیادہ نامانوس معلوم ہو، بس ایسا ہی اختلاف ہی، جیسا خود ہندوستان کے مختلف صوبون، بلکہ ایک ہی صوبہ کے دور دراز شہرون کے درمیان پایا جاتا ہی، زبانِ اردو بقدرِ ضرورت، اچھی خاصی سمجھ لیجاتی ہی، اگر عربی بولنے پر قدرت ہو تو سبحان اللہ ورنہ کوئی ضروری کام خالی اردو جاننے والون کا بھی اٹکا نہین رہتا، مدینہ کا موسم بھی کچھ ایسا سخت نہین، اپریل اور آغاز مئی کا تجربہ ہی، گرمی سخت اور دھوپ تیز تھی، لیکن ہم یوپی کے لوگون کو تو کوئی غیر معمولی شدت نہین محسوس ہوئی، درمیان مین بارش کئی بار ہوئی، راتین عموماً ٹھنڈی اور خوشگوار رہتی تھین، اور بارش کے زمانے مین تو اچھی خاصی سردی پڑی، ایسی کہ جو لوگ کافی سامان سرما نہین رکھتے تھے، انھین تکلیف اٹھانی پڑی، راتون کو کمرہ کے اندر بھی دولائی یا کمل کی ضرورت پڑگئی،

اب دہوا بہت اچھی ہی، اور کوئی شخص اگر خود ہی بد پرہیزیان اور بے احتیاطیان نہ شروع کردے
تو بیمار پڑنے کی کوئی وجہ نہین، ہمارے قافلہ کے اکثر لوگ بیمار پڑے لیکن جلد اچھے ہوگئے، مکانات
عموماً صحن سے خالی ہوتے ہین، مگر اسکی تلافی بالاخانہ کی کھڑکیون اور کھلی ہوئی چھتون سے ہوجاتی
ہے، اکثر مکانات مین ٹھنڈے تہ خانے بھی ہوتے ہین، مہترون کی کوئی قوم یہان آباد نہین، اس لئے
مکانات مین کنوئین کی طرح گہرے گڈھے ہوتے ہین، وہی پاخانہ کی سنڈاس کا کام دیتے ہین،
ضروری ہی کہ فنائل وغیرہ بدبو مارنے والی دوائین اکثر چھڑکی جاتی رہین، قیام اگر دو ہی چار
روز کا ہی، تو ہر مکان مین گذر ہوجائیگی، لیکن اگر کچھ زیادہ روز حاضر رہنے کا ارادہ ہو، اور خصوصاً جبکہ بیوی
بھی ہمراہ ہون چاہیئے، کہ مکان تلاش کرکے اپنی پسند اور کل ضرورتون کے مطابق لیا جائے، اسمین
بے پروائی، کنجوسی کو نہ دخل دیا جائے، اگر مکان تکلیف دہ ہوا، تو قلب کو تشویش رہیگی، اور کمیوئی
نصیب نہ ہوگی، بشری ضرورتون اور آسایشون کی طرف سے بالکل بے نیاز ہوجانا اعلیٰ درجہ کا
مجاہدہ ہی، ہر شخص کو اپنے متعلق یہ حسن ظن نہ قایم کرلینا چاہیئے، بعض مکانات بہت ہی شاندار اور کوٹھی
دیکھنے مین آئے، ایکمرتبہ ضرورۃً شیخ عبداللہ الفضل (بمبئی والے) کی قیامگاہ پر جانا ہوا، بڑا لق ودق احاطہ
اور کھجورون کا باغ نہایت وسیع شاداب اور میان مین ہندوستان کے رئیسون کیطرح ایک بلند کوٹھی

وطن چھوڑے ہوئے آٹھ دس ہفتے ہوچکے، مگر وطن کی یاد کچھ زیادہ نہین آئی، ہندوستان
کی ڈاک یہان مہینے مین تین بار (ہر دس دس دن کے بعد) تقسیم ہوتی ہی، اور جلد سے جلد ایک مہینہ
کی مدت مین وہان سے پہونچتی ہی، —— یہان کا ڈاکخانہ اپنے ارتقار کی ابھی بالکل ابتدا
منزل مین ہی —— لفافہ پر ٹین آنے کا ٹکٹ لگتا ہی، بعض عزیزون اور دوستون کے خطوط آ
اور انھین پاکر دل کو خوشی بھی ہوئی، مگر ویسی خوشی نہین ہوئی جیسی ایک مسافر کو اپنے وطن

Marfat.com

دو ڈھائی ہزار میل کے فاصلہ پر رہ کر، ڈیڑھ دو مہینے کے بعد، اپنے والون کی خیریت سنکر ہوا کرتی ہی، کیا یہ قلب کی قساوت یا سنگدلی ہی ؟ کیا رحمتِ عالمؐ کے آستانہ پر پہونچ کر اپنے عزیز و قریب یون ہی بھلا دیئے جاتے ہین ؟ یہ صورت تو نہ تھی، اپنے والے کوئی بھی بھولے نہ تھے، والدہ ماجدہ کی خبر خیریت مین خاص طور پر دل لگا رہتا تھا، اور روضۂ جنت مین حاضری کے وقت، رحمۃ للعالمینؐ کے واسطہ سے رب العالمین سے دعائین مانگنے کے وقت تو خاص خاص عزیزون اور دوستون کا ذکر نہین، خدا معلوم کون کون بھولے ہوئے، اور کہان کہان کے دور دور کے محض شناسا تک یاد پڑ جاتے تھے، البتہ دل پر ہر وقت یاد کسی کی بھی غالب نہ رہتی، اسے اگر محض سرزمینِ پاک کی برکت، اور جوارِ آستانہ رسولؐ کے تصرف سے تعبیر نہ کیجئے، تو اور کیا کہئے!

Marfat.com

باب ۱۸

چل چلاؤ

دن گذرتے دیر نہین لگتی، دیکھتے دیکھتے روانگی کا زمانہ آن لگا، ـــــ اور یہ تو خیر چند ہفتون کا زمانہ تھا، جلد کٹجانے والا تھا ہی، ساری ساری عمرین ایسی ہی تیزی اور روانی کے ساتھ گذر جاتی ہین، اور پتہ بھی نہین چلنے پاتا، کہ بچپن کے کھیل کب کھیلے، جوانی کی نیند کب سوئے، اور ضعیفی کے گوشۂ تنہائی مین کب بیٹھے! ـــــ ایکدن وہ تھا، کہ مدینہ آنے کی آرزوئین تھین، کیسے کیسے منصوبے باندھے جارہے تھے کیا کیا خیالی پلاؤ پک رہے تھے، ذوق وشوق کی کیسی کیسی امنگین دل مین اٹھ رہی تھین، کیا کیا حوصلے تھے، کیا کیا ولولے تھے، سینے مین کیا کیا تمنائین تھین، لب پر کیا دعائین تھین! اور ایک دن یہ آگیا، گویا (اور گو آیا اپنے وقت ہی پر، لیکن ایسا محسوس ہورہا تھا کہ یک بیک آگیا) کہ چل چلاؤ کی تیاریان ہورہی ہین، بستر لپیٹے جارہے ہین، سامان باندھا جارہا ہی، سواریون کی فکر ہی، اور ایک ایک سے مل کر زبان پر الوداع والفراق!

آئے تھے کیا کرنے اور کیا کر چلے!

غفلت وشامت نے یہان بھی ساتھ نہ چھوڑا، اور وقت کی جو بے بہا دولت

Marfat.com

اتنی تمناؤن اور آرزوون کے بعد نصیب مین آئی تھی، وہ اس بے پروائی، اور بیدردی کے ساتھ ضایع کی گئی، کہ شاید دنیا کا کوئی بڑے سے بڑا مسرف بھی اس کا مقابلہ نہ کرسکے!

چو پرسشِ گنہم روزِ حشر خواہد بود،
تمسکاتِ گناہان خلق پارہ کنند!

بہرحال جو کچھ ہونا تھا، ہو کر رہا، تسکین و تسلی کا اگر کوئی ذریعہ اور کچھ سہارا ہی تو صرف یہ کہ دربار رحمۃ للعالمین کا تھا، اور سابقہ اُس سے پڑنے والا ہی، جو رحمٰن و رحیم ہے!

عصیانِ ما و رحمتِ پروردگارِ ما
این را نہایتے ست نہ آں را نہایتے!

مدینہ منورہ کا بڑا تحفہ یہان کی کھجورین ہین، قافلہ کے ہر شخص نے ان کی ایک ایک اچھی خاصی مقدار وطن کے عزیزون اور دوستون کے واسطے خرید کی، اور نیت کسی کی بھی نہ بھری، ٹین کے ایک کنستر مین تقریباً ۱۳ سیر کھجورین آتی ہین، محض باربرداری کی دقتون کے خیال سے ایک ایک دو دو ٹین کے کنستر بھر کر ہر شخص نے لین، ورنہ جی تو یہی چاہتا تھا، کہ اتنی مقدار مین لیچلے، کہ کھانے والون اور دیکھنے والون سب کا جی بھر جائے، بعض صاحبون نے جانمازین، رومال، عبائین، تسبیحین، خاک شفا کی ٹکیان، روضۂ انور کی جلی ہوئی موم بتیان، اور ہر طرح کے تبرکات بھی خرید کئے، جانمازین مدینہ کیا معنی حجاز بھر مین نہین کہین کی بھی بنی ہوئی نہین ہوتین، نہ انکا کپڑا حجازی، نہ کپڑے کا سوت حجازی، نہ سوت کاتنے والے

حجازی، نہ جانماز بنانے والے حجازی، سب کی سب فرنگی کارخانون کی بنی ہوئی، عبائین بھی عموماً باہر کی بنی ہوئی ملتی ہین، تلاش سے عراق و شام کی بھی ملجاتی ہین، لیکن بہرحال مدینہ کے بازارون کی ہوا تو انھین لگ ہی چکتی ہے اور خوش عقیدگی کی آنکھ مین محبوب بنا دینے کے لئے اس قدر نسبت بھی بس ہی، یہ سارا سامان، اور زائد سامان، سب کئی دن قبل سے اونٹون پر لاد کر جدہ، اپنے وکیل کے ہان بھجوادیا گیا، اور یہ سارا انتظام مولانا سید احمد کے معرفت بسہولت و بکفایت ہوگیا، ورنہ موٹر پر اپنے ہمراہ یہ سارا سامان لاد کر لیچلنا بڑی زحمت کا باعث تھا، اتنے بوجھ کے لئے مستقل لاریان الگ کرنی پڑتین، اور خدا جانے کتنا صرف کرنا پڑتا، مکہ معظمہ مین قیام بہت مختصر کرنا تھا، اس لئے ساتھ کے لئے صرف بالکل ضروری سامان رکھا گیا، اور باقی سب سامان اونٹون پر جدہ روانہ کردیا گیا،

چلنے سے قبل ایک فکر یہ ہوئی کہ مکہ معظمہ مین ٹھہرنا کہان ہوگا، گرمی کی شدت حاجیون کا ہجوم عظیم، بوڑھون، کمزورون اور عورتون کا ساتھ، فکر صرف یہی نہ تھی، کہ ٹھہرنا کہان ہوگا، بلکہ یہ تھی، کہ آرام و آسایش کے ساتھ کہان ٹھہرنے کو ملے گا، اللہ کے گھر جارہے تھے، اللہ کے حکم سے اللہ کے مہمان ہورہے تھے، چاہیے یہ تھا کہ مہمان داری کی ساری فکرین صاحب خانہ اور میزبان ہی پر چھوڑ کر، خود بالکل بے فکر رہتے، لیکن ایسا صرف اللہ والے ہی کرسکتے ہین، زبان سے کہدینا آسان ہی، لیکن عمل ہم جیسے آرام طلب، تن پرور، اور پست ہمت دنیا طلبون کے لئے ممکن نہ تھا، حاجیون کے اتارنے اور ٹھہرانے کی ذمہ داری، ضابطہ سے معلم کے سر

Marfat.com

ہوتی ہی، لیکن بہ نظر احتیاط مناسب یہ معلوم ہوا، کہ معلم سے بے نیاز ہوکر بھی کوئی معقول انتظام قیام کا ہو رہے، مکہ کا مدرسہ صولتیہ مشہور مدرسہ ہی، مولانا رحمۃ اللہ ہندی مہاجر کا قائم کیا ہوا، اس کے مہتمم مولانا محمد سعید صاحب ہم لوگون کے ہندوستان سے چلتے وقت اپنے وطن (کیرانہ ضلع مظفر نگر) مین تھے، انھون نے ایک تعارف نامہ اپنے صاحبزادہ اور قائم مقام مولوی محمد سلیم صاحب کے نام دیدیا تھا، وہ تعارف نامہ اپنے خط کے ہمراہ مدینہ سے مولوی صاحب موصوف کے نام روانہ کردیا گیا تھا، کی واپسی کے ساتھ ہی جواب آیا، ایک ایک لفظ اخلاق و اخلاص، شوق و اشتیاق مین ڈوبا ہوا، لکھا تھا کہ مدرسہ کی جدید و وسیع عمارت مین متعدد کمرے بہ مسرت تمام خالی رہین گے، لوگ کہتے ہین، کہ مکہ مین رہکر اخلاق مین خشکی اور خشونت آجاتی ہی، لیکن اگر اس کا نمونہ مولوی سلیم صاحب کی تحریر کو قرار دیا جائے، تو خدا کرے، ایسی خشکی اور خشونت سب کو نصیب ہو، ہر کار منظام کی طرف سے بھی تین رباطین مکہ معظمہ مین ہین، مولانا شروانی اور اختر مینائی صاحب کی عنایت سے ان کے مہتمم دار وغہ حبیب اللہ صاحب کے نام بھی خطوط مل گئے تھے، ان انتظامات کے بعد قیام کی طرف سے دل مطمئن ہولیا تھا،

مدینہ سے واپسی کے وقت ایک بڑا اہم مرحلہ سواریون کے دستیاب ہونے کا ہوتا ہی، خصوصاً اس وقت جبکہ زمانہ حج قریب آجائے، اونٹ ہون خواہ موٹر، دونون کی فراہمی مین بڑی دشواریان پیش آتی ہین، اور اپنی پسند کے لایق اچھی سواری کا بہم پہونچ جانا تو محض ایک خداداد نعمت ہی، اتنے بڑے ہجوم مین قابل اطمینان انتظام قائم رہنا آسان ہی بھی نہین، کئی کئی دن مسلسل کوشش کرنی پڑتی ہی، جب کہین جاکر سواری کا ٹھیک ہوتا ہی، اور بڑے بڑے پختہ وعدے بار بار ٹوٹ لیتے

Marfat.com

ہین، جب جاکر روانگی کی نوبت آتی ہی، بعض عارفون نے کہا ہی، کہ حج ایک عبادت عشقیہ ہی، اس کے تمام ارکان و اعمال مین عاشقون اور دیوانون کے سے کام کرنا پڑتے ہین، یہ اگر صحیح ہے، تو اس کے آثار اس سفر کے ہر جزو مین ظاہر ہونے رہتے ہین، ارادہ کو توڑنے والے، اور خودی کو مٹانے والے سبق قدم قدم پر ملتے رہتے ہین، اور جن کو اپنے اوقات کی خوش نظمی اور اپنے پروگرام کی پختگی پر بھروسہ رہتا ہی، اُنھین، اپنے نظام اوقات کو بار بار بدلتے رہنے پر مجبور ہو ہو جانا پڑتا ہی، اللہ کے گھر کا سفر اللہ ہی کے ارادہ کے مطابق طے ہوتا ہی، اور بندہ کو ہر ہر لمحہ یاد دلایا جاتا رہتا ہے، کہ کم سے کم اتنی دیر کے لئے تو اپنے ارادہ کو مغلوب کرکے اپنی بندگی، بیچارگی، اور بے بسی کو محسوس کرنا سیکھے! اونٹون کے متعلق تو کوئی ذاتی تجربہ حاصل نہین ہوا، یہ "جگ بیتی" صرف سنتے ہی رہے، البتہ موٹرون کے سلسلے مین "جگ بیتی" بھی گذری اور "آپ بیتی" بھی، جدہ مین جتنی موٹر کمپنیان مدینہ منورہ کے لئے ہین، سب کے چھوٹے چھوٹے دفتر مدینہ مین بھی موجود ہین، اور تار اور ٹیلیفون کے ذریعہ سے جدہ اور مدینہ برابر ہمکلام رہا کرتے ہین، ہم نے جدّہ سے جو لاریان کی تھین، ایک مہینے کے لئے کی تھین، اور حسب قاعدہ پورا کرایہ پیشگی دے چکے تھے، پہلی ذیقعدہ کو داخل ہوئے تھے، ذیقعدہ کے آخری ہفتہ کی ابھی ابتدائی تاریخین تھین، کہ بعض رفیقون نے چلنے کی عجلت شروع کی، انکا کہنا تھا، اور یہ کہنا واجبی تھا، کہ عین وقت کے وقت مکہ پہونچنے سے حج مین بے لطفی رہے گی!

ماہ ذیقعدہ کا وسط گزرا، ۲۰ر تاریخ گذری، ۲۲ر گذری، ۲۵ر گذری، سیکڑون

ہزارون حاجی روانہ ہو گئے، اور پچاسون اور سیکڑون ہر صبح اور شام روانہ ہونے لگے، دل خانہ کعبہ کی زیارت کے لئے بیتاب تھا اور کون بدبخت ایسا ہوگا جو ہر روز کعبہ کی طرف پانچ پانچ مرتبہ جھکے اور سجدہ کرے، اور اس کی زیارت وطواف کا ارمان دل مین نہ رکھتا ہو!) لیکن آستانِ رسالتؐ سے جدائی بھی ایسی شے نہ تھی جسے آسانی سے گوارا کر لیا جاتا، دن گذرتے گئے، تاریخین ٹلتی گئین، یہان تک کہ ذیقعدہ کی بالکل آخری تاریخین آگئین، اور اب تو بہر حال روانگی کی فکر کرنی ہی پڑی، حرمین موٹر کمپنی کے دفتر مین کئی روز قبل سے اطلاع کر دی تھی، کہ یکم ذی الحجہ تک لاریان ضرور ملجائین، اور اسکا پختہ وعدہ بھی ہو چکا تھا، لیکن پہلی تاریخ آگئی، اور لاریان نہ آئین، ۲۷ ذی الحجہ کو مسجد قبا جانا ہوا تھا، اتفاق سے وہین شیخ عبداللہ الفضل (مبئی والے) مع اپنے حشم وخدم کے آگئے، اور بیچارے خود ہی اخلاق ومحبت سے بڑھکر ملے، علاوہ اور حیثیتون سے ذی اختیار ہونے کے، حرمین کمپنی کے مالکون مین بھی ہین، ان سے ذکر آیا، کہ سواری ملنے مین دقت ہو رہی ہے، اسی وقت اپنے کسی سکریٹری کو حکم دیا کہ سواری کا انتظام فوراً کیا جائے، اس کے باوجود بھی پہلی کو سواری نہ ملی! مجبوراً الفضل صاحب کے مکان پر جاکر پھر کہنا پڑا، کمپنی کے منیجر، علی کے نام اسی وقت خط لکھدیا، اس خط کے باوجود بھی کامیابی فوراً نہین ہوئی، صبح وعدہ ہوتا تھا کہ دوپہر کو لاری مل جائیگی، دوپہر کو شام کا وعدہ ہوتا تھا، اور شام کے وقت پھر صبح کا حوالہ دیدیا جاتا تھا! پہلی گذری، دوسری گذری، تیسری کی صبح ہوئی، آٹھ اور نو بجے کے درمیان ہمارے مزور کے ایجنٹ شیخ حسینی نے آکر خوشخبری سنائی، کہ "لاری اسٹیشن پر لیگئی، فوراً روانہ ہو" جلدی جلدی جس طرح بن پڑا، سامان باندھا، غسل کیا، احرام باندھا، مسجد نبویؐ اور روضۂ انور سے

رخصت ہوئے، اور کوئی گیارہ بجے تک سارا قافلہ اعرابیون پر سوار اسٹیشن پہونچ گیا،
اسٹیشن پہونچے، تو یہان کا منظر ہی دوسرا تھا، ایک انار و صد بیمار، کانون سے سنا تھا،
یک لاری و صد سوار، آنکھون سے دیکھا، ایک نفسی نفسی کا عالم، وہ ہجوم وہ کشمکش، کہ میدان
حشر کا بھولا ہوا نقشہ آنکھون کے سامنے!

آتے تین تین لاریان ملی تھین، دو پر سواریان سوار ہوئی تھین، ایک خالی بہ نظر احتیاط
ہمراہ تھی، اور اسی پر سامان بھی لاد دیا گیا تھا، آج تین لاریون کا تو خیال بھی نہین
آسکتا تھا، دو کے ملنے کی بھی کوئی توقع نہین! ادھر کوئی لاری آتی ہوئی دکھائی
دی، اور ادھر، بغیر اس خیال کے کہ لاری کس کمپنی کی ہی، اور کس کے لئے لائی گئی ہے
ہجوم بے تحاشا اس پر حملہ آور ہوتا، بدزبانی اور دھکے تو معمولی بات تھے، نوبت اس سے
بڑھ کر بھی آجاتی تھی، ہمارے لئے ایک لاری آئی، اور اس کے ساتھ بھی یہی ماجرا پیش
آیا، عجمیون کا ایک دستہ بے تحاشا، اس پر ٹوٹ پڑا، ہم لوگ تو کیا مقابلہ کر سکتے تھے، لیکن
حبنبی صاحب نے ماشاء اللہ لاری پر سوار ہو کر پوری قوت سے مقابلہ کیا، اور گو اس
معرکے مین اتنے زخمی ہوئے، کہ ہاتھ سے خون جاری ہو گیا، لیکن سعودی پولیس کے
ہنٹرون کی اعانت سے بالآخر کامیاب رہے، غرض ایک لاری پر جون توں قبضہ ہ
لیکن اس کے بعد اب دوسری لاری عنقا تھی! گھنٹہ، دو گھنٹہ، چار گھنٹہ، دو پہ
سہ پہر، اور سہ پہر سے شام ہو گئی، ظہر کے بعد عصر اور عصر کے بعد مغرب کی نماز بھی خ
ہو گئی، لیکن دوسری لاری کا انتظار ختم نہین ہوا! گویا مدینہ سے رخصت ہو کر پھر بھی
ہی مین ہین، مسجد نبوی صلعم یہان سے میل ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ہی، گنبد خضرا تو د

نہین دیتا، البتہ مسجد مبارک کے مینار نظر آرہے ہین، اور دور ہی سے دل کو تسلی دیرہے ہین، ہر تھوڑی دیر کے بعد نگاہ اُن کی طرف بیساختہ اُٹھ جاتی ہی! عشا کی نماز کے بعد ہمین میدان مین بستر لگالئے گئے، ایک میلہ کی سی کیفیت ہی، عراقی، خراسانی، ہندی، مصری، سیکڑون پردیسی یہان سے وہان تک بستر جمائے لیٹے ہین، ۱۴ ذی الحجہ کی صبح ہوئی، اور صبح سے پھر انتظار شروع ہوا، نو دس بجے کے قریب خدا خدا کرکے دوسری لاری ملی، مگر اس کے شوفر صاحب غائب تھے! گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ کے مزید انتظار کے بعد وہ تشریف لائے، تو اب ضابطہ کی کارروائیان شروع ہوئین! خلاصہ یہ کہ عین دوپہر کو ٹھیک نماز ظہر کی اذان کے وقت لاریون کو روانگی کی اجازت ملی، اور شہر مدینہ پاک کے پھاٹک سے قدم باہر ہوئے،

ذیقعدہ کی پہلی تھی، جب اسی پھاٹک سے اس نور و برکت والے شہر مین داخل ہوئے تھے، ذی الحجہ کی چوتھی کو اسی پھاٹک سے، اسی رحمت و مغفرت والے شہر سے باہر نکلے، جہان ایک دن کا بھی قیام اگر میسر آجائے، تو تقدیر کی یاوری، اور ابرار و متقین کی نصیبہ وری ہی، وہان ایک دن نہین، دو دن نہین، اکٹھا ۳۳ دن کی حاضری ایک تباہ کار نامۂ سیاہ کو نصیب ہوگئی! شانِ کریمی کے بھی عجیب عجیب انداز ہین، جس مفلس کو چاہین، دم بھر مین مالا مال کردین، جس تہی دامن کو چاہین، ایک پل مین نواز دین، جس ریگستان کو چاہین آن کی آن مین گلزار بنا دین، جس آتشکدہ کو چاہین چشم زدن مین پھول کھلا دین! نہ کریم کا دستِ کرم کوتاہ ہونے والا ہی، نہ بخششون کا خزانہ کبھی خالی ہونیوالا ہی!

اے مبدل کردہ خاکے را بہ زر　　خاک دیگر را نمودہ بوالبشر

کارِ تو تبدیلِ اعیان و عطا　　کارِ ما سہو ست و نسیان و خطا

اے کہ خاک شورہ را تو نان کنی　　وے کہ نانِ مردہ را تو جان کنی

اے کہ جانِ خیرہ را رہبر کنی　　وے کہ بے رہ را کہ پیغمبر کنی

یہ داستانِ درد اس وقت نہ سنئے، کہ وقت کی یہ بیش بہا گھڑیان ضائع کن پہ روی کے ساتھ ہوئین، سوال اس وقت یہ نہین، کہ اپنے سے کیا بن پڑا، بلکہ صرف یہ ہے کہ اُدھر سے کیا کیا نوازشین اور کیسی کیسی سرافرازیان ہوتی رہین! یہ نعمت کچھ کم ہے کہ حضو کی توفیق اتنے عرصہ تک نصیب کردی گئی! عصرِ حاضرہ کے شیخ المشایخ حضرت حاجی امداد اللہؒ سے ایک مرید نے شکایت کی، کہ طائف مین چلہ باندھکر روزانہ سوا مرتبہ اسم ذات کا ذکر کرتا رہا، اور کچھ ثمرات و انوار ظاہر نہ ہوئے، حضرتؒ نے جواب مین ارشاد فرمایا، کہ "ارے میان، یہ دولت کچھ کم ہاتھ رہی، کہ چالیس دن تک اللہ پاک کا نام سوا لاکھ مرتبہ روزانہ زبان سے نکلتا رہا!" بہرحال جو کچھ ہوا، وہ اپنے حوصلہ اور مرتبہ سے کہین بڑھکر!

اعتراف ہے کہ آنکھون نے جس مدینہ کو دیکھا، وہ بیسوین صدی عیسوی کا تھا، پہلی صدی عیسوی کے ربع اول کا مدینہ نہ تھا، سید المرسلینؐ کا مدینہ نہ تھا، صدیق و فاروقؓ، عثمانؓ و علیؓ کا مدینہ نہ تھا، صحابہ و تابعین کا مدینہ نہ تھا، مجتہدین و ائمہ کا تو کبھی مدینہ نہ تھا ——— خزان مین موسمِ گل کی توقعات ہی کسی چمن سے قایم کی جائین ہ ——— لیکن باایہمہ مدینہ پھر بھی مدینہ تھا، آج نہ سہی، کبھی

اللہ کے پیارے، اور اُس پیارے کے پیارون کا شہر رہ چکا ہی، اس دور یا جو جیت مین پھر
اگر کہین کوئی جگہ بھی پناہ کی ہی، تو بجز اس آستانِ پاک کے اور کہان ہی؟ آج رخصتی
اِس دربار سے تھی! آج کوچ اس جنت ارضی سے تھا! آج فراق اس دیارِ حبیب کے گلی
کوچون سے ہو رہا تھا! آدمؑ جس طرح جنت سے جدا ہوئے ہین، اس قصہ سے سب
واقف ہین، لیکن ابن آدمؑ کو جب فخرِ آدمؑ و فخرِ نسل آدمؑ کی گلیون کو چھوڑنا پڑتا ہی، تو
اس وقت اس کے دل پر کیا گذرتی ہی، یہ داستان کون سنائے، اور کس کو سنائے؟

Marfat.com

باب ۱۹

احرام پوشی،

ذی الحجہ کی تیسری تاریخ یکشنبہ کا دن تھا صبح کے آٹھ بج چکے تھے، کہ مزور کے یہان سے اطلاع ملی کہ سواری کا انتظام ہوگیا، فوراً روانہ ہو جاؤ، کیا بیان ہو، کہ اس وقت دل کی حالت کیا تھی! ایک طرف یہ احساس، کہ مدینہ سے جدا ہونے کی آستانِ رسولؐ سے دور ہونے کی گھڑی آگئی، دوسری طرف یہ فکر کہ اب چلنے مین اگر کچھ بھی تاخیر کی، تو حج کے فوت ہو جانے کا اندیشہ، ٹھہرنے کی تو اب کوئی صورت ممکن نہین، لیکن چلنے پر بھی دل کو ذوق و شوق کے ساتھ کیونکر آمادہ کر لیا جائے؟ پھر مزور کی طرف سے بار بار جلدی کی تاکید، اور یہ دھمکی کہ چند لمحون کی دیر مین بھی ممکن ہی کہ سواری پر کوئی دوسرا قبضہ کرلے، اور اپنے ہاتھ سے چھن جائے! بہر حال جس طرح بھی بن پڑا، جلدی جلدی اسباب باندھا جون تون غسل کیا، کپڑے اتارے، اور اُس قسم کا لباس تھرتھراتے ہوئے ہاتھون اور کپکپاتے ہوئے دل کے ساتھ زیب تن کیا، جو زندگی کے خاتمہ پر امیر غریب، عالم و عامی، زاہد و فاسق، بڑے اور چھوٹے، ہر مسلمان کے حصہ مین آتا ہی! آج نہ ٹوپی ہی نہ عمامہ، نہ عبا ہے نہ شیروانی، نہ قمیص ہی نہ پاجامہ، صرف ایک چادر ہی، اور ایک تہ بند! لباس

Marfat.com

کی کل کائنات آج صرف یہ دو بے سلے ہوئے کپڑے ہین! اللہ کے دربار مین حاضری دینے والون کی یہ وردی ہی، اللہ رے مشتِ خاک اور اس کے حوصلے! دیوانون کو سودا یہ ہوا ہی، کہ جو بے نشان ہی، اُس کے نشان کا کھوج لگائین گے! باولون کو دھن یہ سوار ہوئی ہی، جو بلا مکان ہی، اُس کے مکان کے چکر کاٹین گے! عارفون نے کہا ہی، کہ مدینہ کی حقیقت یہ ہی کہ وہ مقامِ عبدیت ہی، اور مکہ کی حقیقت یہ ہی، کہ وہ مقامِ الوہیت ہی، رسولؐ مکہ سے مدینہ کو آئے تھے، اور رسولؐ کے امتی آج حجِ رسولؐ ہی کے اتباع مین مدینہ سے مکہ جا رہے ہین، کیا شانِ حکمت ہی، اور کیا حسنِ صنعت ہی، اللہ خود ہی اپنے بندون کو اپنے رسول صلعم تک پہونچاتا ہی، اور پھر رسولؐ ہی اللہ اور اللہ کے گھر کا راستہ دکھاتے ہین!

مدینہ سے حج کے لئے روانہ ہونے والون کا میقات (احرام باندھنے کا مقام) مدینہ نہین، ذوالحلیفہ ہے، جو مدینہ سے باہر نکلتے ہی مل جاتا ہی، بعض لوگ سمجھتے ہین کہ مسجد نبوی مین احرام باندھ لینا افضل ہی، یہ صحیح نہین، خود حضور انورؐ نے بھی حج کو جاتے وقت احرام مدینہ مین نہین بلکہ شہر سے نکلکر ذوالحلیفہ مین باندھا تھا، اسے اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے، لیکن خیال یہ ہوا، کہ قافلہ مین اتنے آدمی ہین، مرد بھی اور عورتین بھی، سب کے غسل کرنے کی جگہ، پردہ کی احتیاط کے ساتھ وہان کہان ملیگی، اور پھر موٹر والے، اتنے آدمیون کو باطمینان غسل سے فارغ ہونے کی مہلت کیون دینے لگے؟ اس لئے مناسب یہی معلوم ہوا کہ غسل کر کے احرام یہین سے پہن لیا جائے، باقی نیتِ احرام ذوالحلیفہ ہی سے کیجائے گی، گویا باضابطہ احرام وہین سے بندھیگا

Marfat.com

نفل نماز وہین پڑھی جائیگی، اور تلبیہ وہین سے شروع ہوگا، احرام کے معنی حرام کر لینے کے ہین، اور اسے احرام اس لئے کہتے ہین کہ بہت سی چیزین جو پہلے جائز تھین اس کے بعد حرام ہو جاتی ہین، اور اُن سے رک جانا پڑتا ہی، اس لئے کوئی شخص محض جامۂ احرام پہن لینے سے محرم نہین ہو جاتا، بلکہ لازم ہی، کہ نیت بھی احرام کی رکھے، غرض جھٹ پٹ نہا دھو، احرام پہن، مسجد نبوی اور روضۂ اطہر پر رخصت ہونے کے لئے حاضر ہوئے، رخصتی کا یہ سمان بھی شاید عمر بھر یاد رہے، آستانہ کے خادمون کی حسب توفیق کچھ خدمت کی گئی، ایک ایک سے دعاے خیر کے لئے التجا کی گئی، آستانۂ پاک پر الوداعی سلام عرض کیا گیا، روضۂ جنت مین آخری بار رکوع و سجود کا فخر حاصل کیا گیا، اور مصلّی نبیؐ پر بیٹھکر دل مین جو کچھ تھا زبان پر آتا رہا، اور محمدؐ کے امتی کو جو کچھ عرض کرنا تھا، محمدؐ کے رب کے حضور مین عرض کر دیا گیا،

مدینہ سے رخصتی کا منظر بھی ایک خاص منظر ہوتا ہی، اگر یہ تشبیہ بالکل ہی سوء ادب اور گستاخی مین داخل نہ سمجھی جائے، تو یہ کہنے کو جی چاہتا ہی، کہ گویا لڑکی ماں کے گھر سے رخصت ہو رہی ہی، یہ اپنے ذہن سے گڑھکر نہین کہا گیا، ایک بیوی نے اپنی بعینہٖ یہی کیفیت بیان کی، دوسرون کے حالات تو سنے سنائے ہین، مگر اپنے قافلہ والون کا حال تو دیکھا ہوا ہی، کہ آنکھین آنسوؤن سے لبریز، لبون پر آہین، چہرے اترے ہوئے، منہ پر ہوائیان اڑتی ہوئی، بدحواس و پریشان، مغموم منتشر، اور دل ہی کہ بھرتا چلا آرہا ہی، چلتے ہین اور پھر پیچھے مڑکر دیکھتے ہین، اور دیکھے جی نہین بھرتا، جی یہی چاہتا ہی کہ یہ منظر کبھی بھی نظرون سے اوجھل نہ ہو

بہانے ڈھونڈھتے ہین، کہ کسی نہ کسی طرح کچھ دیر اور رکنا ہو جائے! عموماً سب کا یہی حال، کم و بیش، رہتا ہی، بعض کو غش تک کی نوبت آجاتی ہی، کانون سے سنا بھی یہی، اور آنکھون سے دیکھا بھی یہی، لیکن ایک قسی القلب، اپنے قلب کی قساوت کا کیا بیان کرے، اس کی حالت سب سے الگ، اور سب سے مختلف رہی، روضۂ جنت مین، مصلّی نبیؐ پر دعائین کرتے وقت، تو خیر، قلب مین کچھ رقت رہی بھی، لیکن اُس کے بعد اس قسم کی ساری کیفیتین غائب! رنج و صدمہ الگ رہا، سرے سے جدائی کا احساس ہی نہین! یہ محسوس ہی نہین ہو رہا ہی، کہ کسی عزیز جگہ سے بچھڑ رہے ہین، اور دل مین بجاے ہراس و پریشانی کے ایک طرح کی طمانیت و بشاشت!

——— کریم کو کریمی کے کتنے ڈھنگ یاد ہین! کسی کے سینے مین شوق و اشتیاق کے شعلے بھڑکائے جا رہے ہین، اور کسی کو تسکین و تسلی کی تھپکیان دیجا رہی ہین!

———

مدینہ آتے وقت، تین لاریان قبضہ مین تھین، ابکی صرف دو ہی ملین، مجبوراً انھین دو پر سامان اور سواریون کو تقسیم کرنا پڑا، سامان ہر چند بہت کچھ اوسطن پر روانہ کر دیا تھا، پھر بھی جتنا ساتھ ہو گیا تھا، بہت تھا، اور سامان کی زیادتی یون تو ہر موقع پر مکلف ثابت ہوتی رہی، لیکن اس وقت خاص طور پر کھل گئی، آتے وقت گرمی بھی ایسی زیادہ تیز نہ تھی، ۹ر اپریل تھی، اب موسم بھی اپنے شباب پر آچکا تھا، مئی کی ۱۳ر تاریخ تھی، پھر سفر بھی ٹھیک دوپہر کے وقت شروع ہوا، اور سب سے بڑھکر یہ کہ آتے ہوئے مین جو دونون لاریان ۱۳-۱۳ سواریون کیلیے

تھین، اُن مین سے ایک پر ہم کل دس آدمی تھے، اور دوسری پر گیارہ، یہ عبدالرحمن الفضل صاحب کی خاص عنایت تھی، ایکی مرتبہ اس شدتِ ہجوم مین، اس رعایت وعنایت کی کوئی گنجایش نہ تھی، شیخ عبداللہ الفضل بیچارہ نے اسی رعایت کی گنجایش ایکی بار بھی کی، لیکن کمپنی کے مقامی منیجر علی نے کمپنی کے مالک کی بھی پروانہ کی، اور ہماری لاریون مین پانچ اجنبیون کو (جو غالباً یمنی تھے) زبردستی بٹھاکر ۲۶ کی تعداد پوری کردی! صبر وشکر" نہ سہی، خالی "صبر" کرنا ہی پڑا، اور اس کے سوا چارہ کیا تھا؟ ——— سرکش اور ناشکر گزار بندہ، اللہ کے گھر کی حاضری کے لئے چلا ہی، انانیت اور راحت طلبی وتن پروری پھر بھی زندہ! کاش آج تو چند گھڑی کے لئے اپنی عبدیت، اپنی بندگی کا احساس ہوگیا ہوتا! ——— ۴ ذی الحجہ یوم دوشنبہ کو عین اذانِ ظہر کے وقت مدینہ منورہ سے نکلے، اور موٹر کے لئے چھ سات میل کا فاصلہ ہی کیا، دم کے دم مین ذوالحلیفہ پہونچ گئے، جو اہل مدینہ کیلئے میقات یعنی احرام باندھنے کا مقام ہی، عام زبانون پر اس مقام کا نام بیر علی ہی، علی سے امیرالمومنین حضرت علی مرتضیٰؓ مراد نہین، کوئی اور صاحب اس نام کے ہوئے ہین، حضور انورؐ نے یہین سے حج کا احرام باندھا تھا، ایک چھوٹی سی مسجد بنی ہوئی ہے، اور ایک کنوان، اور پانی اور چاے کی ایک آدھ چھوٹی سی دوکان بھی ہی، بس کل اس قدر آبادی ہی، یہ وہ مقام ہی، جہان ہزارہا حاجی احرام باندھتے ہین، اگر یہان سو دو سو غسلخانے، زنانہ ومردانہ، پانی کے نل کے ساتھ، تعمیر کردیئے گئے ہوتے، تو حاجیون کو کتنی آسایش ہوجاتی اور کتنے، اللہ کے بندون کی زبان ہی سے نہین، دل سے دعائین نکلتین،

Marfat.com

اور حکومت ہرگز زیر بار نہ ہو جاتی،

اِحرام، محض ایک خاص وضع کے کپڑے پہن لینے کا نام نہین، اس کے بعد سب سے جائز چیزون سے رُک جانا لازمی ہی، مثلاً منہ اور سر کو ڈھانپنا (عورت کے لئے صرف منہ کا ڈھانپنا) سلے ہوئے کپڑے پہننا، بدزبانی کرنا فحش چیزون کی جانب اشارہ کرنا، جانورون کا شکار کرنا، خط بنوانا، ناخن ترشوانا، عطر اور تیل لگانا، وغیرہ، احرام، ایک طرح کا کفن ہوتا ہی، مُردون کا لباس پہن لینے کے بعد، حیف ہی، اگر انسان اس حد تک بھی اپنے نفس کو مردہ نہ کرلے! اسی لئے احرام کے ساتھ نیتِ احرام بھی ضروری ہی، طریق مسنون یہ ہی، کہ پہلے غسل کیا جائے، یا اگر اس مین دشواری ہو، تو وضو کافی ہی، اس کے بعد چادر اور تہمد پہنکر دو رکعت نماز ادا کرے، اور افضل یہ ہی کہ پہلی رکعت مین سورۂ کافرون، اور دوسری مین سورۂ اخلاص (قل ہو اللہ احد) اس کے بعد جانماز پر بیٹھے ہی ہوئے حج، یا عمرہ، یا دونون کی نیت اپنے دل مین کرے، اور الفاظِ ذیل زبان سے بھی ادا کرے، اللّٰھم انی ارید الحج فیسرہ لی و تقبلہ منی، و اعنّی علیہ وبارک لی فیہ نویت الحج و احرمت بہ للہ تعالیٰ، یہ الفاظ دعاے احرامِ حج کے ہین، اگر نیت عمرہ کی یا عمرہ و حج دونون کی کی ہی، تو دعا کے الفاظ مین بھی اسی مناسبت سے تھوڑا تھوڑا تغیر ہو جائیگا، نیتِ احرام کی کئی صورتین ممکن ہین، ایک یہ کہ محض حج کی نیت کیجائے، دوسرے یہ کہ محض عمرہ کی نیت کیجائے، تیسرے یہ کہ حج اور عمرہ دونون کی نیت کیجائے، عمرہ

Marfat.com

گویا چھوٹا حج ہی، جو سال بھر مین جب (یجز پانچ دنون کے) اور جتنی بار جی چاہی، ادا کیا جا سکتا ہی، اس کے ضروری ارکان صرف اس قدر ہین، کہ حرام کے ساتھ خانہ کعبہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کر لیجائے، بخلاف اس کے حج سال مین صرف ایک ہی مرتبہ مخصوص وقت پر ہو سکتا ہی، اور اسمین علاوہ دوسرے سنن، مستحبات، و واجبات کے، احرام کے ساتھ عرفات مین حاضری، اور اس کے بعد خانہ کعبہ کا طواف لازمی ہی، امام شافعیؒ کے نزدیک عمرہ بھی حج ہی کی طرح فرض ہی، حنفیہ کے ہان فرض نہین، البتہ ایک اہم سنت کا درجہ رکھتا ہی،

جو لوگ حج و عمرہ دونون ادا کرنا چاہتے ہین اُنکے لئے یہی دو صورتین ہین ایک یہ کہ ایک ہی احرام سے عمرہ اور حج دونون ادا کئے جائین یعنی عمرہ سے فارغ ہو کر احرام اتارا نہ جائے، اور حج اسی احرام سے ادا کیا جائے، دوسری صورت یہ ہی، کہ عمرہ سے فراغت کر کے احرام اتار دیا جائے، اور جو چیزین حالتِ احرام مین منع ہین وہ جائز ہو جائین، اور اس کے بعد حج کے لئے از سر نو احرام باندھا جائے، پہلی صورت کو فقہاء قران کہتے ہین، اور دوسری کا اصطلاحی نام تمتع ہی، اور یہ نام غالباً اسی لئے رکھا گیا کہ تمتع کرنے والا، احرام عمرہ اور احرام حج کے درمیان، اُن چیزون سے جو حالتِ احرام مین ممنوع ہین، متمتع ہو سکتا ہی، قران و تمتع، یہ دونون صورتین ہین، البتہ اس مین اختلاف ہی، کہ ان دونون مین نسبتاً افضل و اشرف کون ہی، امام ابو حنیفہؒ اور جمہور فقہاء حنفیہ کے نزدیک قران افضل ہی، اور امام مالکؒ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک تمتع کو افضلیت ہی، ہم لوگون کے لئے قران و تمتع

مین عملاً کچھ زیادہ فرق نہ تھا، اس لئے کہ ۸ ذی الحج کی دوپہر ہو چکی تھی، تمتع کے معنی یہ تھے کہ ۹ کی شام تک مکہ معظمہ پہونچکر، طواف وسعی سے فراغت کرکے، شب مین احرام اتار دیا جائے، اور ۸ کی صبح سے حج کے لئے پھر باندھ لیا جائے، اور قران کی صورت مین احرام مسلسل بندھا رہتا، صرف ایک دن یعنی ۸ ذی الحج کا فرق دونون صورتون کے درمیان پڑتا تھا، ہمارے قافلہ مین جتنے صاحب ہمت مرد اور اور عورتین تھین، اُنھون نے مولانا مناظر صاحب کی رہنمائی مین قران کی نیت کی، لیکن مجھ جیسے کم ہمت کے لئے احرام کی پابندیون سے ایک دن کی بھی فرصت ملجانا غنیمت تھا، اس لئے مین نے تمتع ہی کی نیت کی، اور دو چار شخص میرے ساتھ کے لئے بھی آمادہ ہو گئے،

مولوی مناظر صاحب کو اللہ نے اپنے فضل وکرم سے ہر موقع پر افضلیت و استحباب کی دولتون سے سرافراز رکھا، وہ غسل کے بعد، اور ہم لوگ تازہ وضو کے بعد، مسجد مین داخل ہوئے، پہلے نمازِ ظہر ادا کی، اس کے بعد احرامِ حج وعمرہ کی نیت کی، دو رکعت نماز پڑھی، اور زبان پر دعا کے وہ الفاظ آئے جو اوپر درج ہوئے ہین، لیجئے اب پورے محرم ہو گئے، اور تلبیہ اسی وقت سے شروع ہو گیا، غلام، غلامون کی مخصوص وردی مین ملبوس ہوکر اپنے آقا کے مکان کی طرف چلے اور ہر قدم پر آقا کو، آقا ہی کے تعلیم کئے ہوئے لفظون مین، پکارتے بھی چلے!

لبیک اللھم لبیک، لبیک لاشریک لک لبیک، ان الحمد والنعمۃ لک والملک لاشریک لک، تلبیہ کے یہ الفاظ مسنون وماثور ہین، امام شافعیؒ کے نزدیک

کلماتِ اذان وتشہد کی طرح اس عبارت مین بھی کسی قسم کی کمی بیشی جائز نہین لیکن اکثر علماے حنفیہ نے اضافۂ الفاظ کی رخصت دی ہی اور بعض جلیل القدر صحابہ سے بھی الفاظ کا اضافہ منقول ہی، اب ضروری ہوگیا کہ ہر نماز کے بعد، اور چڑھتے اور نیچے اترتے وقت، ایک دوسرے سے ملاقات کے وقت، دوسری سواریون کو آتے جاتے دیکھکر، برابر انھین الفاظ مین اپنے مطلوب اور سب کے مطلوب کو پکارا جایا کرے، مرد کو بلند آواز سے کہنا چاہئے، لیکن نہ اتنی بلند آواز سے کہ شور وغل سے دوسرون کو تکلیف ہو، ہر موقع پر تین بار ہو تو بہتر ہی، کافی صرف ایک مرتبہ بھی ہے،

جگ بیتی اور آپ بیتی مین بڑا فرق ہوتا ہی، ابتک دوسرون کو احرام باندھتے اور احرام باندھے ہوئے دیکھا تھا، خود احرام آج باندھا، مولوی مناظر صاحب نماز مین پڑھا رہے ہین، دعاؤن کے الفاظ بتا رہے ہین، اور ادھر اپنا دل دھڑک جا رہا ہی، زبان سے جو کچھ ادا ہو رہا ہی، اسے سب سن رہے ہین، لیکن دل کیا کہہ رہا ہی؟ دل جو کچھ کہہ رہا ہی اسے کون سنے؟ اُسے کون سن سکتا ہی؟ ہان صرف وہی ایک سن سکتا ہی، اور سنتا ہی، جو سب کی سنتا ہی، جو گونگون اور بے زبانون کی سنتا ہی، جو آوارون، ناکارون کی سنتا ہی، جو کمزورون اور ناتوانون کی سنتا ہی، جو بیکسون اور بیچارون کی سنتا ہی، جو نااہلون، اور نادانون کی سنتا ہی، جو محرومون اور شامت زدون کی سنتا ہی، اور جو اُنکی سنتا ہی، جنکی کوئی بھی نہین سنتا! سب کی سننے والے تیرے ہان محرم کا بڑا درجہ اور اونچا مرتبہ ہی، اس خدائی

کو پہنکر اس کے شرائط و آداب کا بجالانا، کیونکر ممکن ہوگا ؟ گناہون سے بچنا کیسے ہو سکے گا ؟ تو نے حکم دیا ہی، لا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج، ارکانِ حج تو شروع ہو گئے، پر اس حکم کی تعمیل پر کیسے قدرت ہوگی ؟ آنکھ کی احتیاط اور زبان کی احتیاط کس کے بس کی بات ہی ؟ مزاج اور زبان پر کس طرح قابو رکھا جائیگا ؟ جس گھر کو تو نے اپنا گھر کہکر پکارا ہی، اُس کا صحن تو تیرے نام پر آگ مین کود پڑنے والے ابراہیمؑ، اور تیری راہ مین اپنے کو ذبح کرا ڈالنے والے اسمٰعیلؑ کے قابل تھا، جس گھر کو تو نے پاک قرار دیا ہے، اُس کے در و دیوار کو اپنے آنکھون اور ہونٹون سے لگانے والے تو صرف تیرے پاک پاکیزہ نکھرے اور ستھرے بندے ہی ہو سکتے ہین، جس گھر کی طرف تیرے حبیبؐ، اور تیرے بندون کے سردارؑ نے، دن کی روشنی اور رات کی تاریکیون مین بیشمار سجدے کئے ہین، اور بے گنتی اور بحساب اپنے سر کو جھکایا ہی، اس کی چار دیواری تو صرف نور کے بنے ہوئے فرشتون اور رحمت و مقبولیت کے سانچے مین ڈھلے ہوئے صدیقین و کاملین کے طواف کے لایق تھی، وہان آج تو کس کو باریاب کر رہا ہی ؟ کس ننگِ خلایق کا دماغ عرش پر پہونچا رہا ہی ؟ کس گندہ، اور ہر گندگی سے گندہ تر، بندہ کی زبان سے لبیک لبیک کہلا رہا ہی ؟ یہ بیداری ہی یا خواب ؟ اگر خواب ہی تو ہزارون بیداریان اِس مبارک خواب پر قربان ! اگر بیداری ہی، تو ! ——— کوئی حقیر و ذلیل، ناپاک مشتِ خاک اپنے جذبات کے ظاہر کرنے کے لئے لفظ و عبارت کہان سے لائے !

Marfat.com

باب ۲۰

جدّہ، راہِ مکہ

وتحمل اثقالکم الی بلدٍ لم تکونوا بالغیہ الا بشق الانفس، سورۂ نحل رکوع اول مین پروردگارِ عالم کے انعامات کے ذیل مین انعام (چوپایون) کا ذکر ہی کہ وہ تمھاری سواریون کا کام دیتے ہین، اور تمھارے بوجھ تمھارا سامان و اسباب شہر تک لاد کر پہونچاتے ہین، جہان تم اپنی جانون کو مشقت مین ڈالے بغیر نہین پہونچ سکتے، آیت کی تفسیر مین ایک قول سلف سے یہ منقول ہی، کہ "بلد" (شہر) سے مطلق مراد نہین، بلکہ متعین شہر مکہ مراد ہی، گویا ضمناً آیۂ کریمہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ مکہ تک پہونچنا دشواریون اور سختیون کے بعد ہی ممکن ہی، پہلے کسی زمانہ مین تو آیت کے اس مفہوم کی واضح تصدیق قدم قدم پر ہوتی رہتی تھی، لیکن اب زمانہ بہت بدل گیا اب ہر طرح کی سہولتین اور آسانیان پیدا ہوگئی ہین، اب نہ بدوون کی بندوقون سے ہلاک ہو جانے کا ڈر ہی، نہ مال کے ضایع ہونے کا، اور نہ سامانِ راحت کی نایابی پھر بھی "شق الانفس" ہمارے قافلہ کے لئے سرے سے بے معنی نہین، وسط مئی کا موسم کی دھوپ، موٹر جیسی صبا رفتار سواری مین بھی ۴۰، ۴۵ گھنٹے کا راستہ، پیاس شدت، مدینہ کے سرد پانی کے خوگر ہو جانے کے بعد اس کی نایابی پر حسرت ناریون

اندر کشمکش اور چپقلش، بجاے شتربان کے موٹربان (شوفر) اور اُن کے نائب (کلینر) کی مجبورانہ ناز برداریان، یہ سب کچھ اگر "شق الانفس" کی تفسیر نہین تو اور کیا ہی؟

لیکن دکھ کی پروا کسے؟ اور اذیت کا احساس کس کو؟ کیا کسی کو یہ معلوم نہ تھا کہ چل کہان رہے ہین؟ اور نخبت کا عروج اور منصیبہ کا اوج کس کو کہان پہونچا رہا ہی؟ چل اس شہر کو رہے ہین، جس کو کسی نادان انسان نے نہین، کسی سیاحِ جہان گشت نے نہین، کسی جغرافیہ نویس اور کسی نقشہ ساز نے نہین، زمینون اور آسمانون کے پیدا کرنے والے نے، لندن و پیرس کو چمک دمک اور جگمگاہٹ بخشنے والے نے، برکن و نیویارک کو نیست سے ہست کرنے والے نے، ام القری، سب بستیون کی ماں کہکر پکارا ہے، ماں وہ ہی، جس کے وجود کے بغیر اولاد کا وجود نہین ہوتا، آج مکہ نہ ہوتا، تو نہ کلکتہ ہوتا نہ بمبئی، نہ لکھنؤ نہ دہلی، نہ لاہور نہ مدراس، اور نہ چین نہ جاپان، نہ مصر نہ ہندوستان، نہ انگلستان نہ سارا فرنگستان! شارحین اور مفسرین کہتے ہین، کہ مکہ روے زمین کا مرکز ہی، نادان فرنگی ہنستا ہی، اور کہتا ہی، کہ زمین کرہ کی شکل مین ہی، اس مین کسی ایک متعین مقام کو سب سے وسط مین کیونکر قرار دیا جا سکتا ہی، اس جاہل کو مرکز کے معنی صرف جغرافی مرکز کے معلوم ہین، اور اسکی عقل صرف اسی کو مرکز جانتی ہی، جو مادّی آلاتِ پیمایش کے حساب سے سب کے وسط مین ہو، سو اوّل تو اس کے پاس اس حیثیت سے بھی اس کے عقیدے کی کوئی دلیل نہین، لیکن اس کے علاوہ "ام" کے معنی مرکز جغرافی کے ہین ہی سب؟ ماں کا کام تو اولاد کو وجود مین لانا، اور انکی پرورش و تربیت کرنا ہی، پھر اگر آج بھی سب کی ایمانی پرورش اور روحانی تربیت مکہ سے نہین، تو اور کہان سے ہو رہی ہی؟

Marfat.com

سارے شہرون اور سارے ملکون، ساری آبادیون اور ساری بستیون کے دین و ایمان کا مرجع اور تربیت و تزکیہ کا مرکز، اگر مکہ نہین، تو کیا کوئی اور شہر ہی؟ رحمت کاملہ و قدرت مطلقہ نے اپنے آخری پیام رحمت کی بارش کے لیے، کیا بجز اس سرزمین کے کسی اور کو چنا؟ اور اس پیام کا پیامبر، سب سے جامع، سب سے اہم، سب سے اکمل، سب سے آخر پیام لانے والا، کہان پیدا ہوا؟ کہان پلا؟ کہان بڑھا؟ کہان اُس پر اُس پیام کا نزول شروع ہوا، اور کہان کی گلیون اور وادیون مین وہ ایک دن دو دن نہین، تیرہ برس تک اُسی پیام کی منادی کرتا رہا!

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ کے حوالہ سے یہ روایت اکثر کتب تفسیر مین منقول ہے، کہ جب اللہ کے حبیبؐ و محبوبؐ کو اس شہر سے ہجرت کرنی پڑی، تو گھر سے نکلنے کے بعد، اس شہر کی طرف مڑکر ارشاد ہوا،

انت احب البلاد الی اللہ تعالیٰ و انت احب بلاد اللہ تعالیٰ الیّ ولو لا ان اھلک اخرجونی لما خرجت منک	تو اللہ تعالیٰ کے تمام شہرون سے بڑھکر اللہ کو محبوب ہی، اور تو اللہ تعالیٰ کے تمام شہرون سے بڑھکر مجھے بھی محبوب ہی، اور اگر تیرے لوگون نے مجھے نہ نکالا ہوتا، تو مین خود تجھ سے نہ نکلتا،

اس تصریح کے ساتھ اللہ کا محبوب ترین شہر اور اللہ کے رسول کا محبوب تر شہر، سوا مکہ کے، اور کسے کہا گیا ہی؟ حدیث کی روایت کو بھی چھوڑیئے، خود کلام مین کیا ارشاد ہوتا ہی:-

انما امرت ان اعبد رب ھذہ	مجھے صرف یہ حکم دیا گیا ہی کہ اس شہر کے رب

البلدۃ الذی حرمھا ولہ کل شئ (نمل، ع،) | عبادت کرون، جس نے اسے حرمت والا بنایا، اور ہر شے اُسی کے لئے ہی،

اللہ اکبر! مکہ والو، مکہ کے مسافرو، ذرا مکہ کی بڑائی دیکھنا! خود اپنا تعارف مکہ کے ذریعہ سے کرایا جارہا ہی! اپنے متعلق ارشاد ہوتا ہی، کہ "اس شہر (مکہ) کے پروردگار"! اور پھر تصریح در تصریح، کہ وہ مکہ کا رب ہی نہین بلکہ وہ جس کے لئے سب کچھ ہی، مکہ کو پاک بھی کرچکا ہی، اُسے حرمت والا بھی قرار دیچکا ہی، اللہ نے لا اقسم بھذا البلد مین کس شہر کی عزت افزائی کی ہی! البلد الامین کس شہر کا نام رکھا گیا ہی؟ بلدًا آمنًا سے کس شہر کی سرافرازی مقصود ہی! بلد الحرام زبانِ نبوت مین کس شہر کے لئے ارشاد ہوا ہی؟ ابراہیم خلیل اللہ نے کس شہر کی آبادی کے لئے دعا کی تھی؟ ابراہیمؑ، اور اسمٰعیلؑ اور ہاجرہؑ نے کس شہر مین اپنی مستقل یادگارین چھوڑی ہین؟ ——— موٹر کے پہیئے تیزی کے ساتھ گھوم رہے تھے، اور انکی ہر گردش کے ساتھ، اللہ کا شہر، اللہ کے حبیب کا شہر، اللہ کے خلیلؑ کا شہر، اللہ کے ذبیحؑ کا شہر، بیشمار اولیاء وصدیقین کا شہر قریب تر ہوتا جارہا تھا،

لبیک اللھم لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لبیک، ہر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد، دوسری سواریون یا پیدل مسافرون کو دیکھ کر، بلندیون پر چڑھتے وقت، نشیبون مین اترتے وقت، منزلون پر پہونچ کر، نمازون سے فارغ ہوکر لبیک لبیک کی صدائین بلند ہوتی ہین، ظہر کی نماز ذوالحلیفہ مین پڑھ چکے تھے، عصر، مغرب وعشا کی نمازین راستہ مین مختلف منزلون مین ادا ہوئین، قریب

Marfat.com

نصف شب کے بیر حسان پر پہونچے، اور یہین قیام ہوا مدینہ جاتے ہوئے بھی شب اسی منزل پر گذاری تھی، آدھی رات کے بعد تھکے ماندے، خوب خستہ ہوکر سونے لیٹے، فجر کی نماز اکثر دن کی قضا ہوئی، جون تون پڑھکر پھر جلدی سے روانہ ہوئے، آج سفر سارے دن کا ہی، یہ موسم تو خوب لو چلنے کا ہی، لو ہندوستان ہی کی کس غضب کی ہوتی ہی، چہ جائیکہ ریگستانِ عرب کی لو! لو سے بچنے کے لئے کچی پیاز بہت مفید ہی قافلہ مین سب نے پیاز کی آنڈیان ہاتھون مین لے رکھی تھین، اور کبھی کبھی سونگھتے بھی جاتے تھے، احرام کی حالت مین سر ڈھانپنے کی ممانعت، جسم کا بہت سا حصہ بھی تیز ہوا مین بلا ارادہ بار بار کھل جاتا تھا، ان بے احتیاطیون کے باوجود بھی خدا کے فضل سے سارا قافلہ محفوظ رہا، نہ کسی کے لو لگی، نہ کسی کو بخار آیا، راستہ مین ایک لاری ٹھیک دوپہر کو کھڑی ہوئی ملی معلوم ہوا کہ بگڑ گئی ہی، مصریون کا قافلہ سوار تھا اس مین ایک جوان عورت کو لو لگ گئی ہی، بیچاری بے حال و بدحواس تھی، اسکا شوہر اسے ہماری لاری پر لے آیا، اور اگلی منزل پر اسے لیکر اتر گیا، خدا معلوم بعد کو کیا گذری، منزلون پر طبی انتظام کسی قسم کا بھی نہ تھا، حالانکہ اس ہجوم کے زمانہ مین خصوصاً ایسے سخت موسم مین، راستہ مین دس بارہ چھوٹے شفاخانے قایم کر دینے کچھ مشکل نہ تھے،

مدینہ سے مکہ کو اونٹ جس راستہ سے جاتے ہین، وہ سیدھا راستہ ہی، ادھر جدہ نہین پڑتا، موٹر کا راستہ جدہ ہوکر ہی، اس لئے ہملوگون کو تو بہر حال یہی راستہ اختیار کرنا تھا، دن بھر کے سفر کے بعد شام کو جدہ کی روشنیان نظر آنی شروع ہوئین، اور

عشا کے اول وقت شہر مین داخل ہوگئے، موٹرین حرمین کمپنی کی تھین، شوفرانی کمپنی کے موٹرخانہ مین موٹرین لے گئے، اور یہین وہین اتار دیا، رات کا وقت، اجنبی مقام، اپنے وکیل اور اُن کے مکان کی اس وقت کہان تلاش کیجائے؟ اتنی عورتون کا ساتھ، انھین کہان چھوڑا جائے؟ اور پھر اگر وکیل صاحب ہاتھ بھی آگئے تو ایسے ناوقت وقت پر ہم لوگون سے التفات کیون فرمانے لگے؟ اس قسم کے سوالات شاید دیر تک دماغ کو پریشان رکھتے، لیکن آخر اسی جدہ مین منشی احسان اللہ صاحب بھی تو مع اپنے تمام اختیار و اقتدار کے رہتے ہین، فوراً وہ یاد پڑگئے، اور پتہ پوچھتے اُن کے گھر جا پہونچا، گھر پر موجود مل گئے، اور ان کی ملاقات ہر مشکل کا حل تھی، وہی لطف و التفات، وہی توجہ و اخلاق، دس بیس منٹ کے اندر وکیل صاحب بھی مل گئے، سامان بھی سب اتر آیا، اور مردانی و زنانی سواریان بھی سب بسہولت وکیل صاحب کے مکان تک پہونچ گئین، قافلہ کے اور لوگ صالح نیبونی کے مکان مین رہے، مجھے اور مولانا مناظر کو شیخ نصیف کے پُر فضا چبوترہ کی چاٹ پڑ چکی تھی، اور اس وقت کے گرم موسم مین تو اس کی اور زیادہ ہوس تھی، ہم دونون ان کے ہان پہونچے، معلوم ہوا شیخ مکہ جا چکے ہین، مجبوراً صالح نیبونی کے مکان کے نیچے میدان مین لیٹے، لیکن اس میدان پر اس وقت انسانون سے زیادہ اونٹون کا قبضہ تھا، ساری رات انسانون اور اونٹون کی کش مکش اور چپقلش مین گذری، اونٹون کا اتنا ہجوم عظیم پہلی بار دیکھنے مین آیا،

جدہ، اس وقت حاجیون سے پٹا پڑا ہے، مسجدون کے اندر، سڑکون کے اوپر،

Marfat.com

دو کانون کے نیچے، زمین کا کوئی گوشہ خالی نہین، ۵ر ذی الحجہ ختم ہو چکی، اب حج کے دن ہی کے باقی رہگئے، ہر شخص عجلت سے بیتاب، اور لطف یہ کہ سب کو موٹر ہی سے نہین جانا ہی، سیکڑون ہزارون بندگانِ خدا ایسے ہین، جو اونٹون پر جائینگے، اور کچھ ایسے بھی، جو پا پیادہ روانہ ہونگے! آفرین ہی ان کی ہمتون پر، یہان تو موٹر کے باوجود بھی گھبراہٹ سوار ہی، کہ دیکھئے ٹھیک وقت سے پہونچنا نصیب بھی ہوتا ہی، یا نہین؛ جون تون کرکے ۶ر کی صبح ہوئی، مدینہ کی طرح یہان بھی تہجد کی اذان ہوتی ہی، خیر آج کی بدحواسی مین اُس وقت اٹھنا تو کیا نصیب ہوتا، البتہ نمازِ فجر کے لئے جب مسجد جانا ہوا، تو دیکھا، کہ مسجد نمازیون سے کھچا کھچ بھری ہوئی ہی، سبحان اللہ، آج کے مجمع کا کیا کہنا، ہندی، مصری، مغربی، خدا معلوم کس کس دیس کے حاجی جمع ہین، وضع الگ، لباس الگ، بولی الگ، قد و قامت الگ، رنگ روپ الگ، البتہ سب کے سب نبیؐ کی امت اور اللہ کے بندے، دن نکلا، اور موٹرون کا انتظام شروع ہوا، آج دن کا کھانا، صبح سویرے ہی پیٹ بھر کر کھالیا گیا، کہ خدا معلوم دوسرے وقت کھانے کا موقع کب اور کہان آئے، مکہ مین چونکہ قیام بہت مختصر کرنا تھا، اس لئے زائد سامان یہین وکیل صاحب کی حفاظت مین چھوڑ دیا گیا، اور صرف ضروری سامان ساتھ رکھکر، ہندوستان کی گھڑیون کے حساب سے، دن کے دس بجے ہمارے موٹر روانہ ہوگئے، جدہ سے جو لوگ سیدھے مدینہ منورہ جاتے ہین، اور اُن کے موٹرون کے جو کرایہ پیشگی لے لئے جاتے ہین، اُن کرایون مین جدہ سے مکہ تک کا کرایہ بھی شامل رہتا ہی،

Marfat.com

جدہ سے مکہ کا فاصلہ کوئی ۷۰، ۷۲ میل کا ہی، اونٹ دو ڈیڑھ روز مین پہونچتے ہین، اچھے موٹر دو ڈھائی گھنٹے مین، اور لاریان تین ساڑھے تین گھنٹے مین، مکہ کا راستہ مدینہ کے راستہ سے نسبۃً بہت بہتر ہے، کہین کہین سڑک کوٹنے والے انجن (اسٹیم رولر) بھی دکھائی دیئے، راستہ مین دونون طرف پانی اور شربت اور چائے کی دوکانین کثرت سے موجود، شاید ایک جگہ شفاخانہ کا خیمہ بھی دکھائی پڑا تھا، چھوٹے چھوٹے پڑاؤ بکثرت درمیان مین ایک بڑی منزل صدہ یا بحیرہ کی آتی ہی، نمازِ ظہر کے وقت یہان پہونچے خیمون اور شامیانون کا ایک وسیع سلسلہ سڑک کے دونون طرف قائم، علاوہ چائے کے کھانے کی دوکانین بھی موجود، چاول، گوشت، ترکاری، تربوز، جو چاہئے، نوش فرمائیے، البتہ مدینہ کا سا پانی اب کہان مل سکتا ہی، اب اس کا خیال ہی چھوڑ دیجئے، گو اسکی یاد ہر مرتبہ حسرت کے ساتھ آکر رہیگی، ایک بڑے قہوہ خانے مین چائے پی، اور یہین نمازِ ظہر بڑی جماعت کے ساتھ پڑھی، جدہ سے اونٹون پر جو قافلے مکہ جارہے ہین، ان کے بھی بہت سے حاجی یہان مل گئے، اور انھین مین جدہ کے مہاجن سیٹھ جمال الدین فنی بھی تھے، جنکا ذکر خیر پہلے آچکا ہی، جدہ سے مکہ تک سڑک پر سایہ کا کہین نام نہین، خشک چھاڑیان البتہ جا بجا نظر آتی رہین، اور مکہ کے قریب، کچھ نخلستان بھی نظر آئے،

ظہر کا اوسط وقت گزر چکا تھا، کہ زمینِ حرم کے حدود شروع ہوگئے، جدہ سے آتے وقت مکہ سات میل رہتا ہی، کہ حدودِ حرم شروع ہوجاتے ہین، کہا جاتا ہی کہ جب حضرت آدمؑ مکہ مین تشریف لائے، تو اللہ نے شیاطین سے آپکی حفاظت کے لئے ملائکہ

Marfat.com

کو نازل کیا، جنھون نے مکہ کو چارون طرف سے گھیر لیا، جو زمین اُس حلقے کے اندر آگئی، وہ حرم کہلاتی ہی، یہ روایت صحیح ہو یا نہ ہو، بہرحال زمینِ حرم ہے خاص ادب و آداب کی سرزمین، اور بزرگون نے اس کے آداب یہ لکھے ہین، کہ اگر ممکن ہو تو اتنا فاصلہ پاپیادہ طے کرے، اور قدم اس مسکنت، فروتنی، و تذلل کے ساتھ اٹھائے، کہ جیسے کوئی عاجز و بے بس، شہنشاہ کے دربار مین جارہا ہی، موٹر نشینون اور کم ہمتون اور ناتوانون کو بھلا ان آداب کی کیون توفیق ہونے لگی تھی، یہان محض اس لئے ذکر کر دیا گیا کہ ہوسکے تو آیندہ عازمینِ حج اسے پیشِ نظر رکھین، ان حدود مین داخل ہوئے، تو مولانا مناظر کی قیادت مین یہ دعا (یا مثل اس کے کوئی دوسری دعا تھی) بلند آواز سے پڑھی، اللھم ان ھذا حرم ملت وحی مرسولک فحرم لحمی وعظمی ودمی علی النار اللھم امنی من عذابک یوم تبعث عبادک واجعلنی من اولیائک واھل طاعتک وتب علی انک انت التواب الرحیم، مناسکِ حج پر عربی مین صدہا تصانیف ہین، فقہ کی ہر کتاب کا ایک لازمی جزو کتاب الحج ہوتا ہی، مولانا مناظر کے پاس ملا علی قاریؒ کی شرح لباب المناسک تھی، اس موضوع پر حنفیون کیلئے جامع ترین کتاب ہی، اردو خوانون کے لئے مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا مختصر رسالہ زبدۃ المناسک بڑے کام کا ہے، دیکھنے مین چھوٹا، لیکن مفید و مستند معلومات سے لبریز، ہم لوگون کے ہاتھ مین اسی کے اوراق تھے، مولوی شاہ الیاس برنی صاحب کا سفرنامہ صراط الحمید بھی ضروری مسائل و معلومات سے خالی نہین، گو اسکا اصلی لطف اہلِ دل ہی اٹھا سکتے ہین، مولوی شاہ سلیمان اشرف صاحب کی کتاب الحج جامع و نافع ہی، اور اردو مین سب سے زیادہ مفصل و مبسوط ہدایت نامہ اس باب مین مولوی منور الدین

دہلوی کی کتاب الحج والزیارۃ (فتاوی عثمانی، جلد ۲) ہے، جو ہر دوسری کتاب سے بے نیاز کر دینے کے لئے کافی ہی، اور اردو مین اپنے موضوع پر ایک بے مثل و نادر جامع تالیف ہے، مولوی ابوالخیر خیر اللہ صاحب وکیل ہنگنڈہ (دکن) نے بھی اپنے چند ورق کے رسالہ خیر المناسک مین حیرت انگیز اختصار کیساتھ ضروری مسائل، ادعیہ واذکار کو جمع کر دیا ہی، عازمانِ حج اگر اس قسم کی چیزین اپنے ہمراہ رکھین، تو بہت سی لغزشون اور فروگذاشتون سے، جن پر بعد کو تاسف وندامت ہوتی رہتی ہے، بچ جایا کرین گے،

Marfat.com

باب ۲۱

سوادِ مکہ

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلعم لمکۃ ما اطیبک من بلد و احبک الی ولو کان ان قومی اخرجونی منک ما سکنت غیرک۔

(ترمذی)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے مکہ کو مخاطب کرکے ارشاد فرمایا کہ تجھ سے زیادہ پاکیزہ کوئی شہر نہین، اور نہ کوئی شہر تجھ سے زیادہ مجھے محبوب ہی، اور اگر میری قوم والون نے مجھے نکال نہ دیا ہوتا، تو مین تیرے سوا اور کہین نہ رہتا،

حاضری اس پاکیزہ ترین شہر اور رسولِ خدا کے اس محبوب ترین شہر مین ہو رہی تھی،

عن عبد اللہ بن عدی قال رأیت رسول اللہ صلعم واقفًا علی الحزورۃ فقال واللہ انک لخیر ارض اللہ و احب ارض اللہ الی اللہ

عبداللہ بن عدیؓ کہتے ہین کہ مین نے رسول اللہ صلعم کو حزورہ (مکہ مین ایک مقام کا نام ہے) مین کھڑے ہوئے دیکھا، اور آپ فرما رہے تھے کہ اے مکہ اللہ کی بہترین سرزمین ہی، اور اللہ کی نظر مین

(ترمذی)

کی محبوب ترین زمین ہی،

قدم اس بہترین شہر اور اللہ کے اس محبوب ترین شہر کی جانب بڑھ رہے تھے،

عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلعم ... یوم فتح مکۃ ان ھذا البلد حرمہ اللہ یوم خلق السموات والارض فھو حرام بحرمۃ اللہ الی یوم القیمۃ وانہ لم یحل القتال فیہ لاحد قبلی ولم یحل لی الا ساعۃ من نھار فھو حرام بحرمۃ اللہ الی یوم القیمۃ لا یعضد شوکہ ولا ینفر صیدہ ولا یلتقط لقطتہ الا من عرفھا ولا یختلی خلاھا،

(بخاری مسلم وغیرہ)

ابن عباسؓ سے روایت ہی، کہ رسول اللہ صلعم نے فتحِ مکہ کے دن فرمایا کہ .... اس شہر کو حرم قرار دیا، اللہ نے اسی روز سے، کہ جس روز آسمان و زمین کی آفرینش کی، پس اس کی حرمت واجب ہے روزِ قیامت تک، اور ہرگز نہیں جائز ہوا اس کے اندر قتال مجھ سے قبل کسی کے لئے، اور نہیں جائز ہوا، خود میرے لئے، بجز ایک ساعت روز کے، پس واجب ہی اس کی حرمت یوم قیامت تک، نہ کاٹا جائیگا، درخت خاردار اس کے اندر اور نہ تعرض کیا جائیگا شکار سے اس کے اندر، اور نہ اس کے اندر گری ہوئی چیز اٹھائی جائیگی، سوا اس صورت کے کہ اسے پہچنوایا جائے، اور نہ کاٹی جائیگی گھاس اسکے حدود کے اندر،

رحمت و فضل کی کشش اس سرزمین پر لئے جا رہی تھی، جہاں داخلہ کے یہ آداب اور یہ شرائط ہین، اور جہاں کے احترام کو ان قیود سے سب پر واضح اور سب پر روشن کر دیا گیا ہی!

یہ فیوض اور یہ آداب تو اللہ کی طرف سے ہر بندہ کے لئے ہین، اہلِ ادب اور اہلِ دل نے از خود جو آداب ملحوظ رکھے ہین، اُن کا کیا ذکر کیا جائے، اس تیرہ سارھے تیرہ سو برس کی مدت مین کتنے ایسے ہین، جو بغیر کسی رفیق اور بغیر کسی زاد و راحلہ کے اپنے کو محض تقدیر الٰہی کے سپرد کئے ہوئے اس در پر حاضر ہوئے ہین! کتنے ایسے ہین کہ جو اثنائے سفر مین مسلسل روزے رکھتے ہوئے، اور قدم قدم پر دوگانہ نماز ادا کرتے ہوئے، اس سرزمین پر پہونچے ہین! کتنے ایسے ہین، جو "خانہ" نہین، صاحبخانہ "بیت" نہین، رب البیت کے شوقِ دید مین، جھکتے اور گرتے ہوئے، سر کے بل یہان پہونچے ہین! اور فرماتے یہ ہین، کہ مسلمان حرم کو حرم اس لئے کہتے ہین، کہ اس کے

حرم را حرم بدان خوانند، کہ اندرے مقامِ ابراہیمؑ ست ..... و ابراہیمؑ را دو مقام بودہ است، یکے مقام تن وے و دیگر مقام دلش، مقام تن مکہ و مقام دل خلت، ہر کہ قصد مقام تن وے کند از ہمہ شہوات و لذات اعراض باید کرد، (کشف المحجوب)

اندر مقام ابراہیم ہی ..... اور ابراہیم علیہ السلام کے دو مقام تھے، ایک ان کے تن کا مقام اور ایک ان کے دل کا مقام، مقام دل کو خلت کہتے ہین، اور مقام تن کا نام مکہ ہی، پس جو ان کے مقامِ تن کا قصد کرے، لازم ہے کہ اپنے کو لذتون اور خواہشون سے خالی کرلے،

یہان احرام کی ظاہری پابندیان ہی آسانی سے کس کے بس کی بات تھین کہ ان باطنی پاکیزگیون کا خیال تک بھی آسکتا! یہان زبان اور آنکھ، اور ہاتھ اور پیر کب قابو مین تھے، کہ دل و دماغ، تصور و خیال، خواہش و ارادہ کو قابو مین لانے کا دھیان بھی کیا جاتا! بس محض تن بہ تقدیر چل رہے تھے، اور چل کیا رہے تھے

بس کسی کا لطفِ بے نہایت اور کرمِ بے حساب، چلائے جا رہا تھا! کیا شانِ رحمانیت و ربوبیت ہی! یہ ہیبت و عظمت والی، یہ عزت و جلالت والی سرزمین، جو شاید صرف انبیاء و ملائکہ اور اولیاء و صدیقین کے لایق تھی، اُس پر آج کس ننگِ خلایق نامہ سیاہ کو لایا جا رہا ہی!

عن عبد اللہ ابن عباسؓ قال کانت الانبیآء تدخل الحرم مشاۃً حفاۃً و یطوفون بالبیت و یقضون المناسک حفاۃً

مشاۃً (ابن ماجہ، باب دخول الحرم)

حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ روایت ہی کہ حضرات انبیاء حرم مین داخل ہوتے تھے تو پاپیادہ اور برہنہ پا، اور خانہ کعبہ کا طواف اور سارے ارکان حج پیدل ننگے پاؤن ہی ادا کرتے تھے،

اللہ اکبر! یہ ادب و احترام، حضرات انبیاء علیہم السلام کر رہے ہین! جو خود اس مرتبہ کے ہین، کہ جن و بشر الگ رہے، فرشتے تک انکی تعظیم کرتے ہین! ان آنکھون والون نے کیا کچھ دیکھا ہوگا! ان بصارت و بصیرت والون کو کیا کچھ نظر آیا ہوگا! اندھے اگر خود دیکھ نہین سکتے، تو دیکھنے والون کی پیروی تو کر سکتے ہین! سرزمین کی پاکی، اور اللہ کے شہر کی کبریائی کا یہ مرتبہ، کہ پاکون کے پاک اور بڑون کے بڑے جب داخل ہوتے ہین، تو سواریون سے اتر کر! اور جوتیون کو اتار کر! ایک ادب ان با ادبون کا تھا، اور ایک ادب ہم بے ادبون کا ہی، کہ نہ چند منٹ کے لئے بھی سواری سے اترے، اور نہ چند قدم کے لئے بھی جوتے اتارے! ارے، یہ مقام تو وہ تھا، کہ پیرون سے جوتیان اتارنا تو کیا، اگر تن سے سر اتارنے کو بھی کہہ دیا جاتا، تو اہلِ دل اور اہلِ درد اس نذر کو کہین ہلکی اور اس سودے کو کہین ارزان سمجھتے!

Marfat.com

متاعِ وصلِ جانان، بس گران ست

گر این سودا یکان بودے، چہ بودے!

ہندوستان کی گھڑیون کے حساب سے ساڑھے تین پونے چار کا وقت ہوگا، کہ لاریان اپنے اسٹیشن پر پہونچکر رک گئین، اور سامنے شہر مکہ کی عمارتین نظر آنے لگین، ہمارے معلم عبدالقادر سکندر کو ہمارے پروگرام کی پوری اطلاع تھی، چند منٹ کے انتظار کے بعد ایک گدھے پر سوار آتے دکھائی دیئے، اور ہم لوگ انکی معیت و رہنمائی مین روانہ ہوئے، مولوی شاہ لطف اللہ صاحب کی پانچ آدمیون کی جماعت یہان سے علیحدہ ہو گئی، اور ہم سولہ مرد و زن چار اعرابیون پر سوار ہو کر چلے، حرم کا نیز حیدرآبادی رباطون کا فاصلہ یہان سے ڈیڑھ دو میل تھا، اور، وسط مئی کی دھوپ بھی خاصی تیز تھی، پھر زنانہ قافلہ کا ساتھ، سواری کرنا ناگزیر تھا، ٹھہرنے کے لئے متعدد مقامات پیش تھے، اور سب سے بڑھکر مولوی محمد سلیم صاحب کا خلوص و محبت سے بھرا ہوا، دعوت نامہ مدرسہ صولتیہ سے متعلق موجود تھا، لیکن معلم سے معلوم ہوا کہ مدرسہ کا فاصلہ حرم سے اچھا خاصہ ہی، پنجوقتہ حاضری نہ ہو سکے گی، اس لئے طے پایا، کہ پہلے رباط حیدرآباد مین چلکر قیام کیا جائے، اس کے بعد دیکھا جائیگا، یہ رباط مسفلہ مین واقع ہی، کئی درجون کی وسیع عمارت، مگر اس وقت ماشاءاللہ خوب کھچا کھچ بھری ہوئی، اس کے مہتمم داروغہ حبیب اللہ صاحب خوش خلق، مستعد، کارگذار، خدمت کرکے خوش ہونے والے، حرم سے یہ عمارت کوئی تین فرلانگ کے فاصلہ پر، نہر زبیدہ کا ایک پائپ عین اس کے دروازہ پر، اور یہ مکہ کے لئے ایک خاص نعمت ہی، ہندوستان

والون کو پانی کی اس اہمیت کا اندازہ کہان،

سکندر ذوالقرنین" تو حضرت خضر کی رہنمائی کا محتاج تھا، یہ سکندر مطوّف" خود ہادی ورہنما بنکر ہمراہ ہوئے، گدھے پر سوار، ہماری اعرابی کے ساتھ باآواز بلند دعائین پڑھتے جاتے ہین، اور ہم لوگ انھین الفاظ کو دہراتے جاتے ہین، اب یہ تو خیال نہین، کہ اس وقت اُنھون نے کون سی دعائین پڑھائی تھین، البتہ کتابون مین اس قسم کی دعائین منقول ہین، اللّٰھم انت ربّی وانا عبدک جئت لادّی فرائضک واطلب رحمتک والتمس رضاک متبعًا لامرک راضیًا بقضائک رسائلک مسئلة المضطرین الیک المشفقین من عذابک الخائفین من عقابک ان تستقبلنی الیوم بعفوک وتحفظنی برحمتک وتجاوز عنّی لمغفرتک وتعیننی علی ادآء فرائضک اللّٰھم افتح لی ابواب رحمتک وادخلنی فیھا واعذنی من الشیطان الرجیم،

مکہ علاقہ حجاز ہی کا نہین، سارے ملک عرب کا سب سے بڑا شہر ہی، ہندوستان کے معیار سے بھی اسکا شمار بہت چھوٹے شہرون مین نہین، لوگون سے سننے مین آیا کہ کوئی ڈیڑھ لاکھ کی مستقل آبادی ہی، اور حج کے موسم مین تو یہ آبادی دوگنی بلکہ ڈھائی گنی ہوجاتی ہی، اونچے اونچے پختہ مکانات، کہین کہین عالیشان حویلیان، بڑے بڑے بازار، ہر قسم کے کپڑے، کھانے، برتن، جوتے، بساط خانہ، صرافہ، کی دوکانین بکثرت شب مین بجلی کی روشنی کی جگمگاہٹ، چاے اور قہوہ کا تو ذکر ہی بے کار ہی، ذکر کے قابل برف اور شربت کی دوکانین ہین، طرح طرح کے خوشرنگ شربت قدم قدم پر موجود، اور کہین کہین برف بھی، یہ معلوم ہی نہین ہوتا کہ عرب مین ہین، بس یہی

Marfat.com

معلوم ہورہا ہی، کہ ہندوستان کے کسی "مہذب و متمدن" شہر مین چل رہے ہین، البتہ سڑکون کا کوئی معقول انتظام نہین، پختہ سڑک کا برائے نام وجود، عدم کے مساوی ہجوم اور چلپقش کا کیا پوچھنا، ایسے ہنگامہ مین، سکندر صاحب کی آواز بھی پوری طرح پہونچنی ممکن نہ تھی، پھر بھی "معلم" صاحب اپنی تعلیم شروع کر چکے تھے، اور ادھر سے بھی اپنی والی کوشش یہی تھی، کہ بہت نالایق شاگردون مین شمار نہ ہو،

لیکن مکہ کے بازارون کی یہ رونق اور یہ آبادی ——— آہ اس دردِ دل کو الفاظ کے واسطہ سے کیونکر ظاہر کیا جائے ——— مسلمانون کی ترقی نہین، اپنون کی ترقی نہین، مکہ و مدینہ کی ترقی نہین، حجاز کی ترقی نہین، حجاز کی نہ سہی مصر و شام، مراقش و طرابلس، عراق و ایران، بخارا و افغانستان کسی اسلامی ملک کی ترقی نہین، بلکہ تقریباً تمام تر فرنگیون کی ترقی ہی، بیگانون کی ترقی ہی، امریکہ و جرمنی انگلستان و اٹلی کی ترقی ہی، یہ دوکانون پر جو لاکھون روپے کا سامان نظر آرہا ہی، یہ شال اور پشمینے، یہ کمل اور یہ چادرے، یہ موزے اور یہ دستانے، یہ مفلر اور یہ کالر، یہ سوٹر اور یہ بنیائن، یہ مخمل اور یہ اطلس، یہ جوتے اور یہ ٹوپیان، یہ بمپ اور یہ گرگابیان، یہ موٹرون کے ٹیوب اور لاریون کے ٹائر، یہ بجلی کے قمقمے اور گیس کے ہنڈے، یہ تیل کے پیپے، اور یہ عطر کی شیشیان، یہ سگار اور دیا سلائیان، یہ مربے اور جلیبان، یہ گلاس اور پلیٹین، یہ رومال اور جانمازین، اور یہ ہر قسم کے خوشنما سامان کا ڈھیر، کاش اس کا کوئی حصہ تو اپنون کا ہوتا! کاش یہ تو نہ ہوتا کہ اپنون کی جیب سے سارے کا سارا نکل کر مانچسٹر اور لنکاشائر، لیورپول اور گلاسگو، شیفلڈ و برمنگھم، ایمسٹرڈم و

Marfat.com

اسٹاکھام، واشنگٹن اور شکاگو کی کوٹھیون اور کارخانون مین، بینکون اور خزانون مین منتقل ہوا چلا جارہا ہی! یہ ٹھیک ہی کہ بغداد کی عبائین، اور دہلی کے جوتے بھی موجود ہین لیکن جہان ہزارون اور ہزارون کے سیکڑون لاکھون، اور لاکھون کی دہائیون کے نفع بیگانے حاصل کررہے ہون، وہان اگر سیکڑون کی رقم اپنون کی جیب مین آئی بھی، تو کیا آئی! کس کو اس پر خوشی ہوگی، اور کون اسکا ذکر فخر سے کریگا!

اولم نمکن لھم حرما آمنا یجبیٰ الیہ ثمرات کل شیء رزقا من لدنا، (قصص، ع ۶)	کیا ہم نے ان لوگون کو امن والے حرم مین جگہ نہین دی، جس کی طرف ہر طرح کے میوے کھنچے چلے آتے ہین، جو رزق ہی ہماری طرف سے،

تلاوت مین آیہ کریمہ خدا معلوم کتنی بار نظر سے گزر چکی تھی، لیکن اس کا مفہوم پوری طرح، مکہ معظمہ مین حاضری کے بعد ہی واضح ہوتا ہی، ایک بے آب وگیاہ ملک، ہر طرف ریگ اور ریگستان، پتھر اور خشک چٹانین، سبزی اور شادابی کا کوسون کیا معنی منزلون پتہ نہین، کنوئین کا وجود عنقا، اور جھیل اور تالاب کا تو نام بھی کسی کے کانون مین نہ پڑا ہوگا، موسم کی گرمی، لو کی لپٹ، دھوپ کی تیزی اُس پر مستزاد، ایک طرف خشکی کے یہ سارے سامان، اور دوسری طرف تازہ پھلون اور شاداب میوون کی وہ کثرت، کہ بمبئی کے کرافرڈ روڈ، یا دہلی کی فتحپوری کی دوکانون کا دھوکا ہونے لگے، ! کھیرا، ککڑی، سردہ، کیلا، تربوز، خربوزہ، کدو، لوکی، نارنگی، سنگترا، انار، انگور، سیب، ناسپاتی، کشمش، لیمون، چیکو، شفتالو، خوبانی، تروتازہ آلو بخارا، غرض (غالبًا بجز آم کے) جو ترکاری اور جو پھل چاہیے، اپنی تروتازہ، سرسبز وشاداب شکل مین موجود! یہ اگر محض مکہ کی کرامت اور ربِ مکہ کا کرم نہین، تو اور کیا ہی؟ اسباب ظاہری کے

لحاظ سے تو اس کا خیال بھی نہین ہو سکتا تھا، رہا قامن لہ تنا (یہ ہماری طرف سے) بلا تائید اسباب طبعی، و بغیر مساعدتِ تدابیر ظاہری، مکہ والون کے لئے رزق ہی جس سچے نے کہا ہی، حرف بحرف سچ کہا ہی، اور وہی ایک سچا اتنے بڑے دعوی کی بے دھڑک ہمت کر بھی سکتا تھا، جس سرزمین مین کچھ بھی نہ پیدا ہوتا ہو، وہان، یہ سب کچھ موجود ہو جانا، اور دعوی کے ساتھ اس حقیقت کا اعلان کر دینا، قرآن مجید کی صداقت کا وہ مستقل معجزہ ہی، جسکا مشاہدہ دنیا ساڑھے تیرہ سو برس سے مسلسل کرتی چلی آرہی ہی، اور خدا جانے آیندہ کب تک کرتی چلی جائے گی!

Marfat.com

باب ۲۲
حرم شریف

مکہ مکرمہ مین حاجیون کے ٹھہرنے کا عام دستور یہ ہی کہ اپنے اپنے معلم کی معرفت کرایہ کے مکانون مین اترتے ہین، مکانات کے کرایے عموماً تو کچھ ایسے گران نہین رہتے لیکن اس ہجوم کے زمانہ مین ظاہر ہی کہ اپنے جائز حدود کے اندر کیونکر محدود رہ سکتے ہین، مالکانِ مکانات کی خاطر خواہ آمدنیون کا یہی زمانہ ہوتا ہی، منہ مانگے کرایے ملتے ہین، اور پھر معلم صاحبان اپنے "حقوق" سے ایسے خداداد موقع پر کیون دست بردار ہونے لگے، کرایے عموماً روپیون کے حساب سے نہین، گنیون کے حساب سے ہوتے ہین، ہمارے معلم عبدالقادر سکندر نے جو ہندوستان سے ہمارے ساتھ ہی اسی جہاز پر خود بھی مکہ چلے تھے، ہم سے بمبئی مین بکمال عنایت فرمایا تھا، کہ وہ ہمارے لئے ایک بہت ارزان مکان دس پندرہ گنی مین تلاش فرما دین گے! لیکن ہمکو بحمداللہ انکی عنایت سے مستفید ہونے کی ضرورت نہین پڑی، اللہ کے گھر مین میزبانون کی کیا کمی، مدرسہ صولتیہ، مدرسہ فخریہ عثمانیہ اور حیدرآباد کی رباطین متعدد ٹھکانے ہمارے ٹھہرنے کے تھے، اور صلاح یہ قرار پائی کہ سب سے پہلے رباط حیدرآباد کو چل کر دیکھا جائے، چنانچہ وہین کے لئے ہمارا قافلہ، اعرابیون پر سوار اپنے معلم کی رہنمائی مین چل رہا تھا، ——

یہ خوب واضح رہنا چاہیئے، کہ ہر شخص کو ایسی سہولتین میسر آجانا ممکن نہین، عموماً حاجیون کو اپنے ٹھہرنے کا سارا انتظام اپنے معلم ہی کی معرفت کرنا ہوتا ہی، اور مکہ مین کرایۂ مکان کے لئے ایک معقول رقم اپنے پاس رکھنا ضروری ہی،

آج سے خدا معلوم کے ہزار برس قبل (بحکم اللہ) کے خلیلؑ کو ملا تھا، کہ،

واذّن فی النّاس بالحج یأتوک رجالاً و علی کل ضامر یأتین من کل فجٍ عمیق (ج، ع ۴)	لوگون مین پکار دے حج کے لئے، وہ آئین گے تیری طرف پیدل بھی، اور ہر طرح کی دبلی سواریون پر بھی، جو ہر دور دراز کے راستہ سے آتی ہونگی،

اب تک آیت کے محض الفاظ کا مطالعہ ہوا تھا، معنی کا مشاہدہ آج شروع ہوا، خدا معلوم آس پاس سے آنے والے کتنے پاپیادہ، اور دور دراز سے آنیوالے کتنے سواریون پر ساتھ ساتھ چل رہے ہین، آگے چل رہے ہین، پیچھے چل رہے ہین، اور برابر امنڈتے ہوئے چلے آرہے ہین! دس بیس ہون، سو پچاس ہون، تو کوئی گننے کی کوشش بھی کرے، ٹڈی دل کے شمار کرنے کی ہمت کوئی کہان سے لائے! عزیمت اور حوصلہ والے پاپیادہ ہین، رخصت اور اجازت والے سواریون پر سوار ہین، اونٹ اور اونٹنیان بھی ہر قسم کی خوشرنگ بھی بدرنگ بھی، بڑی بھی چھوٹی بھی، وحشی بھی، شائستہ بھی، سفید بھی، سیاہ بھی، سرخ بھی بادامی بھی، مگر سب کی سب فرطِ مشقت سے چور چور (علی کل ضامر) اور آنے والے کہان کے؟ کوئی ایک دو ملک ہون، تو نام گنائے جائین، نجد کے، یمن کے، عراق کے،

Marfat.com

شام کے، مصر کے، انا طولیہ کے، فلسطین کے، کردستان کے، سوڈان کے، طرابلس کے، مراقش کے، زنجبار کے، حبشہ کے، ٹیونس کے، ایران کے، افغانستان کے، بلوچستان کے، بخارا کے، ترکستان کے، چین کے، جاوا کے، برھما کے، سیلون کے، بنگالہ کے، پنجاب کے، سندھ کے، گجرات کے، بہار کے، مالابار کے، بمبئی کے، دکن کے، دہلی کے، لکھنؤ کے، اور خدا معلوم دنیا کے کن کن گوشون کے رہنے والے اور روے زمین کے کن کن حصون کے بسنے والے من کل فج عمیق کی تفسیر کا مشاہدہ کرانے کو موجود۔

بیرون شہر کا حصہ جب تک طے ہوتا رہا غنیمت رہا، شہر کے اندر داخل ہوتے ہی ہجوم کی بھی زیادتی شروع ہوئی، یہان تک کہ جب اس موڑ پر پہونچے، جہان سے محلہ مسفلہ کے حدود شروع ہوتے ہین، تو اونٹون اور انسانون کی وہ چپقلش تھی کہ راستہ ملنا کسی طرح آسان نہ تھا، عصر کا وقت شروع ہو چکا تھا، ادھر یہ عجلت کہ منزل پر جلدی سے پہونچ، اسباب رکھ رکھا، کسی طرح حرم تک جا پہونچین، اور ادھر ہجوم ہی کہ راستہ کو ناقابل گذر بنائے ہوے ہے، منیٰ کے جانے کا مسنون وقت ۸ ذی الحجہ کی صبح ہی، اور عرفات تو ۹ کی دوپہر تک پہونچنا چاہیئے، لیکن جلد بازون اور سنتِ رسولؐ سے بے پروائی برتنے والون نے سیکڑون ہزارون کی تعداد مین، آج ۶ ذی الحجہ ہی سے روانہ ہونا شروع کر دیا ہی، اور ان قافلون نے راستہ کی چپقلش اور زیادہ بڑھا رکھی ہے، دو منٹ چار منٹ، دس منٹ بیس منٹ، چوراہے پر کھڑے کھڑے ایک مدت گزر گئی، اور سکندر معلم جو راستہ کے صاف کرنے مین لگے ہوئے تھے، خود بھی کہین غائب ہو گئے، ایک ایک منٹ بھاری

ہو رہا ہی، لیکن کس کے بس کی بات ہی ا ـــــــــ سعودی پولیس آخر کہان ہے؟ کیا راستہ کا انتظام اور ہجوم کو قابو مین رکھنا حکومت کے فرائض مین داخل نہین؟ اور وہ پولیس جو مدینہ منورہ مین زیارت روضہ اطہر کے وقت اپنی زندگی اور اپنی قوت کا ہر لمحہ اور ہر آن ثبوت دیتی رہتی تھی، آج ان "بدعتون" کے روکنے کے وقت، جنکا تعلق کسی مخصوص فرقہ کے عقائد سے نہین بلکہ حنفی وحنبلی، بدعتی ووہابی سب سے یکسان ہی، کیا سرے سے غائب ومعدوم ہوگئی؟

خیر خدا خدا کرکے مشکل آسان ہوئی، سکندر پھر نظر پڑے، اور ابکی اُن کے ہمراہ مہتمم رباط، داروغہ حبیب اللہ بھی تھے، بیچارے ہم نووارد ون اور اجنبیون کی پیشوائی کے لئے یہان تک آگئے، ان دونون کے مشورہ سے ہم سب لوگ جنمین بوڑھے اور کمزور مرد، اور بوڑھی اور کمزور عورتین بھی تھین، اپنی اپنی سواریون سے اترے، اور مجمع کے اندر گھستے اور پلتے، پیدل روانہ ہوئے، اسباب بدستور اعرابیون پر لدا ہوا پیچھے پیچھے تھا، اور اس طرح فرلانگ ڈیڑھ فرلانگ کی مسافت طے کرکے رباط تک پہونچے رباط ایک اچھی وسیع دو منزلی عمارت ہی، اور سب سے اوپر کھلی ہوئی چھت، عین دروازہ نہر زبیدہ کا نل لگا ہوا، جو یہان کے لئے ایک خاص نعمت ہی، خالی زمانہ مین کوئی یہان آئے، تو بڑی راحت وآسایش سے ٹھہر سکتا ہی، اس وقت یہ حالت کہ عمارت کا چپہ چپہ اور گوشہ گوشہ حاجیون سے گھرا ہوا، اوپر نیچے، کمرہ، برآمدہ، ہر جگہ رکی ہ مگر داروغہ صاحب نے بکمال عنایت ہمارے قافلہ کے لئے اوپر کے درجہ مین ایک خاصی وسیع جگہ محفوظ کر رکھی تھی، ایک لمبا چوڑا دالان اور ایک بڑا کمرہ

Marfat.com

دو پاخانے، اگر ہم سب مرد ہی مرد ہوتے، تو اتنی گنجایش بہت کافی تھی، لیکن ہم سولہ آدمیون مین سات عورتین تھین، اور وہ بھی سب ایک خاندان کی نہین کہ سب مردون کے سامنے آسکین، بلکہ تین یا چار مختلف خاندانون کی، پردہ کے اہتمام مین سخت دقتین، شدید گرمی کا موسم، صحن کا نام نہین، برآمدہ بھی ہوادار نہین، بلکہ دیوارون سے گھرا ہوا، چلقش ناگزیر تھی، لیکن انسان کے اختیار مین آرام و آسایش کا جو درجہ ممکن تھا، اُس کے بہم پہونچانے مین داروغہ حبیب اللہ نے کوئی بات اٹھا نہین رکھی، انھین سیکڑون مہمانون کو سنبھالنا تھا لیکن، بیچارے ہنسی خوشی سب کی خدمت مین لگے رہتے، متعدد موقعے ایسے بھی آئے، کہ ان کا ناخوش ہوجانا بالکل واجبی تھا، لیکن کبھی اُن کے جبینِ تحمل پر شکن پڑتے نہین دیکھی گئی،

اسباب رکھتے رکھاتے، عصر کا اول وقت گذر کر اوسط وقت شروع ہوگیا، جلدی جلدی تازہ وضو کرکر، جامۂ احرام مین ملبوس، اپنے معلم کی رہنمائی مین حرم کو روانہ ہوئے، فاصلہ کچھ بہت زائد نہین، کوئی تین فرلانگ کا ہوگا، چند منٹ مین پہونچ گئے ہونگے، مگر نہ پوچھئے، کہ یہ چند منٹ اس وقت کے گھنٹے معلوم ہوئے! زبان پر لبیک لبیک ہی، معلم صاحب شاید کچھ اور دعائین بھی پڑھاتے جارہے ہین، لیکن دل کیا کہہ رہا ہی؟ کون سی تمنا ہی، جو اس وقت دل مین نہین؟ تمناؤن کا ہجوم، آرزوؤن کی کشمکش، اور پھر ہیبت و دہشت، کہ کس دربار مین حاضری ہو رہی ہی! دل ہی، کہ ہر لحظہ اس کی دہشت بڑھتی جارہی ہی، اور قدم ہین، کہ ہر ہر قدم پر بھاری ہوتے جارہے ہین، کہان کسی سیہ کار کی جبین، اور کہان کسی بے مکان و بے نشان

کا سنگِ آستانہ! یہ ناپاک قدم کس پاک سرزمین کو روندرہے ہین؟ ــــــ
آہ! یہ گلیان تو تیرے اُس خلیلؑ کے قدمون کے لایق تھین، جو تیرے نام پر دہکتی ہوئی آگ مین کود اتھا، اور جو محض تیرا اشارہ پاکر اپنے پلے پلائے نورِ نظر کے حلقوم پر چھری پھیر چکا تھا، اس کم سن لڑکے کے لایق تھین، جو محض تیری رضا کے لئے بے خطا و بے قصور اپنے ذبح کرانے کو حلق سامنے کرکے ہنسی خوشی لیٹ گیا تھا! تیرے اس حبیب اور محبوب بندہؐ کے لایق تھین، جو تیرے نام اور تیرے پیغام کی منادی کرنے کے جرم مین، انھین گلیون مین سالہا سال ہر طرح کی ایذائین سہتا اور اذیتین برداشت کرتا رہا تھا!

سنتے چلے آئے تھے، اور کتابون مین بھی بارہا پڑھا تھا، کہ کعبہ تجلی گاہِ جلال ہے یہان تجلیاتِ قہری کا زور ہی، روایتون کا اثر دل مین بیٹھا ہوا تھا، ہیبت و دہشت کا غلبہ تھا، ہمت بار بار جواب دیرہی تھی، اور دل یہ کہہ رہا تھا، کہ سامنا کیونکر کیا جائیگا، "زمین" کی زبان سے یہ مصرعہ بار بار سنا تھا، کہ

تو مرا خراب کردی بہ این سجدۂ ریائی!

دل کھٹک رہا ہی، ذرا کان لگاکر سننا کہین یہ ندا اس وقت اسی مسجد حرم کی سے تو نہین آرہی ہی؟ شاعری کی دنیا مین بارہا یہ آواز کانون مین پڑچکی تھی،

چو بطوفِ کعبہ رفتم بحرم رہم ندادند،
تو برون در چہ کردی کہ درونِ خانہ آئی!

کیا آج اور اس وقت یہ شاعری حقیقت بنکر رہے گی؟ یا اللہ اس پاک ز

پر اپنی ناپاک پیشانی کو کیونکر رگڑا جائیگا ؟ اس عظمت وجلالت والے مکان کے طواف پر کیسے قدرت ہوگی ؟ جن گلیون مین ہاجرہ صدیقہ دوڑی تھین، نبی کی ماں اور نبی کی بیوی دوڑی تھین، وہان اس ننگِ امت "سے سعی" کیونکر بن پڑے گی،

لیجئے، مسجد حرام کی چار دیواری شروع ہوگئی، کئی دروازے چھوڑتے ہوئے ہم لوگ باب السلام سے اندر داخل ہوئے، (داخلہ کے لئے یہی دروازہ سب سے بہتر مانا گیا ہی) کس کے اندر داخل ہوئے ؟ اس ارض پاک کے اندر، اس بقعۂ نور کے اندر، جہان کی ایک نماز، ایک لاکھ، یا کم از کم ایک ہزار نمازون کے برابر ہی! اندر داخل ہوتے ہی نگاہ، اس سیاہ غلاف والی عمارت پر پڑی، جسے خشکی اور تری مین نہ سما سکنے والے نے، زمین وآسمان، عرش وکرسی کی سمائی مین نہ آنے والے نے، وہم وخیال کی وسعت مین نہ گھرنے والے نے، اپنا گھر، کہکر پکارا ہی! اور نگاہ پڑتے ہی جہان پڑی تھی، وہین جم کر رہگئی! اس گھڑی کی کیفیت کیا، اور کن لفظون مین بیان ہو، ! کہتے ہین، کہ موسیٰ کلیم ؑ کے ہوش وحواس کسی کی ایک تجلی کی تاب نہ لاسکے تھے، جب "تجلیِ بیت" کا یہ حال ہی، کہ ہوش وحواس قائم رکھنے دشوار، تو "رب البیت" کی تجلی نے خدا معلوم کیا غضب ڈھایا ہوگا! جب "گھر" کی برق پاشیون کا یہ عالم ہی، تو "گھر والے" کے انوار وتجلیات کی تاب کون بشری آنکھ اور انسانی بصارت لاسکتی ہی؟ اللہ اللہ! کیا حسن وجمال، کیا رعنائی وزیبائی، کیا خوبی ومحبوبی، کیا دلکشی ودلبری ہی! جن لوگون نے قہر وجلال کی تجلی گاہ بتایا ہی، خدا معلوم انھون نے کیا، اور کس عالم مین دیکھا، اپنا تو یہ حال تھا، کہ سرتاپا مہر وجمال ہی ٹپکتا نظر آتا تھا، اور ہر چہار طرف سے رفق وتلفت

Marfat.com

شفقت و مرحمت کے کھلے ہوئے پھولون کی خوشبو مین لپکی اور دوڑی چلی آرہی تھین!
ابراہیم کی خلت، اسمٰعیلؑ کی فداکاری، ہاجرہ کی مسکینیت، اللہ اکبر جہان یہ تینون اکٹھا ہون
انوارِ مہر و جمال کی تجلیات اس ٹھکانے سے بڑھ کر اور کہان ہونگی! اب نہ قلب
کو اضطراب ہی، نہ طبیعت مین انتشار، نہ خوف نہ دہشت، نہ رعب نہ ہیبت، سرتاسر سکون
ہے، اور انبساط، سرور ہی اور نشاط! من دخلہ کان امنًا کی تفسیرین بہت سی پڑھی تھین
لیکن جو تفسیر اِس گھڑی، بغیر کسی کتاب و عبارت کے توسط کے، لوحِ قلب پر القا ہوئی
تھی، وہ سب سے الگ، سب سے نرالی، سب سے عجیب تھی، اور اگر فاش گوئی کی اجازت دیجائے
تو اپنے حق مین سب منقول و مکتوب تفسیرون سے بڑھکر صحیح بھی تھی، آہ،

در مصحف روے او نظر کُن
خسرو، غزل و کتاب تا کے؟

غزالیؒ، احیاء العلوم مین لکھتے ہین، کہ قیامت کے دن کعبہ کا حشر بناؤ سنگار کی ہوئی
نئی دولھن کی شکل مین ہوگا، لیکن یہ قید اُس روز کے لئے کیون، اور اس کے مشاہدہ
کے لئے قیامت کے انتظار کی کیا ضرورت ہی؟ قسم ہے خانۂ کعبہ کے رب کی، کہ کعبہ آج
بھی نئی دلھنون ہی کی طرح حسن و جمال، رعنائی و زیبائی، دلکشی و دلبری کے پورے
ساز و سامان سے آراستہ ہی، اور اپنی خوبی و محبوبی مین بحرِ مدینہ کی مسجدِ نبوی کے
کوئی شریک رکھتا ہی، نہ سہیم، اسے محبوبیت کے جامہ مین، حسن و جمال کی جملہ اداؤن
کے ساتھ اسی عالمِ ناسوت مین کس نے نہین دیکھا، پیمبرون نے دیکھا، صدیقون نے
دیکھا، کاملون نے دیکھا، عارفون نے دیکھا، آنکھین رکھنے والون نے دیکھا، اور اتنہ

Marfat.com

ہے کہ جو بصیرت سے محروم، اور بصارت کا ضعیف ہی، اس تک نے دیکھا! شاید امام غزالی ہی نے، یا کسی اور بزرگ نے فرمایا ہی، کہ آج جن آنکھون نے خانۂ کعبہ کی زیارت کی ہی، کل اُن مین اتنی قوت و استعداد پیدا کر دیجائیگی، کہ وہ ربِّ کعبہ کا بھی دیدار کر سکین، اس مرتبہ اور اس اکرام کا کیا کہنا، لیکن اس مرتبے کی توقع تو وہ کرے، جو خود ذی مرتبت ہو، ہم جیسے درماندون اور زبون ہمتون کے لئے مکین کو چھوڑ کر مکان ہی کا دیدار بجائے خود کیا کم ہی! روایات مین آتا ہی، کہ خانہ کعبہ پر نظر کرنا ایک مستقل عبادت ہی، اور شاید کسی حدیث مین یہ تصریح بھی آئی ہی، کہ کعبہ پر روزانہ ایک سو بیس رحمتون کا نزول ہوتا رہتا ہی، جنمین سے ساٹھ اُن کے لئے ہین، جو اس کے اندر نماز پڑھتے ہین، اور چالیس ان کے لئے جو اس کا طواف کرتے ہین، اور بیس اُن کے لئے جو اسکی طرف دیکھتے رہتے ہین، لیکن اجر و عبادت سے قطع نظر کر کے اپنے ذوق و شوق اور ولولہ کے لحاظ سے کون دل ایسا ہی، جو ہوسِ دیدار سے خالی اور حرصِ نظارہ سے کورا ہوگا ہی جی بیتاب کہ دیکھئے اور پھر دیکھئے، دس بار دیکھئے، سو بار دیکھئے، ہزار بار دیکھئے، دیکھتے رہئے، اور دیکھے جائیے، اور دیکھنے سے کبھی نہ تھکئے! ع

نظارہ ز جنبیدنِ مژگان گلہ دارد!

Marfat.com

باب ۲۳

حریم قدس

کلام پاک مین ایک جگہ جہان جنت سے ابلیس کے نکالے جانے کا قصہ مذکور ہی، ابلیس کی زبان سے یہ الفاظ نقل کئے گئے ہین، لاقعدن لھم صراطک المستقیم یعنی مین تیرے بندون کی راہ مارنے کے لئے، تیری سیدھی راہ مین بیٹھون گا، ظاہر ہی کہ "صراط مستقیم" یہان اپنے عام ووسیع معنی مین آیا ہی، یعنی ہر نیک کام، ہر خدائی راہ، اور مفسرین نے یہی معنی لئے ہین، لیکن ابن جریر، ابن کثیر، خازن وغیرہ مین ایک قول یہ بھی نقل ہوا ہی، کہ اس صراط مستقیم (سیدھی راہ) سے مراد مکہ اور حج بیت اللہ کی راہ ہی، تابعین مین عون بن عبداللہ اسی کے قائل ہوئے ہین، اور امام غزالیؒ نے احیاء العلوم مین بھی یہ قول نقل کیا ہی، یہ ہے بیت اللہ کی اہمیت! شیطان تک نے اللہ کی اصلی راہ، اور حقیقی صراط مستقیم اسی کو سمجھا، اور اللہ کی راہ سے روکنے کے لئے جب بیٹھا، تو بیت اللہ ہی کے مسافرون کی راہ مین بیٹھا! شیطان سے بڑھکر راز شناس اور کون ہی، خود مردود ہی، لیکن یہ تو خوب جانے اور پہچانے ہوئے ہی کہ مقبولیت کا راستہ کیا ہی، اور مقبولون کی راہ کون سی ہی؟

تنہا حجاز کا نہین، محض ملک عرب کا نہین، صرف مسلمانون ہی کا نہین سارے

دنیا کا نظم و نظام، امن و امان، اسی ایک پیاری عمارت سے وابستہ، قیاماً للناس اسی کی شان مین وارد، دنیا اس دم تک قایم، جب تک یہ شرف و عزت والا گھر اور اس کا طواف قایم ہی، اور جس وقت یہ ڈھادیا گیا، اس کے بعد نہ کوئی مکان باقی رہیگا، نہ مکین، ولا تقوم الساعۃ حتی لا یحج البیت،

رفعتِ مرتبہ و جلالتِ قدر کا یہ حال، لیکن اسے چھوڑیئے، کہ یہ تو سب کو مسلم ہے، اور اس مین کسی کو کلام ہی نہین، یہان ذکر کمال کا نہین بجمال کا تھا، اور گفتگو بیتِ خلیلؑ و بیتِ ربِ جلیل کی عظمت و بزرگی کے باب مین نہین، بلکہ اس کی دلآویزی و محبوبی کے باب مین ہو رہی تھی، شیخ فریدالدین عطارؒ اپنے تذکرۃ الاولیا مین، حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کی زبان سے یہ روایت نقل کرتے ہین، کہ "ایک مرتبہ مین مکہ مین تھا، دیکھا کہ ایک حسین نوجوان خانہ کعبہ تک پہونچنا چاہتا ہی، اتنے مین بیہوش ہوکر گر پڑا، مین اُس کے پاس لپک کر پہونچا، دیکھا کہ وہ کلمۂ شہادت پڑھ رہا ہی، مین نے ماجرا پوچھا، تو کہا، کہ مین نصرانی ہون، چاہتا تھا کہ کعبہ کے حسن و جمال کا چل کر مشاہدہ کرون، جون ہی یہان پہونچا، غیب سے کان مین آواز آئی تدخل بیت الحبیب و فی قلبک معادات الحبیب (دوست کے گھر مین قدم رکھ رہا ہی اور دل مین دوست کی دشمنی لئے ہوئے ہے؟) اللہ اللہ! حسن و جمال کی یہ کشش! منکرون تک کو یہ شوقِ دید! وہ جو کمال کے منکر ہین، جمال کا انکار اُن سے نہ بن پڑا!

عبداللہ بن مبارکؒ کی روایت چھوڑیئے، اسے سیکڑون برس کا زمانہ ہوچکا، اپنے زمانہ کو دیکھیئے، آج اس بیسوین صدی مین، اس روشنی

اور روشخیالی کے زمانہ مین کیا حال ہی؟ کتنے امریکی اور کتنے افرنجی، کتنے برطانوی اور کتنے اطالوی کتنے جرمن اور کتنے فرنچ، اس تمنا اور اس آرزو مین رہتے ہین اور کس کس طرح بھیس بدل بدل کر، وضع و قطع، نام و قومیت تبدیل کر کرکے، جھوٹے مسلمان، اور حیلی عرب بن بن کر اس گھر کے دیدار کو آتے رہتے ہین!

اور اس مرجعیت پر، اس محبوبیت پر، حیرت کیون کیجیے، آخر یہ دعا کس مقبول و برگزیدہ، کس چہیتے اور محبوب بندہ کی زبان سے نکلی تھی، رب اجعل ھذا البلد آمناً واجنبنی و بنی ان نعبد الاصنام..... ربنا انی اسکنت من ذریتی بواد غیر ذی زرع عند بیتک المحرم ربنا لیقیموا الصلوۃ فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم وارزقھم من الثمرات لعلھم یشکرون، ساری دنیا کو چھوڑ دیئے، صرف اتنے ٹکڑے کو لیجیے فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم لوگون کے دلون مین اس وادی ذی زرع مین بسنے والون کی طرف، اس بے آب و گیاہ سرزمین مین ڈیرے جمانے والون کی طرف اپنے اس پاک و پاکیزہ گھر کے جوار مین وطن بنانے والون کی طرف رغبت و کشش پیدا کر دے"! دعا کس نے کرائی تھی؟ دعا کے الفاظ کس کے تعلیم کئے ہوئے تھے؟ دعا کے لفظ خلیل اللہ کی زبان سے ادا ہوئے لیکن دعا کا القا کہان سے ہوا تھا؟ جس نے دعا سکھائی، اسی نے دعا قبول بھی کی، اور جو سب کے دلون کا مالک اور حاکم ہی، اسی نے دلون مین رغبت اور کشش پیدا کر دی اور پھر مکین کی نظر مین اپنے مکان کی عظمت ذرا دیکھنا، دعا مین یہ نہین کہلایا جاتا کہ اس گھر کی طرف کشش ہو، بلکہ صرف یہ کہ اس گھر کے آس پاس بسنے والون کی

طرف کشش ہو! جس گھر کے جوار مین یہ مرجعیت، یہ محبوبیت، یہ کشش ہو، تو خود اس گھر کی کشش اور محبوبیت کو، کن لفظون مین ادا کیا جائے! دعا کے لئے اجابت خود استقبال کو آئی، دعا قبول ہوئی، اور ایسی قبول ہوئی، کہ ابراہیم والے اور اسمٰعیل والے محمدؐ والے، اور ربِّ محمدؐ والے تو الگ رہے، کلکتہ اور بمبئی والے، دہلی والے اور شملہ والے، کشمیر اور مسوری والے، نینی تال اور دارجیلنگ والے، آکسفرڈ اور کیمبرج والے، لندن اور پیرس والے، آج دنگ وحیران ہین، اور شمال اور جنوب سے، شرق سے اور غرب سے، خشکی اور تری سے، ریل سے اور جہاز سے، موٹر سے اور اونٹ سے، ہزارون اور لاکھون مرد وعورت، بوڑھے اور جوان، ادھیڑ اور بچے ہین، کہ ٹڈی دل کی طرح امنڈتے چلے آتے ہین!

جس گھر کی محبوبیت اور جاذبیت، گھر کے نافرمانون اور باغیون تک کی نظر مین ہو، تو گھر کے مالک کے غلامون اور حلقہ بگوشون کے دلون کی کیفیت اس کے متعلق کیا ہوگی! حرم کے اندر داخل ہوتے ہی، اور کعبۂ معظم پر نظر پڑتے ہی، نہ پوچھئے، کہ دل کی کیا کیفیت ہوئی، معلم نے اس وقت کیا دعا پڑھائی، یہ تو یاد نہین، اور کوئی دعا پڑھائی بھی تھی یا نہین، یہ بھی اب پوری طرح حافظہ مین نہین ——— اس وقت اتنا ہوش اور اتنا دماغ کسے تھا، ——— البتہ یہ خوب یاد ہے، کہ اس جمالِ مجسم پر نظر پڑتے ہی بے اختیاری کے عالم مین بیساختگی کے ساتھ جو دعا زبان پر آئی، وہ بے حساب وکتاب اپنی آمرزش ومغفرت کی دعا تھی! خود غرضی کا یہ عالم، کہ معاً اس وقت کوئی دوسرا یاد نہین پڑا، میدانِ حشر کی طرح صرف نفسی نفسی زبان پر تھا، اور سب سے پہلے صرف اپنے ہی حق مین دعا نکلی، مگر چند ہی لمحون کے بعد اپنے والے بھی یاد پڑے

اور عزیزون، دوستون، اور امت اسلامیہ مین جو جو یاد پڑتے گئے، سب کے حق مین دعائین ہوتی رہین، یہ تو آپ بیتی تھی لیکن کتابون مین عموماً یہ لکھا ہوا ہی، کہ خانہ کعبہ پر اول نظر پڑتے ہی یہ دعا پڑھے، اور یہی رسول اللہ صلعم سے منقول ہی (بہ تغیر بعض الفاظ) اللھم زد بیتک ھذا تعظیماً وتشریفاً ومھابۃً وزد من تعظیمہ وتشریفہ من حجۃ وعمرۃ، تعظیماً وتشریفاً ومھابۃ" ایک روایت مین نبی کریم صلعم سے دعا کے یہ الفاظ بھی منقول ہین، اعوذ برب البیت من الدین والفقر ومن ضیق الصدر وعذاب القبر، حضرت عمرؓ کی بابت منقول ہی، کہ وہ جب خانہ کعبہ کو دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے، اللھم انت السلام ومنک السلام فحینا ربنا بالسلام، اور فقہاء حنفیہ نے عموماً یہ لکھا ہی، کہ سب سے پہلے تین بار اللہ اکبر کہے اور کلمہ لا الہ الا اللہ پڑھے، اور اس کے بعد جو دعا چاہے مانگے، اس پر سب کا اتفاق ہی، کہ (فان الدعاء مستجاب عند رویۃ البیت) رویتِ کعبہ کے وقت جو دعا کیجاتی ہی مقبول ہوتی ہی، مقبولیتِ دعا کا یہ خاص اور اہم وقت ہوتا ہی، آیندہ کے لئے تمام عازمینِ حج وعمرہ اس وقت کی اہمیت کو یاد رکھین، اور اس وقت عزیز کو ہرگز اپنی غفلت وتساہل سے ضایع و برباد نہ ہونے دین،

ہوش وحواس ذرا بحال ہوئے، تو پہلا کام یہ کیا، کہ حرم مین نمازِ عصر پڑھی، حرم کی کیفیت کیا بیان ہو، وسعت مین یہ مسجد الحرام، مسجد نبوی سے کہین بڑھی ہوئی ہی، گو دلکشی مین اس کی ٹکر کی نہین، لوگون کا بیان سننے مین آیا، کہ اس کے اندر ایک لاکھ انسان تک نماز پڑھ سکتے ہین، صرف صحن کا طول بارہ سو فٹ اور عرض نو سو فٹ

سے زائد بیان کیا جاتا ہی، چارون طرف بڑے بڑے وسیع فراخ وعالیشان دالان
اس کے علاوہ ہین، دروازے متعدد ہین، زبانی تو وہان اکتالیس ۴۱ دروازے سننے
مین آئے تھے، مگر کتابون مین نام صرف سترہ کے نظر پڑے، منارے چھ ہین، اور چھوٹے
بڑے گنبدون کی تعداد غالباً ڈیڑھ سو ۱۵۰ سے متجاوز ہی، دالانون سے خانہ کعبہ تک پہونچنے
کے لئے صحن مین متعدد روشین یا سڑکین پتھر کی، چھ چھ ساڑھے چھ چھ فٹ چوڑی بنی
ہوئی ہین، ان کی تعداد بھی دس بارہ سے کیا کم ہوگی، صحن مین عموماً چھوٹی کنکریان
بچھی ہوئی ہین، اس لئے خانہ کعبہ تک پہونچنے کے لئے ان سڑکون سے کام لینا ہوتا ہی، دھوپ
کے وقت یہ پتھر کی روشین خوب جل اٹھتی ہین، پیرون کو اس تکلیف سے محفوظ رکھنے
کے لئے سفید ہلکی سلیپرین، جو بمبئی مین بھی اور مکہ مین بھی، خاص اسی غرض کے لئے ملتی
ہین، لے لینا مناسب ہوتا ہی، اپنے گھر سے حرم تک اپنا معمولی جوتا پہنے ہوئے آئے،
اور حرم کے اندر آکر اس مخصوص سلیپر کو پہن لیا جائے، تو پیر تکلیف سے بالکل محفوظ
ہوجائین گے، بجلی کی روشنی سارے حرم کے اندر ہوتی ہی، صحن مین جابجا بجلی کے
قمقمے ستونون مین لگے ہوئے، یہ وہی مسجد ہی جہان کی ایک رکعت نماز، کہین اور کی
ایک لاکھ رکعتون کے برابر اجر رکھتی ہی! اس وسعتِ کرم ورحمت کا کچھ ٹھکانا ہی! یہ مسجد
گویا اصل ہی، اور ساری دنیا کی مسجدین گویا اسی کی نقل، یہان کی نمازون، اور یہان
کے نمازیون کا کیا پوچھنا، جدھر نظر اٹھائیے ہر طرف نماز ہی نماز ہی، اور نمازی ہی
نمازی، صحن مین چار چھوٹی چھوٹی عمارتین مصلی حنفی، مصلی شافعی، مصلی مالکی، مصلی حنبلی
کے نام سے بنی ہوئی ہین، لیکن یہ کچھ ضرور نہین، کہ ہر مصلی پر خاص اسی فرقہ کے لوگ
نماز پڑھین، جس کا جہان جی چاہے، آزادی کے ساتھ نماز پڑھتا رہتا ہی، جابجا لوگ کلام مجید

Marfat.com

کی تلاوت کر رہے ہین،

نماز سے فارغ ہوتے ہی خانہ کعبہ کے طواف کے لئے بڑھے، خانہ کعبہ وسط صحن مین واقع ہی، ایک سیاہ رنگ کا، سیاہ غلاف کے اندر عظیم الشان کمرہ طول تقریباً ۵۰ فٹ، عرض ۴۰ فٹ، اور بلندی ۸۰، ۸۱ فٹ، اس کے چارون طرف چکر لگانے کو ایک گول راستہ بنا ہوا، اسی حلقہ کو مطاف کہتے ہین، اور کسی کے گھر کے شیدائی گھر والے کی زیارت کے مست و دیوانے، اسی پر گھوم گھوم کر اپنے دل کے ارمان پورے کرتے رہتے ہین، ہر چکر کو ایک شوط کہتے ہین، اور ہر طواف مین سات شوط ہونا چاہئین، ہر چکر حجر اسود کے سامنے سے شروع ہوتا ہی، اور یہین ختم ہوتا ہی حجر اسود وہ مشہور پتھر ہی، جو خانہ کعبہ کی اس دیوار مین جدھر دروازہ ہی، زمین سے چار فٹ کی بلندی پر لگا ہوا ہی، طواف کا طریقہ یہ ہی، کہ حجر اسود کے محاذ مین کھڑا ہو کر، نماز کی تکبیر تحریمہ کی طرح، دونون ہاتھ اٹھا کر کان تک لیجائے، اور تکبیر و تہلیل کے بعد ہاتھ چھوڑ دے، اور دل سے طوافِ بیت کی نیت کر کے مطاف پر اس طرح چلنا شروع کرے کہ خانہ کعبہ ہمیشہ بائین ہاتھ کی طرف رہے، فقہ حنفی مین سات شوطون مین سے چار فرض ہین، باقی واجب، طواف باوضو کرنا چاہئے، حالتِ طواف مین اگر نماز شروع ہو جائے، تو چاہئے کہ طواف چھوڑ کر جماعت مین شریک ہو جائے، اور بقیہ طواف بعد نماز پورا کرے، طواف کے سات چکرون مین سے پہلے تین چکرون مین مردون کے لئے اضطباغ اور رمل کا حکم ہی، اضطباع کا مفہوم یہ ہے، کہ داہنا شانہ کھول احرام کی چادر کو داہنی بغل کے نیچے سے لاکر بائین شانہ پر ڈال لے، اور رمل

معنی یہ ہین کہ دونون شانون کو ہلاتے ہوئے اور میدان جنگ مین سپاہیون کیطرح اکڑتا ہوا جلدی جلدی چلا جائے، یہ سارے طریقے اور حالتِ طواف مین پڑھنے کی دعائین معلّم خود بتاتے جاتے ہین، سب زبانی یاد کس کو رہ سکتی ہین، تاہم بہتر یہ ہوگا، کہ تمامتر معلم ہی پر بھروسہ نہ کرلیا جائے، بلکہ ارکان ومناسکِ حج کی کوئی معتبر کتاب خود اپنے پاس بھی رہے،

حجرِ اسود کو بوسہ دینا سنت ہی اور اسکی بڑی فضیلت ہی، لیکن ہجوم مین گھس کر خود تکلیف اٹھانا، اور دوسرون کو دھکے دینا ہرگز صحیح نہین، ایسی صورت مین حکم یہ ہی کہ چھڑی سے اسے چھوکر چھڑی کو بوسہ دے، لیکن اگر یہ بھی دشوار ہو (اور علی العموم حج کے موقع پر یہ دشوار رہتا ہی) تو بس دور سے حجرِ اسود کی طرف توجہ کرنا یعنی اپنے ہاتھ ہتھیلیون کی طرف سے دکھانا، اور انھین بوسہ دے لینا اور اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ الحمد للہ کہنا اور درود پڑھنا بالکل کافی ہی، طواف کی نیت کے لئے یہ الفاظ منقول ومأثور ہین، اللھم انی ارید طواف بیتک الحرام فیسرہ لی وتقبلہ منی اور اس کے بعد عام معمول ان دعاؤن کا ہی، بسم اللہ والحمد للہ واللہ اکبر والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ اللھم ھذا البیت بیتک وھذا الحرم حرمک وھذا الامن امنک وھذا مقام العائذین بک من النار اعوذ بک من النار فاعذنی منھا، اللھم انی اعوذ بک من الشرک والشک والنفاق والشقاق وسوء الاخلاق وسوء المنقلب فی المال والاھل والولد، اللھم اجعلہ حجًا مبرورًا وسعیًا مشکورًا وذنبًا مغفورًا وتجارۃً لن تبور یا عزیز یا غفور، اللھم انی اعوذ بک من الکفر واعوذ بک من الفقر

Marfat.com

ومن عذاب القبر ومن فتنة المحیاء والممات واعوذ بك من الخزی فی الدنیا والاخرۃ، ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار، ایک دو کو نہین، سیکڑون ہزارون کو دیکھا کہ حجر اسود تک پہونچنے کے لئے دوسرون کو ڈھکیل دیتے ہین، اور خود بھی برابر دھکے کھا رہے ہین، اور جب اتنی مشقتون کے بعد کسی طرح وہان تک پہونچ جاتے ہین، تو واپس ہوکر ایک فاتحانہ انداز سے ادھر اُدھر دیکھتے ہین، گویا بہت بڑا ثواب کما آئے، یہ سرتاسر نادانی ہی، شمس الائمہ امام سرخسی نے صاف صاف لکھدیا ہی کہ

ثم ابدأ بالحجر الاسود فاستلمه ....
ان استطعت من غیر ان توذی مسلمًا ....
لان استلام الحجر سنۃ والتحرز من
اذی المسلم واجب فلا ینبغی له ان
یوذی مسلمًا لاقامۃ السنۃ
(مبسوط)

طواف کی ابتدا حجر اسود سے کرو، اور اسے
بوسہ دو، بشرطیکہ ایسا کرنا کسی مسلمان کے تکلیف
پہونچائے بغیر ممکن ہو، اس لئے کہ حجر اسود کا
بوسہ سنت ہی، اور ایذاء مسلم سے احتراز واجب ہی
اور درست نہین، کہ ادائے سنت کے لئے کسی
مسلمان کو ایذاء پہونچائی جائے،

اور اسی کے قریب قریب تمام فقہاء کے ہان تصریحات ملتی ہین، ثم استقبل الحجر ملکہ مہللاً مستلمًا بلا ایذاء (کنز) لان استلام سنۃ والکف عن الایذاء واجب (بحر الرائق) ویقبل الحجر ان استطاع من غیر ان یوذی احدا ..... ولم یستطع استلام الحجر من غیر ان یوذی احدًا لا یستلمه (قاضی خان) وغیر

کم علم معلّمون نے اپنی سہولت وآسانی کے لئے چند گنی چنی دعاؤن کا دستو

باندھ لیا ہی، اور بیچارے حاجیون کو یہ سمجھا اور ڈرا رکھا ہی، کہ طواف کے وقت صرف وہی مخصوص دعائین پڑھی جا سکتی ہین، حالانکہ یہ بالکل بے اصل ہے، شریعت نے اس موقع پر بڑی وسعت دے رکھی ہی، البتہ ظاہر ہے، کہ جو دعائین ماثور ہین، اُن کے الفاظ کی برکت بہت زائد ہی، مطاف، حج کے موسم مین، دن اور رات کے کسی گھنٹہ مین بھی خالی نہین رہتا، ہر وقت اور ہر آن ایک مسلسل چکر ہی کہ جاری ہی، صبح اور شام کے ٹھنڈے وقتون کو چھوڑیئے، رات کے ایک اور دو بجے آکر دیکھئے تو، اور ٹھیک دوپہر کی تیز گرمی کے وقت آکر دیکھئے تو، ایک دو نہین، سیکڑون اور ہزارون دیوانے بس برابر چکر کاٹتے ہوئے ہی ملین گے، اور ان دیوانون مین کیسے کیسے ہوشیار اور فرزانے بھی ہین! مرد بھی، اور عورتین بھی، کمزور بھی، اور پہلوان بھی، لاٹھی ٹیک کر چلنے والے بوڑھے بھی اور انگلی پکڑ کر چلنے والے بچے بھی، عالم بھی اور عامی بھی، زاہد بھی اور فاسق بھی، گدائے بینوا بھی اور بمبئی کے لکھ پتی سیٹھ جی بھی، صحرائے عرب کا بدوی بھی اور مصر کا فیشن مآب شہری بھی، بھوکے بنگالی بھی اور دکن کے شیر شکم نواب و رؤسا بھی، سب کے سب ایک رب کے پرستار، ایک اللہ کے بندے، ایک رسول ؐ کے امتی، ایک ہی آقا کے حلقہ بگوش، ایک دھن مین مست، برابر ایک گھر کا چکر کاٹ رہے ہین! ان مین کتنے قطب ہون گے، کتنے ابدال ہون گے، کتنے اللہ کے اولیائے کاملین مین سے ہون گے! انھین کون پہچانے؟ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی ؒ نے اسی مطاف مین کس کس کی زیارت نہین کی ہے، کیسے کیسے مکاشفات ہین

نصیب مین نہین آئے ہین، کون کون سے اسرار ہین حل نہین کئے ہین!
لیکن آج کوئی آنکھ بھی محی الدین ابن عربی کی رکھتا ہی؟ طور اب بھی وہی
ہے، تجلیات اب بھی وہی ہین، جواب مین لن ترانی کہنے والا اب بھی جون کا
تون ہے، لیکن رب ارنی پکارنے والا بھی کوئی ہے؟

باب ۲۴

کعبۂ مقصود

ان اول بیتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ
بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی لِّلعٰلَمِین
(آل عمران رکوع ۱۰)

یقیناً، پہلا گھر جو انسانون (کی عبادت) کیلئے
مقرر کیا گیا، وہ وہی ہی جو بکہ (مکہ) مین ہی،
برکت دیا گیا اور جہانون کے لئے ہدایت!

اللہ اکبر! یہ کون سا گھر سامنے ہی؟ نگاہین کس گھر کی دیوارون کی بلائین لے رہی ہین؟ یہی تو وہ گھر ہے، جس کی بابت کہا گیا ہی "دنیا کے بتکدہ مین پہلا وہ گھر خدا کا" روے زمین پر سب سے پہلا عبادت خانہ! صدی، دوصدی کی تعمیر نہین، دو ہزار چار ہزار برس کی عمارت نہین، دنیا کا سب سے پہلا عبادت خانہ! کون تاریخ اُس وقت کا پتہ بتا سکتی ہی! کسی نسل انسانی کا حافظہ وہ زمانہ یاد رکھ سکتا ہی! جس گھر کی بنیاد مین، خود آدمؑ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہون، بنی آدم مین سے کون اس وقت کی یاد اپنے حافظہ مین محفوظ رکھ سکتا ہی! اللہ اللہ! اس طویل اور بحساب مدت مین اس ناقابل پیمائش عرصہ مین، کتنے عبادت خانے بنے اور بگڑے، کتنے مندر تعمیر ہوے، اور کھدے، کتنے گرجے آباد ہوئے اور اجڑے، کیسے کیسے انقلابات زمین نے دیکھے، اور آسمان نے دکھلائے، بلندیان پست ہوئین اور پستیان بلند ہوئین، یونان مٹا، مصر مٹا، چین مٹا

ہندوستان مٹا، ایران مٹا، روما مٹا، بابل مٹا، کلدانیہ مٹا، خدا معلوم کتنے ابھرے اور ابھر کر مٹے، کتنے بڑھے اور بڑھکر گھٹے، پر ایک عرب کے ریگستان مین خاک اور ریت کے سمندر مین، چٹانون اور پہاڑیون کے وسط مین، وادیون اور گھاٹیون کے درمیان یہ سیاہ چوکور گھر، جسے نہ کسی انجنیر نے بنایا، نہ کسی مہندس نے، جون کا توں کھڑا ہوا ہے! صدہا طوفان، ہزارہا انقلابات، بیشمار زلزلے، آئے اور گذر گئے، اور اس پاک اور پیارے گھر کو نہ کوئی ابرہہ مٹا سکا، نہ کوئی زارنکولس، اور نہ کوئی گلیڈاسٹن، جو اسے مٹانے کو اٹھا، وہ خود مٹ گیا، اور اللہ کے گھر مین اللہ کی جو عبادت آدم اور حوا نے کی تھی، وہی آج آدم کے فرزند اور حوا کی بیٹیان کر رہی ہین! "مبارکا" کی تفسیر مین بہت سے اقوال لائے گئے ہین، لیکن اس کھلی ہوئی برکت، اس مشاہد و محسوس برکت کے بعد کسی اور تفسیر کی ضرورت باقی بھی رہتی ہی؟

انّ اول بیت "سب سے پہلا عبادتخانہ" رومی مورخ نے اعتراف کیا، کہ اس سے قدیم تر کوئی معبد نہین ملتا، ڈوزی نے بھی یہی کہا، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا والون نے اسکی قدامت تسلیم کی، میور تنقید کے لئے اٹھا، لیکن رومی مورخ کی تائید کے سوا اور کچھ نہ کہہ سکا، مارگولس اسلام کی عداوت کے نشہ مین سرشار، لڑکھڑاتا ہوا آگے بڑھا، لیکن اس کی ہزیان سرائی خود اسی کے پیشہ والون اور قبیلہ والون سے داد نہ حاصل کر سکی، اور حق کا کلمہ جہان تھا، وہین قایم رہا، مومنون کے ایک سردار علی مرتضیٰؓ نے جو کچھ کہا تھا (عن علیؓ، قال کانت البیوت قبلہ ولکنہ اول بیت وضع لعبادۃ اللہ رواہ ابن حاتم) منکرون اور دشمنون کو بھی وہی کہنا پڑا

Marfat.com

اور پھر اس سردار کے سردار نے جو ارشاد فرمایا ہی، کہ بیت الحرام کی تعمیر بیت المقدس سے بھی چالیس سال قبل ہوئی، کون اس سے انکار کی مجال رکھتا ہی؟ اول بیت بھی یہی، اور آخر بیت بھی یہی، سب سے پہلا عبادت خانہ بھی یہی، اور سب سے آخری عبادت خانہ بھی یہی، تعمیر اُس وقت ہوا جب دنیا کی تعمیر ہوئی، اور جس وقت یہ مٹے گا، سارا کارخانہ کائنات بھی مٹکر رہیگا، قیاماً للناس کی اس سے زیادہ صاف، واضح، اور روشن تفسیر اور کیا ہوگی؟ گھر بھی آخر کس کا گھر ہے، مکان کی نسبت بھی آخر کس مکین کی جانب ہے! اللہ کا گھر، بے جسم و بے نشان والے کا گھر، رب السموات والارض کا گھر، بیت اللہ! روے زمین کے سارے طول و عرض مین کوئی اور گھر بھی، کہین اور کبھی، اس نام سے پکارا گیا؛ دیویون کے مٹھ کتنے بنائے گئے، دیوتاؤن کے مندر کتنے سجائے گئے، بتون کی پوجا کے لئے کیسے کیسے کلس دار شوالے سنوارے گئے، اور آج بیسوین صدی کے دور جاہلیۃ الاخریٰ مین علم اور سائنس کی دیویون، اور تہذیب و تمدن کے دیوتاؤن کی پوجا کے لئے، کالجون اور یونیورسٹیون کے نام سے، عجائب خانون اور تجربہ گاہون کے نام سے، اکاڈمی اور آرٹ گیلری کے نام سے کتنے بتکدون اور صنم خانون کی اونچی اونچی تعمیرین کہان اور کس حصۂ زمین مین نہین ہو رہی ہین! بیشمار بت ہین اور بیشمار ہی بتکدے، لیکن وہ جو ایک اکیلا ہی، واحد اور احد ہی، یکتا اور لاشریک لہ ہے ——— ذرا شانِ توحید کا پرتو دیکھنا ——— اس کا مکان بھی اس عالم آب و گل مین صرف ایک ہے! تاریخ کے اوراق الٹ ڈالو، جغرافیہ کی مدد سے ان وسیع و فراخ سطحِ زمین کا چپہ چپہ چھان ڈالو، بیت اللہ کے نام کی صرف یہی ایک عمارت ملے گی!

Marfat.com

اور پھر گھر بھی کیسا گھر؟ کس صفت کا گھر؟ ھدیً للعالمین، ساری دنیا کے لئے ہدایت رکھنے والا، ہر قوم، ہر ملک، ہر طبقہ، ہر گروہ کو درسِ ہدایت دینے والا اس کے انوار اور اس کے برکات، اس کے فیوض اور اس کی ہدایات، کسی ایک زمانہ کے لئے، کسی ایک ملک کے لئے مخصوص نہین، زمان کے قیود، اور مکان کے حدود سے آزاد، جب اور جہان، جسکا جی چاہے، اس سے فیض حاصل کرے دعوی کا ثبوت الگ رہا بنفس یہ دعویٰ بھی دنیا کے کسی دوسرے مکان نے پیش کیا ہی؟ کسی مکان سے اب تک یہ صدا بلند ہوئی ہی، کہ میری تعلیمات ساری دنیا کے لئے ہین ؟ دنیا مین بڑے بڑے مقنن اور قانون ساز آئے، بڑے بڑے مصلح آئے، عارف آئے، کامل آئے، ولی آئے، نبی آئے، پیام لیکر آنے والے آئے، کسی نے بنی اسرائیل کے گلّے کی بھٹکی ہوئی بھیڑون کو راہ دکھائی، کسی نے شام مین توحید کی منادی کی، کسی نے مصر مین حق کی دعوت پہونچائی، کسی نے ہندوستان مین وعظ کہے، لیکن بلا تفریق و تخصیص، ہر قوم اور ہر ملک، ہر اقلیم اور ہر زمانہ کے لئے پیام ہدایت نہ کسی مندر سے سنا گیا، نہ کسی گرجا سے، نہ کسی کانگرس کے اسٹیج سے، نہ کسی کانفرنس کے پلیٹ فارم سے، نہ کسی پارلیمنٹ سے نہ کسی سینٹ ہال سے، نہ کسی چیمبر آف ڈیپوٹیز سے، ——— ہان کل کائنات کے لئے، عالم و جاہل کے لئے، شرقی و غربی کے گورے اور کالے کے لئے، یکسان پیام تسلی بخش اس گھر کے اور کہان سے سنایا گیا، پیام سنانے والے نے پیام سنا دیا، یکین نے مکان کی طرف سے دعوی کا اعلان کر دیا، جنکی آنکھین ہین، بحمد اللہ وہ آج بھی دیکھ رہے، اور جنھون نے اپنی آنکھین پھوڑ رکھی ہین، وہ کل دیکھین گے، کہ ہدایت و روحانیت، تصفیۂ قلب و تزکیۂ نفس

باطن کی پاکیزگی اور ظاہر کی آراستگی کا سرچشمہ اسی مکان سے پھوٹ پھوٹ کر ابل رہا ہی!
اور قیامت شروع ہو جانے تک برابر ابلتا رہے گا!

مکانات، لاکھون کے خرچ سے، دنیا مین کتنے بن چکے، بادشاہون کے محل بھی اور وزیرون کی کوٹھیان بھی، رئیسون کی حویلیان بھی اور نوابون کے دیوان خانے بھی، سب مٹ گئے، خاک سے بلند ہوئے تھے اور خاک مین مل گئے، ساسانیون کی عشرت گاہین اور رومیون کے حمام کہین باقی ہین؟ پرتھی راج کے محل، اور تیمور کے قصر و ایوان آج کیون نظرون سے غائب ہو گئے؟ کہو گے، کہ یہ کچھ نہ سہی، لیکن آخر آگرہ مین تاج محل، اور فرانس مین ائیفل ٹاور تو موجود ہی، بیشک موجود ہی، لیکن اسی حیثیت سے، جس سے، کہ لڑکون کے کھلونے اور لڑکیون کے گھروندے موجود رہتے ہین، بجز ایک سیر، تماشہ اور دل بہلاؤ کے، ان کی کوئی اور حیثیت ہی؟ تاج محل اور آئیفل ٹاور کی عزت، احترام، تقدیس، کسی کے دل مین ہی؟ ایک طرف وہ لاکھون روپیہ کا اینٹ اور چونہ کھائے ہوئے، لق و دق کھنڈر ہین، اور دوسری طرف یہ ہر تکلف و تصنع سے معریٰ، سادہ اور ستھرا اللہ کا گھر ہی، مثابۃً للناس و امناً، بے اندازہ مدت سے قایم، اور بیشمار عقیدتون و تعظیمون کا مرکز! لاکھون ہر سال آتے ہین، چومتے اور آنکھون سے لگاتے، طواف کرتے اور سجدہ کرتے، رونے اور گڑگڑانے، جھکنے اور گرنے، لاکھون آتے ہین، اور ہر سال آتے رہتے ہین! کچھ یاد ہے کہ آدم علیہ السلام کے زمانہ کے بعد، اس تعمیر کی تجدید اولادِ آدم مین سے کس نے کی ہی؟ اپنے ہاتھون مین پتھر اور گارا لیکر کس نے اس کی دیوارین بلند کی ہین؟ اللہ کے

Marfat.com

اس گھر کا معمار کون تھا؟ بادشاہون کے محل تعمیر ہوتے ہین، تو بڑی بڑے کاریگر اور مہندس بلائے جاتے ہین، وائسرائے کی کوٹھی تیار ہونے لگتی ہی، تو نامور انجینرون کی قسمت جاگ جاتی ہی، اللہ کے گھر کی معماری کس نے کی؟ اللہ کے گھر کا مزدور کون تھا؟ اللہ کے گھر کی تیاری کے لئے اپنے سر پہ بھاری بھاری پتھر کس نے لادے؟ اپنے ہاتھ چونے اور مٹی کے گارے مین کس نے سانے؟ عرب کی جلجلاتی ہوئی دوپہرون مین، ریگستانون کی لو کی لپٹون مین، بغیر روپیہ اور پیسہ کی مزدوری کے لالچ کے، کس مزدور نے اپنے گوشت پوست کو جلایا، تپایا، جھلسایا؟ کون بندہ جواب دے بندون کا خالق، اُس گھر کا مالک، خود اپنی زبان سے اپنے گھر کے مزدور، اور اُس مزدوری کے نورِ نظر کا نام لیتا ہی،

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ،	اور جب ابراہیمؑ اس گھر کی بنیادین اٹھا رہے تھے اور اسمٰعیلؑ بھی!

مزدور جب کام کرتے ہین، تو کچھ گن گناتے بھی جاتے ہین، اللہ کے مزدور بھی جس وقت کام کر رہے تھے، تو اپنی زبانون پر مہرین نہین لگائی تھین، جس کا گھر بنا رہے تھے، اسی سے کچھ مانگتے بھی جاتے تھے، ہاتھ اگر تعمیرِ بیت مین مشغول تھے، تو دل ربّ البیت مین! دل مین کسی کی یاد تھی، تو زبان پر کسی کا نام! عاجزی تھی اور خوشامد، مسکنت تھی اور تذلل، پتھر پہ پتھر جوڑتے جاتے تھے، اور دل کے سوز و گداز کے ساتھ، چشمِ انکسار کے ساتھ، زبانین اسی ذکر مین مشغول تھین!

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ	اے ہمارے رب ہم سے قبول فرما! بیشک تو سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہی!"

Marfat.com

العظمۃ للہ! اللہ پر قربان ہونے والون کی، اللہ کے خلیلؑ کہلانے والون کی یہ شان ہوتی ہی! اپنے کو مٹا چکے ہین، مٹا رہے ہین، پھر بھی دھڑکا یہی لگا ہوا ہی، کہ یہ اپنے کو مٹانا بھی قبول ہوتا ہی یا نہین!

آپ کہتے ہین، آپ مانتے ہین، کہ اس گھر کا سا کوئی دوسرا گھر دنیا مین نہین لیکن خدارا یہ تو بتائیے کہ اس گھر کے سے مزدور بھی دنیا کے کسی گھر کو ملے؟ قربان اس گھر کے مالک کے، قربان اس گھر کے مزدورون کے! بیت المقدس کو سلیمان علیہ السلام نے بنوایا، اور جنون سے بنوایا، لیکن اس مقدس گھر کو دیکھنا اس کے مزدور سلیمان علیہ السلام کے تابع ومحکوم جنات نہ تھے، وہ تھے جو خود سلیمان علیہ السلام کے بزرگون کے بزرگ، اور اجداد کے جد تھے! دنیا کے کس مزدور نے وہ مزدوری مانگی جو بیت اللہ کے مزدورون نے مانگی؟ اور کس کو وہ مزدوری ملی، جو بیت اللہ کے مزدورون کے حصہ مین آئی؟ مزدوری کی طلب تنہا اپنے لئے نہ تھی، ہمارے لئے تھی، آپ کے لئے تھی، ان سب کے لئے تھی، جو آج اپنی کوئی نماز اللہ کے مقدس گھر کے اس مقدس مزدور پر درود بھیجے بغیر، تمام نہین کرتے، اور نہین کر سکتے،

ربنا واجعلنا مسلمین لک ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ لک وارنا مناسکنا وتب علینا انک انت التواب الرحیم،

اے ہمارے رب، ہم دونون کو اپنا فرمان بردار بنا اور ہماری اولاد سے ایک امت اپنی فرمان بردار بنا اور ہمین ہمارے حج کے اعمال بتا، اور ہم پر رحمت سے توجہ فرما، اور تو بیشک رحمت سے بڑا توجہ کرنے والا اور مہربان ہی،

Marfat.com

ابراہیمؑ کی دعا خالی نہین جا سکتی تھی، گھر کے بنانے والون کو تو جو کچھ مزدوری ملی اُسے یا تو وہ خود جانے، یا مزدوری کا دینے والا، لیکن اس گھر کی زیارت کرنے والون کو، اس گھر کا طواف کرنے والون کو، اس گھر کی طرف سفر کرنے والون کو، اس گھر سے تعلق رکھنے والون کو، اس گھر کی محبت و عظمت کو دل مین جگہ دینے والون کو کیا کچھ نہین مل سکتا؟ کیا کچھ نہین مل جاتا؟ کیا کچھ نہین ملا؟

جس گھر کے یہ معمار ہون، یہ مزدور ہون، اس گھر کی بے حساب تقدیس اور بے اندازہ عزت پر کسی کو حیرت ہونی چاہئے؟ یہ سب دیکھتے ہین، کہ گھر، برکتون اور عزتون کا گھر ہے، مگر یہ بھول جاتے ہین، کہ گھر کے معمار اور مزدور کیسے برکت والے، کیسی عزت والے، کیسے تقوی اور تقدیس والے تھے، روم کا عارف کہتا ہی،

کعبہ را کش ہر دمے عزت فزود — آن ز اخلاصات ابراہیم بود

فضل آن مسجد ز خاک و سنگ نیست — لیک در بنّاش حرص و جنگ نیست

اور بالکل سچ کہتا ہی کہ کعبہ کی عزتون اور فضیلتون مین تم ہر لحظہ جو ترقی و برتری دیکھتے ہو، یہ ابراہیمؑ کے خلوص و صدقِ نیت کا ثمرہ ہی، وہی پتھر اور وہی مٹی جس سے ہر مسجد اور ہر عمارت کی تعمیر ہوتی ہی، اس مسجد مین بھی لگے ہوئے ہین، ان کے علاوہ اس مین کوئی نئی چیز نہین، نئی چیز جو ہے، وہ یہی ہی، کہ اس کا بنانے والا کوئی انجینیر نہ تھا، کوئی ماہرِ فن مہندس نہ تھا، کوئی بادشاہ و وزیر نہ تھا، وہ تھا جو اپنے نفس کو پاک کر چکا تھا، اپنی خودی کو مٹا چکا تھا، اپنے کو خدا سے ملا چکا تھا، روایات مین آتا ہی، کہ آسمان پر جو فرشتون کا قبلہ ہی، بیت المعمور، اور جس کے گرداگرد ہر وقت ستر ہزار ایسے فرشتے جو ایک

دن کے بعد دوبارہ نہین آتے بلکہ ان کے بجائے اسی تعداد مین نئے آجاتے ہین، طواف کرتے رہتے ہین، یہ زمینی خانہ کعبہ ٹھیک اُسی کے محاذمین، اور بالکل اُس کے نیچے ہے، ان تجلیاتِ رحمت و مرحمت کا کون اندازہ کرسکتا ہی، جو ہر لحظہ اور ہر آن بیت المعمور سے خانہ کعبہ پر پڑتی رہتی ہون گی! یہ اللہ کے خلیلؑ ہی کی آنکھ تھی، جس نے اُن تجلیات اور اُن انوار کا مشاہدہ کیا، اور ٹھیک اُسی مقام پر، آدم علیہ السلام کے بعد از سر نو، اللہ کا گھر بناکر اس بارشِ رحمت و کرم مین سب کو شریک کردیا! اللھم صل وبارک علی محمد وعلیٰ آل محمد کما صلیت وبارکت علیٰ ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید،

یہی "بیت" تھا، جس کا طواف شروع ہوا، معلم عبدالقادر سکندر اپنے ہمراہ مطاف کے اندر لائے، اور سارے قافلہ کو اپنی رہنمائی مین طواف کرانا شروع کیا، ہجوم اچھا خاصا تھا، لیکن مطاف بھی ماشاءاللہ خوب وسیع ہی، زیادہ کشمکش نہین ہونے پاتی، اور اگر بھی وبدوی حجاج اپنے کو ذرا قابو مین رکھین، تو اتنی بھی کشمکش نہ ہونے پائے، خود معلمین بھی خاصی بے احتیاطی کرتے رہتے ہین، اور لوگون کو ڈھکیلتے اور دھکے دیتے ہوئے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے ہین، بس اس ایک شے کے علاوہ مطاف اور ہر طرح پر بڑے امن اور دلچسپی کی جگہ ہی، بوڑھے جوان، بچے، عورتین، تندرست و توانا، کمزور و لاغر، سبھی طرح کی خلقت ہی، سب اپنے اپنے چکر مین مصروف جو بوڑھے اور ناتوان اپنے پیرون سے طواف نہین کرسکتے ان کے لئے اجازت ہی کہ شبری پر طواف کرین، یہ ایک طرح کا کھٹولا ہوتا ہی، جسے جوان مزدور اپنے سرون پر اٹھائے رہتے ہین، بہت سے بیمارون کو اس طرح لیٹے لیٹے طواف

Marfat.com

کرتے دیکھا، ناواقف حاجیون کو تو معلم کے بغیر چارہ ہی نہین، اچھے خاصے لکھے پڑھے بھی پہلی دفعہ چکر مین آجاتے ہین، البتہ ایک مرتبہ واقف ہو جانے کے بعد پھر زیادہ دقت نہین رہتی، بہتر یہ ہوگا کہ مناسک کی کتابین پہلے سے دیکھ ضرور رکھی جائین، ہم لوگ تو بالکل معلم کے ہاتھ مین تھے، جہان سے انھون نے شروع کرایا شروع کیا اور جہان پر انھون نے ختم کرایا ختم کیا، رمل، اضطباع، وغیرہ سب انھین کی ہدایت کے مطابق کرتے رہے ایک چکر، دو چکر، تین چکر، لیجئے آدھ گھنٹے کے اندر پورے ساتون چکر ختم ہو گئے، اور ہم لوگ طواف ختم کرکے واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی پڑھتے ہوئے مقام ابراہیم کی طرف بڑھے،



Marfat.com

باب ۲۵

دیارِ خلیلؑ

مقام ابراہیم کا نام کلام مجید مین دو جگہ آیا ہی، لیکن بغیر حاجی ہوئے یہ سمجھنا مشکل ہی کہ "مقامِ ابراہیم" ہے کیا چیز، مقام ابراہیم کے لفظی معنی ہین ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ، روایات مین آتا ہی، کہ خلیل اللہ کی تعمیر کے وقت جب خانہ کعبہ کی دیوارین اونچی ہونے لگین، تو قدرۃً پاڑ باندھنے کی ضرورت محسوس ہوئی، اُس وقت حضرت جبرئیل نے ایک پتھر لاکر رب جلیل کے خلیلؑ کی خدمت مین پیش کیا، اس پر کھڑے ہوکر اللہ کے گھر کے اُس معمار نے کعبہ کی دیوارین بلند کرنی شروع کر دین، جب نیچے سے پتھر گارا وغیرہ اٹھانے کی ضرورت ہوتی تھی، تو یہ پتھر خود بخود بچک کر نیچا ہوجاتا تھا، اور جون جون دیوار بلند ہوتی جاتی تھی، اور اونچے تک ہاتھ پہونچانے کی ضرورت ہوتی تھی، یہ پتھر بھی از خود بلند ہوتا جاتا تھا، یہ پتھر حجر اسود کی طرح آج تک محفوظ چلا آتا ہی، اور بعض روایات مین آیا ہی، کہ اس پر اللہ کے خلیلؑ کے قدم مبارک اور انگلیون کے نشان تک بنے ہوئے ہین! ——— پتھر کے متعلق تو خیر یہ مشہور ہی کہ وہ اس دنیا کا نہین، جنت سے لایا گیا تھا، اس کے محفوظ رہجانے پر اتنی حیرت نہ کیجئے، لیکن ابراہیمؑ تو اسی مادی دنیا کے، اسی عالم ناسوت کے اہی عالم آب وگل کے تھے، اُن کی

انگلیان اور اُن کے پیرون کے تلوے، تو اسی گوشت و پوست کے بنے ہوئے تھے آخر اُن کے نشانات کیسے محفوظ رہ گئے ؟ دھوپ کی کیسی کیسی کڑی شعاعین پڑین، بارش کس زور زور کی ہوتی رہی، ایک دو دن نہین، سال دو سال نہین، ہزار ہا برس تک سارے عناصر اپنا زور دکھاتے رہے، اور وہ نقش نہ مٹے ! اتنی طویل مدت مین کون باقی رہا ؟ کلدانیہ کا تمدن مٹ گیا، بابل کا اقبال افسانہ بن گیا، مصری تہذیب خواب و خیال ہو کر رہ گئی، رومہ مٹ گیا، یونان مٹ گیا، نہ دارا رہا نہ سکندر، نہ ہنیبال رہا نہ قیصر، نہ چنگیز رہا نہ ہلاکو، جنکو گھمنڈ اور دعویٰ تھا، کہ ہم سبکو مٹا دین گے، اور خود نہ مٹین گے مٹکر اور ملیامیٹ ہو کر رہ گئے، پر ایک خاک کے پتلے کے نقشِ قدم ہین، کہ وہ کسی کے مٹائے نہ مٹے ! وہ خاک کا پتلا، اپنے اللہ کا مطیع ہو گیا تھا، کائنات کی ساری قوتین خود اس کی مطیع کر دی گئین ! وکذالکَ نجزی المحسنین،

یہ پتھر، رسول اللہ صلعم بلکہ حضرت صدیقؓ کے زمانہ تک خانۂ کعبہ کی دیوار سے متصل اپنی اصلی جگہ پر رکھا رہا تھا، شاہ عبدالعزیز دہلویؒ اپنی تفسیر مین سنن بیہقی کے حوالہ سے لکھتے ہین، کہ عہد فاروقی مین ایک سیلاب آیا، جس سے یہ پتھر اپنی جگہ سے ہٹکر بہ گیا، حضرت عمرؓ کو خبر ہوئی، تو آپ خود تشریف لائے، اور اس پتھر کو دیوارِ کعبہ سے ذرا فاصلہ پر مطاف سے باہر ایک مقام پر رکھوا دیا، اور اب تک وہین رکھا چلا آتا ہی، البتہ اب یہ کھلی ہوئی جگہ مین نہین، بلکہ ایک چھوٹی سی جالی دار کوٹھری بنا دی گئی ہے، جسکے ایک قبہ بھی ہی، اسی کوٹھری کے اندر محفوظ ہی، پہلے ہر شخص آزادی سے زیارت کر سکتا تھا، اب کوٹھری بند رہتی ہی، شاید کسی خوش نصیب کو کسی خاص وقت مین زیارت

کا موقع ملجاتا ہو، مطاف کے کنارے مشرقی جانب ایک خوبصورت محراب پتھر کی کھڑی ہوئی ہی، یہ محرابُ النبیؐ کہلاتی ہی، اس لئے کہ حضور اکثر اسی راستہ سے تشریف لاتے تھے اسی محراب کے قریب، سمت جنوب مین وہ نفیس و خوش نما قبہ ہی، جس کے نیچے وہ مبارک و متبرک پتھر کوٹھری مین بند رہتا ہی، اور اب مجازاً خود اسی کوٹھری کو مقامِ ابراہیم کہنے لگے ہین، سننے مین آیا، کہ حجرِ اسود اور اس مقام کے درمیان، ۲ گز کا فاصلہ ہی، کہا جاتا ہی، کہ یہ پتھر تین بالشت اونچا اور دو بالشت چوڑا ہی، اور اس پر چاندی کا پتر چڑھا دیا گیا ہی، صرف اتنی جگہ جہان قدم مبارک کا نقش ہی، اپنی اصلی حالت پر چھوٹی ہوئی ہی، ہزار ہا زائرین اس شوق و اشتیاق مین آتے ہین، کہ اللہ کے خلیلؑ کا قدم مبارک نہ سہی، اس قدم کے نقوش ہی کو اپنی آنکھون اور ہونٹون سے لگائین، لیکن دورِ سعودی مین یہ کہان ممکن؟ سپاہی بید لئے ہوئے پہرہ پر کھڑے ہوئے ہین، اور کوٹھری کے اندر رسائی ہونا الگ رہا، جو زائرین اپنے جذبۂ شوق کی تسکین کے لئے کوٹھری کے دروازہ کی زنجیر کو مس کرنے اور بوسہ دینے کے لئے بڑھتے ہین، معاً ان کے جسم پر نجدی سپاہی کے بید کی ضربین پڑتی نظر آتی ہین!

یہ ہے وہ "مقامِ ابراہیم" جس کا تذکرہ، مقدس کلام مین کسی مقدس موقع پر آتا ہے، فیہ آیات بینات مقام ابراھیم، اور پر ذکر بکہ (مکہ) مبارکہ کا ہو رہا ہی، اور اس مبارک شہر کے بیت مبارک کا ذکر کیا گیا، اور مبارک شہر کے مبارک گھر مین اپنی سب سے بڑی اور کھلی ہوئی نشانی اسی مقامِ ابراہیم کو فرمایا گیا! اور پھر محض اس تذکرہ ہی پر اکتفا نہین، دوسری جگہ حکم کی صورت مین ارشاد ہوتا ہی، واتخذوا من مقام ابراھیم مصلّی (ابراہیمؑ

Marfat.com

کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا ٹھکانا بناؤ) نماز پڑھنے کے لئے تو سارا خانہ کعبہ ہی، سارا صحنِ حرم ہی، حطیم ہی، لیکن ایمان والون کو، اللہ کے فرمان بردار بندون کو، سجدہ کرنے پیشانی زمین پر رگڑنے کا حکم صراحت کے ساتھ ملتا ہی، تو اس زمین کے واسطے، جو ابراہیمؑ کے خاکِ پا سے پاک و مشرف ہو چکی ہی! اللہ اللہ، اپنے چاہنے والون کی کیا کیا دلنوازیان ہین، کیسی کیسی سرفرازیان ہین! انی جاعلک للناس اماماً، سارے جہان کی امامت و پیشوائی کا وعدہ آخر انھین ابراہیم ہی سے تو کیا گیا تھا؟ پھر آخر کیا اسکا ایفا نہ ہوتا؟ اور امام کے جہان پیر ہوتے ہین، وہین تو سارے نمازیون کے سر آکر زمین سے لگتے ہین! ——— "کل" سب دیکھین گے، اور آنکھون والے آج بھی دیکھ رہے ہین، اور ہزارہا برس سے دیکھتے چلے آرہے ہین، کہ جو سب سے اپنے دل کے بندھن توڑ، صرف ایک اور اکیلے سے اپنا رشتہ جوڑ چکا تھا، (انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفاً وما انا من المشرکین) اور جو اپنے وقت و زمانہ کی ساری تہذیب و تمدن اور اپنی قوم و ملت کی شان و شوکت، پر لعنت بھیج چکا تھا، (اعتزلکم وما تعبدون من دون اللہ) اُس کے لئے کیا کیا انعام و اکرام ہین، کیسے کیسے صلے اور رتبے ہین! "آج" دنیا جہان کے لئے اس کی امامت اور "کل" سب سے پہلا حلۂ بہشتی بھی اللہ کے گھر کے اسی معمار کے لئے! "آج" کی نعمتون کا تو ٹوٹا پھوٹا تصور ہو بھی جاتا ہی "کل" کی نعمتون کا اندازہ اور تصور کس انسانی دماغ کے بس کی بات ہی!

فقہ حنفیہ مین حکم ہی، کہ طواف سے فارغ ہو کر اسی مقامِ ابراہیم مین آکر دو رکعت نماز پڑھے، پہلی رکعت مین سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون اور دوسری مین سورۂ

اخلاص ہو تو بہتر ہے، اتنے نصیب کہان تھے، کہ عین مقام ابراہیمؑ تک پہونچتے، اس کے برآمدہ مین بھی کثرتِ ہجوم سے نماز پڑھنے کی جگہ نہ ملی، مجبوراً مقامِ ابراہیم کے متصل جو جگہ اس کے اور محراب النبیؐ کے درمیان ہی، وہان نماز پڑھی، یہ نماز رسول اللہ صلعم ہر طواف کے خاتمہ (یعنی اس کے سات چکّرون کے پورے ہونے) پر پڑھتے تھے، اور اسی لئے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ نماز واجب ہی، گو امام شافعیؒ کے ہان محض سنت کے درجہ مین ہے نماز کے بعد معلّم نے جو دعا پڑھائی وہ غالباً یہ تھی :-

اللّٰھم انک تعلم سرّی وعلانیتی	اے اللہ تو جانتا ہی، میرا وطن اور میرا ظاہر بیا
فاقبل معذرتی وتعلم حاجتی فاعطنی	میرا عذر قبول کر، اور تو میری حاجت سے واقف
سوالی وتعلم ما فی نفسی	ہے، پس مین جو طلب کرتا ہون مجھے عطا کر، اور تو
فاغفر لی ذنوبی، اللّٰھم انی	جانتا ہی جو کچھ میرے دل مین ہی، پس میرے
اسئلک ایماناً یباشر قلبی	گناہون کو معاف کر دے، اے اللہ مین تجھ سے
یقیناً صادقاً حتیٰ اعلم انہ	مانگتا ہون ایمان جو میرے دل مین جگہ رکھے، اور
لا یصیبنی الّا ما کتبت لی	ایسا سچا یقین جس سے مین جان جاؤن کہ مجھے
ورضنی بما قسمت لی یا	بس وہی ملیگا جو کچھ تو نے میرے لئے لکھ رکھا ہی،
ارحم الراحمین،	اور اے سب رحیمون سے بڑھکر رحیم، مین مانگتا ہون
	تجھ سے اس چیز پر رضامندی جو تو نے میری قسمت
	مین لکھ رکھی ہی،

روایتون مین آتا ہی، کہ حضرت آدم علیہ السلام نے یہی دعا مانگی تھی، اس کے الفاظ کی جامعیت وہمہ گیری ظاہر ہے، لیکن اختیار ہے، کہ اس کے بعد اپنی دینی ودنیوی

Marfat.com

جاجتون کے لئے اور جو دعائین مانگنا چاہے مانگے،

بہت سے لوگ اس غلطی مین مبتلا ہین، کہ بعد طواف، یہ دوگانہ، خاص اسی جگہ یعنی مقامِ ابراہیم ہی پر ادا کرنا چاہئے، یہ صحیح نہین، امام محمدؒ کے الفاظ بالکل صاف و واضح ہین:-

ثم ایت المقام فصلّ عندہ رکعتین او حیثما تیسر علیک من المسجد	مقام ابراہیم پر اگر دو رکعتین پڑھو، یا مسجد مین جہان کہین آسانی سے جگہ مل جائے،

سرخسیؒ اس کی شرح مین لکھتے ہین:-

و مرادہ ان الزحام یکثر عند المقام فلا ینبغی ان یحتمل المشقۃ لذلک ولکن المسجد کلہ موضع للصلوٰۃ فیصلی حیث تیسر علیہ، (مبسوط، جلد ۴، ص ۱۲، مصری)	مطلب یہ ہے کہ مقام ابراہیم پر سخت ہجوم رہا کرتا ہے، ایسی صورت مین یہ درست نہین کہ خواہ مخواہ اس کے لئے مشقت اٹھائی جائے، بلکہ نماز کی جگہ ساری مسجد مین ہے، پس جہان کہین آسانی سے جگہ مل جائے نماز پڑھ لیجائے،

اسی طرح کی تصریحات دوسرے فقہا کے ہان بھی ہین، و یرکعتین فی المقام او حیث تیسر من المسجد (کنز) ثم یاتی المقام فیصلی عندہ رکعتین او حیث تیسر من المسجد (ھدایہ) فی ای موضع تیسر علیہ من المسجد الحرام او غیرہ و ان صلی فی مقام ابراھیم فھو افضل (سراجیہ) یصلی بعد الطواف رکعتین عند المقام او حیث تیسر لہ من المسجد و ان صلی فی غیر المسجد جاز (قاضیخان) حج کے موقعہ پر جتنے عمال ہین، سب مین یہ قدم قدم پہ ملحوظ رکھا گیا ہے

Marfat.com

کہ اللہ کی عبادت کرنے مین بندون کے حقوق کی ادائی مین غفلت نہ ہونے پائے، اور حتی الامکان کسی دوسرے مسلمان کو کسی نوع اور درجہ کی ایذا نہ پہونچنے پائے، حج کا سفر، قلب کی شکستگی، عبدیت، و انابت کا ایک مدرسہ ہی، اپنی کسی سہولت اور آسایش کے لئے یا کسی سنت کے ادا کرنے مین، دوسرون کی راحت و آسایش کی طرف سے بے پروائی کی کوئی گنجایش اس پاک سفر مین نہین،

خیر یہان سے چند منٹ مین فارغ ہو گئے، اور اب چاہ زمزم کی طرف بڑھے، اب زمزم اور چاہ زمزم کا نام ہر مسلمان کے کان مین پڑا ہوا ہی، زمزم اب ایک کنوین کی شکل مین ہی، لیکن اصل مین چشمہ کا نام ہی، صحیح و مستند روایات مین اسکا جو کچھ تذکرہ آتا ہی، اس کا خلاصہ یہ ہی، کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام شام سے آکر اپنی بیوی حضرت ہاجرہ اور شیر خوار صاحبزادہ حضرت اسمٰعیلؑ کو جب مکہ مین چھوڑ کر واپس جانے لگے، تو ایک مشک پانی اور کچھ کھجورین اُن کے پاس رکھ گئے تھے، ایک مشک کب تک کام دیتی، پانی ختم ہوا، اور ماں اور بچہ پر پیاس کا غلبہ، قریب مین صفا و مروہ، دو پہاڑیان تھین، مائی ہاجرہ ماماتے بے قرار ہو کر ان پہاڑیون کی طرف پانی کی تلاش مین بار بار دوڑتی تھین، ادھر شیر خوار پیمبر زادہ نے جو تڑپ تڑپ کر پیر زمین پر پٹخے، تو ایڑیون کے نیچے زمین سے پانی کا ایک چشمہ جاری ہو گیا، حضرت ہاجرہؑ جب سات پھیرون کے بعد مایوس واپس آئین تو دیکھا، صاحبزادہ کے قدمون کے نیچے ایک چشمہ جاری ہی! ——— آگے چل کر اور جوان ہو کر جس کے قدمون کے نیچے سارے عالم کی روحانی پیاس کی تسکین کے لئے فیض و ہدایت کا چشمہ جاری ہونیوالا ہو

Marfat.com

اگر بچپن مین مادی سیرابی کے سامان کا ظہور اُس کے قدمون کے برکت سے ہو گیا ہو، تو کوئی عقل و قیاس اسے اپنے اوپر بار کیون محسوس کرے؟

بہر حال حضرت ہاجرہؑ نے جو یہ ماجرا دیکھا تو باغ باغ ہو گئین، اور مٹی سے گھیر کر پانی کے لئے ایک کنوین کی سی شکل قائم کر دی، اسی حالت مین زبان سے نکلا تھا "زم زم" جس کے معنی ہین، ٹھہر ٹھہر، بس اسی وقت سے اس کا نام زمزم پڑ گیا، مکہ کی آبادی، اسی وقت سے قایم ہوئی، اس وقت تک شہر کے بجائے چٹیل میدان پڑا ہوا تھا، کچھ دنون کے بعد کنوان پٹ گیا، اور رفتہ رفتہ اہل مکہ اسے بھول بھی گئے، جب سرورِ عالمؐ کی ولادت باسعادت کا زمانہ قریب آیا، تو عبد المطلب کو خواب مین اس کنوین کا پتہ بتایا گیا، اُس وقت سے زمزم از سر نو دنیا کو سیراب کرنے لگا،

موجودہ حالت مین چاہ زمزم، معمولی کھلے ہوئے، کنوون کی طرح نہین، بلکہ باہر سے ایک کمرہ سا معلوم ہوتا ہی، دیوارِ کعبہ سے ۳۲، ۲۳ گز کا فاصلہ ہوگا، کمرہ کی عمارت دو منزلہ ہی، نیچے والے کمرہ کے دو حصے ہین، ایک حصہ مین کنوان ہی، دوسرے مین آبدار خانہ، کنوان اندر اور باہر دونون طرف سے سنگ مرمر کا بنا ہوا ہی، پانی کی سطح کچھ کم ستر گز کی گہرائی کے بعد ہے، کنوین کا منہ اچھا خاصا بڑا ہے جیسا ہمارے ہان اندارے کنوون کا ہوتا ہی، منہ کا چوڑان کوئی چار گز کا ہوگا اور گھیر بارہ گز سے اوپر، چار گھرنیان (چرخیان) لگی ہوئی ہین، چارون طرف سے پانی کھینچا جا سکتا ہی، کمرہ کی چھت مین بھی پانی بھرنے کی جگہ رکھی گئی ہے کوئی چالہ

تو اوپر کے درجہ سے بھی پانی کا ڈول نکال سکتا ہی، دیوارین زیادہ تر سنگ اسود کی ہین، اوپر کے درجہ مین خانہ کعبہ کے رخ پر ایک چوبی برآمدہ ہی، جگت خاصی اونچی ہے، کوئی قد آدم، پانی کی سطح سے ذرا نیچے ایک مضبوط جالی لگادی گئی ہی، تاکہ حاجیون کے ہجوم و کشمکش مین اگر اتفاق سے کسی کی کوئی چیز کنوین مین گر پڑے، تو فوراً نکالی جاسکے، تہ تک نہ پہونچنے پائے، نالیان متعدد بنی ہوئی ہین، تاکہ گرا ہوا پانی برابر باہر نکلتا رہے، دروازہ مشرق کی جانب ہی، رات مین بند ہوجاتا ہی دن مین برابر کھلا رہتا ہی، ہر شخص کو آزادی ہے کہ اپنے ہاتھ سے پانی نکالے، لیکن موسم حج کے ہجوم و چپقلش مین ہر ایک یہ نصیبہ کہان سے لاسکتا ہی؟ چرخیون تک پہونچنا اور ڈول اپنے ہاتھ سے کھینچنا الگ رہا، کمرہ کے اندر گھسنے کی بھی ہمت ہر ایک کی نہین پڑتی،

آب زمزم کی فضیلتین احادیث صحیحہ مین بکثرت وارد ہوئی ہین، ایک حدیث مین آتا ہی ماء زمزم لما شرب لہ، زمزم کا پانی جس نیت سے پیا جائے، وہ مقصد پورا ہوگا، ایک اور حدیث مین آتا ہی، کہ زمزم کا پانی، غذا ہی، پیٹ بھرنے والی، اور شفا ہی بیمار کیلئے، ایک اور روایت مین حضورؐ کی زبان سے منقول ہی، کہ دنیا مین بہتر پانی، زمزم کا پانی ہی، حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہین کہ ہم لوگ زمزم کو شباعہ، یعنی سیراب کردینے والا، پیٹ بھر دینے والا کہتے ہین، اور ابن عباسؓ ہی سے ایک دوسری روایت مین آتا ہی، کہ اگر اس کو بیمار شفا کی غرض سے پیئے، تو اسے اللہ شفا دیگا، اگر کوئی پیٹ بھرنے کے لئے پیئے، تو اللہ اسکا پیٹ بھر دیگا، اور اگر

Marfat.com

کوئی اسے پیاس بجھانے کے لئے پیئے، تو اللہ اُس کی پیاس بجھا دیگا، متعدد اکابر امام شافعیؒ، عبداللہ بن مبارکؒ، حافظ ابن حجر وغیرہم اپنا تجربہ بھی لکھتے ہین کہ ہم نے جس غرض کے لئے اسے پیا، وہ مقصد پورا ہو کر رہا، خود حضورؐ کو بھی یہ پانی، نہایت مرغوب و محبوب تھا، بہتر یہ ہی کہ اسے جب پیا جائے، تو تین سانسون مین سیر ہو کر پیا جائے، اور پیتے وقت یہ الفاظ ماثورہ بطور دعا پڑھ لئے جائین:-

اللّٰھم اسئلک علماً نافعاً ورزقاً واسعاً وشفاءً من کل داءٍ،	اے اللہ مین تجھ سے طلب کرتا ہون کام آنیوالا علم، اور فراخی کے ساتھ روزی اور ہر بیماری سے شفا،

ایک مستقل کرامت اس کی یہ ہی، کہ لوگ اسے اپنے ہمراہ ٹین کے ڈبون یا ڈبون مین بھر بھر کر لے آتے ہین، اور لاکر برسون رکھتے ہین، پھر بھی نہ یہ پانی سڑتا ہی، نہ اسمین کیڑے پڑتے ہین، یہ فضائل سب بجا و مسلم، لیکن مزے مین مدینہ کے پانی سے کوئی مناسبت نہین رکھتا، بدمزہ یہ بھی نہین، لیکن ایک طرح کی نمکینی ہی، اور مزے مین دودھ کی سی چکناہٹ محسوس ہوتی ہی، پھر تھوڑا سا پینے مین طبیعت سیر و آسودہ ہو جاتی ہے، مدینہ منورہ کے پانی کی سی نہ ٹھنڈک، نہ شیرینی، نہ لطافت، کہ جتنا چاہئے بغیر گرانی محسوس کئے ہوئے پیتے چلے جائیے!

عصر کا وقت آخر ہو رہا تھا، جب ہم طواف و متعلقات طواف سے فارغ ہو کر "سعی" کے لئے باہر نکلے، سعی کے لفظی معنی، تیز چلنے یا دوڑنے کے ہین، اصطلاح مین سعی نام ہے، صفا و مروہ کے درمیان سات پھیرے کرنے کا، سعی کا طریقہ یہ ہی کہ پہلے خانہ کعبہ مین حجر اسود کو بوسہ دے، اس کے بعد باب بنی مخزوم سے یا اور کسی دروازہ سے

Marfat.com

حرم شریف سے باہر نکلے، اور ان مقامات کے درمیان سات پھیرے کرے، اس طرح کہ پہلا پھیرا صفا سے شروع ہو، اور ساتوان پھیرا مروہ پر ختم ہو، صفا و مروہ کسی زمانہ مین اونچی پہاڑیان تھین، مائی ہاجرہؑ پانی کی تلاش مین مضطر و بیقرار ہوکر انھین پہاڑیون پر چڑھ چڑھ کر دیکھتی تھین، کہ شاید دور سے کوئی قافلہ نظر پڑجائے، اور اُس سے پانی حاصل ہوجائے، اب تو پہاڑیان باقی نہین رہین معمولی بلندی کے چبوترے سے کچھ باقی رہ گئے ہین، حضرت ہاجرہؑ سات ہی پھیرے کرنے پائی تھین، کہ شیر خوار نور نظر کی ایڑیون کے نیچے سے پانی کا چشمہ ابلنے لگا تھا، اور اُس صدیقہ کی سعی ختم ہوگئی تھی، بس اسی سعی کی یادگار آج تک قایم چلی آرہی ہے ——— اللہ والون اور اللہ والیون کا مرتبہ ذرا دیکھنا! طالب خود اس راہ مین مطلوب بنجاتے ہین! اپنے چاہنے والون کی ادائین کس کس طرح محفوظ رکھی جاتی ہین بہاجرہ صدیقہ نے زندگی مین ایک بار سات پھیرے کئے تھے اس کی یادگار مین، اس ساڑھے تیرہ سو برس کی مدت مین، کتنے لاکھ، کتنے کروڑ، کتنے ارب، کتنے اسی راہ پر اپنے دربار کی حاضری دینے والون سے پھیرے کرائے جاچکے ہین، اور دنیا کا کوئی ریاضی دان حساب لگاسکتا ہے، کہ قیامت تک ان پھیرون اور پھیرے کرنے والون کی تعداد کہان تک پہونچیگی! سالہا سال نہین صدیان گزرچکی ہین، اور ہاجرہؑ کے نقش قدم پر چلنے والون کا تانتا ہے، کہ کسی کے توڑے نہین ٹوٹتا ہے!

باب ۲۶

عمرہ

"صفا" و "مروہ" کا نام جب ہندوستان مین سنتے تھے، یا کتابون مین پڑھتے تھے تو خیال ہوتا تھا، کہ شہر سے دور آبادی سے الگ، کسی ویرانہ مین یہ خشک پہاڑیان ہونگی، کافی مسافت طے کرکے یہان پہونچنا ہوتا ہوگا، اور ان کے درمیان سعی کرنا بجاے خود ایک مستقل سفر ہوتا ہوگا، پہ تخیل مکہ پہونچنے تک قایم رہا، آج سعی کے وقت سالہا سال کی یہ غلط فہمی دور ہوئی، اور مشاہدہ کے بعد معلوم ہوا کہ یہ سارا تخیل بالکل بے بنیاد تھا، صفا و مروہ کسی زمانہ مین پہاڑیان تھین، مگر اب تو ان پہاڑیون کے نشان محض کچھ اونچے چبوترے سے، اور اُن کے چند زینے باقی رہ گئے ہین، آس پاس کے بلند مکانات ان "پہاڑیون" سے کہین زیادہ بلند ہین، پھر یہ پہاڑیان آبادی سے دور کسی ویرانہ مین نہین، بلکہ عین وسطِ شہر مین، نافِ آبادی کے اندر، اور حرم شریف سے فاصلہ کچھ بھی نہین، گویا بالکل متصل، ایک دروازہ سے نکلیے، تو صفا بالکل سامنے دوسرے دروازہ سے نکلیے، تو چند قدم چل کر مروہ، دونون کے درمیان کا فاصلہ کچھ کم دو فرلانگ "سعی" نام ہی اسی درمیانی مسافت کے طے کرنے کا، اور اس راستہ کو مسعیٰ (جاے سعی) کہتے ہین، یہ سعی کسی ویران و سنسان مقام مین ہونا الگ رہا، شہر کے

Marfat.com

سب سے زیادہ آباد و بارونق، اور چہل پہل والے حصہ مین واقع ہی! اچھی چوڑی پختہ سڑک، دور تک اوپر سے سائبان پڑا ہوا، کچھ دور تک ایک طرف حرم کے دروازے اور دونون طرف تقریباً سارے راستہ بھر ہر قسم کی آراستہ و پر رونق دوکانین خوشنما شربتون کے گلاس اور ٹھنڈے پانی کی صراحیان بکنے کے لئے ہر چند قدم پر موجود، چلتے وقت یعنی سعی کرتے وقت یہ معلوم ہی نہین ہوتا، کہ کوئی عبادت کر رہے ہین، بس یہ معلوم ہوتا ہی، کہ گویا دہلی کے چاندنی چوک یا لکھنؤ کے امین آباد مین ٹہل رہے ہین!

عصر کا وقت قریب ختم تھا، جب ہم لوگ حرم شریف سے نکل کر صفا پر پہونچے، اور معلم کی رہنمائی مین سعی شروع کی، سعی کے سات شوط ہوتے ہین، یعنی صفا و مروہ کی درمیانی مسافت کو سات مرتبہ طے کرنا ہوتا ہی، گویا تقریباً دو میل چلنا ہوتا ہی، جو بہت سے لوگون کے لئے ایک اچھی خاصی اور تھکا دینے والی مسافت ہی، خصوصاً گرمی کے موسم مین اور ہجوم کی کشمکش کے درمیان، لیکن شریعت نے مسلسل سعی ضروری نہین رکھی ہی، تھک جانے والے کو درمیان مین ستا لینے اور بیٹھ جانے کا پورا اختیار دیا ہی، جو لوگ کچھ دور بھی پیدل چلنے مین دشواری محسوس کرتے ہون، وہ سواری کے اوپر سعی کر سکتے ہین، اور اس غرض کے لئے سب سے بہتر چیز یہان کی شبری ہی، جو ایک طرح کا پلنگ ہوتا ہی، جس پر ضعیف و مریض آسانی سے لیٹ سکتے ہین، اور اس کو اپنے کاندھون پر اٹھانے والے حمال (مزدور) بہ کثرت ہر وقت ملتے رہتے ہین، شام کا وقت دوکانداری کے شباب کا وقت تھا، اور پھر حاجیون کی بھی بڑی تعداد، دن کی گرمی سے بچنے کے لئے اسی وقت سعی کو نکلی تھی، اس لئے

Marfat.com

ہجوم قدرۃً اپنے پورے منتہیٰ پر تھا، آگے، پیچھے، دائین بائین ہر طرف خلقت ہی خلقت، انسانون کے ہجوم کے علاوہ کہین کہین اونٹون کی بھی مسلسل قطار سے سابقہ پڑجاتا تھا جسکا تانتا پانچ پانچ دس دس منٹ تک ٹوٹنے مین نہین آتا تھا مجبوراً اونٹون کے نیچے سے نکل نکل کر گذرنا ہوتا تھا، اونٹون سے زیادہ تکلیف دہ سرکاری اور سلطانی موٹرین تھین، جو عین حرم شریف کے متصل، زور زور سے اپنے بگل اور ہارن بجاتی ہوئی، چیخی چلاّتی ہوئی، اس ہجوم کو چیر کر تیزی سے گذر جانا چاہتی تھین، اور اونٹون اور موٹرون دونون سے زیادہ تکلیف دہ بعض نجدی و بدوی قبائل تھے، جو کئی کئی مرد و عورت ایک ایک قطار قایم کئے، ایک دوسرے کے ہاتھ مضبوطی سے پکڑے ہوئے، بلاوجہ دوڑتے اور جھپٹتے ہوئے مجمع مین گھستے تھے، اور جب انکا ریلا آنے لگتا تو بس یہی معلوم ہوتا تھا، کہ کمزور حبشہ والے اکا دکا حاجیون کو یہ دل کچل کر بلکہ ان کی ہڈیون تک کو سرمہ کرکے رکھدیگا، ——— سعودی پولیس، اور محکمۂ امر بالمعروف کے پیادے، جنکی زبانین مدینہ منورہ مین روضۂ نبوی کے متصل، بات بات پر چلتین، اور جن کے بید وہان بار بار اٹھتے رہتے تھے، یہان اُن مین سے کسی کا وجود نہین! یہان راستہ کے انتظام کے لئے، مجمع مین نظم و امن قایم رکھنے کے لئے، زخمیون کو اٹھانے کے لئے، کمزورون اور ناتوانون کو زبردستون اور ظالمون کی زیادتیون سے بچانے کے لئے، حکومت کا کوئی پیادہ موجود نہین! محض اس مقام کی عظمت و بزرگی، جلالت قدر و کرامت عالی ہی، کہ گرنے اور چوٹ کھانے کے حادثات بالکل نادر الوقوع ہین ورنہ اسباب ظاہری و قرائن کے لحاظ سے تو جو کچھ بھی ہو جائے تھوڑا ہی،

———

فقہ حنفی کی کتابون مین سعی کا طریقہ یہ لکھا ہوا ہی، کہ حرم شریف سے نکلتے وقت ذکر کرتے ہوئے، اور درود پڑھتے ہوئے نکلے، کوہ صفا پر چڑھنے لگے، تو دل مین سعی کی نیت کرے، اور بہتر یہ ہی کہ زبان سے بھی یہ الفاظ کہے، اللّٰھم انی ارید السعی بین الصفا والمروۃ سبعۃ اشواطٍ لوجھک الکریم فیسرہ لی وتقبلہ منّی، ایک زینہ پر چڑھنے سے کعبہ نظر آنے لگتا ہی، اس لئے زیادہ زینے چڑھنے کی ضرورت نہین، جب خانہ کعبہ نظر آنے لگے، تو اسی طرف منہ کرکے تکبیر اور تہلیل کرے، اور رسول اللہ صلعم پر درود پڑھکر جو دعائین مانگنا چاہے، مانگے، کہ یہ خاص محلِ اجابت ہے، یہان قیام اتنی دیر رکھے، جتنی دیر مین دو تین رکوع بہ اطمینان پڑھے جا سکتے ہون، یہان کے لئے دعاؤن کے جو الفاظ منقول و ماثور ہین، وہ متعدد ہین، اور اکثر اُن مین سے طویل ہین، ایک مختصر دعا اس موقع کے لئے حسب ذیل بھی نقل ہوئی ہی، اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر و للہ الحمد، لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو علی کل شئ قدیر لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ انجز وعدہٗ ونصر عبدہٗ وھزم الاحزاب وحدہٗ اس کے بعد صفا سے یہ دعا پڑھتا ہوا اترے، اللّٰھم استعملنی بسنۃ نبیک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتوفنی علیٰ ملتہ واعذنی من مضلات الفتن برحمتک یا ارحم الراحمین، اس کے بعد اپنی معمولی رفتار سے چلنا شروع کرے، ڈیڑھ دو سو قدم چلنے پر وہ وادی شروع ہو جائیگی جہان ہاجرہ صدیقہ علیہا السلام دوڑ کر چلی تھین، یہان چاہیے کہ اپنی رفتار بھی تیز کر دے، اور ہلکی دوڑ شروع کر دے، سرپٹ بھاگنے کی ضرورت نہین، جیسا کہ اکثر

Marfat.com

ناواقف عمل کرتے رہتے ہین، اس وادی کا طول کتابون مین پچیس گز (سوا دو سو فٹ) لکھا ہوا ہی، وادی کے دونون سرون پر سبز رنگ کے اونچے پتھر بطور ستون نصب کر دیئے ہین، ان کو میلین اخضرین کہتے ہین، انھین دیکھ کر ہر عامی حاجی بھی بغیر معلم کی وساطت کے سمجھ سکتا ہی، کہ بس اتنی دور ذرا دوڑ کر چلنا ہی، اس کے بعد پھر اپنی وہی معمولی چال اختیار کر لے، اصل مسعی (دوڑنے کی جگہ) اسی وادی کا نام ہے، میلین کے درمیان معلمین جو دعائین پڑھاتے ہین، وہ تو خاصی لمبی چوڑی ہین، لیکن اگر اس قدر بھی پڑھ لے تو کافی ہی، رب اغفر وارحم وتجاوز عما تعلم بانک انت الاعز الاکرم، صفا اور مروہ دونون پر چڑھتے وقت آیہ کریمہ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بھما ومن تطوع خیرًا فان اللہ شاکر علیم، پڑھتا رہے،

سعی، مذہب شافعی مین فرض ہی، اور رکن حج ہی، بغیر سعی کے ان کے ہان حج ہی نہ ہوگا، فقہ حنفی مین فرض نہین، لیکن واجب، اور ایک نہایت موکد سنت ان کے ہان بھی ہی، سعی کے سات پھیرے ہین، لیکن اگر کوئی شخص صرف چار ہی پھیرے کرے، تو بھی سعی ہو جاتی ہی، گو یہ بہتر نہین سمجھا گیا ہی، اور چار سے بھی کم پھیرے کرنا، گویا سعی سرے ہی سے نہ کرنا ہی، باوضو رہنا لازمی نہین، لیکن بہت مستحسن و مستحب ہی، سعی کے سارے وقت مین حضورِ قلب کے ساتھ دعا و مناجات میں لگے رہنا چاہیئے، بلا ضرورت دنیوی باتین کرنا مکروہ ہی، کھانا پینا، خرید و فروخت کرنے لگنا، اگرچہ جائز رکھا گیا ہی، لیکن بلا ضرورت ان مین سے کسی چیز کی طرف

متوجہ ہونا، بڑی قیمتی اور قابلِ قدر گھڑیون کو برباد کر دینا ہی، اتنے ہجوم عظیم مین، اور عین بازار کی چہل پہل کے درمیان حضورِ قلب قایم رکھنا، واقعۃً بہت دشوار، لیکن بہرحال اپنی طرف سے تو کوشش اسی کی رکھنی چاہیئے، اور اجر کا دارومدار کوشش ہی پر ہے، ساتوان پھیرا مروہ پر تمام ہوگا، اس کے بعد چاہیئے، کہ حرم شریف مین جاکر مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھے، جس طرح طواف کے ختم ہونے پر پڑھی جاتی ہی، اور بس عمرہ کرنے والے کا عمرہ اسی پر ختم ہوجاتا ہی، جس نے حج تمتع کی نیت کی تھی، اسے چاہیئے کہ حرم شریف سے باہر آکر اپنا سر منڈائے، یا کم از کم بال کتروادئے، اور احرام اتار کر حج کا منتظر رہے، حجِ قران کی نیت کرنے والا بدستور احرام پہنے رہے، اور بال ہرگز نہ منڈائے نہ کترائے،

ابھی سعی کر ہی رہے تھے، کہ مغرب کا وقت آگیا، اور حرم مین جماعت کھڑی ہوگئی، ہم لوگ بھی سعی کو ناتمام چھوڑ کر، لپک کر جماعت مین شریک ہوئے، حرم کے اندر تو کیا جگہ ملتی، باہر سیڑھیون کے نیچے، سڑک کے اوپر جگہ ملی، اور جون توں کر کے نماز ختم کی، اس کے بعد سعی کے بقیہ شوط پورے کئے، لیجئے، جن رفیقون کا میری طرح حجِ تمتع تھا، اُن سب کا عمرہ ختم ہوگیا، اس وقت کی خوشی کا کیا پوچھنا، عمرہ سے فراغت کیا ہوئی، یہ معلوم ہوتا تھا کہ کوئی خزانہ مل گیا ہی، ہنستے ہوئے چہرون کے ساتھ ایک دوسرے کو مبارکباد دیجانے لگی، طویل سفر سے چلے آرہے تھے اور آتے ہی طواف سعی مین مشغول ہوگئے تھے، خوب تھکے ہوئے تھے، لیکن دل کے انبساط نے جسم کی تکان کو بڑی حد تک رفع کر دیا، پیاس کی شدت مین شربت کے گلاس خوب

Marfat.com

برف ڈال ڈال کر پٹے گئے، اور اُسی وقت بجلی کی روشنی مین ایک حجام کی آراستہ وشاندار دوکان مین سر منڈائے گئے، اور بال کترائے گئے! مغرب کے وقت کو ابھی آدھ گھنٹہ یون گھنٹہ ہوا تھا، عشا کے وقت مین ابھی خاصی دیر تھی، رباط حیدر آباد مین جگہ کی تنگی اور اہل قافلہ کے لحاظ سے حیقلیش کا اندازہ ہوچکا تھا، خیال یہ ہوا کہ رات کو سب کی گزر کیونکر ہوگی، خصوصًا عورتین جو اس موسم مین صحن مین لیٹنے کی عادی ہین، ان بیچاریون سے اندر کے درجون مین کیونکر بسر ہوسکے گی، طبیعت بے اختیار یہ چاہ رہی تھی، کہ اب فورًا لیٹ کر سویا جائے، لیکن اول تو ابھی نماز عشا باقی تھی، اور پھر خانہ داری کی یہ فکرین، ہمت کر کے اسی وقت ایک راہبر کو ساتھ لیکر مدرسۂ صولتیہ والے مولوی محمد سلیم صاحب کے مکان پر پہونچا، مولوی صاحب موصوف کے اخلاص و اخلاق کا اندازہ اُن کے عنایت نامون سے ہوچکا تھا، ملنے پر وہ اسی لطف و محبت، مدارات و اخلاق سے پیش آئے، یہ معلوم ہی نہین ہوتا تھا کہ آج پہلی ملاقات ہی، یہ معلوم ہوتا تھا، کہ برسون کی پرانی ملاقات ہے رات کے اندھیرے مین مکان سے اپنے ہمراہ مدرسے لائے گئے، مدرسہ کی جدید عمارت کو کھلوا کر اوپر سے نیچے تک سب منزلین ایک ایک کمرہ کھول کر دکھلائے اور یہ اصرار فرماتے رہے کہ "یہین اُٹھ آؤ" مدرسہ کی عمارت کا کیا کہنا، ماشاء اللہ بہت وسیع ہے، اگر یہان اٹھ آتا، تو بڑی فراغت کی جگہ مل جاتی، اور مکان کی وسعت کہین بڑھکر متولی مکان کی وسعت اخلاق اور مسافر نوازی ہم لوگون کے آرام آسایش پہونچانے مین کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھتی، لیکن حرم شریف سے مکان بہت کا فاصلہ اچھا خاصہ نظر آیا، اور خیال یہ گذرا، کہ مکہ معظمہ مین مدت قیام یون ہی

بہت مختصر ہے، اس مین بھی اگر بہت سی نمازین بعدِ مسافت کے عذر پر حرم مین ملنے سے رہ گئین، تو بڑی ہی محرومی اور شدید حرمان نصیبی ہوگی، اس لئے مولوی سلیم صاحب سے اُن کے ہان اٹھ آنے کا پختہ وعدہ نہ کر سکا، اور اُن کے دلی شکریہ پر ملاقات ختم کر کے واپس چلا آیا،

حرم پاک کی پاک سرزمین، مقدس بزرگون کے وجود سے اب بھی خالی نہین، اللہ والے اگر اللہ کے شہر مین نہ ہون گے، تو اور کہان ہون گے، بلد الامین کے گوشون مین اللہ کے پیارے، خدا معلوم کتنے، آج بھی موجود ہین، ان مین سے کم از کم ایک بزرگ کی زیارت تو اپنے نصیب مین بھی آئی، اور مزید مسرت اس کی، کہ وہ بزرگ اپنے ہی دیس ہندوستان بلکہ اپنے ہی صوبہ، یوپی، کے نکلے، مولانا محمد شفیع الدین صاحب نگینہ ضلع بجنور کے رہنے والے، آج سے اڑتالیس سال قبل مکۂ معظمہ حاضر ہوئے تھے، اور اللہ کے گھر کی محبت ایسی غالب آئی، کہ اپنے گھر کو بھول گئے، نصف صدی کا زمانہ دیکھئے، اور ایکمرتبہ بھی اس درمیان مین وطن کا رخ نہین فرمایا! ساری عمر تجرد مین گذار دی، نہ بیوی نہ بچے، شیخ المشایخ حضرت حاجی شاہ امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کے ہاتھ پر بیعت کی، اور اِس وقت ان کے اجلّ خلفاء مین ہین، ایک معتبر وثقہ راوی سے سننے مین آیا، کہ اِس ساری طویل مدت مین شاید ایک نماز فرض بھی ایسی نہین گذری جو حرم شریف کے اندر نہ ادا کی ہو! اور محض اتنا ہی نہین، بلکہ جماعت کے اہتمام و التزام مین بھی فرق نہین آنے پایا! اور پھر اس سے بھی بڑھکر کمال یہ نصیب مین آیا، کہ نجدیون کے تسلط کے قبل تک، جماعت مین بھی صف اول چھوٹنے نہ پائی! ——— ان خوش نصیبون پر کس کو رشک نہ آئیگا؟

Marfat.com

لیکن یہ سب اللہ ہی کی دین ہی، این سعادت بزور بازو نیست، کا معاملہ ہی ——
علم و فضل، زہد و تقوی، فقر و سلوک کی یہ جامعیت، گو حضرت حاجی صاحب کے خلفاء
و منتسبین مین عنقا نہ ہو، لیکن جب یہ یاد پڑتا ہی، کہ یہ بیسوین صدی عیسوی کا زمانہ ہے
دجال و یاجوج کا دور ہی، تو ایسی ہستیون کے وجود پر حیرت ضرور ہوتی ہی، خدا معلوم کتنے
حج پا پیادہ کئے، اور فرائض و واجبات الگ رہے معمولی نوافل مستحبات تک چھوٹنے
نہ پائے، اس نصف صدی کی مدت مین شاید ہی گنتی کے دو چار حج چھوٹے ہون، ورنہ
ہر سال حج کا معمول رہا، مدتون فقر و فاقہ سے یہ نوبت رہی، کہ محض سوکھی روٹی پانی
مین بھگو بھگو کر نوش فرماتے رہے،

بہر حال یہ موقع ان کے مناقب و فضائل کی تفصیل کا نہین، صرف تعارف کی
غرض سے اتنا تذکرہ آگیا، مولوی سلیم صاحب کے ہان سے واپسی مین نماز عشا حرم مین پڑھکر
ایک رہنما کی رفاقت مین جناب مولانا کے ہان حاضری ہوئی، قیام باب الصفا مین رہتا ہی
حرم شریف سے گنتی کے چند قدم کا فاصلہ، حسن اخلاق و وسعت مدارت کا کیا پوچھنا بزرگانہ
کرم و نوازش کا مجسم نمونہ، اخفار حال و کمال کا اس درجہ اہتمام، کہ ملنے والے کو ان کے
مرتبہ کا شبہہ بھی نہ ہونے پائے، اتمام تر خشک فقہی مسائل پر ٹالنے کی انتہائی کوشش، ہندوستان
کے بعض انھین کے ہم مرتبہ بزرگون کے سلام و پیام خدمت والا مین پہونچائے گئے
اور اپنے حق مین دعاے خیر کرائی گئی، اٹھنے کو جی تو نہ چاہتا تھا، موصوف ہی کی زحمت
کا خیال کرکے اجازت چاہی، اور قیامگاہ (رباط حیدرآباد) پر واپس آیا، جامہ احرام
اتارنے کا موقع ابھی تک کہان ملا تھا، گھر پہونچکر وہ ملبوس اتارا، اور عام لباس پہنا، دن

Marfat.com

بھر کی دوڑ دھوپ کے بعد خستگی اور تکان کا پورا احساس اب ہوا، ہم مردون کو تو کھلی ہوئی چھت پر جگہ مل گئی، ساتھ کی بیویون بیچاریون کو اندر ہی کے حصون مین گذر کرنا پڑا، مولانا مناظر احسن ہر جگہ کی طرح یہان بھی سب سے "شاہ" نکل گئے، قافلہ اور قافلہ والون کو چھوڑ چھاڑ حرم شریف کے صحن مین سونے کے لئے جا پہونچے، اور وہان پہونچکر سوئے تو کیا ہون گے، لیکن اپنے جن حالات کو وہ خود راز رکھنا چاہتے ہین، وہ ان کے نیازمند خادم کی زبان سے کیون فاش ہون!

Marfat.com

باب ۲۷

آغازِ حج

۷ ذی الحجہ، پنجشنبہ، آج کے دن کی کوئی مخصوص مشغولیت نہ تھی، عمرہ بفضلہ ادا ہی ہو چکا تھا، اب ارکانِ حج کے آغاز کا انتظار تھا، آج ہی کے دن حرم شریف مین باضابطہ اعلان ہوتا ہی، کہ پرسون ۹ ذی الحجہ کو عرفات مین حاجیون کا اجتماع ہوگا اور آج ہی ظہر کے بعد حرم شریف مین امام خطبہ پڑھتے ہین، جسمین مسائلِ حج کی تشریح ہوتی ہے، دوپہر کی شدید گرمی مین شوق کے ساتھ اس خطبہ کے سننے کی ہمت کس کو اور پھر اتنے بڑے مجمع مین خطیب کے قریب خطبہ کے الفاظ سننے کے لئے جگہ ملنی کہان نصیب اور جگہ گھس پل کر مل بھی جائے، تو خطبہ کی زبان سمجھنے والے ہندوستانیون مین کتنے؟ بایں ہمہ جہان تک ممکن ہو، خطبہ سننے کی فضیلت کو ہاتھ سے نہ جانے دینا چاہئے، رسولؐ و اصحابِ رسولؐ کے اتباع کا شرف اسی مین ہی، اور پھر اس مجمع مین خدا معلوم کیسے کیسے برگزیدہ بندے اور مقبولانِ حق شامل ہوتے ہین، ان کی ہمنشینی خود کیا کم ہی، خطبہ تھوڑی دیر مین ختم ہو جاتا ہی، طواف، نماز، و تلاوت کے لئے رات اور دن کا سارا وقت ہی، حرم شریف کے دروازے ہر وقت کھلے ہوئے، جتنی دیر جس شغل مین چاہے لگا رہے ہمارے قافلہ والون مین سے جس کے نصیب مین جو کچھ آنا تھا، آیا، وطن کے متع

حاجی دکھائی دیئے، ان سے ملنے جلنے کا سلسلہ بھی جاری رہا، کل منیٰ و عرفات کے مختصر لیکن اہم سفر پر روانگی ہی، اس کی تیاریان بھی شام سے ہوتی رہین،

حجِ "قران" کا ذکر اوپر آچکا ہی، جو لوگ قارن تھے، اُن کے احرام تو بندھے ہوئے تھے ہی، انھین کسی جدید احرام کی ضرورت نہین، باقی دوسرے لوگون کو ۸ ذی الحجہ کی صبح کو احرام باندھکر روانہ ہوجانا چاہیئے، لیکن اگر اس کے قبل ہی احرام باندھ لیا جائے، تو بہتر ہی، اور فقہائے اسے مستحسن لکھا ہی، مولانا شفیع الدین مدظلہٗ نے بھی یہ خاص طور پر ارشاد فرمادیا تھا، کہ احرام، ۷، اور ۸ کی درمیانی شب ہی مین بعد عشا حرم شریف ہی مین، بلکہ حطیم کے اندر باندھ لینا، حطیم کا ذکر شاید پہلے نہین آیا، حطیم مطاف کے اندر، خانہ کعبہ کے شمالی صحن کا نام ہی، جو ایک قوسی دیوار سے گھرا ہوا ہی، دیوار اچھی خاصی چوڑی اور کچھ کم قد آدم بلند ہے، ذیل کے نقشے سے حطیم بآسانی سمجھ مین آجائیگا،

حطیم	خانہ کعبہ

خلیل اللہؑ کے بنائے ہوئے کعبہ مین یہ چھوٹی ہوئی زمین بھی کعبہ کے اندر تھی، قریش نے جب اپنے زمانہ مین عمارتِ کعبہ کی تجدید کرنی چاہی، تو کچھ سامان کم پڑگیا، رائے یہ قرار پائی، کہ تعمیر ابراہیمی سے کچھ کم کردینا چاہیئے، چنانچہ اتنا حصہ چھوڑ دیا گیا، اور اس میدان کو دیوار سے گھیر دیا گیا، حطیم کے لفظی معنی ٹکڑے کے ہین، اور چونکہ یہ زمین خانہ کعبہ ہی کا ایک ٹکڑا ہی، اس لئے اس کا نام بھی حطیم پڑگیا، رسول خدا صلعم نے ایک بار

Marfat.com

حضرت عایشہؓ سے فرمایا، کہ میرا جی چاہتا ہی، کہ حطیم کو از سرِ نو خانہ کعبہ کے اندر شامل کر لیا جائے، لیکن قریش خواہ مخواہ بھڑکین گے، کہ ہماری ہر شے سے مخالفت کیجاتی ہی، اس لئے ایسا نہین کرتا، ایک عباسی خلیفہ نے اپنے زمانہ مین چاہا کہ حضورؐ کی اس مرضی مبارک پر عمل کی سعادت حاصل کرے، اور امام مالکؒ سے استفتا کیا، امامؒ نے فتویٰ دیا، کہ "ایسا کرنے سے خانہ کعبہ ملعبۂ ملوک وسلاطین ہو جائیگا، جو بادشاہ اس مین ترمیم کرنا چاہیگا، اسے ایک سند ملجائیگی، اس لئے ایسا کرنا مناسب نہین"، غرض اس وقت سے حطیم برابر اسی حالت مین چلا آرہا ہی، اور حرم مقدس کے اندر مقدس ترین مقامات مین سے ہے، طوافِ خانۂ کعبہ کے ساتھ ساتھ اس کا بھی ہوتا رہتا ہی، اور اس کے اندر نماز پڑھنا، خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کے مساوی رکھا گیا ہی، گویا حکماً یہ بھی خانہ کعبہ ہی ہے، حطیم اہی کا دوسرا نام حجر ہے، ایک روایت یہ بھی سننے مین آئی، کہ حضرت ہاجرہؓ صدیقہ اور ان کے لختِ جگر حضرت اسمٰعیل ذبیح اسی زمین کے نیچے مدفون ہین، واللہ اعلم بحقیقۃ الحال، ایک سونے کا پرنالہ جسے میزابِ رحمت کہتے ہین، اور جو کعبہ کی شمالی سمت مین چھت کے اوپر نصب ہی، اس کا پانی بھی برسات مین حطیم ہی مین آکر گرتا ہی، میزابِ رحمت کے نیچے کھڑے ہو کر دعا مانگنا ایک خاص محلِ اجابت مین دعا مانگنا ہی، کتابون مین اس موقع کے لئے یہ دعا منقول ہی:-

اللّٰھم انی اسألک ایمانًا لا یزول	اے اللہ، مین تجھ سے طلب کرتا ہون وہ ایمان جو
ویقینًا لا ینفد ومرافقۃ نبیک محمدٍ صلعم	ٹل نہ سکے، اور وہ یقین جو ختم نہ ہو، اور تیرے نبی
اللّٰھم اظلنی تحت ظلّ عرشک یوم لا ظلّ	محمد صلعم کی رفاقت، اے اللہ، مجھے اس روز جبکہ کوئی
الا ظل عرشک واسقنی بکاس	سایہ بجز تیرے سایۂ عرش کے نہ ہوگا، اپنے سایۂ عرش

محمد صلعم شوبۃً لا لاضناء لبعدھا ابدًا،	مین جگہ عطا فرمانا، اور محمد صلعم کے حوض سے وہ جام پلانا، جس کے بعد مین کبھی پیاسا نہون،

حطیم و میزابِ رحمت کا ذکر یہان ضمناً آگیا، لیکن تھا ضروری، بہر حال مولانا کے ارشاد کے ایک جزو کی تعمیل تو ہو گئی، یعنی احرام کے لئے ۸ ر کی صبح کے طلوع ہونے کا انتظار نہین کیا گیا، بلکہ شب ہی مین باندھ لیا گیا، البتہ اس کے لئے مقامِ حطیم تصیب نہ ہو سکا، یہ اس وقت احرام کا باندھ لینا صرف ہمارے ہی قافلہ والون کے ساتھ مخصوص نہ تھا، مغرب و عشا کی نمازون کے وقت حرم شریف کے اندر ایک خاصی بڑی تعداد احرام پوشون کی نظر آئی، آج ہی عصر کے بعد اپنے معلّم عبد القادر سکندر کو کل کے سفر کے متعلق تمام ضروری ہدایات دیدین، سولہ آدمیون کے لئے آٹھ اونٹون کے انتظام کو کہدیا گیا، جن لوگون کو مشق و عادت ہی، وہ اونٹ کی ننگی پیٹھ پر، یا محض کجاوہ رکھکر بہ آرام و اطمینان سفر کر سکتے ہین، ہم لوگون کو بھلا اس کی کہان عادت، ایسے لوگون کے لئے بہترین صورت شغدف کی ہی، یہ مثل چھوٹے پلنگ یا بڑے کھٹولے کے ایک چیز ہوتی ہی، جس پر معمولی قد و جسامت کا آدمی لیٹ سکتا ہی، ہر شغدف کے اندر دو دو پلنگڑیان ہوتی ہین، اور دھوپ سے بچاؤ کے لئے یہ پلنگڑیان، چٹائیون کی چھت اور دیوارون سے منڈھی ہوئی ہوتی ہین، اونٹ پر اگر شغدف کو اچھی طرح کس کر باندھ دیا جائے، اور دونون پلنگڑیون پر وزن مساوی رہے، تو خاصی آرام دہ سواری ہی، اور اونٹ کے چلنے کے جھٹکے بہت کم لگتے ہین، ۸ ر کو منیٰ مین قیام کرنا ہی، ۹ ر کے دن مین عرفات مین، شب مین مزدلفہ مین، اور ۱۰، ۱۱، ۱۲ - کو پھر منیٰ مین،

Marfat.com

منیٰ وعرفات مین عام لوگ بیچارے تو یون ہی کھلے میدان مین بسر کرتے ہین، ہم جیسے آرام طلبون کے لئے یہ ممکن نہ تھا، معلّم سے دو خیمون کی بابت بھی معاملت طے ہو گئی، ہر خیمہ اتنا بڑا کہ آٹھ آٹھ آدمیون کی گنجایش اُس مین نکل سکے، اونٹون کا کرایہ شغدفون کی قیمت، اونٹ پر چڑھنے کے لئے سیڑھی کی قیمت، خیمون کا کرایہ، جو کچھ معلّم صاحب نے بتایا، بغیر کسی سوال وبحث کے، بلا تامل منظور کر لیا گیا، اور ہر شے کا انتخاب بالکل انھین کی مرضی پر چھوڑ دیا گیا، خیمون کا کرایہ غالبًا دو دو گنی فی خیمہ قرار پایا، ضروری سامانِ سفر مین سب سے پہلا نمبر پانی کی صراحیون کا آتا ہی، فی اونٹ مٹی کی دو دو صراحیان خرید لی گئین، مختصر بستر، پکانے کا ہلکا اور مختصر سامان، خیمون مین بچھانے کے لئے دریان، پانی کے کنستر، لالٹین، منیٰ مین قربانی وغسل کے بعد پہننے کیلئے ایک ایک جوڑا کپڑا، اور کچھ ناشتہ، جس کا سب سے اہم جزو ستو تھے، رکھ لیا گیا، اور رات ہی مین یہ سب سامان درست کر کے رکھ لیا گیا، کہ صبح سویرے دن نکلتے ہی چلنا ہو گا، معلّم صاحب نے حرم شریف کے اندر بیٹھکر، بیت اللہ کے سامنے، یہ وعدہ مکرر، اور موثر لہجے مین فرمایا، کہ بعد نماز فجر قبل طلوعِ آفتاب روانگی کے لئے اونٹ دروازہ پر آجائین گے، اور اس وعدہ پر قدرۃً ہم لوگ مطمئن ہو گئے۔

---

۸ ذی الحجہ، یوم جمعہ، آج کا دن یہان کی اصطلاح مین یوم الترویہ کہلاتا ہی، آج ہی وہ مبارک دن ہی، جب سارے حاجی مکہ سے منیٰ وعرفات کے لئے روانہ ہین، مسنون اور افضل وقت روانگی کا، بعد نمازِ فجر سورج نکلنے کا وقت ہی، حضور نے مع جماعت صحابہ کرام نمازِ فجر مکہ مین پڑھی تھی، اور آفتاب نکلنے پر روانہ ہوئے

تھے، ہم لوگ نماز فجر حرم شریف مین پڑھتے ہی، جلدی جلدی اپنی قیامگاہ پر واپس آئے کہ معلم نے قبل طلوع اونٹ پہونچا دینے کا وعدہ کیا ہی، کہین اونٹ والے ہمارے انتظار مین گھبرا نہ جائین، یہان جو پہونچے، تو نہ اونٹون کا پتہ، نہ معلّم صاحب کا! لیجئے، اب تو آفتاب بھی نکل آیا، اور اچھی طرح بلند ہو گیا، اب تک اونٹون کے نہ آنے کی آخر کیا وجہ؟ ٹھنڈے ٹھنڈے نکل جاتے تو دھوپ کی تمازت سے بچ جاتے، اور سفر بڑے لطف سے کٹ جاتا، اتباعِ سنت کا جو اجر ملتا وہ الگ، چاہے اور ناشتہ سے یہین نہ فراغت کر لیجائے، لیجئے اب تو ناشتہ سے بھی فراغت ہو گئی، اور چاے کے دور بھی ختم ہو چکے، اور اونٹون کا اب بھی پتہ نہین! کس کو خبر تھی کہ معلّم صاحب اسی موقع پر یون اپنے شتر غمزون کی مشق ہم پر دلیپون پر کرین گے! بار بار اضطراب مین نگاہین دروازہ تک دوڑتی ہین، اور پیر سڑک تک دوڑتے ہین، لیکن نہ معلّم صاحب کا نشان ملتا ہی، نہ ان کے کسی کارندہ و ملازم کا، سیکڑون ہزارون اونٹ اسی سڑک سے ہمارے دروازہ کے سامنے سے گذر رہے ہین حسرت و محرومی شاید ہمارے ہی حصہ مین ہی! ہندوستان کی گھڑیون کے حساب سے آٹھ بجے، ساڑھے آٹھ بجے، نو بجے، دس بج گئے، اور ہنوز وہی انتظار! وسطِ مئی کا زمانہ، عرب کی دھوپ، اس ٹھیک دوپہر مین کس سے سفر کیا جائیگا؟ اور تنہا یہی ایک فکر ہوتی، تو بھی غنیمت تھا، دوسرا دھڑکا یہ لگا ہوا، کہ جمعہ کا وقت قریب آتا جا رہا ہی، کہین ایسا نہ ہو، کہ جمعہ حرم شریف کا بھی جائے، اور منیٰ کا بھی! جمعہ کے دن قبل زوال ہی کوچ کر جانا، اور منیٰ مین جا کر نماز پڑھنا افضل ہی، یہان کھٹکا اسکا لگا ہوا کہ فاضل و مفضول کی بحث الگ رہی، کہین سرے سے نماز جمعہ ہی سے محروم نہ رہنا پڑے! دس بجے کے

بعد مولانا مناظر صاحب اور ایک اور رفیقِ سفر معلّم صاحب کے مکان کی تلاش مین نکلے، بصد دشواری و زحمت بڑی تلاش کے بعد، مکان تو ملا، لیکن مکین غائب! انا للہ، گھنٹہ بھر کی حیرانی و سرگردانی کے بعد، دونون صاحب خستہ و خراب مایوس واپس آئے،

ایک ایک گھڑی پہاڑ ہو رہی تھی، دلون کے اندر خون جس طرح کھول رہا تھا، اس کا اندازہ ہر وہ شخص کر سکتا ہی، جس کے پہلو مین دل ہی، بعض زبانون پر بھی دل کے جذبات بے تکلف آنے شروع ہو گئے تھے، اور وہ وقت جو تکبیر تہلیل، ذکر و دعا مین بسر ہونے کا تھا، سب ظالم سکندر کی دعا گوئیون اور منقبت سرائیون مین صرف ہو رہا تھا! وقت کچھ اور کھسکا، اور کھسکتا رہا، یہان تک کہ حرم شریف کے منارون سے جمعہ کی اذانین بلند ہونے لگین! اسوقت ہمارے مہربان خدا خدا کر کے تشریف لائے، اور اس معصومیت اور بھولے پن کی ادا کے ساتھ کہ گویا کچھ ہوا ہی نہین، بلا کسی معذرت و اظہارِ افسوس کے، فرمانے لگے، کہ "اونٹ فوراً بعد نماز جمعہ آجائین گے، اس سے پہلے کیونکر لاتا، ہجوم کے اندر اونٹون کو راستہ کیسے ملتا؟" گویا یہ ہجوم اونٹون کا نہین، کسی اور کا تھا! اور یہ ہجوم، سیکڑون، ہزارون دوسرے اونٹون کے گذرنے کا مانع تھا! بہرحال صبر کے سوا چارہ کیا تھا، بھاگتے ہوئے حرم شریف کی طرف چلے، مسجد کا کونہ کونہ بھرا ہوا، اتنی دیر کے بعد جگہ کہان مل سکتی تھی، جون تون گھس پل کر ایسی جگہ کھڑے ہونے کو ملی، جہان امام و خطیب کی آواز الگ رہی، مکبرون کی تکبیر

بھی مشکل ہی سنائی دیتی تھی، نماز کے بعد فوراً گھر آئے، اور اب پھر صبر و تحمل کی آزمایش شروع ہو گئی، گھنٹہ سوا گھنٹہ کے مزید انتظار کے بعد معلّم صاحب معہ اونٹون کے نمودار ہوئے، کچھ وقت سامان کے چڑھانے اور سواریون کو چڑھنے مین لگا، اونٹ کی سواری ہم سب لوگون کے لئے ایک نئی سواری تھی، عورتون کو خوف معلوم ہونا واجبی تھا، جب خود مردون کی طبیعت ہچکچا رہی تھی، وا ر وغہ حبیب اللہ بیچارے اگر مدد نہ دیتے، تو تنہا معلّم صاحب تو اس مرحلہ کو بھی جلد نہ طے کرا سکتے، دوپہر ڈھل چکی تھی، اور ظہر کا وقت قریب ختم تھا، کہ ہمارا قافلہ روانہ ہوا، ابھی چند ہی قدم چلے تھے، کہ معلّم نے بڑھ کر سوال کیا، "منیٰ مین آپ ٹھہرین گے کہان؟ حیدر آباد کے سرکاری مکان مین؟" سوال کا سننا تھا، کہ فرط حیرت سے آنکھین کھلی کی کھلی رہگئین اور ٹکٹکی معلّم صاحب کے چہرہ پر لگ گئی، پہلے تو دل نے اپنے کو یون سمجھایا، کہ معلم صاحب اس وقت مزاح وظرافت سے کام لے رہے ہین، لیکن ان کے کڑے تیورون پر جو نظر گئی تو یہ خیال بھی چند لمحون سے زیادہ نہ قایم رہنے پایا، جی کڑا کر کے جواب دیا، کہ "یہ سوال آپ ہم سے کر رہے ہین؟ ہم تو آپ کے بھروسہ پر چل رہے ہین، کہ آپ کہان ٹھہرائین گے ٹھہرین گے، الٹے آپ ہم سے دریافت کر رہے ہین، کہ تم کہان ٹھہروگے،؟ سبحان اللہ! اور ہم تو دو خیمے اپنے لئے آپ سے ٹھہرا ہی چکے تھے، کیا انکے ملنے مین کچھ شک پیدا ہو گیا ہی؟" جواب گرجتی ہوئی آواز مین ملا، کہ وہ "خیمے عرفات اور وہان سے واپسی پر منیٰ کے لئے ہین، آج وہ خیمے نہین مل سکتے، آج میدان مین شندفون پر رہنا ہوگا،" انا للہ وانا الیہ راجعون، گویا آج سہ پہر سے لیکر کل صبح کا وقت، کھلے میدان مین کاٹنا ہی، صرف مردون ہی کو نہین، عورتون کو بھی

Marfat.com

اور کھانے، سونے، اور حوائج ضروری سے فراغت سب کو اسی میدان مین ہزارون لاکھون کے مجمع کے درمیان کرنا ہی! اور یہ وہ شخص پوری ڈھٹائی اور دیدہ دلیری کے ساتھ کہ رہا ہی، جو یہی نہین، کہ لکھنؤ مین ہم لوگون کے، اور ہماری عورتون کے طرزِ معاشرت سے خوب اچھی طرح واقف ہو چکا ہی، بلکہ جو کل صراحت کے ساتھ خیمون کا وعدہ بھی کر چکا تھا! ——— لوگ حیرت سے کہتے ہین، کہ مکہ والون پر بار بار تباہی و بربادی کیون نازل ہوتی ہی، کاش وہ دیکھتے، کہ خود مکہ والون کا اللہ کے مہمانون کے ساتھ، غریب الوطن پردیسیون کے ساتھ، برتاؤ کیا رہتا ہے، مکہ کا مالک، ساری دنیا جہان کا مالک ہی، اسکے ہان مہلت ملتی ہی، لیکن غفلت اسے کسی کے حال سے بھی نہین رہتی!

تو مشو مغرور بر حلمِ خدا — دیر گیرد، سخت گیرد مر ترا!

ہندوستان مین بیٹھے بیٹھے، جب سفرِ حج کی سختیون کا خیال آتا تھا، تو اس خیال فہرستِ مصائب و شدائد مین ایک عنوان، اونٹ کی سواری کا بھی ضرور ہو تھا، تجربہ کے بعد معلوم ہوا، کہ اور بہت سے موہوم خطرات کی طرح یہ تخیل بھی بہ مبالغہ آمیز تھا، بہت سی منزلون کا طویل و مسلسل سفر ممکن ہی، تکلیف وہ ہوتا ہو تو تجربہ ہوا نہین، لیکن آٹھ دس میل کے مختصر سفر مین تو کوئی قابلِ ذکر تکلیف نہ ہوتی، اور جس حد تک ہوتی ہی، وہ بھی ناگزیر اور لازمی نہین، بلکہ اس کا انتظ آسانی سے ہو سکتا ہی، سب سے بڑی بات ہی ہے، کہ شغدف کی بندش اچھی ہونی چا اور توازن قایم رہے، توازن اور بندش جتنی اچھی ہوگی، اسی نسبت سے ہچ

کم لگین گے تکلیف کم ہوگی، اور راحت زیادہ ملے گی، اچھی بندش کے بعد شغدف مین لیٹ کر یہ آرام تمام سونا ممکن ہی، نیند بغیر دقت آجاتی ہی، دوسری ضروری چیز یہ ہی کہ اونٹ کے ساتھ چلنے والے جو بدو ہوتے ہین، اور جنھین جمّال کہتے ہین، (یہ سن رکھیئے کہ یہ لوگ اونٹ کے اوپر سوار نہین ہوتے، بلکہ پیدل اونٹ کے ساتھ ساتھ چلتے ہین) انھین خوش رکھا جائے، ان کو خوش رکھنا آسان ہی، بہت تھوڑے سے انعام اور خوش خلقی سے خوش ہوجاتے ہین، موٹر کے شوفرون کی طرح ان کے لئے یہ ہرگز ضروری نہین، کہ ان کے ہاتھ مین کم از کم دس یا پنج روپیے رکھے جائین، جب جاکر انکا منہ سیدھا ہو، آنہ دو آنہ مین (یہان ایک آنہ کو قرش کہتے ہین) یا چند بسکٹون، یا شربت یا پانی کے دو ایک گلاس سے، چاے کی ایک دو پیالیون سے انھین بآسانی خوش کیا جاسکتا ہی، البتہ یہ ضروری ہی، کہ جو کچھ از خود اور خوش دلی کے ساتھ دیدیا جائے، لڑجھگڑ کر تیورون پر بل ڈال کر بڑی سے بڑی رقم بھی بیکار رہیگی، تھوڑی سی دلدہی اور خاطر داری کے بعد آپ کا جمّال آپ کا بندۂ بے دام ہوجائیگا، دوڑ کر آپ کے لئے پانی اور شربت لائیگا، آپ کا اسباب خوشی خوشی اتار دیگا، سوار ہونے مین آپ کو مدد دیگا، شغدف ڈھیلا ہونے لگے گا، تو خود ہی لپک کر اسکو درست کر دیگا، غرض ہر حیثیت سے آپکا بہترین رفیقِ سفر و خادم ثابت ہوگا،

Marfat.com

باب ۲۸

منیٰ قبل حج

لبیک اللھم لبیک، لبیک، لاشریک لک لبیک، ان الحمد و النعمۃ لک والملک لاشریک لک، لبیک اللھم لبیک، لبیک وسعدیک والخیر بیدیک، ۸ ذی الحجہ جمعہ، سہ پہر، ہم لوگون کو چلنے مین اس قدر تاخیر ہوئی کہ وقت مستحب نکل چکا، ہزارہا قافلے آگے جا چکے، پھر بھی بہت سے باقی بھی رہ گئے ہین، اور ساتھ ہی ساتھ چل رہے ہین، ہزارون انسان پیدل چل رہے ہین، ہزارہا اونٹون پر سوار ہین، اور ہزارہا خچرون اور گدہون پر، ہر شخص احرام پوش، لبیک لبیک کی صدا ہر طرف سے چلی آرہی ہی، ہم لوگون کی زبان پر بھی اس وقت یہی کلمے ہونے تھے، لیکن لاحول ولاقوۃ، اتنے نصیب کہان تھے، معلم صاحب کی عنایتون کا چرکا، ابھی دلون پر تازہ تھا، زبانین بجاے لبیک لبیک کے اپنے اوپر اور اپنے معلم پر لاحول پڑھنے مین مصروف! قافلہ کے آٹھون اونٹ سولہ سواریون کو لئے ہوئے ایک دوسرے کے آگے پیچھے، دو یا تین بدو ہمراہ، ہر اونٹ کے ساتھ ایک ایک شتربان نہین ہوتا، تین تین چار چار اونٹون کے لئے بس ایک ہی بدو کافی سمجھا جاتا ہی، ایک اونٹ پر ہم دونون میان بیوی، ایک پر مولانا

Marfat.com

مناظر احسن صاحب اور حکیم عبدالخالق صاحب، اسی طرح دو دو سواریان باقی سب پر، اونٹ پر سوار ہونے کا یہ پہلا تجربہ تھا، جو وحشت و دہشت پہلے تھی، سوار ہونے کے بعد غائب، شغدف اگر اچھے بندھے ہون، تو اونٹ کی سواری خاصی آرام دہ ہی، پالکی یا میانہ کی سواری کا سا لطف آتا ہی،

منیٰ کا فاصلہ حرم شریف سے چار میل کا ہی، ہمارے ہان سے چند فرلانگ زائد ہوگا، خوب چوڑا اور کشادہ راستہ ہی، کئی کئی اونٹ ایک ساتھ بآسانی چل سکتے ہین، ایک میل تک تو خاص مکہ ہی کی آبادی پڑتی ہی، اس کے بعد میدان شروع ہوا، اور اس کے کوئی دو میل کے بعد منیٰ کے حدود شروع ہو گئے، مکہ کے گورنر اور ولیعہد سلطنت شہزادہ فیصل ابن سعود کا محل، حرم شریف سے بالکل متصل ہی تھا، خود سلطان کا قصر معلّی منیٰ کے راستہ مین پڑا، اندر کا حال تو معلوم نہین، البتہ باہر سے ہندوستان کے رئیسون کی طرح خاصی شاندار، پر تکلف و عالیشان عمارت، جسے دور خلافتِ راشدہ کی سادگی سے کوئی دور کی بھی نسبت نہین!

آخر دوپہر کا وقت تھا، پیاس خوب زور کی، اور بار بار لگ رہی تھی، پانی کی صراحیان ساتھ مین بھی تھین، ان کے علاوہ دو پیسہ مین صراحیان بیچنے والے لڑکے اور چھوٹی چھوٹی لڑکیان بھی بکثرت قدم قدم پر اونٹون کو گھیرے ہوئے اپنی معصومانہ ادائون کے ساتھ خوش خوش اپنے سودے کو بیچنے مین لگے ہوئے اس عام شاہراہ کے علاوہ، بعد کو سننے مین آیا کہ پیدل چلنے والون کے لئے کوئی اور مختصر راستہ بھی ہی، جس سے فاصلہ بہت کم رہجاتا ہی، اگر عورتون کا

Marfat.com

جھمیلا ساتھ مین نہ ہو، اور وقت بھی ذرا ٹھنڈا یعنی صبح یا شام کا ہو، تو پیدل کا سفر یقیناً زیادہ آرام دہ اور پر لطف رہیگا، جب تھک جائے یہان چاہے دم لے سکتا ہی، چاے، قہوہ، شربت کی دوکانین بہ افراط، روانہ ہونے کے دو پونے دو گھنٹہ کے بعد منیٰ کی آبادی شروع ہو گئی، اور ہمارے جمالون نے شروع آبادی ہی مین ہماری منزل کرادی،

منیٰ کے متعلق تخیل یہ تھا، کہ ویران و غیر آباد، سنسان میدان ہوگا، اکثر تخیلات کی طرح یہ تخیل بھی غلط ثابت ہوا، حضورؐ کے زمانہ مین بے شبہہ یہ چٹیل میدان ہی تھا، اور بعض روایات مین آتا ہی، کہ صحابۂ کرامؓ نے جب حضور سے اس کی اجازت چاہی تھی، کہ یہان ایک مکان بنا دیا جائے، تو حضورؐ نے اس درخواست کو منظور نہین فرمایا تھا، لیکن اب صورتِ حال بالکل بدل گئی ہی، اب منیٰ میدان کا نہین، پختہ اور بلند مکانات کی ایک مسلسل آبادی کا نام ہی، مکہ مکرمہ سے مشرق کی جانب واقع ہی، کسی قدر مائل بہ جنوب، طول تقریباً ڈیڑھ دو میل ہوگا، عرض بھی ایک میل سے کیا کم ہوگا، مکانات، ظاہر ہے کہ سال بھر خالی پڑے رہتے ہین، ساری چہل پہل اسی ایک ہفتہ کے اندر ہو جاتی ہی، مالکانِ مکانات کی آمدنی کا یہی زمانہ ہوتا ہی، کرایے منہ مانگے وصول کرتے ہین، اگر انسان کو استطاعت ہی، تو یہان کے قیام کے لئے مکان ضرور لے، خواہ کتنا ہی مختصر ہو، رات تو میدان مین گذر جائے گی، لیکن دن کی لو اور دھوپ مین، بغیر کسی مکان کے سایہ کے اچھی خاصی تکلیف اٹھانی پڑے گی، جو لوگ مکانات نہین

Marfat.com

لے سکتے وہ خیمون مین رہتے ہین، جو خیمہ کا کرایہ بھی نہین دے سکتے، وہ بیچارے کھلے میدانون مین محض اللہ کے بھروسہ پر گذر کرتے ہین، ہندوستانی حاجی، اپنے ملک پر قیاس کرکے، درختون اور درختون کے سایہ کی کوئی توقع ہرگز نہ قایم کرین، پانی، انواع واقسام کے شربت، دودھ، دہی، قہوہ، چاے کی دوکانین بکثرت، برف اور فالودہ بھی موجود، کھانے کی دوکانین کمتر، لیکن موجود، وہ بھی، لیمون، نارنگی، ککڑی، کیلا، انار وغیرہ، شاداب وتروتازہ پھلون اور میوون کی گویا منڈی لگی ہوئی، جو وسط مئی کے شدید ریگستانی دھوپ مین نعمت غیر مترقبہ سے کم نہین، بازار اچھا خاصہ لگا ہوا، ضرورت کی ہر شے مہیا، اور بہ افراط، پانی والے گھرون اور خیمون پر بھی، مشکون اور ٹین کے کنسترون مین پانی پہونچا دینے کو حاضر،

ظہر کا وقت آخر ہو رہا تھا، جب مکہ معظمہ سے چلے تھے، عصر کا اوسط وقت گذر چکا، جب منیٰ پہونچے، کل صبح عرفات کے لئے روانہ ہونا ہی، مسنون طریقہ یہ ہی، کہ ۸ ذی الحجہ کی ظہر سے لیکر ۹ کی فجر تک، پوری پانچ نمازین یہان ادا کرے، اور اسی لئے ۸ کو ہم لوگ مکہ سے صبح سویرے چلنے کی اس قدر عجلت کر رہے تھے، لیکن معلم صاحب کا خدا بھلا کرے، محض انکی عنایت سے ہم لوگ ایسے وقت یہان پہونچے کہ جمعہ وظہر کا وقت الگ رہا، عصر کا بھی اول وقت کچھ دیر ہوئی رخصت ہو چکا تھا، خیمون کی طرف سے تو معلم صاحب چلتے وقت مایوس کر ہی چکے تھے، سڑک کے کنارے میدان مین ہمارے شغدف اتار کر رکھدیئے گئے، اور ہم کو حکم ملا، کہ اس سہ پہر سے لیکر کل صبح تک کا وقت انھین شغدفون کے اندر، یا ان کے باہر،

Marfat.com

آسمان کی چھت کے نیچے، اور زمین کے فرش کے اوپر بسر کرنا ہی! تعمیلِ ارشاد کے سوا چارہ کیا تھا؟ اور صبر و خاموشی سے کام نہ لیتے، تو آخر کرتے کیا؟ یہ بھی غنیمت ہوا کہ یہاں سابقہ خود معلّم سے نہین اُن کے لڑکون اور کارندون سے پڑا، جو فی الجملہ مہذّب اور زبان کے میٹھے تھے، خود معلّم صاحب کی شریعت مین منیٰ کا قیام غالباً فضول ساتھا، وہ خود آج مکہ ہی مین رہے، وہ موجود ہوتے تو شاید ہم لوگون کو زبان کے گناہون مین کچھ اور مبتلا ہونا پڑتا، بہرحال جس طرح بن پڑا، ہم مردون نے کہین آڑ تلاش کرکے ضروریات سے فراغت کی، زنانہ قافلہ کے لئے ایک مہربان کا مکان مل گیا

مسجد خیف جس کی فضیلت حدیثون مین وارد ہوئی ہی، منیٰ ہی مین واقع ہی، حضورؐ نے حجۃ الوداع مین یہین نماز پڑھائی تھی، بڑی وسیع مسجد ہی، لیکن حاجیون نے اسے سرا، یا مسافرخانہ بناکر ہر طرح گندہ کر رکھا ہی، اور موجودہ حکومت نے شاید مسجد کی صفائی اور احترام قایم رکھنے کو بھی "بدعت" سمجھ رکھا ہی! ہماری منزل گاہ سے اس کا اچھا خاصا فاصلہ تھا، اور پھر سڑک پر انبوہِ عظیم، سب سے بڑھ کر اپنی پست ہمتی، پست ہمتون کو کوئی نہ کوئی بہانہ ملجانا چاہئے، بہرحال کسی نماز کے لئے بھی وہان تک رسائی نہ ہوسکی عصر، مغرب، عشا اور فجر کی نمازین وہین میدان مین جماعت کیساتھ ادا ہوئین اور رات کو وہین سوئے، ہزارہا عرفات کے جانے والے رات بھر اسی راستہ گذرتے رہے، اور منیٰ مین قیام نہ کیا، ان اللہ کے بندون کے نزدیک، رسول کی سنت محبوب پر عمل گویا کوئی معنی ہی نہین رکھتا!

اس غلطی مین دس بیس، سو پچاس نہین، ہزارہا حاجی مبتلا پائے گئے، حا

منیٰ مین قیام، اور آٹھوین اور نوین کی درمیانی شب مین شب باشی، تمام ائمہ کے نزدیک مستحب ہی، قاضی ابن رشد مالکی لکھتے ہین، کہ سعی کے بعد جس عمل کی طرف حاجی کو متوجہ ہونا چاہیئے، وہ یہی ہی، کہ ۸ر کو منیٰ مین آئے، اور شب مین یہان رہے، اور اس پر چارون مذہبون کا اتفاق ہی، کہ امام جماعت کے ساتھ منیٰ مین ۸ر کو ظہر، عصر، مغرب وعشا کی نمازین پڑھے، اور ۹ر کو امام لوگون کے ساتھ عرفات آئے، اور یہان وقوف کرے، البتہ جس کے پاس اتنا وقت نہ ہو، وہ سیدھا عرفات ہی کو جا سکتا ہی، (بدایۃ المجتہد جلد اول ص۲۷۹) اور حنفیہ کی کتابون مین تو اس کی تصریح موجود ہے، کہ اگرچہ حج، بغیر منیٰ مین ۸ر کو قیام کئے ہوئے بھی ادا ہو جاتا ہی، لیکن منیٰ مین نہ ٹھہرنے والا ترک سنت کا گنہگار ہوگا، ہدایہ مین ہی، ا۔

ولو بات بمکۃ لیلۃ عرفۃ وصلی بہا الفجر وغدا الی عرفات ومر بمنیٰ فلا شیء علیہ لانہ لا یتعلق بمنیٰ فی ھذا الیوم اقامۃ نسک ولکنہ اساء ترکہ الاقتداء برسول اللہ صلعم

اگر نوین شب مکہ ہی مین گزار دی، اور یہین سے صبح کو عرفات روانہ ہوا، تو حج صحیح ہو جائیگا، اس لئے کہ آج منیٰ کا قیام مناسکِ حج مین داخل نہین لیکن رسول اللہ صلعم کی سنت ترک کرنے کا گناہگار ہوگا.

اور طحطاوی شرح درمختار مین ہی،

من الشھر خرج الی منی ولکث بہا الی فجر عرفۃ فبات بہا استنانا ولم یخرج من مکۃ الا یوم عرفۃ فلا شیء علیہ ولکن اساء لترک السنۃ

۸ر کو منیٰ کی طرف روانہ ہوا، تو وہان ۹ر کی صبح تک قیام کرے، اور اتباعِ سنت مین شب وہین بسر کرے اور اگر ایسا نہ کرے بلکہ وہی کو مکہ سے روانہ ہو تو حج ہو جائیگا لیکن ترکِ سنت کا گناہ ہوگا،

Marfat.com

شرح لباب المناسک (ملا علی قاری) مین ہی:-

وان بات بمکۃ تلک اللیلۃ جاز وساء لترک السنۃ،	اگر یہ شب مکہ ہی مین گذاری، تو یہ جائز ہی لیکن مخالفتِ سنت کا گناہ ہوا،

اور فتاوی قاضیخان مین ہی:-

ولو بات بمکۃ وخرج منہا یوم عرفۃ الی عرفات کان مخالفًا للسنۃ،	اگر ۹ر کی شب بجاے منیٰ کے مکہ ہی مین گذاری اور ۹ر کو وہان سے عرفات کے لئے روانہ ہوا تو یہ سنت کے مخالف ہی،

معلوم ہوتا ہی، یہ دستور کچھ عرصہ سے چلا آرہا ہی، صاحبِ رد المحتار (شامی) کو اپنے زمانہ مین لکھنا پڑا:-

واما ما یفعلہ الناس فی ہذہ الازمان من دخولہم بارض عرفات فی الیوم الثامن فخطأ مخالف للسنۃ ویفوتہم بسببہ سنن کثیرۃ منہا الصلوات بمنی	اور اس زمانہ مین لوگون نے جو یہ طریقہ نکالا ہی کہ عرفات مین ۸ر ہی کو آجاتے ہین (اور منیٰ کو چھ جاتے ہین) سو یہ طریقہ مخالف ہی سنت کے، اور اس کرنے سے بہت سی سنتین فوت ہوجاتی ہین، مثلاً منیٰ کی نمازین وہان کی شب باشی وغیرہ،

بڑی حسرت و قلق کا مقام ہی، کہ انسان اتنی محنت اور اتنا صرف گوارا کرکے حج کو جائے، اور ایک تھوڑی سی تن آسانی کے خیال سے اتنی بڑی فضیلت چھوڑ دے،

منیٰ کے لئے کوئی خاص عبادت یا کچھ مخصوص دعائین، واجب نہین، ا

Marfat.com

متعدد دعائین ماثور اور اُن کی فضیلتین منقول ہین، مکہ سے منیٰ کے لئے روانہ ہوتے وقت مستحب یہ ہی، کہ لبیک پکارنے کے ساتھ لا الہ الا اللہ بھی پڑھتا رہے، اور جو دعائین چاہے مانگے، اور راستہ مین استغفار اور درود شریف کی جتنی کثرت رکھ سکے، بہتر ہے، جس وقت منیٰ نظر آنے لگے، اس وقت یہ دعا پڑھے :-

اللھم ھذی منی فامنن علیّ بھا منت بہ علی اولیآءک۔	اے اللہ یہ منیٰ ہی، تو مجھ پر وہ احسان کر، جو تو نے اپنے دوستون پر کئے ہین،

نوین شب برکت والی شب ہی، منیٰ کا مقام برکت والا مقام ہی، چاہئے کہ شب مین جسقدر بھی ہوسکے دعائین پڑھتا رہے، استغفار کرتا رہے، اور لبیک کہتا رہے، بعض روایات مین آتا ہی، کہ حضور انورؐ نے فرمایا ہے، کہ اسی شب کو منیٰ مین جو شخص ایکہزار بار یہ دعا پڑھے، وہ اپنی جو مراد اللہ سے مانگیگا، اسے ملی گی :-

سبحان الذی فی السمآء عرشہ	پاک ہی وہ ذات جسکا عرش آسمان مین ہی،
سبحان الذی فی الارض موطئہ	پاک ہی وہ ذات زمین جسکے قدمون کے نیچے ہی،
سبحان الذی فی البحر سبیلہ،	پاک ہی وہ ذات جسکا راستہ سمندر مین ہی،
سبحان الذی فی النار سلطانہ	پاک ہی وہ ذات جسکی حکومت آگ پر ہی،
سبحان الذی فی الجنۃ رحمتہ،	پاک ہی وہ ذات جسکی رحمت جنت مین ہی،
سبحان الذی فی القبر قضآءہ،	پاک ہی وہ ذات جسکا حکم قبر مین جاری ہی،
سبحان الذی فی الھواء روحہ	پاک ہی وہ ذات جسکی بنائی ہوئی روح ہوا مین ہی،
سبحان الذی رفع السماء	پاک ہی وہ ذات جس نے آسمان کو بلند کیا،
سبحان الذی وضع الارض،	پاک ہی وہ ذات جس نے زمین کا فرش بنایا،

Marfat.com

سبحان الذی لا ملجاء ولا منجاء الا الیہ،	پاک ہو وہ ذات کہ جس کے سوا نہ کوئی پناہ ہو نہ نجات،

منیٰ مین تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر تین شیطانون کی علامتون کے طور پر تین قدآدم سفید ستون سے پتھر کے کھڑے ہوئے ہین، ہمارے معلّم صاحب نے اپنے غایت کرم سے ہمارے قافلہ کو عین اس جگہ اتارا، جہان درمیانی شیطان نصب تھا! گویا اللہ کے گھر کے مہمان پوری ایک شب شیطان کے ٹھیک پڑوس مین مقیم رہے! ایسے "مقدس" پڑوس مین اللہ سے مناجات کا موقع تو کیا ملتا، یہی غنیمت ہو کہ شیطان مردود پر لاحول بھیجنے مین اگر کچھ وقت صرف ہوتا رہا ہو!

معلّم اور جمّال، جس طرح اپنی شرارت سے منیٰ مین حاجیون کو لاتے بہت دیر مین ہین، اُسی طرح یہ کوشش بھی برابر جاری رہتی ہو، کہ جس قدر جلد ممکن ہو، یہان سے لے بھی جائین، چنانچہ ہمارے قافلہ سے بھی یہی اصرار شروع ہوا، کہ پچھلی شب مین عرفات کے لئے کوچ کر دینا ہوگا، گویا منیٰ مین پانچ نمازون کے ادا کرنے کی سنت ہو، جس طرح ۸۔ کو نمازِ ظہر کے ترک کی محرومی ہو چکی تھی، اسی طرح ۹۔ کو نمازِ فجر سے بھی محرومی ہو جائے، لیکن ہم لوگون نے اتنے سویرے روانہ ہونے سے قطعی انکار کیا، عبدالقادر سکندر خود ہوتے تو یقیناً بات بڑھتی لیکن اُن کے لڑکون اور کارندون مین فی الجملہ انسانیت تھی، کچھ دیر بعد جب آفتاب اچھی طرح بلند ہو لیا یعنی ہندوستان کی گھڑیون کے حساب سے کوئی سات ساڑھے سات کا وقت ہوگا، اُس وقت ہمارا قافلہ روانہ ہوا، میدان

Marfat.com

عرفات مکہ معظمہ سے ٹھیک جانب مشرق کوئی ۱۵، ۱۶ میل کے فاصلہ پر ہے منیٰ سے اس کا فاصلہ کوئی ۱۰-۱۱ میل ہوگا، اور یہان سے شمال و مشرق مین ہی، سنا تھا، کہ عرفات مین پانی کی بہت قلت رہتی ہی، پانی کم ملتا ہی، خراب اور گندا ملتا ہی، اور بہت گران قیمت پر ملتا ہی، یہان تک کہ بعض غریب غربا کو پیاس کی شدت سے ہلاکت کی نوبت آجاتی ہی، یہ ڈراونی روایتین سنکر صراحیان پانی سے بھر بھرلی گئین، اور ناشتہ کے لئے بسکٹون کے ڈبے مکہ ہی سے ساتھ لے لئے گئے تھے، آج کا دن خاص فضیلتون اور برکتون، رحمتون اور نوازشون کا دن ہی، راستہ مین جس قدر بھی ہو سکے تلبیہ و تکبیر، درود و استغفار، جاری رہنا چاہئے، سعادت کی یہ گھڑیان اگر عمر مین ایکبار بھی نصیب ہو جائین تو خوش نصیبی ہی، —— لیجئے، عرفات کے حدود شروع ہو گئے، ایک لق و دق میدان، مبصرون کا اندازہ ہے، کہ دس میل مربع سے کیا کم ہوگا، جہان تک نظر کام دیتی ہی، میدان ہی میدان اور ارد گرد پہاڑیان، اونٹون کی تعداد حساب و شمار سے خارج، اور خیمون کا گویا ایک جنگل لگا ہوا، ہر طرف خیمے ہی خیمے، جن کو خیمہ کی استطاعت نہین، اُنھون نے معمولی چادرین تان رکھی ہین، بعض جنکو یہ بھی نہین نصیب، بیچارے دھوپ مین پناہ لینے کے لئے شغدفون کے نیچے گھسے ہوئے دوپہر سے کچھ قبل، کوئی گیارہ، پونے گیارہ کا وقت ہوگا، کہ ہملوگ پہونچ گئے،

باب ۲۹

عرفات نمبر (۱)

حج کسی مفرد عمل کا نام نہین، ایک طویل و مسلسل مجموعۂ اعمال کا نام ہی، جنمین کچھ فرائض ہین اور کچھ واجبات، کچھ سنن ہین اور کچھ مستحبات، اس مجموعہ کا سب سے اہم جزو یہی ۹ ذی الحجہ کو عرفات کی حاضری ہی، جسے اصطلاح مین "وقوف عرفات" کہتے ہین (وقوف، کے لفظی معنی ٹھہرنے کے ہین،) کسی شخص نے اگر اور سارے اعمال و مناسک ادا کر لئے، اور آج کی تاریخ مین عرفات کی حاضری خدانخواستہ کسی سبب سے رہ گئی، تو سمجھے سے حج ہی رہ گیا، دوسرے سال حج کرکے اس قضا کو ادا کرنا ہوگا، آج کی تاریخ، دنیا کی تاریخ مین وہ اہم تاریخ، اور عرفات کا میدان روے زمین کے مقامات مین وہ اہم مقام ہی، کہ دین خداوندی کے جامع مکمل ہونے اور اسلام کے آخری اور کامل پیام ہدایت ہونے کے باضابطہ اعلان کے لئے، اسی سرزمین اور اسی تاریخ کا انتخاب فرمایا گیا، اور آج یہین، ہمیشہ کے لئے اور ہر قوم کے لئے اس فرمان کی منادی کی گئی کہ الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا، ایک صحیح

طارق بن شہابؓ روایت کرتے ہین، کہ ایک یہودی نے سیدنا عمر فاروقؓ سے

کہ اگر ہمارے اوپر کہین یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی ہوتی تو ہم نے تو اس کے یوم نزول کو روزِ عید قرار دے لیا ہوتا، آپ نے فرمایا، کہ مجھے یاد ہی کہ یہ آیت کب نازل ہوئی تھی، وہ رات جمعہ کی رات تھی، (اور وہ دن عرفہ کا دن تھا) اور ہم لوگ رسول اللہ (صلعم) کے ہمراہ عرفات مین حاضر تھے! (سنن نسائی) یہ کہکر آپ نے گویا یہ ارشاد فرمادیا، کہ وہ دن ہماری سب سے بڑی عید کا تو تھا ہی، کسی اور جشن کے مقرر کرنے کی کیا حاجت؟

آج کی رحمتین بے حساب ہین، اور آج وہ دن ہی، کہ شیطان آج سے زیادہ حقیر و ذلیل، مایوس، و پریشان اور کبھی نہین ہوتا،

عن طلحۃ ان رسول اللہ صلعم قال ما رأی الشیطان یوماً ھو فیہ اصغر ولا ادحر ولا احقر ولا اغیظ منہ فی یوم عرفۃ، وما ذلک الا لما رای تنزل الرحمۃ و تجاوز اللہ عن الذنوب العظام الا ما رئی یوم بدر

(موطاء امام مالکؒ)

حضرت طلحہؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ شیطان عرفہ کے دن سے زیادہ پست اور بے اعتبار اور حقیر اور پریشان کسی دن نہین دیکھا گیا، اور یہ سب اس لئے کہ آج وہ اللہ کی رحمت کے نزول اور بڑے بڑے گناہون سے اس کے عفو و مغفرت کو دیکھتا ہی، البتہ سوا ایک روزِ بدر کے (کہ اس روز بھی وہ ایسا ہی پریشان و مایوس ہوا تھا)

آج کی رحمتون کی نہ کوئی حد ہے نہ حساب، نہ کوئی اندازہ ہے نہ پیمانہ، بڑے سے بڑے مجرم آج رہا کئے جاتے ہین، سب کو عفو عام کی بشارت ہوتی ہے، وہ

Marfat.com

جو ہمہ رحمت و مرحمت اور ہمہ شفقت و مغفرت ہی، اس کی تجلیات، امت کے بڑے سے بڑے تباہ کار کو بھی اپنے آغوش مین لے لیتی ہین، اور اسی کو وہ مولیٰ اپنے بندون کے قریب اپنے آجانے سے تعبیر کرتا ہی، اور بندون نے تو اپنے مالک پر خدا معلوم کتنی بار فخر کیا ہی ہوگا، آج وہ دن ہی کہ خود مالک اپنے بندون پر فخر کرتا ہی

عن عائشة ان رسول الله صلعم قال ما من يوم اكثر من ان يعتق الله عز وجل فيه عبدًا من النار من يوم عرفة وانه ليدنو ثم يباهي بهم الملئكة فيقول ما اراد هؤلاء

(صحیح مسلم)

حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ کوئی دن ایسا نہین، جسمین اللہ بندون کو آگ سے اتنا آزاد کرتا ہو، جتنا عرفہ کے دن کرتا ہی، اور اللہ تعالیٰ قریب ہو جاتا ہے، اور بندون کا حال فرشتون پر ظاہر کر کے فخر کرتا ہے، اور (فرشتون کو دلیل کرنے کے لئے) پوچھتا ہی کہ یہ بندے کس ارادے سے جمع ہوئے ہین؟

آج اور یہان رحمت الٰہی سے مایوسی کفر ہی، اور آج اس سے بڑھکر ناشکر اور گنہگار کوئی نہین، جو یہان کی حاضری کے بعد بھی یہ سمجھتا ہی، کہ اس کے نام اعمال کی سیاہیان رحمت و مغفرت کی بارش سے دھل کر نہین رہین، پیغمبر کا ارشاد ہے

اعظم الناس ذنبا من وقف بعرفة فظن ان الله لم يغفر له،

سب سے بڑھکر گنہگار وہ ہی، جو عرفات وقوف کرے اور پھر بھی یہ سمجھے کہ اللہ نے اس مغفرت نہین فرمائی!

Marfat.com

آج کا دن دعا و مناجات، توبہ و استغفار، الحاح و زاری، جھکنے اور گڑگڑانے کے لئے مخصوص ہی، جتنا اور جہان تک ممکن ہو، وقت اسی مین لگایا جائے، جو کچھ مانگنا ہو، اپنے رب سے مانگ لے، مانگے اور مانگتا جائے، بے حساب مانگے، اور بے تکان مانگے، جب وہ ہمہ جود و کرم اور ہمہ بخشش و عطا، بے حساب دینے اور دلانے، بخشنے اور لٹانے پر آجائے، تو خاک کا پتلا، جو ہمہ فقر و ہمہ طلب، ہمہ احتیاج و ہمہ درماندگی ہے، مانگنے اور طلب کرنے مین کوئی کسر کیون اٹھا رکھے، اور دین و دنیا کی نعمتون کا کوئی ارمان اور کوئی حوصلہ اپنے دل مین کیون رہنے دے! افضل الدعاء دعاء یوم عرفۃ، (عرفات کی دعا سب دعاؤن سے بڑھکر ہے) یہ اس کا ارشاد ہی، جو سب سے زیادہ دعائین کرنے والا تھا، اور جسکی دعائین سب سے زیادہ قبول ہونے والی تھین، آج کے لئے کسی خاص دعا کا حکم نہین، جو چاہے مانگتا رہے، البتہ ان کلمات کی بڑی فضیلت آئی ہی، لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شئ قدیر، جہان تک ہو ان کلمات کو حضورِ قلب کے ساتھ بار بار پڑھتا رہے، اور تلبیہ بھی ابھی موقوف نہین ہوا ہے لبیک لبیک بھی برابر پکارتا رہے، بعض کتابون مین یہ بھی منقول ہی، کہ جب عرفات کو آنے لگے، تو راستہ مین یہ دعا پڑھتا ہوا آئے:-

اللّٰھمّ الیک توجّھت وعلیک توکّلت	اے اللہ مین نے اپنا منہ تیری طرف پھیرا اور
وجھک اردت فاجعل ذنبی مغفورا	تیرے اوپر بھروسہ کیا، اور تیری توجہ کی طلب ہی
وحجی مبرورا ارحمنی ولا تجنبنی و	پس میرے گناہون کو معاف کر، اور میرے حج کو
بارک لی فی سفری واقض لعرفات	قبول کر، اور مجھ پر رحم فرما، اور مجھے محروم نہ کر

Marfat.com

حاجتی انت علی کل شئ قدیر

میرے سفر کو مبارک بنا، اور عرفات مین میری حاجت پوری کر، تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے

اور عرفات مین داخلہ کے وقت اس ذکر کا مستحب ہونا تو اوپر گذر ہی چکا ہی، سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر خود سرورِ کائنات صلعم کی زبانِ مبارک سے عرفات مین کسی دعا کے الفاظ، حدیث کی جو مشہور و مستند کتابون مین تو درج نہین البتہ ایک طویل دعا بعض اور حدیث کی کتابون مین منقول ہی، جو اردو خوان ناظرین کو مع ترجمہ کے، مولوی منور الدین صاحب دہلوی کی کتاب الحج والزیارۃ (فتاوی عثمانی، جلد ۲) مین ملجائیگی، کتبِ مناسک مین متعدد دعائین لکھی ہوئی ہین،

وقوفِ عرفات کا وقت، مذہب حنفیہ مین ۹ ر کو زوالِ آفتاب سے شروع ہوتا ہے، اور حنفیہ ہی کی بعض کتابون مین ہی، کہ امام مالکؒ کے نزدیک وقتِ وقوف بعد طلوعِ آفتاب شروع ہو جاتا ہی، لیکن خود قاضی القضاۃ ابن رشد مالکیؒ لکھتے ہین کہ:-

واجمعوا علی ان من وقف بعرفۃ قبل الزوال وافاض منہا قبل الزوال انہ لا یعتد بوقوفہ ذلک۔

(بدایۃ المجتہد، جلد اول، صـ۲۸۱)

اس پر سب ائمہ کا اتفاق ہی، کہ اگر کوئی عرفات مین قبل زوال وقوف کرے، اور قبل زوال ہی وہان سے روانہ ہو جائے، تو اس کا وقوف مین نہ ہوگا،

بہر حال حاجی کو چاہئے، کہ دوپہر تک یا اس کے قبل یہان پہونچ جائے، اور بہتر یہ کہ اس وقت غسل کرلے، ورنہ وضو بھی کافی ہی، اس کے بعد مسجد نمرہ مین، جس کا دوسرا نام مسجد ابراہیم بھی ہی، اور جو منیٰ سے آتے ہوئے عرفات کے شروع

Marfat.com

مین پڑتی ہی، حاضر ہوجائے، امام کو چاہیئے، کہ جون ہی زوالِ آفتاب ہو، منبر پر آبیٹھے اور موذّن اس کے سامنے اذان دے، جیسا کہ نمازِ جمعہ مین ہوتا ہی، اب امام دو خطبے دیگا، جسمین مناسکِ حج کی تعلیم و تفصیل ہوگی، اس کے بعد اقامت اور ظہر کی چار فرض رکعتین، امام کے سلام پھیرنے پر، معًا بعد، بغیر نوافل وغیرہ کا وقت دیئے دوسری اقامت ہوگی، اور اسی وقت اپنے عام و معمولی وقت سے بہت قبل نمازِ عصر کی چار رکعتین جماعت کے ساتھ پڑھی جائین گی، اور بس اس کے بعد سے شام تک دعا و مناجات تسبیح و استغفار کے لئے، اطمینان و یکسوئی کے ساتھ سارا وقت ہی وقت پڑا ہوا ہی، عرفات مین روزہ رکھنا بہتر نہین، کہ خلافِ سنت ہی، البتہ غذا اگر ہلکی اور مختصر رکھی جائے تو بہت مناسب ہی، تاکہ گرانی اور ضعف دونون سے امن رہے، اور اپنے مشاغل کے لئے پوری فرصت نصیب رہے، دو نمازون کا ایک وقت مین جمع کرکے پڑھنا حنفیہ کے نزدیک عرف آج ہی جائز اور مستحب ہی، اس پر دوسرے حالات و اوقات کو قیاس نہین کرسکتے، مسجد تک پہونچنا، خصوصًا اگر قیام گاہ دور ہے، اور گرمی کا موسم ہے، ہی ہمت کا کام، ہر شخص کے لئے پہونچنا اور جماعت مین شریک ہونا ممکن نہین، ہزارہا آدمی اپنے اپنے خیمون ہی مین نماز پڑھ لیتے ہین، اور یہ بالکل جائز ہی، منفرد اگر جماعت مین نہ شریک ہوسکا، اور خیمہ ہی مین نماز پڑھ رہا ہی، تو امام ابو حنیفہؒ کے قول کے مطابق اُسے ظہر اور عصر کی نمازین الگ الگ اپنے معمولی وقتون پر پڑھنا چاہیئے، مگر صاحبین (امام محمدؒ و ابو یوسفؒ) کا فتویٰ اس کے برعکس یہ ہی، کہ ایسی صورت مین بھی دونون نمازون کو جمعِ تقدیم کے ساتھ پڑھ لینا چاہیئے، فقہ کی کتابون مین دونون مذہبون کے جو دلائل منقول ہین، اُن سے تو امام ابو حنیفہؒ ہی کا قول زیادہ

مضبوط و مدلّل معلوم ہوتا ہی، واللہ اعلم و علمہ اتم،

حج کا فرض اتر جانے کے لئے عرفات کی محض حاضری کافی ہی، خواہ انسان کچھ بھی نہ کرے، یہان تک کہ اگر سو رہا ہو، یا بے ہوشی کی حالت مین، اور کوئی اسے چند لمحون کے لئے میدان عرفات سے آج کے دن گزار دے، تو بھی اس کا حج ہو جائیگا، لیکن ظاہر ہی کہ اپنے قصد و ارادہ سے آج کی قیمتی گھڑیون کو ضایع کرنا کون شخص گوارا کریگا، سرورِ کائنات (صلعم) نے اس میدان مین اور آج کے دن جو دعا کی ہی، اسکا نقشہ حضرت ابن عباسؓ ان الفاظ مین کھینچتے ہین:-

رایته علیه السلام یدعو بعرفة یدیه الی صدره کالمستطعم المسکین،	مین نے حضورؐ کو وقوف مین اسطرح دعا مانگتے ہوے دیکھا، جیسے کوئی بھوکا مسکین اپنا ہاتھ کسی سخی داتا کے آگے پھیلائے ہوا!

جب رسول معصومؐ کا یہ حال تھا، تو امت کے سیہ کارون اور تباہ حالون کو اس دن اور اس جگہ اپنا کیا حال رکھنا چاہیے؟ الحاح و تضرع، خشوع و خضوع کا کوئی دقیقہ آج اٹھا رکھنا چاہیے؟ اپنے گناہون کو یاد کرکے اگر آنکھون سے آنسو جاری ہو جائین، تو کیا پوچھنا، لیکن اگر رونا نہ آئے، تو اس پر زیادہ حسرت بھی نہ کرنا چاہیے، رسول اللہ صلعم کے متعلق یہ کسی روایت مین نہین ملتا، کہ دعا کے وقت چشم مبارک سے آنسو بھی جاری تھے، جہان میدان ختم ہوتا ہی، وہان ایک سمت ایک اونچی پہاڑی ہے، اس کا نام جبل رحمت ہی، سرورِ کائنات (صلعم) نے اسی کے نیچے وقوف کیا تھا اور یہین اونٹنی پر سوار ہو کر حجۃ الوداع کا مشہور و معروف خطبہ ارشاد فرمایا تھا، موقف النبی

اور موقفِ اعظم یہی مقام کہلاتا ہی، جبل رحمت کے نیچے بڑے بڑے سیاہ پتھر بہت سے ڈھیر ہین، اگر جگہ مل جائے، اور ہمت ہو، تو یہین کہین بیٹھکر فراغت و یکسوئی کیساتھ دعا و مناجات مین مشغول ہوجائے، سہ پہر کے وقت امام یہین آتا ہی، اور قبلہ رخ، اونٹ پر سوار ہوکر خطبہ پڑھتا ہی، و دعائین مانگتا ہی، لوگون کو بھی چاہئے کہ دعا کے وقت حتی الامکان قبلہ رخ ہی رہین، اگر امام کے قریب پہونچ سکین، تو افضل ہی، ورنہ جہان کہین بھی ہون، وہین اپنے کام مین لگے رہین، سارا میدان عرفات بجز وادی عرنہ کے جو مسجد نمرہ سے متصل ہی، موقف ہی موقف ہی،

امام غزالیؒ، اعمالِ عرفات کے ذکر مین فرماتے ہین، کہ :-

در دعا مبالغہ کند کہ سرِ حج اجتماعِ دلہا و ہمتہاے عزیزان ست درین وقت شریف،

اس وقت خوب جی لگاکر دعا کرے، اور راز اسکا یہ ہی کہ اس وقت کیسے کیسے مقبول و برگزیدہ بندے ایک ساتھ دعا مین لگے ہوتے ہین !

اللہ اللہ ! یہ عرفات کا لق و دق ویرانہ، جو نہ انسان کے بسنے کے لایق ہی، نہ حیوان کے، اور جہان سال بھر انسانی آبادی تو الگ رہی، پرندہ پر بھی نہین مارتا، دم کے دم مین، آن کی آن مین، کیا سے کیا ہوجاتا ہی ! دن بھر کے لئے، سیکڑون کا نہین، ہزارون کا نہین، لاکھون کی آبادی کا ایک عظیم الشان شہر آباد ہوجاتا ہی ! ان مین بوڑھے بھی اور جوان بھی، بچے بھی اور عورتین بھی، شہزور پہلوان بھی، اور لبِ مرگ کمزور و ناتوان بھی، گورے بھی کالے بھی، سانولے بھی پیلے بھی، مشرقی بھی مغربی بھی، جنوبی بھی شمالی بھی، عالم بھی عامی بھی، امیر بھی فقیر بھی، عابد و زاہد بھی، فاسق و فاجر بھی،

Marfat.com

اور یہ سارا مجمع کیون آپ ہی آپ اکٹھا ہو رہا ہی؟ کوئی دلچسپ تماشہ ہونے والا ہی؟ کوئی بزمِ مشاعرہ ہی؟ کوئی ہنسنے ہنسانے والی نقل دکھائی جائیگی؟ کوئی گھوڑ دوڑ ہے؟ پولو ہی؟ ہاکی یا فٹ بال کا میچ ہے؟ رستم دوران گامان پہلوان کی کشتی کا دنگل ہی؟ تجارتی مصنوعات کی نمائش ہی؟ ڈربی سویپ (SWEEP) ہے؟ گھوڑون اور ہاتھیون کا بازار لگنے والا ہے؟ کسی کانفرنس، کسی کانگریس کا افتتاح ہے؟ کسی کا لکچر ہونے والا ہے؟ کسی درگاہ پر عرس ہونیوالا ہے؟ کسی دیبی دیوتا کی پوجا ہونے والی ہی؟ کوئی گنگا اشنان ہی؟ کوئی کمبھ میلا ہی؟ بجز ایک اللہ کی عبادت کے بجز ایک اللہ کے حکم کی تعمیل کے، بجز ایک اللہ کے نام پر مرمٹنے کی تمنا کے، اور کوئی شے ان ہزارہا بندون کو، ان لاکھون کلمہ گویون کو یہان اس تپتی ہوئی ریت مین گھسیٹ کر لائی ہی؟ مجمع دنیا مین اور بہت سے ہوتے رہتے ہین، میلے ٹھیلے خدا معلوم کتنے ہوتے رہتے ہین، کھیل تماشون مین ٹھٹ کے ٹھٹ ہر جگہ لگ جاتے ہین، لیکن اللہ کے نام پر جمع ہونے والون کا، لبیک لبیک کی رٹ لگا کر اللہ کا نام جپنے والون کا، اور محض بن دیکھے مولا و مالک کے آگے رونے اور گڑگڑانے، جھکنے اور گرنے والون کا اتنا بڑا مجمع، دریاؤن اور سمندرون کو پار کر کے، پہاڑون اور پہاڑیون کو پھاند کر کے، دنیا کے طول و عرض مین کہین، اور وقت کے کسی حصہ مین کبھی بھی ہوتا ہی؟ دعائین، ان اللہ والون کی نہ قبول ہونگی، تو اور کس کی ہونگی؟ بے حساب رحمتون اور بے شمار برکتون کا نزول اُن کے سرون پر نہ ہوگا تو اور کس پر ہوگا؟ مشہور ہے کہ آدم علیہ السلام کی توبہ اسی مقام پر اور آج ہی کے دن قبول ہوئی تھی، یہ روایت صحیح ہو یا نہ ہو، لیکن بہرحال بنی آدم اپنے گناہون

Marfat.com

کے بخشوانے کے لئے آج سے بہتر تاریخ اور یہان سے بہتر سرزمین اور کون سی ڈھونڈھکر لائینگے؟

دنیا کی کوئی قوم، روے زمین کا کوئی مذہب، اس خالص توحید وخدا پرستی کے عظیم الشان مظاہرہ کا نمونہ پیش کرسکتا ہی؟ کسی نے کبھی پیش کیا؟ کوئی آج کہین پیش کررہا ہی؟ کوئی آیندہ کبھی پیش کریگا؟ بتون کے بندے بے شمار، حرص وہوا کے پرستار لاتعداد، سیر وتماشہ کے سودائی بے گنتی، لیکن دنیا آئے، پارکون اور سبزہ زارون کی سیر کرنے والی دنیا آئے، بازاردن اور نمایش گاہون کی گشت لگانیوالی دنیا آئے عجائبخانون اور چڑیاخانون مین وقت گذارنے والی دنیا آئے، اور اس بیسوین صدی عیسوی مین ایکبار ذرا اللہ کی فوج کے ان سپاہیون کو اپنے رب کے ان مستون اور دیوانون کو دیکھے، کہ اس جلجلاتی دھوپ مین، تپتی ہوئی ریت کے اوپر ننگے سر اور پسینہ مین شرابور، مٹی مین اٹے ہوئے، اور خاک مین لتھڑے ہوئے، کس کس طرح جھک جھک کر اور گر گر کر، رو رو کر اور گڑگڑا گڑگڑا کر، اپنے ان دیکھے مولا و مالک کے آگے، مانگنے اور بھیک مانگنے کے لئے، کن کن آرزوون اور تمناؤن کیساتھ، کس ہجوم شوق واشتیاق کیساتھ اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہین! دعائین انکی نہ قبول ہونگی تو کس کی قبول ہونگی؟ جو کچھ مانگینگے، ملے گا، جو سوال ہوگا، پورا ہوگا، لیکن اتنا کرم تو دنیا کے کریم بھی کر دکھاتے ہین، انھین تو وہ ملیگا، جو انکے وہم وخیال مین بھی نہین، یہ تو وہ پائین گے، جسکا سوال ان کے ذہن مین بھی نہین!

نور کے بنے ہوئے فرشتے ظلوم وجہول انسان کی اس طاعت واطاعت

ان اللہ ینزل الی سماء الدنیا فیھم الملئکۃ یقول ھؤلاء عبادی

پر دنگ رہجاتے ہین، انھین دکھایا جاتا ہی، اور جنھون نے کبھی کہا تھا، کہ انسان روے ارض

Marfat.com

جاؤنی شعثا غبرا میرجون رحمتی ویخافون عذابی ولم یروا فکیف لو راءونی،

پر فتنہ وفساد ہی کریگا، انھین دکھا دکھا کر عرفات کی حاضری دینے والون پر فخر کیا جاتا ہے،

اور کہا جاتا ہے، کہ دیکھو، خاک کے پتلون کا ذوقِ جبین سائی دیکھو، آج جب اپنے کو اتنے حجابات مین رکھا ہے، اس وقت تو ان کی تمنائے دیدار اور دیوانگی کا یہ حال ہے پھر جس وقت حجابات اٹھ جائین گے، اس وقت، اس شمعِ رخ پر یہ پروانے کس بے اندازہ مستی و دیوانگی سے گرین گے!

Marfat.com

باب ۳۰

عرفات نمبر (۲)

لکھوکھا کے مجمع مین لوگ سب ہی طرح کے ہین، ہر مزاج، ہر مذاق، ہر مرتبہ کے نمونے موجود ہین، ہزارون ایسے ہین، جو عرفات کی حاضری کو ایک طرح کی تفریحی تقریب سمجھے ہوئے ہین، اور چائے پینے پلانے کی دعوتون مین مصروف ہین، سیکڑون ہزارون ایسے ہین، جو سو سو کر اپنا وقت کاٹ رہے ہین، کہین کہین دیگین چڑھی ہوئی ہین، اور اعلیٰ درجہ کی بریانی اور پلاؤ کا سامان ہو رہا ہی، پھر بھی ہزارون بندے اللہ کے ایسے بھی ہین، جو وقت کی قدر و قیمت کو پہچانے ہوئے، اور مقام کی اہمیت کو پوری طرح جانے ہوئے، اس دوپہر کی ایک ایک گھڑی، اور اس سہ پہر کا ایک ایک لمحہ اپنے رب کے آگے ہاتھ پھیلانے اور پیشانی رگڑنے، رونے اور گڑگڑانے، استغفار و مناجات کرنے مین بسر کر رہے ہین! انھین مین کیسے کیسے مقبول و برگزیدہ ہون گے، کیسے کیسے اپنے رب کے پیارے ہون گے، کیسے کیسے مخلص و متقی ہون گے، قطب ہونگے، ابدال ہونگے، اولیاء ہونگے، کاملین ہونگے، انکی دعائین کیا تنہا اپنے نفسون کے لئے ہونگی؟ ان کے رب کی رحمتون کا نزول کیا صرف انھین کے لئے ہوگا؟ اللہ اور اللہ والون سے، تنگ دلی کی بدگمانی

نعوذ باللہ! آج تو وہ دن ہے، کہ کسی کا کرم بے حساب اور رحمتِ بے پایان اپنے سایہ دامن مین لے لینے کے لئے حیلہ ڈھونڈتی ہوتی ہے، اللہ والون کی سفارش سے بڑھ کر اور کیا حیلہ ہوگا، ان مقبولون کے طفیل مین خدا معلوم کتنے غیر مقبول آج مقبول بنجاتے ہین، اور کتنے مفلسون اور تہیدستون کا شمار آج سرمایہ دارون مین ہونے لگتا ہی! کریم جب دینے پر آئے، اور کریم کے در کے بھکاری مانگنے مین کمی نہ کرین، تو داد و دہش کی کمی، اہل و نااہل، کس و ناکس حقدار اور بے حقے، کھرے اور کھوٹے، سب ہی اپنی اپنی قسمتون کے حصہ کے مطابق نعمتون سے سرفراز اور دولتون سے مالا مال ہو رہے ہین!

صوفیہ کے تذکرون مین آتا ہی، کہ علی بن موفقؒ ایک بہت قدیم بزرگ گزرے ہین، حج کے لئے حاضر ہوئے، نوین شب مین منیٰ مین خواب دیکھا، کہ دو فرشتے باہم گفتگو کر رہے ہین، ایک نے دوسرے سے پوچھا، کہ اب کی کتنے حاجی آئے جواب ملا، کہ ۶ لاکھ، پھر پوچھا، کہ حج مقبول کتنون کا ہی؟ جواب ملا کہ ۶ کا! ۶ لاکھ مین کل چھ! ہول و دہشت سے آنکھ کھل گئی، اور دل نے کہا کہ اپنا شمار اُن چھ خوش نصیبون مین تو بہرحال نہین ہو سکتا، معلوم ہوتا ہی، یہ ساری محنت و مشقت بیکار ہی گئی، دسوین شب مین، عرفات سے واپسی کے بعد، پھر اسی طرح خواب مین انھین دونون فرشتون کو دیکھا، ایک نے پوچھا کہ حج مقبول کل حج کا ہوا؟ دوسرے نے جواب دیا، کہ اُن چھ کے طفیل مین پورے چھ لاکھ کے حج قبول ہو گئے! العظمۃ للہ، ان نوازشون اور سرافرازیون کا کوئی ٹھکانا ہے

ان رحمتون اور بخششون کی کوئی حد و انتہا ہی! ——— ان حکایتون پر حیرت کیون کیجئے، کیا روزمرہ آپ نہین دیکھتے رہتے، کہ غلّہ کے انبار مین جو مٹی اور تنکے پڑجاتے ہین، وہ بھی غلہ ہی کے حساب سے بکتے ہین، اور سونے مین گرد و غبار کے جو ذرّات شامل ہوجاتے ہین، وہ بھی سونے ہی کے ساتھ تلنے لگتے ہین! کتا ایک نجس اور ناپاک جانور ہی، اصحابِ کہف کے طفیل مین کہان سے کہان پہونچ گیا! پھر انسان تو بہرحال انسان ہی، اور جو عرفات مین حاضر ہوتا ہی، وہ آخر اللہ اور رسول (صلعم) کا نام لیوا تو ہوتا ہی ہے، اس سے بڑھکر بدنصیب اور کون ہوگا، جو آج اور یہان کی حاضری کے وقت بھی رسولِ پاک (صلعم) کے اس ارشادِ مبارک کو بھلائے رکھے، کہ:۔

اعظم الناس ذنباً من وقف بعرفة فظن ان اللہ لم یغفر لہ،	سب سے بڑھکر گنہگار وہ ہی، جو عرفات مین حاضر ہو، اور پھر بھی یہ خیال رکھے کہ اللہ نے اُسے نہین بخشا،

ایک زندہ بزرگ کا (خدا انھین مدتون زندہ و سلامت رکھے) معمول یہ سننے مین آیا، کہ وہ ۸ ذ کی صبح کو مکہ سے منیٰ پیادہ آجاتے تھے، اور پھر ۹ ذ کی صبح کو مع اپنے تین یا چار ہم مشرب و ہم مذاق یارانِ سلسلہ کے منیٰ سے عرفات بھی پیدل ہی آتے تھے، ایک ایک جانماز، پانی کی ایک ایک بوتل، اور بسکٹ وغیرہ کی قسم سے مختصر ناشتہ، بس اس قدر سامان ہر ہر رفیق کے ہاتھ مین، عرفات پہونچے، ذرا دم لیا، غسل فرمایا، ظہر و عصر کی نماز جمع کرکے جماعت کے ساتھ مسجد نمرہ مین

ادا کی، اور اس کے بعد جبلِ عرفات کے دامن مین جو خشک جھاڑیان ہین، انمین سے ایک ایک جھاڑی ہر بزرگ نے اپنے اپنے لئے مقرر کرلی، اور پوری یکسوئی و فراغِ خاطر کے ساتھ اپنی اپنی عبادتون مین مصروف ہو گئے، جھاڑیان نہ اتنی قریب قریب، کہ ایک شخص کی آواز دوسرے کی توجہ مین مخل ہو، اور نہ اتنی دور دور، کہ فراغت کے بعد ساتھیون کے تلاش کرنے مین دقت ہو۔ یہ انتظام اگر کسی سے بن پڑے، تو کیا کہنا، یکسوئی و سکونِ خاطر کا بہترین نسخہ اور بہترین نقشہ ہی، اس سفرنامہ کے مصنف کی تقدیر بھلا ایسی رساکب تھی، اس تو سارا وقت، کہنا چاہیئے، کہ محض ضایع ہی ہوا، اور نفس بہانے یہ کرتا رہا، کہ کی ضروریات، اور مستورات کے آرام وغیرہ کا انتظام کرنا ہی! کئی فرلانگ کرکے اس کڑی دھوپ مین، اپنے پست ہمت کو مسجد نمرہ تک جانے کی توفیق نصیب ہونے لگی تھی، یہی غنیمت ہوا، کہ اپنے خیمہ ہی مین مختصر سی جماعت مل گئی مولانا مناظر صاحب ہر موقع کی طرح آج بھی ہمارے قافلہ مین سب سے زیادہ نصیبہ ور رہے، نماز پڑھنے مسجد نمرہ گئے، واپسی مین خیمہ کا راستہ بھول کر خدا کہان تک بھٹک گئے، اور ساتھیون سے گم ہو کر یہان کی تنہائیون اور خلوتو مین خدا معلوم کیا کیا پالیا اذٰلک فضل اللہ یوتیہ من یشآء کی تصدیق ایک پھر ہو کر رہی،

ہم لوگ یہان قبل دوپہر پہونچ گئے تھے، دوپہر ہوتے ہوتے، جنھین غ کرنا تھا، وہ غسل سے، اور باقی، تازہ وضو کرکے تیار ہو گئے، شولہ آدمیو

کے لئے دو خیمے تھے ایک خیمہ مین خاص میرے قافلہ کے آٹھ آدمی (زن و مرد) آگئے
دوسرے مین بقیہ آٹھ آدمی رہے، معلّم صاحب نے جو خیمے دیئے ہین، وہ آٹھ آٹھ
آدمیون کے رہنے کے قابل تو کسی طرح پر بھی نہین، لیکن خیر، چند ہی گھنٹون کا
معاملہ ہی، کسی نہ کسی طرح گذر ہو جائیگی، اپنے اپنے شغدف بھی خیمون سے بالکل
متصل رکھوالئے، عورتین زیادہ تر شغدفون ہی کے اندر رہین، شغدف خیمہ سے
زیادہ آرام دہ ثابت ہوئے، بڑی وجہ یہ ہے کہ شغدف اونچے پلنگ کی طرح زمین
سے کافی بلند ہوتے ہین، اس لئے اُن مین بیٹھکر کم از کم زمین کی گرمی سے امن رہتا
ہے، خیمے اگر ہر طرف سے بند رہتے ہین، تو بڑی امس پیدا ہو جاتی ہی، دم گھٹنے
لگتا ہی، پسینہ کی حد نہین، لیکن اگر خیمہ کی قناتین دو طرف سے کھول کر دروازہ
سے بنا دیئے جائین، تو پھر خاصی ہوا آنے لگتی ہی، زمین خوب جلتی اور تپتی ہوتی
ہے، اس پر بچھانے کے لئے کوئی موٹا فرش ہمراہ لانا ضروری ہی، اور اگر کپڑے کی
کرسی یا ٹوٹ کا پلنگ ہمراہ آسکے تو یقیناً زیادہ آرام ملے گا، بمبئی سے ڈک چیر (کپڑے
کی کرسی) اگر ہمراہ لے لیجائے، تو جہاز مین بھی بہت کام دیگی، اور عرفات و منیٰ
مین بھی اسی قدر مفید ثابت ہوگی، پانی کی بابت بہت سی ڈراونی روایتین سننے
مین آئی تھین، سنا تھا کہ عرفات مین پانی بہت مشکل سے، اور بہت کم، اور
بہت گران، اور بہت خراب ملتا ہی، اب کی سال تو خدا کے فضل سے کوئی
ایسی دقت نہین پیش آئی، پانی بیچنے والے کثرت سے پکارتے پھرتے ہین، اور
پانی کچھ ایسا گندلا بھی نہین، خاصہ صاف ہے، زیادہ گران بھی نہین، ایک کنستر
اوسط درجے کی مشک آٹھ آنے مین، یا اگر زیادہ چکایا جائے تو چھ آنے مین بھی ملجاتا

Marfat.com

ممکن ہی، بعض پچھلے سالون البتہ سنا ہی، کہ پانی بہت کم ملا تھا، اور دو دو روپیہ فی مشک کے حساب سے ملا تھا، اور بہت گندلا ملا تھا، اب کی سال اللہ کا بڑا فضل رہا، اللہ ٹھنڈا رکھے زبیدہ خاتون کی تربت کو، اسی کی تعمیر کرائی ہوئی نہر سے صدہا سال سے اللہ کی بیشمار مخلوق سیراب ہوتی چلی آرہی ہی، اور آیندہ بھی خدا معلوم کب تک اسی طرح سیراب ہوتی رہے، البتہ ضرورت اس کی ہے کہ نہر کی صفائی، پابندی اور انتظام کے ساتھ ہوتی رہے، سفری چولھا (یا کگر) اگر ہمراہ ہو تو بہتر ہے، ہم لوگون کے ساتھ مین انگیٹھی اور کوئلے تھے ان سے بھی کام چل سکتا ہی، مختصر کھانا بطور ناشتہ کے پک گیا، ستو ایسے موقع پر خاص طور سے کام آتے ہین، غذا کی غذا، اور پیاس کی تسکین الگ، اور پھر بغیر کسی دشواری و اہتمام کے دم بھر مین تیار، مرمرے (لائے) کے ستو سب سے بہتر ہین، تال مکھانے کے ستو مناسب نہین، نقصان کا احتمال ہے، خصوصاً جبکہ طبیعت پیچش کی جانب از خود آمادہ ہو رہی ہو،

خیمون کے اس جنگل مین اپنے خیمہ سے باہر نکل کر کچھ دور تک جانا، غضب کا سامنا کرنا ہی، خیمون کے نصب کرنے مین کوئی خاص ترتیب نہین ہوتی یا اگر ہوتی ہو بھی تو کم از کم حاجی غریب کو تو اس کا علم ہوتا نہین، نہ خیمون پر کوئی نمبر یا اور کوئی خاص علامت، سیکڑون ہزارون خیمے، بس ایک ہی رنگ کے ایک ہی وضع و قطع کے، ہر طرف مسلسل چلے گئے ہین، بے پڑھون لوگ اور بوڑھیون کا ذکر نہین، اچھے خاصے جوان جہان، ہوشیار پڑھے لکھے

جاتے ہین، اپنے خیمہ سے نکل کر چند قدم چلے، کہ راستہ گم ہو گیا، اب نہ جہان جانے کے لئے نکلے تھے، وہان پہونچ سکتے ہین، نہ اپنے خیمہ کا راستہ پاتے ہین، عجب مصیبت و بیکسی کا وقت ہوتا ہے، راستہ پوچھین تو کس سے، اور کوئی بتانا چاہے بھی تو کیا بتائے سب انھین جیسے ناواقف، ہم لوگ نماز کے لئے کسی بڑی جماعت کی تلاش مین ایکبار اپنے خیمون سے باہر نکلے، لیکن چند ہی قدم چلنے کے بعد عافیت واپسی ہی مین نظر آئی، حکومت اگر چاہے، تو ان دشواریون کا سدّباب آسانی سے کر سکتی ہی، اول تو موجودہ حالتِ انتشار و بے نظمی کے بجائے، خیمون کے مختلف محلے (کیمپ) مختلف ملکون کے اعتبار سے قایم کر دینے چاہئین، مثلاً ایک محلہ مصریون کا ایک ہندیون کا، ایک حجازیون کا، ایک جاویون کا وغیرہ وغیرہ، پھر بڑے ملکون کے محلون کے اندر صوبہ وار تقسیم کر دینی چاہئے، مثلاً پنجاب کیمپ، بنگال کیمپ، وغیرہ علیٰ ہذا، اور پھر اس کے بعد خود ان صوبہ وار محلون کے اندر خیمون پر نمبر ڈال دینے چاہئین، ہر کیمپ کا بھی ایک الگ نمبر ہونا چاہئے، اور علاوہ نمبرون کے مختلف رنگ کے بلند جھنڈون اور جھنڈیون کے ذریعہ سے مختلف کیمپون کو ممتاز و نمایان کرنا چاہئے، عارضی سڑکون اور روشون کو بنا کر اور ان پر نمبر ڈال کر بھی بہت کچھ سہولت پیدا کیجا سکتی ہی، صوبہ وار کیمپون کے اندر مختلف معلّمون کے نام بھی ان معلمون کے حاجیون کے خیمون کے گرداگرد نمایان کر دیئے جائین، تو وقتین اور زیادہ گھٹ سکتی ہین، ان سب تدبیرون کے علاوہ چار پانچ سو کی تعداد مین مختلف زبانین جاننے والے رضاکار یا پولیس کے رضاکارون کے کیمپ کسی خاص نمایان رنگ کے ساتھ، میدانِ عرفات کے مختلف حصون مین ہونے چاہئین،

اور ان مین ایک دوسرے سے فوری پیام رسانی کے لئے عارضی ٹیلیفون کا انتظام بآسانی ہو سکتا ہی، حکومت حجاز لکھو کھا روپیہ ان حاجیون سے موسم حج مین وصول کرتی ہے اگر اس مین سے دس بیس ہزار روپیہ انھین کی سہولت و آسایش کے سامان پر لگا دیا جائے، تو حکومت کے خزانہ پر ہرگز کوئی بار نہین پڑ سکتا،

حکومت کے نظم و انتظام کی افسوسناک کمی صرف اسی ایک حیثیت سے واضح نہین ہو رہی تھی، عرفات سے واپسی کے بعد سننے مین آیا کہ وہان پانی، برف، شربت، فالودہ، چاے اور قہوہ کی دوکانین بھی موجود تھین خدا معلوم کہان تھین عرفات کے دوران قیام مین تو ہمارے قافلہ کو انکا پتہ کہین چلا نہین، ظاہر ہے، کہ میلون کے وسیع رقبہ مین کسی ایک گوشہ مین، یا عین وسط مین بھی، اگر چند دوکانین ہوئین، تو دوکانون والون کو اُن کی کیا خبر ہو سکتی ہی، بجاے کسی ایک جگہ کے چاہیے یہ تھا، کہ مختلف ملکون کے کیمپون مین الگ الگ دوکانین ہوتین، دو کانین ہوتین چاہے چھوٹی ہی، لیکن انکا متعدد ہونا، اور مختلف حصون مین پھیلا ہونا لازمی تھا، ہندوستان مین جن لوگون نے، کانگریس کے یا اس کے زمانہ عروج مین خلافت کانفرنس کے سالانہ جلسون کے انتظامات مین حصہ لیا ہے، وہ عرفات مین بھی اپنی رضاکارانہ خدمات بخوشی پیش کر سکتے تھے، اور سعودی حکومت اگر انھین موقع دیتی، تو ان خدمات کو وہ اپنے لئے وسیلۂ نجات و باعث سعادت خیال کرتے، پچھلے سالون جو کچھ ہوا تھا، ہو چکا، آیندہ کے لئے اب بھی کچھ نہین گیا ہی، حکومت حجاز کا اس موقع پر باہر کے حاجیون سے اشتراک عمل لازمی ہے، حکومت لاکھ نیک نیتی کے ساتھ کوئی

Marfat.com

انتظامی کمیٹی قایم کرے، لیکن جب تک اُس مین مختلف زبانین جاننے والون اور مختلف ممالک کے مذاقِ طبیعت سے واقفیت رکھنے والون کو شریک نہ کرے گی، کوئی بڑی کامیابی ممکن نہین، یہ جو کچھ لکھا جارہا ہے، حاشا، اس سے موجودہ حکومتِ حجاز کی تنقیص یا اُس پر مخالفانہ نکتہ چینی مقصود نہین، بلکہ مقصود صرف آیندہ کے لئے اصلاحِ حال ہے، جس سے حاجیون کو بھی راحت پہونچے، اور حکومت بھی نیکنامی حاصل کرے،

اعمالِ حج کا رُکن عظم یہی وقوفِ عرفات ہے، جس وقت سہ پہر کو (اندازہ کے لئے اوسط وقت عصر سمجھیے) امام خطبہ پڑھ چکتا ہے، تو وہ وقت عجب مسرت کا ہوتا ہے، "حج ہوگیا" "حج ہوگیا" کی صدائین ہر طرف سے آنے لگتی ہین، اور ایک دوسرے کو گرمجوشی کے ساتھ مبارکباد دین دیجانے لگتی ہین، معلّمین خیمون پر آکر اپنے اپنے حاجیون کو کچھ دعائین پڑھاتے ہین، جو نہ اس وقت یاد آتی ہین، اور نہ کسی دوسری کتاب مین نظر سے گذری ہین، اور ساتھ ہی ساتھ، وہ خود اور اُن کے ملازمین اور کارندے کچھ نہ کچھ وصول بھی کرتے جاتے ہین ——— لیجئے، دیکھتے ہی دیکھتے، عصر کا وقت آخر ہونے لگا، آفتاب مین زردی آنے لگی، اور خیمے اکھڑنے شروع ہوگئے!

سبحان اللہ وبحمدہ، کیا خدا کی قدرت ہے، اب تھوڑی ہی دیر مین

Marfat.com

یہ ساری آبادی ویرانی سے بدل جائے گی، اور جہان آج دن بھر لکھو کھا انسانون کا مجمع رہا، وہان اب ایک متنفس بھی نہ نظر آئیگا! اور سال بھر کی ویرانی کے بعد پھر آج ہی کی تاریخ اسی طرح کی آبادی اور چہل پہل ہوگی! آج کے دن جس طرح یہان نماز عصر اپنے وقت سے پہلے ہٹاکر نمازِ ظہر کے ساتھ ملاکر پڑھ لی گئی، اسی طرح حکم ہے کہ آج نمازِ مغرب بھی اپنے وقت سے پیچھے ہٹا دیجائے، اور یجاے یہان پڑھنے کے مزدلفہ پہونچ کر، رات گئے، نمازِ عشا کے ساتھ ملاکر پڑھی جائے، بعض ناواقف بیچارے جلدی جلدی یہین نمازِ مغرب ادا کرنے کے لئے نیت باندھ رہے ہین، ناواقفیت کی بنا پر مواخذہ سے تو غالبًا بچ جائین، لیکن اتباعِ سنت کا اجر تو بہرحال اپنے ہاتھون کھو رہے ہین، ہزارہا ایسے ہین، جو جلد بازی کرکے کچھ دن رہے ہی روانہ ہوجاتے ہین، سنون وقت روانگی کا، غروبِ آفتاب کے بعد ہے، لیجئے، آفتاب غروب ہونے لگا، سب کے خیمے اکھڑ چکے، ہمارے خیمے اکھڑ ہی رہے تھے، کہ بے شان وگمان، بغیر کسی موسمی توقع وتغیر کے، دفعۃً آسمان پر ایک طرف سے ابر کا ٹکڑا آتا ہوا نمودار ہوا، دو چار بجلی چمکی، بوندین شروع ہوئین، اور چند ہی لمحون مین اچھی خاصی بارش ہونے لگی! کریم کی کریمی اور مولا کی رحمتون کی تھاہ کون پاسکتا ہے! احرام پوشون کے جسم کہان تو ابھی جلجلاتی ہوئی دھوپ مین تپ رہے تھے، اور کہان ابھی پانی مین لت پت ہونے لگے، بارش ہوئی" خوب اچھی طرح ہوئی لوگ بھیگے اور خوب بھیگے" بارانِ رحمت" کا لفظ بارش بارہا تھا، حقیقۃً "بارانِ رحمت" کا مشاہدہ آج ہی ہوا! لوگ کہتے تھے، اتنی با

عرفے کے دن سالہا سال کے بعد ہوئی ہی، بزرگون نے کہا ہے، کہ عرفات کی بارش حج کی مقبولیت کی علامت ہی، یہ اگر سچ ہے، تو خدا ہی کو علم ہی، کہ اب کی حج مین کون اللہ کا شیر شریک تھا، بارش پانی کی کیون تھی، یون کہئے کہ عفو و مغفرت کی بارش تھی، اور جو جو بوند جسم پر گرتی تھی، بس یہ معلوم ہوتا تھا، کہ معاصی کی سیاہیان دھل رہی ہین!

Marfat.com

باب ۳۱

مزدلفہ

حج کا رکن اعظم بحمداللہ ختم ہو چکا، اس وقت دل کی مسرتون کا کیا پوچھنا، جس پر گزری ہے، وہی اندازہ کر سکتا ہی، ہر چہرہ کھلا جا رہا ہی، ہر طرف مسرت و انبساط، عرفات کے بعد ہی حاجیون کو مزدلفہ مین قیام کرنا ہوتا ہی، یہ ایک وسیع میدان کا مشہور نام ہی، جو منیٰ و عرفات کے درمیان واقع ہے، منیٰ سے عرفات کے دو راستے ہین، ایک سیدھا اور ایک کسی قدر چکر سے، منیٰ سے عرفات جاتے ہوئے سیدھے راستہ سے جانا مسنون ہی، اُدھر مزدلفہ نہین پڑتا، عرفات سے واپسی دوسرے راستہ سے مسنون ہی، جو ذرا چکر کھا کر ہے، مزدلفہ اسی راستہ مین پڑتا ہے، عرفات سے اس کا فاصلہ ۷-۸ میل ہوگا، اور منیٰ یہان سے ڈھائی میل رہجاتا ہی، اس میدان کا معروف نام مزدلفہ ہی، قرآن مجید مین اس کا نام مشعرالحرام آیا ہی، اور یہان کے قیام کی اہمیت اسی سے ظاہر ہے، کہ خود کلام پاک مین یہ تصریح موجود ہے، کہ عرفات سے واپسی مین مشعرالحرام مین ذکر الٰہی کرو، فاذا افضتم من عرفاتٍ فاذکروا اللہ عند المشعر الحرام، مشعرالحرام کے مفہوم مین سارا میدان داخل ہی، اور ایک مسجد بھی یہان اسی نام سے موسوم و مخصوص ہے، علماء لکھتے ہین

کہ لفظ مزدلفہ مشتق ہے "ازدلاف" سے، جس کے معنی قریب ہونے کے ہین، اور اس میدان کا نام مزدلفہ اس لئے پڑا، کہ حضرت آدم اور حضرت حوا علیہما السلام جنت سے نکلنے کے بعد پہلے یہین ملے تھے، ۹ اور ۱۰ کی درمیانی شب یہین بسر کرنی ہوتی ہی، فقہا لکھتے ہین، کہ مزدلفہ مین داخل ہوتے وقت اگر پاپیادہ ہو، اور غسل بھی کرلے، تو بہتر ہے

والمستحب ان یدخل المزدلفہ ما یتاء الغسل لدخولھا (فتح القدیر)

اگر ضعیفی، کمزوری یا بیماری کے عذر قوی کی بنا پر یہان کا قیام ترک کردیا جائے تو مضایقہ نہین، لیکن بغیر کسی قوی عذر کے محض تن آسانی کے خیال سے یا ہجوم سے بچنے کے لئے، یہان قیام نہ کرنا اور عرفات سے سیدھے منیٰ چلے جانا ہرگز مناسب نہین، امام اوزاعیؒ اور بعض تابعین کے نزدیک تو وقوف مزدلفہ رکن حج ہے، یعنی فرائض حج مین داخل ہی، یعنی اگر یہ فوت ہوگیا تو حج ہی فوت ہوگیا (جیساکہ قاضی ابن رشدؒ نے بدایۃ المجتہد مین اس جماعت کا مذہب نقل کیا ہے) اور قاضی خان نے ایسا ہی مذہب امام مالکؒ کا بھی نقل کیا ہی، حنفیہ کے ہان گو وہ رکن حج نہین، لیکن مرتبۂ وجوب رکھتا ہی، اور کسی نے بلا عذر خاص، یہان کا قیام ترک کردیا، تو اُسے قربانی دینی ہوگی، آج کی شب مبارک، بعض فقہاء و محدثین کے بیان کے مطابق، شب قدر سے بھی بڑھکر ہے، جہان تک ممکن ہو، ساری رات تلاوت اور نماز اور مناجات و استغفار مین گزارے، آج جو ساری رات جاگ گیا، وہ خود کیا جاگا، اس کا نصیبا جاگ گیا، بہرحال جتنی دیر بھی ممکن ہو، عبادت ہی مین وقت گذارنا چاہئے، عرفات سے آتے ہوئے، راستہ

Marfat.com

مین اللہ اکبر اللہ اکبر و لا الہ الا اللہ و اللہ الحمد، پڑھتا ہوا آئے اور لبیک
اور استغفار کو بھی جاری رکھے، مزدلفہ پہونچ کر کوئی خاص دعا منصوص نہین
مناسک کی کتابون مین متعدد دعائین لکھی ہوئی ہین، راستے مین وہ وادی بھی
پڑتی ہی، جہان خانۂ کعبہ اور ربِّ کعبہ کا مشہور دشمن ابرہہ، اپنے زمانہ کی پر قوت
امپیریلزم (جہانگیریت وقیصریت) کا نمایندہ مع اپنے سارے ساز وسامان، لاؤلشکر
کے، دم کے دم مین ہلاک ہوگیا تھا، اس وادی کا نام وادی محسر ہی، فقہاء رحمہم اللہ لکھتے ہین، کہ
جب اس وادی سے گزرے تو سواری کو تیز کردے، اور یہ دعا پڑھے،

اللّٰھم لا تقتلنا بغضبك ولا تھلكنا بعذابك وعافنا قبل ذالك،	اے اللہ ہم کو نہ مارنا اپنے غضب سے اور نہ ہلاک کرنا اپنے عذاب سے، اور معاف کر اس سے پہلے ہی،

دعا کے الفاظ بہتون نے دہرائے ہونگے، خدا معلوم کسی کے دل سے ان قو
کی بھی تباہی وبربادی کی دعائین نکلین، جو آج چودہوین صدی ہجری مین
کعبہ اور ربِّ کعبہ کی عداوت مین، اس پرانی اور برباد شدہ قوم سے کہین بڑھی
ہوئی ہین، جن کی جلدین سفید ہین، مگر جن کے دل عداوتِ حرم مین حبشہ کی
اس قوم کے چہرون سے کہین زیادہ سیاہ ہوچکے ہین، اور جن کو ابرہہ کے ہاتھی
سے کہین بڑھ چڑھکر آج اپنے توپ خانون، ہوائی جہازون اور مسلح موٹر کارون
پر دعویٰ اور غرہ ہے؟

عرفات سے چلنے مین کچھ دیر تو بارش کی وجہ سے ہوئی، اور کچھ وقت معلم

کی خوش انتظامیون کی نذر ہوا، بہرحال غروبِ آفتاب کو کوئی قریب آدھ گھنٹہ کے ہوا ہوگا، جب ہمارا قافلہ روانہ ہوا، مولانا مناظر صاحب کی گمشدگی سے ہمارے ساتھیون مین ایک کی کمی ہو گئی تھی، اور نہ اونٹ کے سفر مین یہ کمی ایک اہمیت رکھتی ہے، بغیر دو سواریون کے شغدف کی میزان برابر نہین رہتی، اگر شغدف مین صرف ایک ہی طرف ایک سواری بیٹھی ہو تو شغدف اس طرف جھک کر زمین پر گر جاتا ہی، خیر، مولانا کی جگہ پر معلّم صاحب کے صاحبزادہ نے قبضہ کیا، اور قافلہ چلا، اِس وقت کے سفر کی کیا کیفیت بیان ہو، عرب مین اونٹون اور موٹرون پر سفر بہت سے کیے، دن اور رات کے مختلف حصون مین بھی کیے، لیکن اتنا پر لطف، اتنا دل کش، اتنا فرحت انگیز سفر نہ اس کے قبل کوئی ہوا نہ اس کے بعد، چاندنی رات، پانی برس کر آسمان بالکل کھل چکا تھا، کھلے ہوئے آسمان مین شب دہم کا چاند، ہر طرف روشنی پھیلی ہوئی، بارش ہو جانے سے موسم کی حالت بالکل بدلی ہوئی، نہ تپش، نہ لو، نہ گرد، نہ اُمس، اس کے بجائے خوشگوار خنکی، لطیف و سبک ہواؤن کے جھونکے چلے آرہے ہین، یہ معلوم ہو رہا ہی، کہ اپنے صوبہ یوپی مین مارچ یا اکتوبر کے مہینے کی شام ہی! مصری اور بدوی حاجی حج کی خوشی مین طرح طرح کے ترانے گا رہے ہین، پہاڑیون سے آواز ٹکراتی ہی، تو یہ معلوم ہوتا ہی، کہ گویا پہاڑیان اور چٹانین بھی جشنِ مسرت و طرب مین شریک ہین! طرح طرح کی بڑی بڑی مشعلین اور گیس کی روشنیان نوڑ علی نور، داہنے اور بائین، آگے اور پیچھے، سوئیس نہین، ہزارہا اونٹ، اوپر نظر اٹھائیے، تو دلکش اور پیارا آسمان، نیچے دیکھیے تو مضبوط اور بوجھ اٹھانے والی زمین، ادھر ادھر نظر دوڑائیے، تو ہر طرف پہاڑیون کا

Marfat.com

سلسلہ، سورۂ غاشیہ کی آیات کریمہ اَفَلَا یَنظُرُونَ اِلَی الاِبِلِ کَیفَ خُلِقَت وَاِلَی السَّمَاءِ کَیفَ رُفِعَت وَاِلَی الجِبَالِ کَیفَ نُصِبَت وَاِلَی الاَرضِ کَیفَ سُطِحَت، کی دلنشین تفسیر، بغیر کسی لفظ وعبارت کی وساطت کے، زبان حال سے از خود ہوتی چلی جارہی ہے! فقہا لکھتے ہیں، کہ مزدلفہ کے راستہ میں تکبیر وتہلیل اور اللہ کی حمد وثنا کرتا ہوا آئے زبان سے حمد وثنا تو بارہا ہوئی، یہ وہ نادر وقت ہے، جب دل بھی زبان کا شریک ہو رہا ہے! اور ایک قلب ہی کے مضغۂ گوشت پر کیا موقوف ہے، ہر ہر بن مو اس وقت شکر نعمت کی صدائیں دے رہا ہے، صبر کے مرحلہ اس سفر میں جھیلنے کو بکثرت ملتے ہیں، یہ موقع خالص مرتبۂ شکر کے طے کرنے کا ہے! شکر گذاروں کی تو ہر گھڑی شکر میں گذرتی ہے، یہ گھڑی وہ ہے، کہ ناشکرے بھی شکر گذار بنجاتے ہیں،! اللہ اکبر ولا الٰہ الا اللہ والحمد للہ،

کوئی دو گھنٹہ میں مزدلفہ پہونچ گئے، یہاں صرف ایک ہی رات بسر کرنی ہوتی ہے، اور افسوس ہے کہ بہت سے لوگ تو اتنا بھی نہیں کرتے، گذرتے ہوئے، سیدھے منیٰ چلے جاتے ہیں، اس لئے یہاں خیمے وغیرہ نہیں لگتے یوں ہی کھلے میدان میں لوگ زمین پر بستر بچھا کر یا اپنے شغدفون کے اندر لیٹ کر گزار دیتے ہیں، خوب وسیع میدان ہے، جگہ کی چپقلش نہیں ہونے پاتی، کھانے کی دوکانیں بہ کثرت، پورا بازار لگا ہوا، جابجا روشنیاں بھی نصب، ہلکی خنکی، سنا ہے، اس میدان میں عمیق رہتی ہے، اب کی سال تو اچھی خاصی خنکی ہے، پانی کی دقت اب کی سال کچھ نہیں ہوئی، نہ زیادہ گراں نہ زیادہ گندلا تھا، اور ملا بھی خاصی افراط کے ساتھ

Marfat.com

قیام اگر مسجد مشعر الحرام کے متصل جبل قزح پر ہو سکے. تو سبحان اللہ ہم لوگون کے نصیب ایسے کہان تھے، معلّم صاحب نے اپنی مہربانی سے جہان چاہا، ہمارے اونٹ بٹھلا دیئے، مسجد مین اذان کب ہوئی، اس کی خبر بھی نہ ہوئی، اور نہ کسی کی ہمت پڑی، کہ مسجد کی تلاش مین اپنا قافلہ چھوڑ کر روانہ ہو، اور گم ہو جانے کا قوی خطرہ اختیار کرے، پہونچنے کے ساتھ ہی نمازِ مغرب وعشا، بغیر درمیان مین کوئی نفل پڑھے یا کسی اور طرح فاصلہ دیے، جمع کر کے اپنے قافلہ کی جماعت کے ساتھ پڑھی گئی، آج کے دن حالتِ احرام مین نمازِ مغرب وعشا، مزدلفہ ہی مین آکر، عشا کے وقت اکٹھے پڑھنا، کم از کم حنفی مذہب مین ضروری ہی، یہان تک کہ اگر کسی نے نماز مغرب مزدلفہ کے راستہ مین پڑھ لی، تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک وہ نماز درست نہین ہوئی، اور چاہیئے کہ مزدلفہ مین پہونچ کر اسے دوبارہ پڑھے، اس وقت کے لئے اذان اور اقامت بھی ایک ہی ہے یعنی مغرب وعشا کے لئے الگ الگ تکبیر کہنے کی ضرورت نہین، ایک ہی تکبیر دونون نمازون کے لئے کافی ہوگی،

ان مسائل سے عموماً ناواقفیت ہے، یا اگر واقفیت بھی ہے، جب بھی بے پروائی برتی جاتی ہی، نمازِ مغرب کوئی صاحب عرفات ہی مین پڑھ لیتے ہین، اور کوئی صاحب راستہ مین، نماز عشا بھی بعض جلد باز حضرات راستہ مین پڑھ لیتے ہین، اس لئے بہتر ہوگا کہ یہان پہونچ کر ایک نظر فقہا، کی تصریحات پر کر لیجائے، صاحب درّ مختار لکھتے ہین :-

وصلّی العشائین باذانٍ واقامة — اور مغرب وعشا دونون نمازین مزدلفہ مین

لان العشاء فی وقتها لم تحتج
للاعلام کما لا احتیاج ھنالک ما
ولو صلی المغرب والعشاء فی الطریق
او فی عرفات اعاد،

پڑھے، ایک اذان اور ایک اقامت سے کیونکہ
عشا کی نماز تو اپنے وقت ہی پر ہو رہی ہے، اور
اس لئے اس کے اعلام کی حاجت نہین، جیسا
کہ یہان اس جمع بین الصلوٰتین کے لئے امام
بھی ضروری نہین، اور اگر مغرب یا عشا کی
نماز راستہ مین یا عرفات مین پڑھ لیجائے تو چاہئے
کہ یہان دہرائے،

اور یہی درمختار کے دونون شارحین طحطاوی و شامی نے اختیار کیا ہے،

صاحب کنز کہتے ہین:-

ولم تجز المغرب فی الطریق

آج کے دن مغرب کی نماز راستہ مین پڑھ
لینی جائز نہین،

ان کے شارح صاحب بحر الرائق فرماتے ہین:-

لم تحل صلاۃ المغرب قبل الوصول
الی مزدلفۃ

مزدلفہ پہونچنے سے قبل نماز مغرب پڑھ لینا جائز
نہین،

صاحب بدایع الصنایع لکھتے ہین:-

ولو صلی المغرب بعد غروب الشمس قبل ان یاتی
مزدلفۃ فات کان یمکنہ ان یاتی مزدلفۃ قبل طلوع الفجر
لم تجز صلوتہ وعلیہ اعادتھا ما لم
یطلع الفجر فی قول ابی حنیفۃ و محمد

اگر کسی دن نے غروب آفتاب کے بعد نماز مغرب
مزدلفہ پہونچنے سے قبل ہی پڑھ لی، تو اگر وہ
بھی اس کے امکان مین قبل طلوع فجر مزدلفہ
پہونچ جاتا ہے، تو اسکی یہ نماز صحیح نہین

وہ خلاف ابی الحسن

اور امام ابوحنیفہؒ و محمدؒ و زفرؒ و حسنؒ کے قول کے مطابق قبل فجر، اس نماز کا اعادہ کرنا چاہئے،

اور لباب المناسک مین ہی:-

ولا یصلی المغرب ولا العشاء بعرفات ولا فی الطریق حتی یدخل مزدلفة وینزل بها..... ویصلی الصلاتین او احداهما قبل الوصول الی مزدلفة لم یجز وعلیه اعادتهما بها اذا وصل،

مغرب اور عشا کی نمازین نہ عرفات مین پڑھنی چاہیین اور نہ راستہ مین یہان تک کہ مزدلفہ آجائے، اور حاجی وہان اُترے..... ..... اور اگر کوئی نماز یا دونون نمازین مزدلفہ پہونچنے سے قبل پڑھ لی ہین، تو وہ درست نہین ہوئین، اور انکا اعادہ وہان پہونچ کر لازم ہے،

اور ہدایہ مین ہی:-

ویصلی الامام بالناس المغرب والعشاء باذان واقامة واحدة..... ومن صلی المغرب فی الطریق لم یجز عند ابی حنیفةؒ ومحمدؒ،

امام جماعت کے ساتھ مغرب اور عشا کی نمازین صرف ایک ہی اذان و اقامت کے ساتھ ادا کرے..... اور اگر کسی نے مغرب کی نماز راستہ ہی مین پڑھ لی، تو امام ابوحنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک نماز درست نہین ہوئی،

صرف ایک امام ابو یوسف سے اختلاف منقول ہی، مگر فقہا مین سے کسی نے اُن کے قول پر فتوی نہ دیا،

Marfat.com

عالم اسلامی مین جو بدنظمی و انتشار سرایت کئے ہوئے ہی، اسکا نمونہ جس طرح عرفات
مین دیکھنے مین آیا تھا، یہان بھی دیکھنا پڑا، اتنا بڑا مجمع، اور نہ کسی قسم کا نظم نہ تنظیم، ایک
طوائف الملوکی سی پھیلی ہوئی، رات کا وقت، اجنبی ملک، اجنبی زبان، ممکن نہ تھا،
کہ کوئی شخص اپنے قافلہ سے کسی ضرورت کے لئے جدا ہو، اور پھر وہان تک آسانی
سے واپس پہونچ سکے، بازار تک پہونچ جانا تو خیر آسان تھا، اس لئے کہ دوکانون
پر خوب روشنی ہو رہی تھی، اور دور سے نمایان تھین لیکن بازار جاکر واپس آنا جسے
تو آخر کس پتہ، کس نشان سے واپس آئے؟ ہمارے ساتھ کی بیویان، دن بھر کے سفر
اور تکان کے بعد قدرۃً بھوکی تھین، قافلہ کے دو تین مرد بازار کھانے لینے کو گئے،
واپسی مین راستہ بھولے، اور ان پر جو کچھ گذری، بس انھین کا دل جانتا ہی، ایک ہی
طرح کے ہزارہا اونٹ اور ہزارہا شغدف ہر طرف نظر آرہے تھے، بالکل بھول
بھلیان کا سا منظر، قدم قدم پر بھٹکتے تھے، اور اپنے قافلہ والون کو چیخ چیخ کر پکارتے
پکارتے گلے پڑ گئے، جب جاکر کس مشکل سے پہونچ پائے ہین، کیا حکومت کی استطاعت
سے یہ باہر ہے، کہ مختلف ملکون کے حاجیون کے لئے مختلف عارضی سڑکین ایک شب
کے لئے تیار کرادے، اور ان سڑکون کے نام انھین ملکون کے نام پر رکھدے مثلاً
مصریہ وغیرہ، اور پھر اُن سڑکون کو مختلف قطعات (PLOTS) مین تقسیم کرکے
ہر ہر قطعہ (پلاٹ) پر ایک ایک معلم کے لئے نمبر ڈال دے، اور سڑکون
کے نامون اور ان نمبرون کو روشنی مین خوب نمایان کردیا کرے؟ اور پھر بھٹکے ہوئے
کی رہنمائی اور رہبری کے لئے تربیت پائے ہوئے، اور مختلف زبانین جاننے والے
باقاعدہ اور مستعد رضاکارون اور پہرہ دارون کے اگر صرف چند ہی دستے مقرر

Marfat.com

ہوجائین، تو غریب پردیسیون کو کتنی سہولت اور کتنی آسایش ہوجائے! سلطان کے مشیرون، خصوصاً ہندی مشیرون نے خدا معلوم کبھی رفاہِ خلق و خدمتِ حجاج کی ان صورتون کا بھی مشورہ پیش کیا ہی؟

مزدلفہ مین قیام صرف شب بھر رہتا ہی، ۱۰ر کی صبح کو، امام کو چاہیئے، کہ مسجد مشعر الحرام مین نماز اول وقت یعنی صبح صادق طلوع ہوتے ہی، اندھیرے مین پڑھ لے، صحیحین مین حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت موجود ہی، کہ آج کے دن حضور صلعم نے نمازِ فجر معمولی وقت سے پہلے پڑھی تھی، علماء حنفیہ نے بھی اسی وقت پر زور دیا ہے، نماز کے بعد چاہیئے، کہ عرفات کی طرح یہان بھی قبلہ رخ ہوکر وقوف کرین، اور خوب جی لگاکر دعائین مانگین، مقبولیتِ دعا کی یہ خاص جگہ اور خاص گھڑی ہے، اس سے فارغ ہوکر، آفتاب نکلتے نکلتے یہان سے منیٰ کی طرف روانہ ہوجانا چاہیئے، اور منیٰ پہونچکر شیطانون پر جو کنکریان ماری جائین گی، انکا بھی یہیں سے چن لینا مسنون و افضل ہی، منیٰ مین اگر ۱۳ر تک رہنے کا قصد ہو تو ۷۰ کنکریان گن کر لے لے، اور اگر صرف ۱۲ر ہی تک ٹھہرنا منظور ہو تو ۷۰ کنکریان کافی ہون گی، کنکریان چھوٹی ہون تو بہتر ہی، دانہ باقلہ کے برابر، اگر اس سے بڑی یا چھوٹی ہون تو بھی جائز ہی، ان کنکریون کو دھوکر ساتھ رکھنا لینا چاہیئے، نجس کنکری پھینکنا مکروہ ہے، وقوفِ مشعر الحرام کے وقت یہ دعا پڑھے، تو افضل ہی:—

اللّٰھم بحق مشعر الحرام و البیت الحرام و الشھر الحرام و الرکن	اے اللہ، مشعر الحرام کے حق سے، اور خانہ کعبہ کے حق سے، اور اس پاک مہینہ کے حق سے، اور

Marfat.com

والمقام بلّغ روح محمد منا التحية والسلام وادخلنا دار السلام یاذوالجلال والاکرام،	حجر اسود اور مقام ابراہیم کے حق سے، محمدؐ کی رُوح کو ہمارا درود وسلام پہونچادے، اور اے بزرگی وعظمت والے ہم کو رحمت کے گھر (جنت) مین داخل کر،

اس کے بعد الحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہے، اور لبیک کہے، اور درود پڑھے، اور پھر جو حاجت چاہے، دونون ہاتھ اٹھاکر دعا مانگے،

اعمالِ حج کا سارا سلسلہ ادھر سے عبدیت وانابت، اور اُدھر سے رحمت ومرحمت کا ایک مسلسل مظاہرہ ہے، مہمان کو اپنے گھر بلاکر شریف اور کریم النفس میزبان کیسی کیسی خاطرین کرتے ہین، لطف ومدارات مین کیا کوئی کسر اٹھا رکھتے ہین؟ پھر وہ جو سب کریمون سے بڑھکر کریم، اور سب حاتمون سے بڑھکر حاتم ہی، جو کرم اور کریمی سب کا خالق وپروردگار ہی، کیا وہ اپنے گھر کے مہمانون پر لطف ونوازش کی بارش کرنے مین کوئی بات اٹھا رکھے گا؟ اس کے خزانہ مین مغفرت ومرحمت کی کوئی کمی ہے؟ اس کے جود وعطا مین بخل کی کسی آمیزش کا امکان ہی؟ میدان عرفات مین آپ کے سرورؐ وسردارؐ نے آپ کے حق مین، اپنے مولا وپروردگار کے سامنے ہاتھ پھیلا پھیلا کر جو کچھ مانگا تھا، اور وہان سے جو کچھ ملا تھا، اس سے آپ واقف ہوچکے، اب سنئے کہ آپ کا اور ساری دنیا کا وہ غمخوار اور غمگسار، جب عرفات سے مزدلفہ پہونچتا ہی، تو کیا مانگتا ہی، اور کیا پاتا ہی، کیا طلب کرتا ہے، اور کیا کیا ملتا ہے، خوب یاد رہے، کہ مانگنے والا کون تھا، اور دینے والا کون تھا، عباس

بن مرداس سلمی سے روایت ہی، کہ

ان رسول اللہ صلی دعا لامتہ عشیۃ عرفۃ بالمغفرۃ فاجیب انی قد غفرت لھم ما خلا الظالم فانی آخذ للمظلوم منہ قال ای رب ان شئت اعطیت المظلوم الجنۃ و غفرت للظالم فلم یجب عشیتہ فلما اصبح بالمزدلفۃ اعاد الدعاء فاجیب الی ما سال قال فضحک رسول اللہ صلعم او قال تبسم فقال ابوبکر و عمر بابی انت و امی ان ھذہ لساعۃ ما کنت تضحک فیھا فما الذی اضحکک اضحک منک قال ان عدو اللہ ابلیس لما علم ان عز وجل قد استجاب دعائی و غفر لامتی اخذ التراب فجعل یحثوہ علی راسہ و یدعو بالویل والثبور فاضحکنی ما رایت من جزعہ (ابن ماجہ)

رسول اللہ صلعم نے عرفات مین سہ پہر کے وقت اپنی امت کی مغفرت کی دعا کی، تو جواب ملا کہ ہم نے بخش دیا تیری امت کو بجز اُن لوگون کے کہ جو دوسرون کے حقوق تلف کرنیوالے ہین، مظلومون کا بدلہ ضرور لیا جائیگا"، اسپر آپنے پھر عرض کیا کہ "اے پروردگار اگر تو چاہے تو مظلوم کو جنت دیکر اسے اسپر راضی کر سکتا ہی، کہ وہ ظالم کو معاف کر دے" اور ظالم کی بھی مغفرت کر دے" اسکا کچھ جواب نہ ملا یہان تک کہ آپ عرفات سے مزدلفہ مین آگئے اور مزدلفہ مین صبح سویرے آپنے پھر یہی دعا کی، اس وقت یہ دعا قبول ہوگئی، اس وقت آپ مسرت سے ہنس پڑے (یا تبسم فرمانے لگے) ابوبکرؓ و عمرؓ نے عرض کی، کہ ہمارے ماں باپ حضور پر فدا ہون، آپ ان اوقات (دعا و مناجات) مین تو کبھی ہنسے نہین تھے، آپ اللہ کو ہنستا ہی رکھے، اسوقت آپ کیسے ہنسے؟ آپنے ارشاد فرمایا، کہ جسوقت اللہ کے دشمن ابلیس نے یہ دیکھا کہ اللہ نے میری دعا قبول فرمائی اور میری (ساری) امت کی مغفرت کا پروانہ مرحمت ہوگیا تو زمین سے خاک اٹھا اٹھا کر اپنے سر پر ڈالنے لگا، اور غم و غصہ سے لوٹنے لگا، تو مجھے یہ جزع و فزع دیکھکر ہنسی آگئی،

Marfat.com

اللہ اکبر! جو کچھ عرفات مین بھی نہ ملا تھا، مزدلفہ مین مل گیا! اس رحمتِ بے حساب کا کوئی حساب لگا سکتا ہے؟ اس کرم بے نہایت کی کوئی پیمائش کر سکتا ہے! مزدلفہ کی بزرگیون اور عظمتون کا کون اندازہ کریگا؟ اور جس نے مزدلفہ مین یہ دعائین مانگین اس کے لطف و شفقت کا کون احاطہ کر سکتا ہی؟ اور پھر جس نے ان دعاؤن کو قبول کیا، اس کی شانِ رحمت و مغفرت کے اظہار کے لئے کوئی لفظ، کوئی عبارت کافی ہو سکتی ہی؟

Marfat.com

باب ۳۲

منیٰ بعد حج نمبر (۱)

حج کے سلسلۂ اعمال مین عرفات اور مزدلفہ کی حاضری تو کہنا چاہئے کہ بس کھڑی سواری ہی ہوتی ہی، عرفات مین جاتے ہوئے منیٰ مین بھی کچھ ایسا طویل قیام نہین ہوتا، البتہ عرفات و مزدلفہ سے واپس آکر منیٰ مین ایک خاصہ طویل قیام ہوتا ہے یعنی ۱۰ ار کی صبح سے لیکر کم سے کم ۱۲ ار کی شام تک، ورنہ ۱۳ ار تک اس تین چار دن کے عرصہ مین مختلف واجبات و سنن ادا کرنے ہوتے ہین، مثلاً شیطان کے کنکریان مارنا، قربانی کرنا، سر منڈانا وغیرہ، اور اسی درمیان مین مکہ جاکر خانہ کعبہ کا فرض طواف بھی ادا کرنا ضروری ہے، اس سے پہلے جتنے طواف کئے تھے، وہ کوئی حج کے فرض طواف نہ تھے، حج کا فرض طواف وہی ہی، جو عرفات سے واپسی کے بعد ادا کیا جائے، ہم لوگ ۱۰ ار ذی الحجہ (یکشنبہ) کو دن نکلے مزدلفہ سے روانہ ہوئے تھے، اور ڈھائی گھنٹے مین منیٰ پہونچ گئے، آج کے ہجوم اور کشمکش کا کیا پوچھنا! منیٰ کے حدود شروع ہونے تھے، کہ ہجوم کی زیادتی بھی محسوس ہونے لگی، ایک ہی سڑک، اسی پر اونٹ بھی چل رہے ہین، گھوڑے گدھے اور خچر بھی، پیدل

چلنے والے انسان بھی، اور کہین کہین موٹر بھی! آنے والون کے لئے بھی، وہی راستہ، اور جانے والون کے لئے بھی وہی! نہ کسی قسم کی ترتیب نہ تنظیم، نہ پولیس کی طرف سے انتظام، نہ کسی اور محکمہ کی طرف سے، ہر ایک کی یہی کوشش کہ جس طرح ممکن ہو، دوسرے کو دھکا دیکر اپنے لئے جگہ پیدا کرے، چقلش کا اندازہ سمجھ رکھنے والے ناظرین کے لئے دشوار نہین! اونٹ سے اونٹ لڑ رہے ہین، اور شغدف سے شغدف ٹکرا رہے ہین، اونٹ اپنی طرف زور زور سے بلبلا رہے ہین، اور ان بے زبان جانورون سے کہین زیادہ چیخ چیخ کر ان کے زبان دراز جمّال اور معلّم، اور معلمون کے کارندے آسمان سر پر اُٹھائے ہوئے ہین! اور شغدفون کے اوپر جو سواریان بیٹھی ہوئی ہین، کچھ نہ پوچھئے، کہ خوف و دہشت سے اُن کی کیا حالت ہو رہی ہے کچھ گلا پھاڑ پھاڑ کر چلّا رہے ہین، اور یہ سمجھ رہے ہین، کہ ان کا شغدف اب گرا اور اب گرا، اور کچھ بدحواس ہو کر بالکل چپ سادھ گئے ہین! اور گرد و غبار کی تو حد ہی نہین، ہاتھ اور پیر، کان اور ناک، سر اور منہ، سب خاک سے اٹے ہوئے اِس وقت اپنی جانِ عزیز کے لالے پڑے ہوئے ہین، صفائی اور پاکیزگی کا خیال کس کو!

بڑی فکر یہ سوار تھی، کہ چل کہان رہے ہین، اور منزل پر پہونچکر اترین گے کہان؟ عرفات کے میدان مین قیام کر کے خوب تجربہ ہو چکا تھا، کہ عرب کی بے پناہ گرمی سے معلّم صاحب کے عنایت کئے ہوئے، دو تنگ اور ہلکے خیمے کہان تک پناہ دے سکتے ہین، پھر وہان تو چند گھنٹے کا معاملہ تھا، کسی طرح گذر ہو گئی

یہان پورے تین دن قیام کرنا ہی، قربانیان ہونگی اور قربانیون کے بعد اپنے ہاتھون کی پیدا کی ہوئی گندگی اور عفونت کی بناپر جو وبائی بیماریان پھیلین گی، انکا کیا علاج ہوگا؟ دماغ مین یہ فکرین گونج ہی رہی تھین، کہ مہربان معلم صاحب نے یہ مژدہ سنایا کہ خیمے ہنوز نصب نہین ہوئے، بلکہ ہم لوگون کے پہونچ لینے کے بعد کہین نصب ہونے شروع ہون گے! انا للہ، اس کو چھوڑئیے کہ نصب کس مقام پر ہونگے، وہ جگہ کیسی ہوگی، ابھی سرے سے نصب ہی نہین ہوئے ہین، اور نہ ان کے نصب ہونیکی کوئی عجلت ہی! فرنگی قومون کا نکتہ چین مدیر سچ سے بڑھکر اور کون ہوگا، لیکن ایسے موقعون پر شرم وندامت سے کہنا پڑتا ہی، کہ ہمارے دیندار، کاش ان بے دینون ہی سے کچھ سبق حاصل کرتے! بڑے سے بڑے مجمع ان دینا پرستون کے ہان بھی ہوتے ہی رہتے ہین، پھر آخر وہ کس طرح خوبی اور خوش اسلوبی کے ساتھ اپنے مہمانون کی راحت اور پردیسیون کی آسایش کا سامان بات کی بات مین کر دیتے ہین، اور پردیس کو دیس سے بھی کہین بڑھکر خوشگوار بنا دیتے ہین! یہ بالکل صحیح ہی، کہ عبادت عبادت ہی کے لئے کیجاتی ہی، نہ کہ لذت اور مزہ داریون کے لئے، لیکن بلا ضرورت مشقت اور تعب برداشت کرنا اور عبادت کو بلا وجہ تکلیف دہ اور ناخوشگوار بنا دینا، یہ آخر کس آئین شریعت وقانون طریقت کے مطابق ہی؟

پختہ مکانات کی قدر آج جاکر معلوم ہوئی، اپنے دیس مین آنکھ کھولی، تو پختہ مکان کے اندر، ساری عمر حویلیون اور کوٹھیون ہی مین گذری، دل نے معمولی بات اور انھین اپنا فطری حق سمجھکر ان کی قدر نہ پہچانی، اور ایک اسی پر کیا موقوف

ہے، اللہ کی جو بھی نعمت بلا مشقت اور فراوانی کے ساتھ ملتی رہتی ہے، ان سب کے ساتھ اپنی ناشکریون کا یہی معاملہ رہتا ہے، آج جب اپنے قبضے مین کوئی پختہ چھت نہ تھی، اور یہ تصور پیش نظر تھا، کہ مئی کے مہینے مین عرب کے ملک مین تین دن اور دو راتین، مع ایک پورے قافلہ کے، کھلے میدان، یا کپڑے کی چھت کے نیچے کاٹنی ہونگی، تو زندگی مین پہلی بار یاد پڑا، کہ پختہ مکان کا میسر آجانا بھی اللہ کی ایک خاص نعمت ہے، اور اللہ کے بیشمار بندے ایسے ہین، جو ساری ساری عمرین بغیر اس نعمت ہی کے بسر کر دیتے ہین! حیدرآباد کے سرکاری قافلہ کے لئے جو پختہ مکان یہان کرایہ پر لیا گیا تھا، وہ عظیم الشان تھی، اور یہ بھی صحیح کہ حجاج حیدرآباد کے سرکاری ایجنٹ، حاجی بلال صاحب بڑے خلیق اور سالار قافلہ میر فیض الدین صاحب وکیل ان سے بھی بڑھکر خلیق، متواضع و مہمان نواز، لیکن بہرحال ان بیچارون کے پاس بھی تو جگہ محدود ہی ہے، دو ایک آدمی ہوتے تو بھی مضائقہ نہ تھا، لیکن یہ پورے سولہ آدمی، جنمین عورتین بھی ہین، اور بوڑھے بھی، وہان کہان ٹھہر سکینگے، اور ان کی راحت و آسایش کے لایق وہ لوگ بیچارے، کہان سے انتظام کر سکینگے

——— دل ابھی اسی حمیص بیص مین تھا، اور قریب تھا، کہ معلم صاحب کسی مقام پر شغدفون کو اتارنے کا حکم دیدین، کہ اتنے مین ہماری سالی صاحبہ، بیگم نواب ناظر یار جنگ بہادر، جج ہائی کورٹ، حیدرآباد مع اپنے شوہر کے دکھائی دین (حیدرآباد کے ناظر یار جنگ بہادر اور لکھنؤ کے ڈاکٹر ناظر الدین حسن بیرسٹرایٹ لاسے وکن اور اوپ مین کون ناواقف ہوگا!) یہ بھی مع اپنے شوہر اور بچون کے اسی سال حج کے لئے آئی ہوئی ہین، انکا ملنا تھا کہ مکان کی مشکل آسان تھی، ان کے پاس علاوہ اچھے

وبضبوط خیمون، اور قناتون سے بھرے ہوئے صحن کے، ایک مختصر پختہ مکان بھی تھا اور اچھے موقع سے تھا، آدھ گھنٹہ مین میرا ذاتی قافلہ آٹھ آدمیون کا، ان کا مہمان تھا، بقیہ آٹھ ساتھی حیدرآباد والے مکان مین اتر پڑے، اور وہ سب بھی آرام سے رہے

——— باوا آدمؑ جنت سے جدا ہونے کے بعد جب مزدلفہ مین اماں حوا سے ملے تھے، تو انکی اس وقت کی مسرت کی روایتین اور حکایتین بہتون نے پھیلا پھیلا کر لکھی ہین، اس مسرت وراحت کا ایک ہلکا سا نمونہ اس ابن آدم کو مزدلفہ مین نہ سہی، منیٰ مین بیوی کی بہن سے مل کر دیکھنے مین آیا، اسے کوئی صاحب محض لطیفہ نہ سمجھین، یہ واقعہ ہے کہ جو راحت و آسایش اس پختہ مکان کے نصیب ہو جانے سے ملی، اس کی عشر عشیر بھی خیمہ مین ممکن نہ تھی،

آج ۱۰ ذی الحجہ کو منیٰ مین داخل ہوتے وقت اگر یہ دعا پڑھی جائے تو بہتر ہے:-

اللھم ھذہ منیٰ قد انتھا دانا	اے اللہ مین آج منیٰ مین پہونچا ہون، مین تیرا
عبدک وابن عبدک اسألک ان	بندہ ہون اور تیرہ بندہ زادہ ہون، تجھ سے
تمن علیّ بھا منت بہ علی اولیائک	التجا کرتا ہون کہ میری آرزوئین پوری کر،
اللھم انی اعوذبک من الحرمان	جس طرح تو نے اپنے اولیار کی آرزوئین پوری
والمصیبۃ فی دینی یا ارحم الراحمین	کی ہین، اے اللہ مین پناہ مانگتا ہون کہ دین
الحمد اللہ الذی المغنی سالماً	کے باب مین محرومی اور مصیبت مین پڑون
وغانماً۔	اے سب سے بڑھکر رحم کرنے والے، شکر ہی، اس

Marfat.com

منیٰ کے دورانِ قیام مین خاص عبادتین یہ چار ہین، شیطانون کے کنکریان مارنا، جسے اصطلاح مین رمی کرنا یا رمی جمرات کرنا کہتے ہین، قربانی کرنا، حلق یا قصر (یعنی سر کے بال منڈانا یا کتروانا) اور مکہ جاکر طوافِ زیارت کرنا، ترتیبًا رمی کا شروع کردینا سب سے مقدم ہی، روایتون مین آتا ہی، کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ جب اپنے لختِ جگر حضرت اسمعیلؑ کو ذبح کرنے لے چلے ہین، تو راستہ مین تین مرتبہ شیطان ملا، اور باپ بیٹے کو راہِ حق سے بہکانا چاہا، اور تینون مرتبہ ناکام و نامراد رہا، اس واقعہ کی یادگار مین انھین تینون مقامات پر پتھر کے قدِ آدم ستون بے ہنگم اور بے ڈول سے تعمیر کردیئے گئے ہین، اور ربِ جلیل کے بندے، سنتِ خلیلؑ کے قایم رکھنے کو آج تک برابر انھین مقامات پر شیطان کو کنکریان مارتے چلے آرہے ہین، ہر ستون کو جمرہ کہتے ہین، جمرات اور جمار اسی لفظ جمرہ کی جمع ہے "رمی" کے لفظی معنی مٹی پھینکنے کے ہین، تینون جمرے عین سڑک پر بازار کے وسط و وسط مین واقع ہین، جو جمرہ مکہ سے آتے وقت سب سے پہلے، منیٰ کے کنارے پر پڑتا ہے، اسے جمرۂ عقبہ کہتے ہین، دوسرے کو جمرۂ وسطیٰ، اور تیسرے کو جمرۂ اولی، جو عرفات و مزدلفہ کی سمت مین واقع ہی، عوام کی زبان مین یہ بڑا شیطان منجھلا شیطان، چھوٹا شیطان کہلاتے ہین، تینون کے درمیان ایک ایک دو دو فرلانگ کا فاصلہ ہی،

آج جمرۂ عقبہ کی رمی کرنی چاہئے، اور آج کے لئے صرف ایک جمرہ کی رمی ہے، باقی دو کی نہین، رمی کی کنکریان، جنس زمین سے ہونا چاہئے، یعنی پتھر یا مٹی کی کنکریان، اگر کوئی شخص لوہے، سونے چاندی کی کنکریان بنا کر مارنا چاہے تو

صحیح نہ ہوگا، کنکریان تعداد مین سات سے کم نہ ہون، اگر زیادہ ہو جائین مضائقہ نہین، ہر کنکری داہنے ہاتھ سے، انگوٹھے اور کلمہ کی انگلی سے پکڑ کر پھینکے، اور پھینکتے وقت یون تکبیر کہنا چاہیے، بسم اللہ اللہ اکبر رجماً للشیطان، ساتھ ہی یہ دعا بھی پڑھ لے تو بہتر ہے، اللّٰھم اجعل حجی مبروراً وسعیی مشکوراً وذنبی مغفوراً، کنکریان بہتر ہے کہ مزدلفہ سے چنکر اپنے ہمراہ لائے، نہ ہون، تو دوسری کنکریون سے بھی درست ہے، البتہ جو کنکریان دوسرون کی پھینکی ہوئی وہان پہلے سے پڑی ہوئی ہین، انھین کو اٹھا اٹھا کر رمی کرنا مکروہ ہے، جمرۂ عقبہ کے تین طرف نشیب ہی بہتر ہے کہ وہین کھڑے ہوکر رمی کرے، لیکن اگر ہجوم کے باعث وہان جگہ نہ ملے یا زیادہ وقت کا خیال ہو، تو چوتھی طرف پہاڑی ہی، اس کی بلندی سے بھی پھینکنا جائز ہے، کنکریون کو دھو لینا بھی بہتر ہے، تاکہ نجاست کا شبہہ نہ رہے، آج کے دن اس جمرہ کی رمی کے بعد ہی چلا جائے، تو قف کرنا مسنون نہین، دیکھتے دیکھتے تھوڑی دیر مین کنکریون کا ایک پورا ٹیلا بنجاتا ہی، اگر حاجیون کا شمار کم سے کم تخمینہ کے بموجب، ایک لاکھ ہی فرض کیا جائے، اور ہر حاجی کی کنکریون کی تعداد بھی کم سے کم فرض کیجائے، یعنی سات سات، تو صرف آج ہی کے دن (ابھی آیندہ تاریخون کا حساب نہین) اس جمرہ پر کم سے کم سات لاکھ کنکریان تو اکٹھی ہو ہی جاتی ہین، لیکن اللہ کی قدرت، کہ آپ ہی آپ یہ سارا ٹیلہ غائب بھی موجاتا ہی، اور حج کے بعد اگر دیکھیے، تو پھر وہی صفا چٹ میدان، رمی پیدل بھی کرنا جائز ہی، لیکن امام ابوحنیفہؒ و امام احمدؒ کے قول کے مطابق سواری کے اوپر کرنا افضل ہی (قاضیخان) بہتر یہ ہے کہ ہر حاجی اپنے ہاتھ سے رمی کرے،

Marfat.com

لیکن بیماروں ناتوانوں، اور معذوروں کی طرف سے نیابۃً کوئی دوسرا بھی کر سکتا ہے، اس رمی کا وقت افضل و مسنون آج کی تاریخ طلوعِ آفتاب سے لیکر زوال تک ہے، زوال و غروب کے درمیان بھی بلا کراہت جائز ہے، بعد غروب طلوع صبح صادق تک جائز ہے، مگر بہ کراہت، لبیک ابتک تقریباً ہر موقع کا ایک ضروری جزو تھا، پہلی رمی کے ساتھ ہی اسے موقوف کر دینا چاہیے،

ہم لوگ بحمداللہ دوپہر تک رمی سے فارغ ہو گئے، اس کے بعد قربانی کا نمبر آتا ہے، قربانی کے لئے تین جانور شریعت نے رکھے ہیں، اونٹ، گائے، بھیڑ یا بکری، اونٹ گائے اور بیل میں سات سات آدمیوں کی شرکت ہو سکتی ہے، بھیڑ اور بکری میں شرکت، مذہب حنفی میں جائز نہیں، ہر شخص کی طرف سے ایک بکری یا بھیڑ ہونی چاہیے، اس کے باوجود بھی کفایت بھیڑ یا بکری ہی میں ہوتی ہے، اونٹ کثرت سے قربانی کے لئے ملتے رہتے ہیں، لیکن سات حصوں میں تقسیم ہونے پر بھی خاصے گران پڑتے ہیں، گائے بیل بھی اچھی خاصی تعداد میں مل جاتے ہیں لیکن اگر کفایت کا خیال مدِ نظر نہ ہو، اور جیب میں کافی گنجایش ہو تو افضل یہی ہے کہ اونٹ کی قربانی کرے، فقہاء کی تصریحات اونٹ اور پھر گائے کے حق میں ہیں،

اعلاہ البدنۃ من الابل والبقر (ردالمحتار) بہترین قربانی اونٹ اور گائے کی ہے،

لہ اعلی وھو الابل وھو افضلہ و	ایک قربانی اعلیٰ و افضل ہے، اور وہ اونٹ کی ہے
اوسط وھو البقر (طحطاوی)	ایک درجہ اوسط کی ہے، اور وہ گائے کی ہے،
عندنا افضلھا الابل ثم البقر	ہمارے مذہب میں سب سے اعلیٰ قربانی اونٹ

Marfat.com

ثم الغنم (فتح القدیر) | ہے، پھر گائے کی، اور پھر بکری کی،

امام شافعیؒ نے عطاؔ کے حوالہ سے یہ روایت بھی نقل فرمائی ہی، کہ سب سے ادنیٰ قربانی بھیڑ بکری کی ہے، بکریون اور بھیڑون کا زخ منیٰ مین تقریبًا وہی ہے، جو ہندوستان مین عید اضحیٰ کے موسم مین ہوجاتا ہی، پہلے ہر شخص جہان چاہتا تھا، اپنا جانور ذبح کرڈالتا تھا اور خون گوشت کھال ہر جگہ پڑی رہتی تھی، گویا سارا منیٰ ایک وسیع مذبح تھا، اس سے قدرۃً عفونت پھیلتی، اور طرح طرح کی وبائین نمودار ہوتین، لیکن سال خدا کے فضل سے اس طرح کی نوبت نہین ہوئی، ایک مستقل مذبح بن گیا ہی، وہین جاکر سب نے قربانین کین، اور وباؤن اور بیماریون سے بالکل امن رہا، ہمارے قافلہ مین شیخ مشیر الزمان صاحب، ہمہ تن خلوص و فدویت ہین، اور ایک پیکر ایثار و انقیاد، قافلہ بھر کا سارے سفر مین اول سے آخر تک عملی اور انتظامی کام وہی کرتے رہے، آج بھی اس کڑی دھوپ مین ہم لوگون کو تو باہر نکلنے کی ہمت ہوئی نہین، وہی بیچارے جاکر ہم آٹھ شخصون کی طرف سے قربانیان کر آئے،

یاد رہے کہ سات و آٹھ کی درمیانی شب مین حج کے لیے جو احرام باندھا تھا وہ ابھی بندھا ہوا ہے، اور احرام کے جو قیود و شرائط ہین، ان کی پابندیان اسوقت تک بدستور نافذ ہین، صرف تلبیہ (لبیک کہنا) البتہ پہلی رمی کے بعد موقوف ہوگیا ہے، قربانی سے فراغت کے بعد احرام اتارنے کی فکر ہوئی، اس کے لیے مذہب حنفی مین ضروری ہی کہ پہلے سر منڈادیا جائے، یا کم سے کم بال کتروا دیئے جائین، فضیلت سر منڈانے والون کو ہی، سرورِ کائنات (صلعم) نے ان کے حق مین از خود دعا فرمائی

Marfat.com

ہے، اور بال کترنے والون کے حق مین صحابہؓ کے اصرار سے، فقہا لکھتے ہین، کہ سر منڈانا ایسا ہے، جیسے غسل کرنا، اور بال کترانا ایسا ہے، جیسے وضو کرنا، بہرحال اب حجام کی تلاش شروع ہوئی، ایک پیر مرد دستیاب ہوے، اتفاق سے وہ یہی نہین کہ ہندوستانی اور ہمارے صوبہ کے تھے، بلکہ خاص ہمارے ضلع بارہ بنکی کے نکلے، تیس چالیس سال ہوئے وطن چھوڑکر یہین چلے آئے ہین، عورتون کے لئے سر منڈانا جائز نہین، ان کے لئے بالون کی لٹ انگلی کی ایک پور کے برابر کاٹ ڈالنا کافی ہے، سر منڈاتے وقت کچھ دعائین پڑھتے رہنا، اور تکبیر کہتے رہنا، مستحب ہے، لیکن ہمارے حجام صاحب کو اللہ کے ذکر سے زیادہ دلچسپ اپنی باتین معلوم ہوئین، عصر کا وقت آخر ہو رہا تھا، کہ ہم لوگ حجامت سے اور غسل سے فارغ ہو گئے، حج کی وردی (احرام) جسم سے اتار دیا اور سب نے اپنا معمولی لباس پہن لیا،

باب ۳۳

منیٰ بعد حج نمبر (۲)

کلام مجید مین ایک مقام پر، جہان مناسکِ حج کا ذکر ہی، ایک حکم یہ بھی ہے، کہ ولیطوفوا بالبیت العتیق (سورہ حج) لوگ خانہ کعبہ کا طواف کرین، حج کے اصلی رکن یعنی فرائض، احرام پوشی کے بعد صرف دو ہین، وقوف عرفات اور طواف کعبہ، مفسرین وفقہا، کا اجماع ہی کہ جو طواف فرض ہی، وہ یہی طواف ہی، جو وقوف عرفات کے بعد، یوم عید (۱۰ ذی الحجہ) کو یا اس کے بعد کیا جائے، اس سے قبل جو پہلا طواف کیا تھا، وہ عمرہ کا طواف تھا حج کا طواف نہ تھا، درمیان مین اور جتنے طواف کئے تھے، سب نفل طواف تھے، طواف فرض کا وقت اب آیا، اس کے لئے ضروری ہی کہ منیٰ سے جاکر کیا جائے، اور بہتر یہی ہی، کہ اس سے فارغ ہوکر پھر منیٰ مین واپس آئے، اور یہان رمی جمرات (شیطان پر کنکریان مارنے) کو تکمیل تک پہونچائے، اس طواف کا مشہور نام طوافِ زیارت ہی، طوافِ رکن، طوافِ اضافہ، طوافِ یوم النحر بھی اسی کو کہتے ہین، یہ طواف قربانی کرکے اور سر منڈانے کے بعد ہر وقت کیا جا سکتا ہی، اس کا وقت ۱۰ کی صبح سے شروع ہوکر ۱۱ اور ۱۲

Marfat.com

تک رہتا ہی، لیکن افضل یہ ہی کہ ۱۰ ہی کو کرلے، رسول اللہ صلعم نے ۱۰ ہی کو یہ طواف ادا فرمایا تھا، طواف کے طریقے اوپر تفصیل سے بیان ہو چکے ہین، بس انھین طریقون پر یہ طواف بھی ہوگا، اسی طرح باب السلام سے مسجد حرم مین داخلہ، اسی طرح نیت طواف، اسی طرح سات پھیرے، اسی طرح مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز، اسی طرح آب زمزم کے تبرک سے فیض یابی، اسی طرح صفا و مروہ کے درمیان سعی غرض کوئی نئی بات اس طواف کے ساتھ مخصوص نہین،

حدیث اور فقہ کی کتابون مین ایک بحث یہ آتی ہی، کہ کسی شخص نے صبح کے وقت یہ طواف کیا، اور منیٰ بھی اسے واپس آنا ہی، تو وہ نماز ظہر کہان پڑھے؟ مسجد حرام مین یا منیٰ مین واپس آکر؟ حدیث مین روایات دونون طرح کی ملتی ہین، اور لطف یہ کہ ہے کہ دونون روایتین صحیح مسلم کی ہین، پہلی حدیث باب حجۃ النبی صلعم مین حضرت جابرؓ کے حوالہ سے ایک بڑی طویل روایت مین آتی ہے، اور اس مین صاف یہ فقرہ آتا ہی، کہ

فافاض الی البیت فصلی بمکۃ الظھر،	حضورؐ نے خانہ کعبہ کے طواف افاضہ کے بعد مکہ مین نماز ظہر ادا کی،

اور دوسری حدیث باب استحباب طواف الافاضۃ یوم النحر مین حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے حوالہ سے یون آتی ہی:-

عن نافع عن ابن عمر ان النبیؐ صلعم افاض یوم النحر ثم رجع	نافعؒ حضرت ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہین کہ رسول اللہ صلعم نے ۱۰ ذی الحجہ کو طواف

Marfat.com

فصلے الظھر بمنی،

افاضہ کیا، اس کے بعد واپس چلے آئے اور نماز ظہر منیٰ مین ادا کی،

صرف اتنا ہی نہین، بلکہ حضرت نافعؒ سے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا یہ تعامل بھی منقول ہے، کہ

قال نافع فکان ابن عمر یفیض یوم النحر ثم یرجع فیصلّی الظھر بمنیً ویذکر ان النبی صلعم فعلہ

آپ دسوین ہی کو طوافِ افاضہ کیا کرتے تھے، اور پھر نماز ظہر منیٰ مین واپس آکر پڑھا کرتے تھے، اور فرماتے تھے کہ یہی عمل تھا رسول (صلعم) کا،

محدثین نے دونون معارض روایتون کے درمیان تطبیق یون دی ہی، کہ

وجہ الجمع بینھما انہ صلعم طاف للافاضۃ قبل الزوال ثم صلّی الظھر بمکۃ فی اول وقتھا ثم یرجع الی منًا فصلّی بھا الظھر مرۃً اخریٰ باصحابہ حین سالوہ ذالک فیکون منفذًا بالظھر الثانیۃ الق بیانًا

حضورؐ نے طواف، قبل زوال فرمایا، اس کے بعد نماز ظہر اول وقت مکہ مین پڑھ لی، پھر جب منیٰ واپس تشریف لائے، تو صحابہ کے دریافت فرمانے پر حضورؐ نے ان کے ہمراہ منیٰ مین دوبارہ پھر نماز پڑھ لی، اور یہ دوسری نماز بہ طور نماز نفل کے ہوگئی،

یہ عبارت علامہ نووی شارحِ مسلم کی تھی، اور اسی قول کو بہتون نے اختیار کیا ہے۔

یہ فیصلہ محدثین کا تھا، ہمارے فقہاء رحمہم اللہ مین صاحب فتح القدیر نے یہ بات خوب لکھدی ہی، کہ جب دو روایتین ایک دوسری کے متضاد ملتی ہین، تو دونون

Marfat.com

ساقط ہو جاتی ہین، اور نماز ظہر تو بہر حال پڑھنا ضروری ہی، پس بہتر ہے کہ اسے مکہ ہی مین پڑھا جائے، کہ مسجد حرم کی نماز کی فضیلت بجائے خود ثابت و مسلم ہے، ۱۰ر کو اتنی مہلت تو کیا ملتی، دن نکلنے کے دو تین گھنٹے بعد تو پہونچے ہی تھے، قیامگاہ کی تلاش، وہان سے کنکریان پھینکنے کے لئے مجمع کو چیرتے ہوئے، اور خاصی مسافت طے کر کے جمرہ عقبہ تک جانا، ہجوم کے اندر گھس پل کر کسی طرح رمی سے فارغ ہونا اور پھر اسی طرح مجمع کے اندر سے دھکے کھاتے ہوئے واپس آنا، کھانا کھانا، قربانی کرنا، سر منڈانا، غسل کرنا، سارا دن اسی مین تمام ہو گیا، اور ۱۱ر سے قبل طواف زیارت کے لئے مکہ جانے کی نوبت نہ آسکی، ابھی گذر چکا ہی، کہ ۱۰ر کا طواف افضل ہی لیکن دین فطرت مین ہر طرح کی آسانیان اور سہولتین ہی ہین، دین سختیون اور دشواریون کا نام نہین، فقہاء رحمہم اللہ کے ہان یہ تصریح بھی موجود ہی، کہ ساتھ مین اگر عورتین ہون، تو بلا تکلف بجائے ۱۰ر کے ۱۱، ۱۲، کو طواف کیا جا سکتا ہی اس لئے کہ ۱۰ر کو ہجوم بہت زیادہ ہوتا ہے، یہ رعایتین اور رخصتین ہم جیسے ضعفاء کے حق مین پروانۂ رحمت ثابت ہوتی ہین،

۱۱ر ذی الحجہ، کو صبح سے سواری کی تلاش شروع ہوئی، یاد رہے، کہ مکہ سے ۸ر ذی الحجہ پانچ دن کے لئے جو اونٹ کرایہ پر کئے گئے تھے، ان کے کرایہ مین منیٰ سے مکہ تک کا یہ طواف زیارت والا سفر شامل نہ تھا، —— کم از کم ہمارے معلم نے تو یہی دستور ہمین بتایا، —— بہر حال خاصی تلاش و انتظار کے بعد چار اعرابیون سے کرایہ طے ہوا، ہمارے قافلہ کے علاوہ ناظر یار جنگ کا

Marfat.com

کا قافلہ بھی ہمراہ ہوا، اس لئے اتنی سواریون کی ضرورت پڑی، اعرابی کی بابت پہلے کسی مقام پر ذکر آچکا ہی، کہ حیدرآبادی جھٹکے کی طرح ایک بکس نما سواری ہوتی ہی، جس کے اندر بیٹھنے کے بعد آدمی بند ہوجاتا ہی، ان اعرابیون کا تجربہ پیشتر بھی ہوچکا تھا، آج پھر ہوا، ہر اعرابی کے اندر چار، پانچ پانچ سواریان بیٹھتی ہین، کسی مین گھوڑا، اور کسی مین خچر جتا ہوتا ہی، عرب کے گھوڑون کی تعریف ہمیشہ سنتے آئے تھے لیکن وہ نسل شاید اب ناپید ہوگئی ہے، جو کچھ دیکھا، وہ اس سے بالکل مختلف تھا، جو کچھ اب تک سنا تھا، ہر گھوڑا مریل، اور خالی مریل ہی نہین، اڑیل بھی! ہمارے ہان کے اکّون کے ٹٹوان سے بدرجہا بہتر ہوتے ہین، اور اعرابیون کی حالت گھوڑون سے بھی ابتر! خدا معلوم مکہ کی حکومت بلدیہ ایسی سڑیل سواریون کو "پاس" کرتے وقت اپنے احساسِ ذمہ داری کو کہان رکھ آتی ہے، یہ سب تفصیل اس لئے حوالۂ قلم ہورہی ہی کہ جو دینی بھائی اس سفرنامے کو پڑھین، وہ ہر موقع کی راحتون اور زحمتون دونون کا پیشتر سے خوب اچھی طرح اندازہ لگائین، اور ہر موقع کے لئے اسی مناسبت سے تیار رہین. جو زحمت خلاف توقع اور اچانک پیش آجاتی ہی، وہ محسوس بھی بہت زائد ہوتی ہی، فی اعرابی کرایہ غالباً چار ریال سعودی (ایک یال ہندوستان کے تقریباً ۱۸ر آنہ کا ہوتا ہی) طے پایا، راستہ ابھی نصف طے ہوا تھا، کہ بلا کسی ظاہری سبب کے اچانک ہماری اعرابی اُلٹ گئی، جانور الگ، اور سواریان ایک دوسرے کے اوپر اسی اعرابی کے قفس کے اندر بند! ہم لوگ تو خیر محفوظ رہے، البتہ منشی امیر احمد صاحب علوی کاکوروی (جنکا ذکر مدینہ منورہ کے ذیل مین

آچکا ہی) کا پیر ایک ٹوٹے ہوئے تختے مین پھنس گیا، اور اُن بیچارے کے چوٹ
اچھی خاصی آئی، مرہم پٹی کا سامان بھلا کہان دستیاب ہوتا، پیر پانی سے دھو کر
بیچارے پھر سے سوار ہوئے، اور شکر کے نہ سہی، صبر کے مراتب از سر نو طے
ہونے لگے،

ہندوستان کی گھڑیون کے اعتبار سے، کوئی ساڑھے آٹھ کا وقت ہوگا
کہ حرم شریف کے دروازون پر پہونچ گئے، جنت المعلی ۸ ذی الحجہ کو منیٰ
جاتے وقت بھی راستہ مین پڑا تھا، لیکن آج اسے زرا زیادہ غور و اطمینان
سے دیکھنے کا اتفاق ہوا، اور جتنا قریب سے دیکھا، اسی قدر حسرت مین بھی اضافہ
ہوا ——— خیر یہ تذکرہ تو پھر کبھی ہوگا، در حرم پر پہونچے، اور اندر داخل
ہوتے ہی ساری کلفتین، ساری زحمتین، ساری تکلیفین دور تھین! وہی لذت
وہی مسرت، وہی تازگی! اللہ اللہ! گھر والے نے گھر کی کیا شان رکھی ہے!
تسکین و تسلی کے سارے نسخے، اطمینان و سکونِ خاطر کی ساری تدبیرین ایکطرف
اور اس بے گھر والے کے گھر کی زیارت، اس بے مکان اور لامکان والے
مکین کے مکان کا دیدار دوسری طرف! بزرگون نے کہا ہی، کہ دل کا سکون
اور چین چاہتے ہو، تو دل کا تعلق اللہ سے پیدا کرو، یہان یہ عرض کرنا ہے
کہ اللہ سے دل کا لگانا تو اللہ والون کا کام ہی، اللہ تک اگر براقِ ہمت، او
کمندِ حوصلہ کی رسائی نہین ہوتی، تو بیت اللہ تک کیون نہ پہونچے؟ اور
کے تصور کو چھوڑ کر آنکھون سے دیدار کی دولت کے حصول مین کیون قصر

Marfat.com

کیجئے؟ مکان والے کا جمال کا حال تو قدوسیون اور ملکوتیون سے پوچھئے، باقی خود مکان کے در و دیوار مین جو حسن و جمال ہی، جو کشش و رعنائی ہی، جو زیبائی و محبوبی ہے، اس سے اگر کوئی خاکی و ناسوتی باوصفِ قدرت محروم رہے، تو اس بیچارے کی محرومی پر جی چاہتا ہے دل کھول کر آنسو بہائیے! لوگ کہتے ہین، اور سچ کہتے ہین، کہ حج کے سفر مین بڑی بڑی زحمتین پیش آتی ہین، لیکن ادائے فریضۂ حج کا ثواب الگ رہا، عرفات کی حاضری، مزدلفہ کی شب باشی، منیٰ کی قربانی، یہ ساری چیزین الگ رہین، محض کعبہ کا دیدار، سیاہ پتھر والے اور سیاہ غلاف والے بقعۂ نور کا پرتوِ جمال بجائے خود وہ نعمت ہی، کہ اس کی قیمت مین اگر صدہا سفر، اور ہر سفر کی صدہا زحمتین اور صعوبتین، پیش کرنی پڑین، تو ربِّ کعبہ کی قسم ہی، کہ سودا پھر بھی ارزان ہی! یہ جو کچھ کہہ رہا ہون، اپنے جیسے کوربصرون اور ٹھیٹھ دنیا ولدون کی زبان سے کہہ رہا ہون، اور عارفون اور بصیرت والون کے نزدیک تو ہر بار اگر سر بھی نذر کرنا پڑے، جب بھی یہ سودا گران نہ ہو!

متاعِ وصلِ جانان بس گران ست
گر این سودا بہ جان بودے چہ بودے

"وصلِ جانان" سے شاعر نے جو کچھ بھی مراد لی ہو، ہم کوتاہ بینون کے لئے تو درِ جانان تک رسائی، اس گھر کی زیارت ہی سب سے بڑی دولت، اور اپنی ہمتون اور وصلون کا آخری منتہیٰ ہی!

طواف اس سے پیشتر متعدد ہو چکے تھے، مگر آج کے طواف کا کیا کہنا، صبح کا ٹھنڈا

Marfat.com

وقت، مجمع نسبتہً بہت کم، عرفات و مزدلفہ سے واپسی کی برکتین، ادائے فرض کا احساس
سب نے مل ملا کر عجیب کیفیت پیدا کر رکھی ہی، مکان کے ہر چکر کے ساتھ، صاحب مکان
پر فدا ہونے کو جی چاہ رہا ہی، ملتزم پر دعا مانگنے کا موقع بھی آج ہی ملا، حجر اسود
اور خانۂ کعبہ کی چوکھٹ کے درمیان، دیوار کا جو حصہ ہے، اور جو کوئی ۱۰ بالشت ہوگا
اس کا نام ملتزم ہی، اور جو مقامات اجابتِ دعا کے لئے مخصوص ہین، اُن مین سے
ایک مقام یہی ملتزم ہی، حضرت ابن عباسؓ کی روایت مین آتا ہی، کہ رسول اللہ صلعم نے
بہ قسم ارشاد فرمایا، کہ "یہ وہ جگہ ہے، جہان مین نے جو دعا مانگی قبول ہوئی" جب
رسول اللہ صلعم نے یہان دعائین مانگی ہین، اور بار بار مانگی ہین، اور ہر مرتبہ اپنی مانگی
مرادین پائی ہین، تو کوئی امتی یہان کیون کمی کرے، وہ بیچارہ تو ہمہ احتیاج اور
ہمہ درماندگی ہے، مناسک کی کتابون مین آتا ہے، کہ ملتزم سے لپٹ کر (ملتزم کے
لفظی معنی بھی یہی ہی کہ "جس سے لپٹا گیا") اور غلافِ کعبہ کو تھام کر خوب دعائین مانگے
حضورِ قلب کے ساتھ مانگے، اور ہو سکے تو آنسوؤن کا تحفہ نیاز نازوالے کی خدمت
مین پیش کرے، بعض روایات مین آیا ہی، کہ حضورؐ نے فرمایا کہ جبرئیلؑ ملتزم سے لپٹے
ہوئے، یہ دعا مانگتے رہتے ہین:-

یا واجد یا ماجد لا تزل عنی نعمۃً
انعمتہا علی،

اے قدرت والے، اے عزت والے، جو نعمت
تونے مجھے عطا کی ہی، مجھ سے زائل نہ فرما!

ان الفاظ کی جامعیت اور ان کی برکت کا کیا پوچھنا، لیکن اکیلی اسی دعا
موقوف نہین، اس وقت جو کچھ دل مین آئے، سب کچھ کہہ سنائے، اور جو کچھ اپنے
لئے، یا جس کسی کے لئے مانگنا ہو، سب کچھ مانگ ڈالے، سوزِ دل و رقتِ قلب کیا

زیادہ فکر و اہتمام نہ کیجئے، وقت اور موقع ایسا ہی، کہ انشاء اللہ از خود پیدا ہو کر رہے گی،

ان سطور کا محرر، نامہ سیاہ، کیا بتائے کہ اُس نے کیا کیا مانگا؟ کوئی دو چار دس بیس گناہ ہون، تو متعین طور پر انھین یاد کرکے، اور ان کے نام لے لیکر ان سے معافی چاہی جائے، لیکن جس کی زندگی کی ساری فردِ عمل سیاہیون کا ایک مجموعہ اور تاریکیون کا ایک تسلسل ہو، وہ اپنے کس کس گناہ کو یاد کرے، اور کس کس سے معافی چاہے؟ مگر خدا کی قدرت، اس وقت اپنی ساری خطائین اور معصیتین، ساری تباہ کاریان اور عصیان شعاریان، ایک ایک کرکے یاد آتی چلی جارہی ہین! اور دعائین جو زبان سے اور زبانِ قلب سے نکل رہی ہین، وہ تنہا اپنے لئے نہین بلکہ اپنے والون کے لئے بھی، عزیزون کے لئے، دوستون کے لئے، بزرگون کیلئے اور سب سے بڑھکر امت اسلامیہ کے لئے ہین، آج ہندوستان مین اور اکیلے ہندوستان ہی پر کیا موقوف ہے، سارے عالم اسلام مین مسلمانون کا کیا حال ہی؟ ان کا زوال اور ادبار، ان کی پستی اور فلاکت، ان کی بدنظمی اور بے عملی، انکا نفاق اور انتشار کس نوبت کو پہونچ چکا ہے! اے کعبہ کے مالک، اس قبلہ روجماعت کے انتشار کا دور کردینا، اور ان کے قلوب کو ایمان سے، حسنِ عمل سے، نورِ ہدایت سے، باہمی نظم و اتحاد سے معمور کردینا، سب تیرے ہی ہاتھ مین ہی! ذلتون کی انتہا ہوچکی، رسوائیان اپنی حد کو پہونچ چکین، گلی گلی تیرے خلیلؑ کی ذریت پر طنز ہین، طعنے ہین، مضحکہ ہے، گھر گھر تیرے حبیبؐ کی امت کے ساتھ تمسخر و استہزاء ہے،

پھبتیاں اور آوازے ہین، ہم اپنی شور بختیون سے تو کعبہ کو مدت ہوئی بھلا چکے، اب کیا کعبہ نے بھی ہمکو بھلا دیا؟ اور ربّ کعبہ! تیری ذات سہو و نسیان سے پرے ہے، تو تو کبھی اور کسی کو نہین بھول سکتا، کون کہے، اور کس طرح کہے، کہ تو نے بھی طوافِ کعبہ پر آس لگانے والون کو، محمدؐ کا کلمہ پڑھنے والون کو اپنی نگاہِ لطف و چشمِ التفات سے بھلائے رکھا ہے!

Marfat.com

باب ۳۴

منیٰ بعد حج نمبر (۳)

حطیم کا ذکر پہلے آچکا ہے، خانہ کعبہ سے ملا ہوا وہ نیم مدوّر صحن، جو مطاف کے اندر ہی، اور جو حکماً خانہ کعبہ ہی کا ایک جزو ہی، اس مین نماز پڑھنا گویا خانہ کعبہ کے اندر نماز پڑھنا ہے، طواف کرنے اور ملتزم سے لپٹ کر دعائین مانگ چکنے کے بعد حج اطمینان سے حطیم کے اندر بھی حاضری کا موقع ملا، جس کا جتنی دیر تک جی چاہا، یہان نمازین پڑھین، اور دیوارِ کعبہ سے لگ لگ کر اور لپٹ لپٹ کر دعائین مانگین، کسی کسی نے دیوار و فرش کی خاک اٹھا کر بطور تبرک ساتھ لے لی، کہتے ہین، کہ مطاف مین اولیا، و اقطاب و ابدال ہمیشہ حاضر رہتے ہین، رہتے ہون گے، ولی کو پہچاننے کے لئے خود نگاہِ ولایت کی ضرورت ہی، عامیون سے اس بارے مین کسی اظہارِ رائے کی توقع ہی بیکار ہے، البتہ بعض نورانی چہرون پر انتہائی خشوع و خضوع کے، انتہائی تضرع و ابتہال کے، انتہائی عبدیت و انابت کے جو آثار نظر آئے، اُن کے حروف و نقوش تو ہم جیسے بے بصر بھی پڑھ سکتے تھے، سبحان اللہ! جب مقام ہی، رحمت و مغفرت کی صلائے عام ہی، کیسے کیسے فاسق و فاجر، کیسی کیسی جفا پرور جرم پیشہ، عصیان شعار، اپنی تباہ کاریون اور بدحالیون کی بنا پر اپنی نجات سے مایوس، اولیاء و کاملین

کے پہلو مین کھڑے ہوئے، اور جس نے

قل یٰعبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسھم
لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ
یغفر الذنوب جمیعاً، انہ ھو الغفور
الرحیم، وانیبوا الیٰ ربکم واسلموا
لہ،
(زمر، ع ۶)

اے پیمبر میرے بندون سے کہہ دو، کہ جنھون
نے اپنے اوپر زیادتیان کی ہین، تم اللہ کی رحمت
سے مایوس نہ ہو، اللہ بالیقین تمام گناہون کو
معاف کردیگا، واقعی وہ بڑا ہی بخشنے والا
اور بڑی رحمت کرنے والا ہے، اور تم اپنے رب
کی طرف جھکو، اور اس کی فرمان برداری کرو

کا اشتہار دے رکھا ہے اس مالک و آقا کے در پر پڑے ہوئے، اپنے نجات و مغفرت کی ڈوبتی
ہوئی آس نئے سرے سے جوڑ رہے ہین! عمر بھر کی سیاہ کاریان یاد آرہی ہین، ہر و
شیطنت جو شیطان کو بھی شرمندہ کردینے کے لئے کافی ہے، ایک ایک کرکے قبو
جارہی ہے، اور جسکی شانِ ستاری اب تک ہر عیب و رسوائی پر پردہ ڈالے رہی ہے اسکے آگے ایک ایک
کا اقبال کرکے آنسو بہا بہا کے ہاتھ پھیلا پھیلا کے، پیشانی رگڑ رگڑ کے، نجات و غفران کا پروانہ حاصل کیا

دوپہر نہین ہونے پائی تھی، کہ منیٰ کے لئے واپس روانہ ہوئے، جن اعرا
پر آئے تھے، وہ اتنی دیر تک کیا انتظار کرتین، کچھ نئی اعرابیان کرنی پڑین، بعض
رفقار کو پھر بھی جگہ نہ ملی، تو گدھون اور اونٹون پر سوار ہوئے، یہ اعرابیا
اور ان کے جانور اور ان کے ہنکانے والے، پہلے سے بھی کچھ بڑھے چڑھے
ہوئے نکلے، آدھا راستہ طے ہوا تھا، کہ ایک اعرابی کے گھوڑے نے بائ
جواب دیدیا، اب بجائے اس کے کہ گھوڑا سواریون کو کھینچتا، سواریان

سے اتر اتر کر گھوڑے کو کھینچ رہی تھین! یہ سمان بھی دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا، دوپہر کا وقت، منیٰ کی بے پناہ دھوپ، ریگستانی مٹی، سر سے پیر تک پسینے مین شرابور، کچھ عورتین اور بچے گاڑی پر سوار، اور ساتھ کے مرد گاڑی کو ٹھیل ٹھیل کر اور دھکے دے کر آگے بڑھا رہے ہین! اس وقت نہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہان کوئی میونسپلٹی ہے، جو ایسی اعرابی، چلانے والے کا چالان کرے، اور نہ یہ یقین ہوتا تھا، کہ یہان کوئی حکومت ہے، جو ایسے موقع پر بیکس پردیسیون کو کسی طرح کی مدد دے! البتہ اس وقت تیز ہوا کا چلتے رہنا رحمت ہو گیا، پسینے سے نہائے ہوئے جسم مین گرم ہوا لگتی تھی، تو ناگوار ہو کر نہین، بلکہ ٹھنڈی ہو کر خوشگوار معلوم ہوتی تھی، اور ظاہری صعوبت ایک سامانِ تفریح بنی ہوئی تھی! ——— کریم کو کریمی کے بھی کتنے ڈھب آتے ہین! جلجلاتی دوپہر مین، مکہ سے منیٰ تک پا پیادہ چند قدم بھی چلنا، ہم جیسے تن پرورون کے لئے اپنی خوشی اور مرضی سے بھلا کب ممکن تھا، اور یہ سعادت ہم جیسون کے نصیب مین بھلا کب آسکتی تھی، اس کے لئے کیا پاپا ڈھنگ نکالا گیا، اور کس ترکیب و حکمت سے پیدل چلا کر، اس کے اجر کا امیدوار و حقدار بنا دیا گیا! شوقین لڑکے اپنے شوق سے علم حاصل کرتے ہین، لیکن جو مٹھائی کی چاٹ سے پڑھتے ہین، بہرحال پڑھنے والون مین شمار تو ان کا بھی ہو ہی جاتا ہے!

منیٰ پہونچنے کے بعد یجز رمی کے اور کوئی خاص کام نہ تھا، ۱۰ر کی رمی کا ذکر گذر چکا ہے، ۱۰ر کو صرف ایک جمرہ کی رمی تھی، ۱۱ر و ۱۲ر کو تینون جمرون

Marfat.com

کی ہے، ۱۱ر و ۱۲ کی رمی کا وقت بعد زوال ہے، دونون دن ترتیب یہ رہے گی، کہ پہلے جمرۂ اولیٰ کی رمی کرے، جو مسجد خیف کے قریب ہے، اس کے بعد جمرۂ وسطیٰ (منجھلے شیطان) کی، اور آخر مین جمرۂ عقبہ کی، تینون جمرون پر سات سات کنکریان پھینکی جائین گی، رمی پا پیادہ کرنی چاہئے، البتہ جمرۂ عقبہ کی رمی سواری پر بھی جائز ہے، بلکہ امام ابو یوسف کے نزدیک افضل ہے، ان دونون تاریخون مین رمی قبل زوال، فقہ حنفی مین درست ہی، اور اگر اتنی دیر کی کہ آفتاب غروب ہوگیا، تو یہ وقت بھی مکروہ ہوجاتا ہی، پہلے دونون جمرون کی رمی کے بعد مسنون یہ ہے، کہ قبلہ رو کھڑے ہوکر کچھ دیر تک تسبیح و تہلیل، مناجات و استغفار مین مشغول رہے، اور ہاتھ اٹھاکر دعائین مانگتا رہے، البتہ جس رمی کے بعد پھر کوئی رمی نہین، یعنی آخری جمرہ (جمرہ عقبہ) کی رمی، اُس کے بعد وقوف مسنون نہین، فوراً پلٹ آنا چاہیئے، جمرات کے پاس رمی کے بعد، دعا مانگنا، مقاماتِ مقبولیت مین سے ہے، ۱۰ر ۱۱ر ۱۲ر کی ان تین تاریخون مین رمی واجب ہے، ۱۳ر کی رمی مستحب کے درجے مین ہے، ۱۲ر کی شام کو، یا شب مین کسی وقت اگر مکہ واپس ہوگیا تو بالکل جائز ہی لیکن اگر ۱۳ر کی صبح تک منیٰ مین قیام ہوگیا، تو پھر بغیر ۱۳ر کو بھی رمی کئے ہوئے مکہ واپس ہونا درست نہین،

منیٰ مین یہ دن ڈیڑھ دن، یعنی ۱۱ر کی دوپہر سے لیکر ۱۲ر کے غروب آفتاب تک بحمد اللہ لطف سے گزرا، ہر سال سنا کرتے تھے، کہ منیٰ مین سخت غلاظت و گندگی رہتی ہی، وبائین پھیلتی ہین، پانی کا قحط ہوجاتا ہی، لوگ ہزارہا کی

Marfat.com

تعداد مین ہیضہ اور لو سے مرجاتے ہین، لیکن اب کی خدا کے فضل سے ان مین
سے کوئی بھی شے نہین پیش آئی، نہ کوئی وبا پھیلی، نہ پانی کا توڑ پڑا، نہ لو سے
کچھ زائد موتین ہوئین، اور نہ اتنے بڑے مجمع کے لحاظ سے عفونت و غلاظت
ہی زائد کہی جاسکتی تھی، تین دن ماشاء اللہ منی کا بازار خوب گرم رہتا ہی، ہر وقت
ہر طرف خوب چہل پہل رہتی ہی، ہزار دن لاکھون کی خریداریان ہوتی ہین، اور
ضرورت و شوق کی شاید ہی کوئی چیز ایسی ہو جو ان دنون مین یہان نہ مل جاتی
ہو، اور پھر بہ افراط نہ ملتی ہو، میوے تر و تازہ پھل، سبز و شاداب ترکاریان،
جتنی چاہئے، لے لیجئے، اور بجاے گوشت اور خشک چیزون کے، انھین کا استعمال
یہان کے موسم و حالات کے مناسب بھی ہی، ۱۰ ار کو تو خیر مشغولیت رہی تھی
۱۱ ار کی دوپہر کے بعد سے کوئی خاص کام نہ تھا، بس اِدھر اُدھر پھرنا، دوست
احباب سے ملنا جلنا، بعض شوقین مزاجون کو دعوت کی سوجھتی ہے، خوب خوب
مزے کی دعوتین ہوتی ہین، عرفات اور مزدلفہ کے بچھڑے ہوئے یہین آکر ملتے
ہین، مولانا مناظر احسن صاحب اور ایک اور شخص جو ہمارے قافلہ سے بچھڑ گئے
تھے، یہین آکر ملے، حیدرآباد کا قافلہ جہان ٹھہرا ہوا ہے، وہان سالار قافلہ
مولوی فیض الدین صاحب وکیل کے حسن انتظام و وسعت اخلاق نے مہمان نوازیون
کا سلسلہ خوب وسیع کر رکھا ہی، مولوی ابوالخیر خیر اللہ صاحب وکیل ورنگل، اور
اورنگ آباد (دکن) کے ایک اور وکیل صاحب (غالباً مولوی خیر الدین نام ہی)
اور مولانا شوکت علی کے بھانجے اور داماد عثمان علیخان ماشاء اللہ خوب چاق
اور چوبند نظر آرہے ہین، بار بار ملاقاتین ہوئین،

Marfat.com

رمی کے احکام و شرائط کی تعمیل تینون تاریخون مین، معلم صاحب کی ہدایت و رہنمائی مین الٹی سیدھی، بری بھلی، جیسی کچھ بھی بن پڑی، ہوگئی، خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ ظاہری آداب و شرائط مین کتنی کوتاہیان رہ گئین، ضابطہ پری کسی طرح ہو ہوا گئی، لیکن باطن کے اندر جو خناس سمایا ہوا ہی، اور جو گوشت کے ایک ایک ریشے مین، اور خون کے ایک ایک قطرہ مین رچا ہوا ہی، اس پر بھی کوئی کنکری پڑی؟ اس پر بھی کوئی ضرب لگی؟ اس کی انانیت بھی گھائل ہوئی؟ پتھر کے بنے ہوے ستونون پر مار پڑتے سب نے دیکھا، پر دل کے پردون کے اندر جو شیطانِ نفس چھپا ہوا ہے، وہ بھی کچھ مجروح ہوا؟ خلیلؑ و ابن خلیلؑ کو بہکانے کی، جس مردود نے کوشش کی تھی، وہ تو مومنون کے ہاتھون لاکھون کرورون بار ذلیل و رسوا ہو چکا ہے، لیکن خلیلؑ کے نام لیوا، اور خلیلؑ کے ربِ جلیل کے پرستار، جس موذی کے دام بلا مین ہر لحہ اور ہر آن گرفتار رہتے ہین، اُسے بھی ذلت و خواری نصیب ہوئی؟ اس ظالم کا جسم بھی ان کنکریون سے چھلنی ہوا؟ —— سوالات سب کر سکتے ہین، جواب کون دے، اور کوئی کیون دینے لگا؟ جب کسی کی شانِ ستاری سب کے عیبون کو ڈھانپے ہوئے ہے، جب ہر زاغ کو طاؤس کے پرون مین ملبوس کئے ہوئے ہے، جب ہر ویرانہ کو گلستان اور ہر داغ کو چراغ بنائے ہوئے ہے، تو کسی کو کیا پڑی ہے، کہ ہانکے پکارے گلون شکوون کا دفتر کھول کر بیٹھے، اور ایک ایک کے آگے اپنی محرومیون اور برگشتہ بختیون کا رونا روتا پھرے؟

Marfat.com

۱۲ر کی دوپہر سے واپسی کا کوچ شروع ہو گیا، اور جلد بازون نے پوری طرح زوال کا بھی انتظار نہ کیا، آج کی چپقلش ہر روز اور ہر موقع سے بڑھی ہوئی ہی، آج کی کشمکش کا منظر محض دیکھنے سے تعلق رکھتا ہی، کسی قلم کے بس کی بات نہین، کہ اس ہجوم اور کشاکشِ ہجوم کا نقشہ کاغذ پر پیش کر سکے! "یک انار و صد بیمار" بارہا سنا تھا، "یک سڑک و صد ہزار سوار" کا منظر آج آنکھون سے دیکھا! بیچارے سو بیمار ایک انار پر کیا اس طرح ٹوٹ کر گرین گے، کیا اس طرح چھین جھپٹ کرین گے، کیا اس طرح ایک دوسرے سے گتھ سکین گے، جس طرح سو کے سو گنے، ایک دوسرے سے ریل پیل، دھکم دھکا، اور زور آزمائیون مین مصروف تھے، معاذ اللہ! معاذ اللہ! ان مین بیمار و لاغر بھی تھے، اور ہٹے کٹے توانا و تندرست بھی، بوڑھے بھی، اور بچے بھی، شہزور مرد بھی، اور کمزور عورتین بھی، متین اور حلیم بھی، اور جاہل اور اجڈ بھی، بات کو طرح دے جانے والے بھی اور بلا بات کے الجھ پڑنے والے بھی، پیدل بھی اور سوار بھی، اونٹ اور سانڈنیان بھی اور گھوڑے اور گدھے بھی، آنے والے بھی، اور جانے والے بھی، ایک سڑک اور ایک رہگذر! زبانین بھی چل رہی ہین، اور کہنیان بھی، اور ہاتھ بھی! جو نہین چل پاتین وہ صرف ٹانگین ہین، اور جو نہین اٹھ پاتے وہ صرف قدم ہین! اونٹ سے اونٹ بھڑ رہے ہین، شغدف سے شغدف لڑ رہے ہین، سر سے سر ٹکرا رہے ہین، وحشت زدہ اونٹون کی بھیانک بلبلاہٹ، اور اس سے کہین زیادہ بھیانک ان کے وحشت زدہ سوارون کی چیخ پکار! محض خدا کی قدرت ہے، کہ سیکڑون حادثے اس وقت واقع نہین ہو جاتے! مکہ سے منیٰ آتے وقت اور مزدلفہ سے منیٰ واپس ہوتے وقت، اور دوسرے موقعون پر بھی سخت ہجوم و اژدحام

Marfat.com

کا سامنا ہوتا ہے، لیکن آج کا ہجوم و اژدحام ان سب سے کہین بڑھا ہوا ہے، اس بے قاعدہ مجمع کو قاعدہ سے لگانا، اس ہڑبونگ مین نظم و انتظام پیدا کرنا، حاجیون اور پردیسیون کے اس انبوہ کو راحت پہونچانا، سعودی شریعت مین کوئی بدعت عظیم ہی؟

مناسکِ حج کی کتابون مین ایک مفصل باب جنایات کے متعلق بھی ہوتا ہے، اعمالِ حج کے سلسلہ مین جو فروگذاشتین ہو جاتی ہین، یا حاجی جن ممنوعات کا ارتکاب کر بیٹھتا ہے، ان کو اصطلاح فقہ مین جنایت کہتے ہین، یہ غلطیان یا تو کسی عذر شرعی کی بنا پر صادر ہو سکتی ہین، اور یا بلا عذر، پہلی قسم کی غلطیون کے عوض مین کفارہ دینا ہوتا ہی، اور دوسری قسم کے معاوضہ مین جزا مقرر ہے، یہ کفارہ اور جزا دونون فقہی اصطلاحین ہین، جزا کی دو صورتین ہین، ہلکی لغزشون کے معاوضہ مین ہلکا سا صدقہ، اور بڑی خطاؤن کی پاداش مین جانورون کی قربانی، کفارہ کی صورت مین اختیار ہے کہ خواہ صدقہ دے خواہ قربانی کرے، اور خواہ روزہ رکھ لے، ممنوعات کی دو قسمین ہین، ممنوعات احرام، و ممنوعات اعمالِ حج، اور پھر ہر ایک کے تحت مین بہت سی صورتین ہین، ہر جنایت کی جزا و کفارہ الگ الگ ہی، جس کی تفصیل فقہ کی کتابون مین درج ہے، موٹی موٹی باتین معلم زبانی بتا دیتے ہین، ہر حاجی کو ان سے واقف ہونا ضروری ہے، اس لئے کہ لاکھ احتیاط کیجائے، کچھ نہ کچھ بے احتیاطیان اور فروگذاشتین ہو ہی جاتی ہین، صدقے عموماً ہلکے رکھے گئے ہین، جو ہر حاجی بہ آسانی دے سکے، قربانیان بھی عموماً کچھ زیادہ سخت نہین رکھی گئی ہین، ان جزاؤن اور کفارون کے ادا کرنے کا بہترین وقت، یہی منیٰ کا زمانہ قیام ہوتا ہی، اردو مین ان جنایات

Marfat.com

اوران کے کفارون اور جزاؤن کی تفصیل پوری شرح وبسط کے ساتھ، مولوی منیر الدین صاحب دہلوی کی کتاب الحج والزیارۃ (فتاویٰ عثمانی، جلد ۲) مین ملے گی، وہ کافی ہی نہین بلکہ کافی سے زائد ہے،

عصر کا وقت آیا ہی تھا، کہ ہم لوگون کے بھی خیمے اکھڑنے اور سامان بندھنے لگے، ادھر عصر کا وقت آخر ہوکر آفتاب غروب ہونے کو تھا، کہ ہم لوگ جمرۂ عقبہ پر آخری رمی سے فراغت کرکے اپنے اپنے اونٹون پر سوار ہونے کے لئے لپکے، اونٹ پر سوار ہونا آج بجاے خود ایک مستقل مرحلہ ہے، نہ پوچھئے، کہ ہم لوگ کس طرح سوار ہوئے، اور ہمارے قافلہ کے ضعیفون اور عورتون پر کیا گذر گئی، بہرحال محض تقدیر تھی، کہ زندہ وسلامت سوار ہوگئے، راستہ مین مکہ کی آبادی شروع ہونے سے ذرا پہلے جنت المعلی کے قریب ایک مقام آتا ہے، جسے وادی محصب کہتے ہین، حضور انور صلعم نے حج کے موقع پر مکہ واپس آتے یہان حسب روایت صحیح بخاری، قیام فرمایا تھا، اور ظہر وعصر، مغرب وعشا کی نمازین یہین ادا فرماکر کسی قدر استراحت فرمائی تھی اور اس کے بعد مکہ مین داخل ہوئے تھے، فقہاے حنفیہ نے یہان اترنا، اور تھوڑی دیر قیام کرکے دعا مانگنا سنت قرار دیا ہے، اس لئے کہ حضور صلعم نے یہان قصداً نزول فرمایا تھا، البتہ بعض دوسرے ائمۂ حدیث کے نزدیک یہ سنت نہین، اس لئے کہ حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت ابن عباس رضؓ کے اقوال مین بہ تصریح موجود ہے، کہ حضور (صلعم) کا یہ فعل بغرض عبادت نہ تھا، بلکہ آپ نے محض آرام لینے کی غرض سے قیام فرمایا تھا، تاہم سنت رسول صؐ کے بعض محقق صحابہؓ (مثلاً عبداللہ بن عمرؓ) اس پر برابر عمل فرماتے رہے،

Marfat.com

عن نافع قال کان ابن عمر عنهما ینیخ بالبطحاء التی یذی الحلیفة التی رسول اللہ صلعم ینیخ بها ویصلی بها (صحیح مسلم)

نافع کہتے ہین کہ حضرت ابن عمر اپنا اونٹ بطحاء ذوالحلیفہ (یعنی وادی محصب) مین بٹھاتے تھے اور نماز پڑھتے تھے، اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ نے یہان اونٹ بٹھایا ہی، اور نماز پڑھی ہی،

اور نووی نے شرح مسلم مین لکھا ہی، کہ حضرت صدیقؓ اور حضرت فاروقؓ کا عمل بھی اسی پر تھا، اور حنفیہ کی کتابون مین تو صاف یہ لکھا ہوا ہی، کہ :-

اذا نفر الحاج الی مکة نزل استنانًا ولو ساعة بالمحصب (درمختار)

جب حاجی مکہ کو آنے لگے، تو مسنون یہ ہی کہ محصب مین اترے، خواہ ایک ہی ساعت کے لئے ہو،

لیکن اب اس پر عمل کس کا ہی ہر شخص کو بھاگا بھاگ مکہ پہونچنے کی عجلت، اور حاجی غریب اگر ٹھہرنا چاہین بھی، تو معلّم حضرات کب انھین ٹھہرنے دیتے، اور سنت نبوی پر عمل اور تعامل صحابہؓ کے اقتدار کا موقع نصیب ہونے دیتے ہین!

Marfat.com

باب ۳۵

مکہ

مکہ کی آبادی شروع ہونے کے ساتھ ہی ہجوم مین بھی اور اضافہ شروع ہوا، یہان تک کہ چلتے ہوئے اونٹون کی رفتار رک گئی، اب قطار کی قطار رکی ہوئی کھڑی ہے، اور ہر شخص طوعًا نہ سہی کرہًا، رضا بہ قضا کی تصویر بنا ہوا! اور یہ ساری "خوش انتظامی" عین بیت الحکومت کے سامنے، اور اردگرد یعنی ولیعہد حجاز اور گورنر مکہ کے محل کے سایۂ دیوار کے نیچے! گویا سعودی حکومت نے اپنے نفس پر لازم کر رکھا ہے، کہ راستہ کے انتظامات اور مسافرون کی راحت رسانی مین اپنی انگلی تک نہ ہلائیگی! خیال یہ تھا، کہ رباطِ حیدرآباد مین جگہ کی قلت ہے، اس لئے اب کی اپنے ذاتی قافلہ کو ہمراہ لیکر مدرسہ صولتیہ چلا جاؤنگا، اور روانگی کے وقت تک وہین قیام کرونگا، لیکن مدرسہ تک پہونچنے کے لئے دو ایک فرلانگ اور چلنے کی ضرورت تھی، اتنی ہمت کسی تھی؟ معلّم صاحب ہمراہ تھے، بولے کہ اس حقیقش مین اتنی دور اور چلنا سخت مصیبت ہے، بہرحال مولوی سلیم صاحب کی مہمان نوازیون سے محروم رہنا مقدر ہو چکا تھا، مجبورًا محلہ مسفلہ ہی کو آئے اور ۱۲ ذی الحجہ کو رات کوئی دو ڈھائی گھنٹہ جا چکی ہوگی کہ اسی رباطِ حیدرآباد مین جہان سے ۸ ذی الحجہ کو روانہ ہوئے تھے،

Marfat.com

پانچ دن کے سفر کے بعد بحمد اللہ حج سے فراغت کر کے، پھر اگر مقیم ہو گئے،

مراسیم حج سب ادا ہو چکے تھے، اب صرف ایک طواف الوداع، جو رخصت ہوتے وقت کیا جاتا ہے، کرنا تھا، اور جن لوگون نے طوافِ فرض کے ساتھ سعی نہین کی تھی، انھین ایک سعی کرنی باقی تھی، پس ان دو چیزون کے سوا اور کوئی شے اب اعمالِ حج کے سلسلہ مین باقی نہ تھی، ہان منفل طواف اور مسجد الحرام مین نمازین پڑھنے کے موقعے تو ظاہر ہے کہ ہر وقت باقی تھے، کتابون مین پڑھا تھا، اور لوگون سے زبانی بھی سنا تھا، کہ مکہ مین متعدد مقامات و مکانات قابلِ زیارت ہین، مولد النبیؐ، مولد علیؓ، دار خدیجہؓ، جبل ثور، غار حرا، مسجد الجن، وغیرہ ——— حقیقۃً زیارت گاہ بننے کے قابل تو اس پاک زمین کا چپہ چپہ اور ذرہ ذرہ ہے ——— لیکن ———

یہ قصہ ہے جب کا کہ آتش جوان تھا!

اب ان زیارتون کے موقعے کہان حاصل، دورِ سعودی مین یہ سب افسانۂ پارینہ ہے، کہین سنتریون کے پہرے ہین، اور کہین، ایک ایک اینٹ کھود کر ویرانہ بنا دیا گیا ہے، بہر حال اب ان مقامات کی زیارت کا تو خیال بھی نہین البتہ جنت المعلیٰ مین جس وقت اور جس صورت سے بھی ممکن ہوگا، حاضری دینا ضرور ہے،

جنت المعلیٰ کا نام آپ کے کان مین ضرور پڑ چکا ہوگا، مکہ معظمہ کے قبرستان کا ہے، مسجد حرام سے کوئی ایک میل کے فاصلہ پر، منیٰ کے راستہ مین وادی محصب کچھ ادھر ایک بڑا وسیع میدان، ایک طرف پہاڑ، باقی ہر طرف سے کھلا ہو

ایک حصہ چار دیواری سے گھرا ہوا، لیکن اب تو چار دیواری بھی ہر طرف سے شکستہ اور جا بجا سر بسجود، درمیان مین ایک سڑک نکلی ہوئی، اس لئے اور بھی بے قید، اس کے انوار و برکات کا کیا بیان ہو، کوئی ایک دو بزرگ یہان مدفون ہون، تو اُن کے نام لئے جائین، جہان بے حساب آفتاب، اور بے تعداد ماہتاب پیوندِ خاک ہون، وہان کس کس کے نام گنائے جائین، اور کن کن کے فضائل و مناقب کا پیمانہ ہاتھ مین لیکر ناپا جائے، نبی کریم صلعم کے اجدادِ کرام، ایک روایت کے بموجب خیر البشر کی والدہ ماجدہ ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ، سیدنا قاسم بن نبی صلعم، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ، امام ابوالقاسم قشیریؒ، خواجہ عثمان ہارونیؒ (شیخ حضرت خواجہ اجمیریؒ)، امام نسفیؒ (صاحب "کنز") اور فخر المتاخرین مرشدِ دوران، قطب زمان حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ، اندازہ کے لئے یہ چند نام کافی ہین، "جنت" عربی محاورہ مین قبرستان کو بھی کہتے ہین، لیکن اگر اس بقعہ نور "جنت" کے یہی معنی لئے جائین، جو عربی اور اردو مین اس کے عام اور مشہور معنی ہین، تو کس کو انکار ہو سکتا ہے؟ ان مقدس ہستیون کی فیض باریون اور نوازشون پر اس سفرنامہ کے راقم کا ایک ذاتی تعلق اس جنت خاکی کے ساتھ مزید بران، والد ماجد مرحوم و مغفور مولوی عبدالقادر (پنشنر ڈپٹی کلکٹر، اضلاع اودھ) نے مع والدہ ماجدہ مدظلہا و دیگر عزیزہ کے سنہ ۱۹۱۲ء مطابق سنہ ۱۳۳۰ھ مین سفر حجاز اختیار کیا، بیت اللہ کا جوار ایسا پسند آیا کہ حج سے فارغ ہونے کے معاً بعد، ۱۱ ذی الحجہ کو منیٰ مین ہیضہ مین مبتلا ہوئے، اور اس کے کہ دوبارہ دنیا کی آلودگیون مین مبتلا ہون، ۱۴ ذی الحجہ کو صبح صادق کے وقت مکہ معظمہ مین سفرِ آخرت پر روانہ ہو گئے، اور اسی قبرستان مین مدفون ہوئے

Marfat.com

کوئی ہندوستانی، حکومت برطانیہ کا کتنا ہی وفادار و ہوا خواہ ہو، ذرا اُسے ریل کے اونچے درجون مین دو چار بار سفر کر لینے دیجئے، ہمسفر انگریزون کا برتاؤ دیکھ لینے کے بعد ممکن نہین کہ اُس کے جذباتِ وفاداری و ہوا خواہی، بدستور قایم رہین، اور بجائے ان کے اس کے قلب مین بغاوت و عداوت کے جذبات حرکت مین نہ آنے لگین، ٹھیک ایسا ہی حال سلطان ابن سعود کے معاملہ مین جنت المعلیٰ اور جنت البقیع کا ہی، عہد سعودی کے امن و امان کی ساری برکتین ایک طرف، اور جنت البقیع ہی کی طرح جنت المعلیٰ کی ویرانی و پامالی دوسری طرف! ممکن نہین، کہ کوئی غیرت مند و صاحبِ احساس مسلمان اس وقت جنت المعلیٰ کا منظر اپنی آنکھون سے دیکھے، اور دیکھ کر اپنے اوپر قدرت رکھ سکے! خیال یہ تھا، کہ مولانا شفیع الدین صاحب مدظلہ العالی کی معیت مین جنت المعلیٰ کی زیارت کے لئے جائین گے (ممدوح بلا ناغہ بعد نماز فجر، منہ اندھیرے جنت المعلی اپنے مرشد حضرت حاجی صاحبؒ کے مزار پر حاضر ہوتے رہتے ہین) لیکن ممدوح ۱۳ کی صبح تک منیٰ سے واپس تشریف نہین لائے تھے، اس لئے مجبوراً ہم لوگ تنہا بغیر کسی رہبر و رہنما کے روانہ ہوئے، قبرستان پہونچتے ہی، نہ پوچھئے، کہ آنکھون کو کیا کیا دیکھنا پڑا، اب تک تو یہ سمجھے ہوئے تھے، کہ جنت البقیع سے زیادہ ابتر حالت اور کہان کی ہو سکتی ہی لیکن آہ جنت المعلی مین جو کچھ دیکھا، وہ کچھ اس سے بھی فزون تر تھا آہ، جو سرزمین اس قابل ہی کہ اولیا، صالحین و اتقیا، کاملین بھی اگر وہان قدم رکھین تو لوازم ادب اور آداب احترام کے ساتھ، وہان آج بے ادبیون اور حرمتون کا کوئی دقیقہ اٹھ نہین رہنے پاتا! انسان تو انسان، جانور تک یہان بدتمیزی کے لئے آزاد ہین! اونٹون کی قطار کی قطار حدودِ قبرستان کے

اپنی منزل بنائے ہوئے، کئی دن قبل منیٰ جانے وقت دکھائی دی تھی، آج یہ دیکھا کہ جابجا اونٹون کی مینگنیان اور پیشاب پڑا ہوا! ہر طرف غلاظتون کے انبار سے لگے ہوئے کیسے کہتے اور کہان کے مزارات! یہ پتہ ہی نہین چل سکتا تھا، کہ کون صاحب کہان مدفون ہین! والدمرحوم کے متعلق یہ سنا تھا، کہ سیدنا عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کے پائین مین مدفون ہین، اس پتہ پر اُن کی تربت کو تلاش کرنے کا ارادہ تھا، یہان سرے سے حضرت عبدالرحمٰنؓ ہی کی تربت کا پتہ نشان نہین! کسی دوسری تربت کا پتہ اُن کے پتہ سے کیا چلایا جائے! بہرحال چارہ کیا تھا، اندازہ سے اور اپنے ہی جیسے ناواقف عوام کی رہنمائیون مین مختلف مقامات پر کھڑے ہو ہو کر فاتحہ پڑھ لیا گیا اور بس ——— فاتحہ تنہا اُن اہل قبور ہی پر نہ تھا، سعودی حکومت کی عقل اور تمیزداری پر بھی فاتحہ پڑھ لیا گیا!

---

۱۴ ذی الحجہ۔ ڈاکٹر عبدالرحمٰن (بہاری) کا ذکر مدینہ منورہ کے سلسلہ مین آچکا ہے، یہان بھی وہ اسی رباط کی ایک دوسری منزل مین مقیم ہین، یہ تو معلوم تھا، کہ شیخ سنوسی اعظم عرصہ سے مکہ معظمہ ہی مین مقیم ہین، مگر نہ یہ معلوم تھا کہ کہان مقیم ہین، اور نہ ان کی خدمت مین حاضر ہونے کا کوئی خیال تھا، آج صبح ڈاکٹر صاحب نے فرمایا، کہ شیخ موصوف کی طبیعت کچھ عرصہ سے ناساز ہے، اور ڈاکٹر صاحب ہی کا علاج ہو رہا ہے، یہ سنکر طبیعت مین قدرۃً اشتیاق پیدا ہوا، اور تھوڑی دیر کے بعد جب ڈاکٹر صاحب وہان چلنے لگے، تو ہم لوگون کو بھی ہمراہ لے لیا، حرم سے کچھ دور ایک بہت بلند ٹیکرہ جبل ہندی کے نام سے ہے، راستہ باب الصفا سے ہو کر گیا ہے، شیخ وہین مقیم ہین،

صبح آٹھ ساڑھے آٹھ کا وقت ہوگا، جب ہم لوگ روانہ ہوئے، اور جس طرح پہاڑون پر چڑھتے ہین، بلندیان اور بلندیون کے بعد پھر بلندیان طے کرتے کرتے، شیخ کی قرارگاہ تک پہونچے، یہ تو ایک اچھا خاصا قلعہ ہی، بڑی وسیع اور لق ودق عمارت، بلکہ ایک مجموعہ عمارات! اخبارات مین شیخ کا نام آج سے نہین، کم از کم ۱۵-۲۰ سال سے سنتے چلے آرہے ہین، طرابلس مین اطالیون کے خلاف جہاد، اور اُس کے بعد سے خدا معلوم کتنی اور بار جہاد وغزا ہی کے سلسلہ مین شیخ کا نام سننے مین آچکا تھا، دل خوش ہورہا تھا، بلکہ خوشی سے اچھل رہا تھا، کہ آج اپنے زمانہ کے مجاہد اعظم کا دیدار نصیب ہوگا، شیخ کوئی تارک الدنیا زاہد گوشہ نشین نہین، ماشاء اللہ مع پورے خدم وحشم کے یہان مقیم ہین، رئیسانہ بلکہ شاہانہ ساز وسامان، اپنی ضرورت کی ہر شے الگ موجود، یہان تک کہ مسجد بھی موجود، مختلف درجون اور منزلون مین متعدد خدام اور دربان ملتے رہے، سب سے سلام علیک ہوتی رہی، اور کسی مین نجدی سپاہیون کی سی درشتی اور خشونت نہ ملی یہان تک کہ سب سے اوپر کی منزل مین پہونچے، اور ایک کمرہ مین تھوڑی دیر انتظار کرنے کے بعد شیخ کے سامنے طلبی ہوئی،

کمرہ سامانِ آرایش ونمایش سے خالی، سادگی کی ایک تصویر بنا ہوا، وسط مین تکیہ لگائے، ایک نہایت حسین سفید ریش بزرگ، سفید براق کپڑے پہنے بیٹھے ہوئے چہرہ سفید، بال سفید، کپڑے سفید اور ان ساری سفیدیون سے کہین بڑھ چڑھ کر نورانیت کی نورانیت! باطن کے نور اور قلب کی نورانیت کی خبر تو خدا کو، لیکن چہرہ کی نورانیت کا یہ عالم، کہ نظر سے نظر ملانی مشکل! طریق ولایت پر راہِ سلوک طے کرنے والے

اچھے اچھے بزرگ نظر سے گذر چکے تھے، اس وقت اُس شیر مرد کا سامنا تھا، جو راہِ سلوک طریقِ نبوت پر طے کر رہا ہی، تسبیح و سجادہ، حلقہ و خرقہ والے بہت سے بزرگون کی زیارت کی سعادت نصیب مین آچکی تھی، آج اُس بزرگ کی حضوری حاصل ہو رہی تھی، جو صحابۂ کرام، خصوصاً خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم کے نمونہ پر، صاحبِ دل بھی ہی، اور صاحب سیف بھی! خانقاہ کے اندر بیٹھ کر ذکر و شغل کرنے والا بھی، اور میدان مین نکل کر اعداء اللہ سے غزا و قتال کرنے والا بھی! صوفیہ نے جہاد کی دو قسمین قرار دے رکھی ہین، جہاد اصغر و جہاد اکبر، اس گھڑی مواجہہ اُس ذات کا تھا، جو جہاد اصغر و جہاد اکبر دونون کی جامع ہے! قبل اس کے کہ شیخ کی زبان سے ایک لفظ بھی نکلے، محض چہرہ پر نظر پڑتے ہی دل اپنے پہلو سے غائب تھا، اور جس وقت شیخ نے مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا، اور اُن کے دست پاک سے اپنا دست ناپاک مس ہوا، جسم مین ایک تھرتھری سی پڑ گئی، اور یہ معلوم ہوا، کہ آنکھون کے سامنے ایک بجلی سی کوند گئی، آنکھین پرنم تھین، دل اندر سے بھرا چلا آتا تھا، اور جی بے اختیار یہی چاہ رہا تھا کہ شیخ کے قدمون پر آنکھین ملئے، اور خوب رو رو کر دل کی بھڑاس نکالئے،

جلالت فاروقی کے متعلق مثنوی معنوی مین ایک شعر مدت ہوئی پڑھا تھا ؎

ہیبتِ حق است این از خلق نیست
ہیبت این مرد صاحب دلق نیست

اس "ہیبت حق" کے معنی ایکبار ہندوستان مین روشن ہوئے تھے، اور ایک آج جا کر روشن ہوئے! جب نسبت فاروقی رکھنے والون کی ہیبت و جلالت کا یہ عالم ہے، تو خود فاروق اعظمؓ کی ہیبت و جلالت کا اندازہ اس زمانہ کے ضعیف القویٰ کیا اور کیونکر لگا سکتے ہین!

شیخ کا سن کچھ ایسا بہت زائد نہین معلوم ہوتا، اور قوی تو ماشاء اللہ قابلِ رشک ہین، اللہ اس کی عمر و اقبال مین برکت دے، اور اس کی سپاہ کو نصرت و فتح نصیب کرے کہ اس بیسوین صدی کے دریا جوجی مین جہاد اسلامی اور غزائے شرعی کا نام روے زمین پر اگر کہین زندہ ہے، تو اسی کے دم سے، ورنہ ہمارے "روشن خیالون" نے تو حالات موجودہ مین اس کے صرف ناقابلِ عمل ہونے ہی پر بس نہین کی، بلکہ سرے سے اس کی عدم ضرورت ہی کا اعلان فرما رکھا ہے، شیخ گفتگو صرف عربی مین فرما سکتے ہین، اور عربی ماشاء اللہ خوب فصیح و شستہ بولتے ہین، گفتگو مختصر فرماتے ہین، لیکن ایک ایک فقرہ درد و اثر مین ڈوبا ہوا مولانا مناظر صاحب نہ صرف اپنی طرف سے گفتگو کر رہے تھے، بلکہ مجھ جیسے جاہل و بے زبان کے ترجمان بھی وہی بنے ہوئے تھے، موضوعِ گفتگو کیا تھا؟ وہی مسلمانانِ عالم کی پستی و بدبختی، وہی کلمہ گویانِ اسلام کی بے حسی اور بے بسی، ہندوستان کا ذکر آیا، ہندوستان کے مجاہدون کا ذکر آیا، خلافت کمیٹی کی جد و جہد کا ذکر آیا، محمد علی و شوکت علی کی سرفروشیون کا ذکر آیا، جانشین شیخ الہند کا ذکر آیا، آخر مین شیخ نے جس وقت دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے ہین، تو ہم لوگ تو بہر حال انسان تھے، معلوم یہ ہوتا تھا کہ کمرہ کے اندر بیجان چیزون کے بھی جان پڑ گئی ہے، اور در و دیوار سقف و فرش کا ایک ایک ذرہ ان دعاؤن پر آمین کہہ رہا ہے! ——— سلوک بطریق نبوت، ہندوستان کے لئے کوئی بالکل نئی اور نامعلوم چیز نہین، ابھی بہت زمانہ نہین ہوا، کہ اسی کے ایک خاندان سے ایک "سید" اٹھا اور سرحد پر سکھون کے مقابلہ مین اللہ کی راہ مین اپنا سب کچھ لٹا کے، اور اپنے آپ کو مٹا کے، دنیا کو دکھا دیا، کہ ہندی مسلمان بھی جہاد و غزا کے معنی سے ناآشنا نہین، خیر یہ تو پھر بھی اب سنی سنائی حکایت ہو گئی ہے، لیکن حضرت شیخ الہند دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کا جہاد اور ذوقِ شہادت تو موجودہ نسل کی آنکھون دیکھی

Marfat.com

ہے، اسے کون بھول سکتا ہے؟ اسے کیونکر بھلایا جا سکتا ہے؟ اور پھر شیخ الہند کے بعد، آج بھی خدائے حی وقیوم کے فضل و کرم سے ایک زندہ سلامت ذات شیخ الہندؒ کی روایات کو زندہ اور قایم رکھے ہوئے، ہند اور اہل ہند کے درمیان موجود ہے، جو اسے دیکھ کر پہچان چکے، وہ اپنی آنکھوں کو مبارک باد دیں، اور جنھوں نے نہیں دیکھا اور نہیں پہچانا، انھیں دکھانے اور پہچنوانے کی اجازت کسے؟

Marfat.com

باب ۳۶

حج ربّ البیت

لیجئے، حج ختم ہو گیا، ارکان و اعمالِ حج ختم ہو لئے، طواف ہو چکا، عرفات میں حاضری ہو لی، مزدلفہ میں رات کو رہ لئے، منیٰ میں کنکریاں پھینک چکے، قربانی کر چکے، سر منڈا چکے، صفا و مروہ کے درمیان سعی کر لی، احرام پہن چکے، لبیک پکار چکے، جو حاجی نہ تھے وہ اب حاجی ہو گئے۔ ——— کیا واقعۃً حج ہو گیا؟ کیا حقیقۃً اعمالِ حج ادا ہو چکے؟ کیا اسماً و صورۃً نہیں، معنیً و حقیقۃً طواف و وقوف، سعی و رمی، تلبیہ و قربانی کے فرائض و واجبات سے سبکدوشی ہو چکی؟ کیا جس کو دوستوں اور عزیزوں نے "حاجی" کہکر پکارنا شروع کر دیا وہ اللہ کے رجسٹر میں بھی "حاجی" لکھ لیا گیا؟ فرشتوں کی زبان پر بھی "حاجی" کے لقب سے موسوم ہو گیا؟ جس نے بار بار کسی کو پکارا، اس کے کان میں ادھر سے بھی کوئی آواز آئی؟ جس کا جسم مکے اور مدینے کی گلیوں میں چلتا پھرتا رہا، اس کا دل بھی یہیں رہا جو گونگا، اور بہرا، اور اندھا ہو کر آیا تھا، وہ واپسی کے وقت کچھ بھی گویائی اور شنوائی اور بینائی، کی قوتیں لے کر چلا؟ ——— جواب کون دے، اور کس زبان سے دے

شیخ عثمان بن علی ہجویری لاہوری، (داتا گنج بخش) کشف المحجوب میں یہ

فرماتے ہین، کہ ایک صاحب حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت مین حاضر ہوئے، آپ نے پوچھا، کہ کہان سے آرہے ہو؟ جواب ملا کہ حج سے واپس ہو رہا ہون، پوچھا، حج کر چکے؟ عرض کیا کہ کر چکا، فرمایا کہ جس وقت گھر سے روانہ ہوئے، اور عزیزون سے جدا ہوئے تھے، اپنے تمام گناہون سے بھی مفارقت کی نیت کر لی تھی؟ کہا "نہین، یہ تو نہین کیا تھا" فرمایا بس تم سفر حج پر روانہ ہی نہین ہوئے، پھر فرمایا کہ راہ مین جون جون تمہارا جسم منزلین طے کر رہا تھا، تمہارا قلب بھی قرب حق کی منازل طے کرنے مین مصروف تھا؟ جواب دیا کہ "یہ تو نہین ہوا" ارشاد ہوا کہ پھر تم نے سفر حج کی منزلین ہی طے نہین کین، پھر پوچھا کہ جس وقت احرام کے لئے اپنے جسم کو کپڑون سے خالی کیا تھا، اس وقت اپنے نفس سے بھی صفات بشریہ کا لباس اتارا تھا؟ کہا کہ "یہ تو نہین کیا تھا" ارشاد ہوا کہ پھر تم نے احرام ہی نہین باندھا، پھر پوچھا کہ جب عرفات مین وقوف کیا، تو کچھ معرفت بھی حاصل ہوئی؟ کہا کہ "یہ تو نہین ہوا" فرمایا کہ پھر تم نے عرفات مین وقوف ہی نہین کیا، پھر پوچھا کہ جب مزدلفہ پر اپنی مراد کو پہونچ چکے، تو اپنی ہر مراد نفسانی کے ترک کا بھی عہد کیا تھا؟ کہا کہ یہ تو نہین کیا تھا، ارشاد ہوا کہ پھر مزدلفہ تم حاضر ہی نہین ہوئے، پھر پوچھا کہ خانہ کے طواف کے وقت صاحب خانہ کا بھی جمال نظر آیا تھا؟ کہا کہ "یہ تو نہین ہوا" ارشاد فرمایا کہ پھر تمہارا طواف ہی نہین ہوا، پھر پوچھا کہ جب صفا و مروہ کے درمیان سعی کی تھی، تو مقام صفا، اور درجۂ مروہ کا بھی کچھ ادراک ہوا تھا؟ کہا کہ یہ تو نہین ہوا تھا، ارشاد ہوا کہ پھر سعی بھی تم نے نہ کی، پھر پوچھا کہ جب منیٰ آئے تو اپنی ساری آرزؤن کو تم نے فنا کیا؟ کہا کہ یہ تو نہین کیا تھا، ارشاد ہوا کہ پھر تمہارا منیٰ جانا لاحاصل رہا، پھر پوچھا کہ قربانی کے وقت اپنے نفس کی گردن پر بھی چھری چلائی تھی؟ کہا کہ یہ تو نہین

Marfat.com

کیا تھا، ارشاد ہوا کہ پھر تم نے قربانی ہی نہین کی، پھر پوچھا کہ جب کنکریان ماری تھین تو اپنے جہل اور نفسانیت پر بھی ماری تھین؟ کہا کہ یہ تو نہین کیا تھا، ارشاد ہوا کہ پھر تم نے رمی بھی نہ کی، اور اس ساری گفتگو کے بعد آخر مین فرمایا کہ تمھارا حج کرنا نہ کرنا برابر رہا، اب پھر جاؤ، اور صحیح طریقہ پر حج کرو،

سید الطائفہؒ کی یہ ساری تقریر محض خیال آرائی و تخیل طرازی نہین، حضرت ذوالنون مصریؒ اپنی آنکھون کی دیکھی بات بیان کرتے ہین، کہ منیٰ مین مین نے ایک جوان کو دیکھا کہ جس وقت ساری خلقت قربانیون مین مصروف تھی، وہ سب سے الگ چپکا بیٹھا ہوا ہے، مین برابر اس کی طرف دیکھتا رہا، کہ دیکھون اب یہ کیا کرتا ہی، آخر مین نے دیکھا کہ اس نے مناجات شروع کی، کہ اے پاک پروردگار! ساری خلق قربانی کرنے مین مشغول ہے، مین چاہتا ہون کہ تیرے حضور مین خود اپنے نفس کی قربانی پیش کرون، اسے قبول فرما، یہ کہا اور اپنی انگشت شہادت کو اٹھایا، اور دھڑ سے زمین پر گر پڑا، مین نے قریب جا کر دیکھا تو روح پرواز کر چکی تھی! اللہ اللہ! بڑون کی باتین بھی کیسی بڑی ہوتی ہین، انھین جو کچھ ملتا ہے، وہ سب کے نصیب مین کہان آسکتا ہے، وہ جو کچھ دیکھ لیتے ہین، اسے دیکھنے کے لئے ہر اندھا، کہان سے آنکھین لائے، حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہین کہ وہ عبادت ہی کیا، جو کی آج جائے، اور اس کا ثواب کل کے لئے ادھار رہے، اللہ کی طاعت کے معنی تو یہ ہین، کہ طاعت اور مزدِ طاعت ساتھ ہی ساتھ دم نقد وصول! چنانچہ اپنے متعلق فرماتے ہین، کہ جب پہلی بار حج کو گیا، تو بجز خانۂ کعبہ کے اور کچھ دکھائی نہ دیا، دوبارہ گیا تو خانۂ اللہ

اور صاحب خانہ دونون کا جلوہ دیکھا، اور جب تیسری بار گیا، تو صرف صاحب خانہ ہی کا جلوہ ہر طرف دکھائی دیا، اور مکان کے در و دیوار نظرون سے غائب! شیخ، مجیری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ سب حکایات و اقوال نقل فرمائے ہین، خود اپنی تحقیق تحریر فرماتے ہین کہ حرم کو حرم اس لئے کہتے ہین کہ اس کے اندر مقام ابراہیم ہے، اور مقام ابراہیم کی دو قسمین ہین، ایک مقام تن، ایک مقام دل، مقام تن کا نام مکہ ہے اور مقام دل کی تعبیر مرتبۂ خلت ہے جن کی ہمتین محض مقام تن تک محدود ہین، انھین چاہیئے کہ اپنا معمولی لباس اتار کر احرام کی کفنی پہنین، حدودِ حرم مین شکار نہ کھیلین، عرفات مین حاضر ہون، طواف کرین، وقس علیٰ ہذا، لیکن جسکا حوصلہ یہ ہو کہ مقام ابراہیم کے مقام دل تک پہونچے تو اسے چاہیئے کہ:-

چون کسے قصد مقام دل دے کند از مالوفات
اعراض باید کرد و بہ ترک لذات و راحات
و گفت از ذکر اغیار معرض شود ز انچہ
التفات دے بہ کون مخطور باشد آنگاہ
بہ عرفات معرفت قیام گیرد و ازان جا
قصدِ مزدلفہ الفت گرد و ازآن جا سر
رابہ طوافِ حرم تنزیہ حق فرید سنگ
ہواو خاطرہاے فساد را بہ منائے ایمان
بیندازد، و نفس را اندر منحرگاہ مجاہدت
قربان کردہ بہ مقام خلت رسد پس دخول

اپنے شوق و خواہش کی چیزون کو چھوڑ دے لذتون
اور راحتون کو ترک کر دے، غیر اللہ کا تذکرہ
تک زبان پر نہ لائے، اس لئے کہ عالم کون
کی جانب التفات ہی اس وقت ممنوع ہے
اس کے عرفاتِ معرفت مین وقوف کرے
وہان سے مزدلفۂ الفت کا قصد کرے، وہان سے
اپنے قلب کو تنزیہ حق کے طواف کے لئے
روانہ کرے، اور منائے ایمان مین خواہشات
نفس کے سنگریزون کو پھینکدے قربانگاہ
مجاہدات مین اپنے نفس کی قربانی پیش کر دے

مقام تن امن باشد از دشمن و شمشیر ایشان و دخول مقام دل امان بود از قطعیت و اخوات آن، (کشف المحجوب کشف الحجاب الثامن)	اور اس طرح مقام غلبت پر فائز ہو جائے، مقام تن مین داخل ہونے کے معنی دشمن و شمشیر دشمن سے امان پا جانے کے ہین، اور مقام دل مین داخل ہونے کے معنی اللہ کی جدائی اور اس کے نتائج سے محفوظ ہو جانے کے ہین،

دل والون نے جب حج کئے ہین، اس طرح کئے ہین، کہ محض تن والے دنگ رہگئے ہین، نہ زاد و توشے کی فکر کی ہے، نہ مرکب و راحلہ کا سامان کیا ہے، نہ رفیق و عزیز کو ہمراہ لیا ہے، نہ منزلون پر پہنچ کر قیام کیا ہے، نہ پانی کی صراحیان ساتھ لی ہین، تن تنہا اٹھ کھڑے ہوئے ہین، اور خالی ہاتھ چل دیئے ہین، بادیہ کی جلجلاتی ہوئی ریگ پر ننگے پیر، اور عرب کی تپتاتی ہوئی دھوپ مین ننگے سر، ایک دو دن کی نہین ہفتون اور مہینون کی مسافتین طے کی ہین، روزون پر روزے رکھے ہین، اور فاقون پر فاقے کئے ہین، کوئی ایک دو مثالین ہون تو درج کی جائین، کس کس کے نام، اور کہان تک گنائے جائین، طاؤس الفقرا شیخ ابو نصر سراجؒ اپنی کتاب اللمع مین اس طرح کی بہت ساری حکایات روایات درج کر کے لکھتے ہین، کہ ان اللہ والون کے آداب حج یہ ہین کہ جب میقات پر پہونچ کر غسل کرتے ہین، تو اپنے جسم کو پانی سے دھونے کے ساتھ ہی اپنے قلب کو توبہ مین غسل دیتے ہین، جب احرام پہننے کے لئے اپنے جسم سے لباس اتارتے ہین تو قلب سے بھی لباس محبت دنیا اتار ڈالتے ہین، جب زبان سے لبیک لاشریک لک لبیک کہنا شروع کرتے ہین، تو حق کو پکارنے کے بعد شیطان و نفس کی پکار پر حج

Marfat.com

دینا اپنے اوپر حرام قرار دے لیتے ہین، جب خانہ کعبہ کا طواف کرنے لگتے ہین تو آیۂ کریمہ و ترى الملٰئكة حافين من حول العرش کو یاد کرکے، عرش الٰہی کے گرد طواف کرنے والے فرشتون کا تصور جماتے ہین، جب حجر اسود کو بوسہ دیتے ہین، تو گویا اس وقت حق تعالیٰ کے ہاتھ پر اپنی بیعت کی تجدید کرتے ہین، اور اس کے بعد اپنے ہاتھ کا کسی خواہش کیطرف بڑھانا گناہ سمجھ لیتے ہین، جب صفا پر چڑھتے ہین تو اپنے قلب کی کدورت کو بھی صفائی سے بدل لیتے ہین، جب سعی کرنے مین تیز دوڑتے ہین، تو گویا شیطان سے بھاگتے ہوتے ہین، جب عرفات مین حاضر ہوتے ہین تو تصور کے سامنے میدانِ حشر کا نقشہ جماتے ہین، جب مزدلفہ مین آتے ہین تو ان کے قلب ہیبت و عظمتِ حق تعالیٰ سے لبریز ہوتے ہین، جب کنکریان پھینکتے ہین تو اپنے اعمال و افعال یاد کرتے جاتے ہین، جب سر منڈاتے ہین تو ساتھ ہی حبِّ جاہ و خود پسندی پر بھی استرہ چلاتے جاتے ہین، اور جب قربانیون کو ذبح کرتے ہین تو ساتھ ہی ساتھ اپنے نفسون پر بھی چھری چلاتے رہتے ہین، ـــــ جنھون نے یہ آدابِ حج اپنی کتابون مین لکھے، اور جنھون نے عمل مین برتے، وہ نور کے بنے ہوئے، اور آسمانون پر اڑنے والے فرشتے نہ تھے، ہماری آپکی طرح مٹی کے پتلے اور اسی مادی زمین پر چلنے پھرنے والے انسان ہی تھے،

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ احیاء مین مناسکِ حج کی فقہی تفصیل کے بعد، ایک مستقل و مفصل باب حج کے دقائقِ اعمال اور آدابِ باطنی پر لائے ہین، اور اس کے اندر جتنے اعمالِ حج ہوتے ہین اول سے آخر تک ان سب کے اسرار و آدابِ باطنی بیان فرمائے ہین، کہ فلان عمل کے وقت یہ نیت رکھنا چاہیئے، فلان عمل کے وقت اس مقصد کا تصور

رکھنا چاہیے، فلان عمل کے ذریعہ سے یون تزکیۂ نفس کرنا چاہیے، فلان عمل کو یون اپنی اصلاح کا وسیلہ بنانا چاہیے، اور فلان فلان اعمال سے ان ان مجاہدات کا کام لینا چاہیے، اور پھر ہر ہر مجاہدے کے ساتھ تابعین سے لیکر اپنے زمانہ کے اولیا رکبار کی حکایات بھی درج کی ہین جس حج کے قبول کے لئے مقبولون کو یہ یہ مشقتین جھیلنی پڑی ہون، اس کی مقبولیت کا ہم جیسے تباہ کار کبھی خواب مین بھی گمان نہین کرسکتے ہین؟ جس طاعت کے ادا کرنے مین اللہ والون کو یہ یہ ریاضتین اُٹھانی پڑی ہون اس کے مقبول ہونے کا ہم نفس کے بندے کبھی بھی حوصلہ کرسکتے ہین؟ عارفون نے جس عبادت کا معیار یہ رکھا ہو، ہم تہی مایہ کس منہ سے کہہ سکتے ہین، کہ وہ ہم سے کسی درجے مین بھی بن پڑی! ——— پھر کیا سفر حج کی یہ ساری دوڑ دھوپ خدانخواستہ لاحاصل ہی رہی؟ اور وطن سے بے وطن ہونے، بیسیون اہلِ وطن سے دور رہنے، سیکڑون روپیہ صرف کرنے، موسم کی سختیان اٹھانے کا نتیجہ، خدانخواستہ کچھ بھی نکلا؟

بڑون کی باتین بڑون پر چھوڑیئے، کچھوا دوڑ مین خرگوش کا دم کہان سے لائے جو مفلس و بے نوا ہے، وہ تاجدارون اور زرین کلاہون کی ریس کا حوصلہ کیون کرے؟ مور ضعیف سلیمانؑ وقت کی ہمسری کا سودا ہی اپنے سر مین کیون پیدا کرے؟ جواد کے شیر ہین ان کا معاملہ انھین پر چھوڑیئے، اگر کہین لوازم حج مین وہی سب کچھ داخل جو ابھی بیان ہوا ہی، اگر کہین قبول حج کے لئے یہی سب شرطین ہوتین، تو فرمایئے، کہ جیسے ضعیفون اور زبون ہمتون کا کیا حشر ہوتا؟ جنیدؒ و بایزیدؒ، ہجویریؒ و غزالیؒ، تو کہین

Marfat.com

صدیون کی مدت مین اور لاکھون کی آبادی مین، دو ہی چار پیدا ہوتے ہین، یہ کرورہا کرورہ اور اربہا ارب مخلوق جو اس ساڑھے تیرہ سو برس کی مدت مین روے زمین کے ہر ہر گوشے مین پیدا ہوتی رہی، اور آیندہ خدا معلوم کب تک پیدا ہوتی رہے، کیا ان سب کی محنت، حج اور سفرِ حج کے لئے سرے سے بے کار و لاحاصل ہی رہتی ہے؟

——— قربان جائیے اس کی رحمت کے جو سب رحم کرنے والون سے بڑھکر رحیم اور سب کرم کرنے والون سے بڑھکر کریم ہی، کہ اس نے ایسے سی رحمۃ للعالمین کو ہادی ودلیل، حاکم وحکیم، مرشد ومعلم بناکر بھیجا، جس نے اپنے ہر نمونۂ عمل مین اقویا سے کہین زیادہ ضعفاء کا، حوصلہ مندون سے کہین زیادہ پست ہمتون کا، بڑون سے کہین زیادہ چھوٹون کا اور طاقت والون سے کہین زیادہ کمزورون کا خیال رکھا اس سب سے زیادہ کامل اور سب سے زیادہ مقبول حج کرنے والے کے حج و اعمالِ حج و سفرِ حج کی ایک ایک تفصیل حدیث اور فقہ کی کتابون مین قلمبند ہے، اور وہ جو آخرت مین ہر بے کس کا سہارا، اور ہر بے آس کا آسرا ثابت ہوگا، اس دنیا مین بھی ہر طاعت اور ہر عبادت کی طرح حج کے معاملے مین اپنے ذاتی عمل سے، تختیون اور مشقتون کے بجاے، سہولتون اور آسانیون کی راہ کھول گیا ہے، صلی اللہ علیہ وسلم، اور اسی کے اتباع مین ہر مایوس کو آس کی جھلک اور ہر ناامید کو امید کی شعاع نظر آرہی ہی،

Marfat.com

باب ۳۷

رخصتی

مدرسہ صولتیہ کا نام اور مجمل تذکرہ اوپر کئی بار آچکا ہی، تمام ہندوستان مین پہلے سے مشہور رہے، مجمل تذکرہ نے دلون مین اشتیاق بڑھادیا ہوگا، تفصیل کی نہ ان صفحات مین گنجایش نہ یہ اس کا محل، لیکن اتنا کہہ دینے اور آپ کے سن لینے مین کوئی ہرج نہین، کہ بحر زمین عرب پر ہندوستانیون کے قایم کئے ہوئے مدارس مین شاید سب سے زیادہ پرانی اور مشہور درس گاہ یہی ہے، مولانا رحمۃ اللہ کیرانہ ضلع مظفر نگر کے باشندہ ہنگامۂ ۱۸۵۷ء سے قبل ہندوستان کے ایک نامور مناظر عالم تھے، مشہور دشمنِ اسلام پادری فنڈر کو اُن ہی نے میدانِ مناظرہ مین شکست دی تھی، سرکار برطانیہ کی نگاہ مین معتوب و مشکوک قرار پائے، ہجرت کرکے مکہ معظمہ چلے آئے، اور یہین کلکتہ کی فیاض و عالی ہمت خاتون صولت النساء بیگم کی مالی امداد سے ۱۲۹۱ھ مین اس دینی مدرسہ کی بنیاد ڈالی، اور اُس وقت سے اب تک خدا کے فضل سے یہ مدرسہ بخوبی چل رہا ہے، زمانہ کے انقلابات بھی قابل دید ہوتے ہین، سلطان عبدالعزیز خان اور سلطان عبدالحمید خان کے زمانہ مین مولانا کی بڑی قدر و تکریم ہوتی رہی، موجودہ حکومتِ حجاز، کارکنانِ مدرسہ کے ساتھ شاید اُن کی غلطیو

کا کفارہ کر رہی ہی لیکن مدرسہ اب بھی ماشاء اللہ اچھی حالت مین ہی، غالباً بارہ سو بارہ سالانہ کی اعانت سرکار نظام اور سرکار بھوپال دونون سے ہوتی رہتی ہی، ۱۸ سو ۱۸ سالانہ نواب چھتاری کے ہان سے مقرر ہین، اور متفرق چندے ہین، مدرسہ کی عمارتین خاصی وسیع و عالیشان ہین، لاکھ سوا لاکھ سے کیا کم لاگت مین تعمیر ہوئی ہونگی، سنا ہی کہ ۲۵ ہزار کی رقم سرکار آصفیہ سے یکمشت ادا ہوئی تھی، طلبہ مین حجازی، بخاری، ہندی، جاوی، مراقشی، سب ہی قومین شامل ہین، گو افسوس ہی کہ حجازیون کی تعداد بہت کم ہے، تعلیم شروع مین طلبہ کی مادری زبان مین ہوتی ہی، استاد بھی مختلف قومون کے ہین، دار المطالعہ مین اُس وقت ہمدرد جاتا تھا، پیسہ جارہا ہی، اور بھی ہندوستان کے مختلف پرچے، بحیثیت مجموعی ہندوستانیون کا ایک اچھا خاصا کلب ہی، ناظم مدرسہ مولانا محمد سعید کیرانوی اس وقت رخصت پر اپنے وطن مین ہین، قایم مقام ناظم مولوی محمد سلیم کے حسنِ اخلاق کا تذکرہ بار بار آچکا ہی، مدرسہ باوجود اپنے موجودہ ذرایع آمدنی کے اہل خیر کی امداد کی ضرورت سے بے نیاز نہین،

خیر البلاد مین، ہندیون ہی کا ایک دوسرا قابلِ ذکر مدرسہ، مدرسہ فخر عثمانیہ ہے، یہ مدرسہ، تاجدار دولت آصفیہ میر عثمان علیخان بہادر آصفجاہ کے اسم گرامی کیساتھ منسوب ہے، اور حرم سے بالکل متصل، بلکہ کہنا چاہیئے کہ حرم شریف کے اندر ہی جانب ابراہیم کے بالاخانہ کی چھت پر اس کے کمرہ واقع ہین، ان کمرون مین اگر نماز پڑھی جائے، تو گویا حرم شریف ہی کی نماز سمجھی جاتی ہی، طلبہ مین، ہندی، حجازی، جاوی سب قومون کے بچے شامل ہین، دو سو روپیہ ماہوار سرکار نظام سے

اور سوا سو روپیہ ماہوار غالباً دربار بھوپال سے امداد ملتی رہتی ہی، کچھ متفرق چندون سے مل رہتا ہی، موسم حج مین مکانِ مدرسہ کرایہ پر اٹھادیا جاتا ہی، اور چونکہ حاجیون کے لئے بہترین موقع پر واقع ہی، اس لئے کرایہ خاصہ معقول وصول ہوجاتا ہی، ۱۳۱۴ھ سے ۱۳۱۸ھ مین دو دو ہزار سے اوپر کی رقمین حاصل ہوئین، مجموعی آمدنی اوسطاً ۸۰ ہزار سالانہ کی رہتی ہی، مصارف بھی ۷۰، ہزار سے کم نہین ہوتے، ۱۳۲۳ھ مین آمدنی بہت ہی کم ہوئی تھی، مالی حالت قابلِ اطمینان نہین، اہل خیر کی توجہ و التفات کی ضرورت ہے، مدرسہ کے مہتمم قاری محمد اسحٰق صاحب مدرسہ کی رپورٹ ہمدرد پریس (دہلی) مین چھپواتے تھے، ان کے نام سے واقفیت اس ذریعہ سے ہوئی، پھر ایکبار غالباً ۱۳۱۴ھ مین حیدرآباد مین سرسری ملاقات بھی ہوئی تھی، بڑے مستعد، کارگذار، صاحب ہمت اور خدمت گذار شخص ہین، مدرسہ کی ترقی کے لئے بڑے بڑے منصوبے رکھتے ہین، لیکن بیچارے بے زری اور تہیدستی سے معذور ہین، مدرسہ کی عمارت اپنی ذاتی نہین کرایہ کے مکان مین ہے، اور مصارف کی سب سے بڑی مد یہی کرایۂ عمارت ہے، ایک ایک سال مین بارہ بارہ تیرہ تیرہ سو روپیہ کرایہ مین دینا پڑتا ہے، ہندوستان کے جو اہلِ کرم مدد کرنا چاہین، وہ حاجی عبدالغفار صاحب کوٹھی علی جان صاحب مرحوم، چاندنی چوک، دہلی، یا حاجی عبداللہ بھائی عبدالرحیم صاحب، ناگدیوی اسٹریٹ، بمبئی، کے ذریعہ سے روپیہ مدرسہ کے بھیج سکتے ہین،

مکہ مین ان دونون کے علاوہ اور بھی مدرسے ہین، لیکن ان تک ہم

کا نہ وقت ملا، نہ اُن کے باب مین کوئی مفصل واقفیت حاصل ہوئی، مکہ محض عبادتگاہ نہین،
اچھا خاصا وسیع متمدن شہر ہے، مدرسے، اسپتال، موٹرین، سائکلین بجلی کی روشنی اور پنکھے،
برف، پریس، ہوٹل سارے لوازم تمدن موجود، عبادات سے اگر قطع نظر کرکے، محض تمدنی
حیثیت سے نگاہ دوڑائی جائے، تو یہ معلوم ہی نہ ہوگا، کہ حجاز کا کوئی شہر ہے، بس یہ معلوم ہوگا
کہ، لکھنؤ یا کان پور یا آگرہ مین بیٹھے ہوئے ہین، بہت وسیع بازار، جسمین اعلیٰ سے اعلیٰ ولایتی
کپڑا ہر قسم کا موجود، بہتر سے بہتر کھانے کی دوکانین اور ہوٹل، تلاش کیجائے، تو ہر مذاق
کا کھانا مل سکتا ہے، مٹھائیان، پھل، میوے، بہ افراط، تار گھر ہے، ٹیلیفون ہے، اور غالبًا
لاسلکی کا بھی اسٹیشن موجود، علاج، ترکون کے زمانہ سے عمومًا ڈاکٹری ہونے لگا ہے، تاہم
یونانی طبیبون کی بھی کمی نہین، اور دہلی کے دواخانون سے آئی ہوئی یونانی دوائین بھی
اچھی اور قابل اطمینان ملجاتی ہین، دہلی، اودھ، پنجاب، دکن، بمبئی، گجرات، ہندوستان کے
ہر صوبہ اور ہر گوشہ کے باشندے اچھی خاصی تعداد مین آباد، اور ہندوستان کی یاد کو
تازہ رکھے ہوئے ہین، حکومت وقت کی عنایت قدرۃً گروہ اہل حدیث پر زائد ہے، اور
جسکا اس گروہ سے کچھ بھی تعلق ہو وہ فی الجملہ صاحب رسوخ و اثر، مصری اخبارات
رسائل کے علاوہ ہندوستان سے اردو کے پرچے بھی اچھی تعداد مین جا بجا آتے
رہتے ہین، ایک ہفتہ وار اخبار ام القریٰ کے نام سے نکلتا ہے، ہر جمعہ کو شایع ہوتا
ہے، دفتر حرم شریف سے قریب ہے، ولیعہد کے محل کی پشت پر واقع ہے، سیچ سے بتادیا
ہے، وقت ہوتا تو اندر جاکر مدیر سے ملاقات کیجاتی، اور دفتر کے حالات کا مشاہدہ
ہوتا، باہر سے تو دفتر کی عمارت خاصی شاندار معلوم ہوتی ہے، پرچہ کی حیثیت نیم
سرکاری بلکہ کہنا چاہئے کہ سرکاری ہی ہے، بڑی تقطیع کے چار صفحے ہوتے ہین ہر صفحہ

Marfat.com

مین پانچ کالم، حجاز مین سالانہ چندہ ۳ ریال ہے، اور باہر کے لئے ۶ ریال (ایک ریال سعودی، انگریزی سکہ مین ۸ ار آنے کا ہوتا ہے، یا کچھ زیادہ) جو لوگ حج و حجاز کے متعلق سرکاری اطلاعات سے باخبر رہنا چاہتے ہین، اُن کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔

حاجیون کو عموماً حج سے فراغت کے ساتھ ہی، مکہ سے روانگی کی جلدی پڑ جاتی ہے، کچھ مدینہ جانا چاہتے ہین، اور کچھ وطن واپس ہونا، ٹھہرنے والے بہت ہی کم ہوتے ہین، بعض بزرگون کے ارشادات بھی اسی قسم کے ہین، کہ حج کے بعد ہی روانہ ہو جانا چاہئے، زیادہ قیام نہ کرنا چاہئے، حضورؐ نے صحابہؓ سے بھی بعد حج صرف تین دن کیلئے قیام کے لئے فرمایا تھا، ہم لوگون کو واپسی کی عجلت تھی، اور پروگرام یہ تھا، کہ جدہ سے پہلے جہاز پر روانہ ہو جائین گے، منشی احسان اللہ خان صاحب نے کہ رکھا تھا، کہ پہلے ہی سے جگہ ملنے کی ذمہ داری صرف اسی صورت مین کیجا سکتی ہے کہ جلد سے جلد یعنی ۱۳ ار کو جدہ آجاؤ، منیٰ سے ہم لوگ ۱۲ ار کی شام کو مکہ واپس آگئے تھے، اور خیال یہ کئے ہوئے تھے کہ ۱۳ ار ہی کو کسی وقت جدہ پہونچ جائین گے، موٹر کا دو ڈھائی گھنٹہ کا راستہ ہے بات ہی کیا ہے، جس وقت چاہین گے چل کھڑے ہون گے ——— تجربہ سے معلوم ہوا، کہ یہ محض حسن ظن تھا، واپسی اتنی آسان ہرگز نہین جتنی ہم لوگ سمجھے ہوئے تھے، پہلی بات تو یہ معلوم ہوئی کہ واپسی کے لئے سواریان اسی وقت مل سکتی ہین جب پہلے منشور سلطانی جاری ہوے، بغیر فرمان شاہی جاری ہوئے، کسی سواری کا ملنا خلاف قانون ہے، اور فرمان کے لئے یہ لازمی نہین، کہ اسکا اجرا ۱۳ ار ہی کو ہو جائے باخیر خدا خدا کر کے ۱۴ ار کو فرمان جاری ہوا، اور اس کے بعد اب معلّم صاحب

Marfat.com

شتر غمزون سے ایکبار پھر سابقہ شروع ہوا،

مدینہ سے روانگی کے وقت، سواری کے دستیاب ہونے مین، جو جو زحمتین پیش آئی تھین، اُن کا تذکرہ اپنے مقام پر آچکا ہی، خیال یہ تھا، کہ مکہ! یہ تخت سلطانی ہی، یہان کے انتظامات بہت بہتر ہون گے، اور ہر طرح نظم و باقاعدگی ہوگی، تجربہ سے معلوم ہوا، کہ اس زمین کا بھی آسمان وہی ہی، الحرمین کمپنی، جس کی لاریون پر جدہ سے مدینہ گئے تھے، اور مدینہ سے مکہ پہونچے تھے، اس کا معاہدہ ختم ہوچکا تھا، اب نئی سواری کا انتظام کرنا تھا، اور یہ یاد رہے کہ سواری کا انتظام معلم ہی کی معرفت ہوسکتا ہی، براہ راست کوئی حاجی اپنی سواری کا انتظام نہین کرسکتا، کرنا چاہے تو کوئی سواری والا اس سے سیدھے منہ بات بھی نہ کریگا، بلا وساطت معلم، سواری کا انتظام، قانونِ حکومت کا جرم ہے، ایک تاجر عبدالحمید کتبی ہندی ہین، ان کے نام بمبئی سے چلتے وقت سیٹھ عمر بھائی چاند بھائی نے تعارف نامہ لکھدیا تھا، ان کی موٹرین چلتی ہین، ان سے درخواست کی، اور بار بار کی، پہلے تو بہت اخلاق سے ملے، لیکن یہ خاص غرض جب پیش کی گئی، تو پہلے کچھ گول سے جوابات دیئے، اور کئی مرتبہ کی دوڑ دھوپ کے بعد بالآخر انکار فرمادیا، ایک تعارف نامہ دہلی کے مشہور حاجی علیجان والون کی کوٹھی کے شیخ عبدالوہاب صاحب کے نام بھی تھا، ۱۴ر کی صبح کو ان سے ملاقات کی، امداد کا وعدہ فرمایا، اپنے بعض بزرگ عزیزون کے نام چٹھیان لکھدین، ان مین سے ایک بزرگ نے جنکا نام غالباً عبیداللہ صاحب تھا، سواری دینے کا پورا وعدہ بھی کرلیا تھا، ان کے در دولت پر خدا معلوم کتنی بار حاضری دینی پڑی، اور بالآخر یہ معلوم ہوا کہ وعدہ اور ایفائے وعدہ

کے درمیان عدم تطابق صرف ہندوستان ہی کے لئے مخصوص نہین، بلکہ بیت اللہ کے جوار مین بھی بیٹھکر بہ آسانی ممکن ہی، بہرحال سارے دن کی بے نتیجہ تگ ودو کے بعد ۱۴ار کا بھی دن ختم ہو گیا، اور سواری کے بہم پہونچنے کی کوئی صورت نہ نکلی، دار وغہ حبیب اللہ بیچارے نے اخلاصمندی کے ساتھ بہت کچھ مدد کرنی چاہی، لیکن معلّم صاحب کے داؤ پیچ کے سامنے وہ بے بس تھے،

زائد سامان اونٹون پر لدکر ۱۴ار کی شب مین جدّہ روانہ ہو چکا تھا، اب ہم لوگ تھے اور سعی واپسیِ وطن، صبح اور شام کے اوقات اور دوپہر اور سہ پہر کے گھنٹے اس کام کے لئے وقف تھے، کہ اُدھر سے اِدھر، اِدھر سے اُدھر سواری کی تلاش مین دوڑا جائے، اور ہر در سے محروم و مایوس واپس آیا جائے، کیسی نازین اور کہان کے طواف، ایک سودا تھا کہ سر پہ، اور ایک چکر تھا کہ پیرون پر سوار تھا، ۱۵ار کو جمعہ کا دن تھا، صبح کے اوقات تو انھین سرگردانیون کی نذر ہوئے، دوپہر کو جب نمازِ جمعہ کے لئے حرم شریف کے اندر پہونچے ہین، تو جگہ مطلق نہین، آج حرم شریف ماشاء اللہ نمازیون سے کھچا کھچ بھرا ہوا ہے، رکوع وسجود کا ذکر نہین، کھڑے ہونے تک کی گنجایش نہین، مجبوراً حرم شریف کے اندر کی جماعت کا خیال ترک کرکے باب ابراہیم کے بالاخانہ پر، مدرسہ فخریہ عثمانیہ کے جو کمرے ہین، اُن مین چڑھ گئے، اور قاری اسحٰق صاحب مہتمم مدرسہ کے لطف وکرم سے، کسی نہ کسی طرح، یہان جگہ مل گئی، فاصلہ اس قدر تھا اور باہر سڑک پر شور وہنگامہ اتنا، کہ تکبیر کی آواز تک نہین سنائی دیتی تھی، الٹے سیدھے، جس طرح بن پڑا، کسی طرح نماز ادا ہو گئی، سہ پہر کو مدرسہ کا سالانہ جلسہ تھا، اس تقریب سے

یہان بعد عصر پھر آنا ہوا، اور اس وقت ہر طرف سے عاجز و مجبور ہو کر یہین سے اس مضمون کا تار قاری اسحق صاحب کی وساطت سے، منشی احسان اللہ صاحب انگریزی وایس کانسل جدہ کے نام دینا پڑا:۔

"۱۳ سے برابر سواری کی تلاش ہے، معلم کے کبھی نہ پورے ہونے والے وعدے اب تک یہان روکے ہوئے ہین"

خدا کی شان، کہ جو قلبی القلب "اللہ" سے نڈر تھا، وہ "احسان اللہ" سے ڈر کر فوراً سواری کا انتظام کرا لایا، اور آدھ گھنٹہ کے اندر معلم نے خود آکر یہ خبر دی کہ لاری کا انتظام ہو گیا اور اب ہم لوگ جب چاہین، روانہ ہو سکتے ہین!

رخصتی کا طواف، طواف الوداع کہلاتا ہے، ملک الملوک کے دربار کا یہ آخری سلام ہوتا ہے، طواف الصدر و طواف الافاضہ بھی اسی کے نام ہین، یہ طواف وطن واپس جانے والون پر حنفی مذہب مین واجب ہے، البتہ عورتین اپنے خاص زمانہ مین، اس وجوب سے مستثنیٰ ہین، یہ طواف اسی طرح ہو گا، جسطرح اور سب طواف ہوتے ہین، فرق صرف اتنا ہے کہ اسمین رمل نہین، باقی سات چکر کاٹنا، مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز پڑھنا، زمزم پینا، حجر اسود کو بوسہ دینا، اور موقع ملے تو ملتزم سے لپٹنا، یہ سب چیزین اسیطرح بدستور رخصت کے وقت کی بعض دعائین جو حرم شریف کے دروازہ سے باہر نکلتے وقت پڑھی جاتی ہین، کتابون مین لکھی ہوئی ہین، معلم اس وقت پڑھا دیتے ہین، بہتر یہ ہے کہ کعبہ سے جب روانہ ہونے لگے، تو الٹے پاؤن در حرم تک آئے، حج کی مقبولیت کی، اور دوبارہ حاضری کی بار بار دعا کرے، اور کعبہ سے جدائی پر آنکھین روئین یا نہ روئین، لیکن کم از کم دل ضرور روتا ہو

Marfat.com

اور حرم شریف سے باہر اگر مساکین کو کچھ صدقہ بھی دیدے، عصر اور مغرب کے درمیان ہم لوگون کا سامان بندھ کر تیار ہو گیا، مغرب کی نماز حرم مین پڑھی، اور بعد نماز طواف وداع کے مراتب سے فارغ ہوئے، مغرب پڑھے ہوئے کوئی پون گھنٹہ گزرا ہوگا، کہ ہم لوگون کے قدم، حدودِ حرم شریف سے باہر آگئے، یہ وقت بھی عجیب ہوتا ہی، کوئی ہشاش بشاش کوئی غمگین وافسردہ، کسی کا دل امیدون اور امنگون سے لبریز، اور کسی کا قلب غم وحسرت کے بار سے دبا ہوا، کوئی یہ سمجھ رہا ہی، کہ اب دوبارہ ان آنکھون کو یہ دربار اور یہ دیار دیکھنا کاہیکو نصیب ہوگا، کسی کو یہ یقین کہ پھر آئین گے اور بار بار آئین گے، اور سو بار اگر وداع درخصت کی تلخیان جھیلین گے، تو ہزار بار آمد و وصال کی لذتین اور حلاوتین بھی حاصل کرین گے کوئی مغموم کہ کعبہ چھوٹ رہا ہے، کوئی مسرور کہ کعبہ ساتھ چل رہا ہے، اپنی اپنی نسبت اور اپنا اپنا ظرف، کس کو خبر، کہ دلون کے مالک کی نظر مین کس کی نذر مقبول، اور کس کا تحفہ قابلِ قبول

باب ۳۸

"جملۂ معترضہ"

معلّم عبدالقادر سکندر کے مظالم کا تذکرہ بار بار آچکا ہی، عجب نہین کہ بعض ناظرین اس تذکرہ سے اکتا گئے ہون، لیکن حقیقۃً جو کچھ کہا جاچکا ہے، اس سے کہین زیادہ وہ ہے، جو نہین کہا گیا ہے! آپ بیتی کے یہ چند موٹے موٹے واقعات تھے، جنکا ذکر ناگزیر تھا، باقی اگر وہ کل جزئیات لکھے جائین، جو ہم لوگون کو پیش آکر رہے، یا ہم نے دوسرون کو پیش آتے دیکھے، اور کسی ایک پر نہین، بلکہ امیر احمد صاحب علوی کاکوروی، ڈسٹرکٹ جج تک سے لیکر غریب سے غریب ہر طبقہ کے حاجیون پر گذرتے دیکھے، اگر ان سب کو لکھا جائے، تو یہ سفرنامہ، سفرنامہ کے بجائے اچھا خاصہ "سکندرنامہ" بن کر رہ جائے، اور سکندرنامہ بھی پرانے طرز کا "بری" یا "بحری" نہین، بلکہ نئے طرز کا "ریگستانی"! ——— خوش عقیدہ ناظرین اپنے دلون مین کہہ رہے ہون گے، کہ یہ عجب طرح کا مسافرِ حجاز ہی، گیا تھا حج کرنے، اور لگا معلّم کے مظالم کا دکھڑا رونے، اگر واقعۃً معلّم کی ذات ایسی ہی ظالم و طامع خودغرض و بے درد ہوتی ہے، تو آخر دوسرے حجاج یہ شکوے کیون نہین کیا کرتے، اتنا شور و شغب یہی تنہا کیون کر رہا ہی؟ لیکن خوش عقیدہ حضرات کا یہ حسن ظن صحیح نہین، یہ بیچارہ پہلا مسافرِ حجاز نہین، جس نے معلّمون کے خلاف فریاد برپا کی ہی،

Marfat.com

مولانا محمد حسین الہ آبادی کا نام بالکل غیر معروف نام نہین، حضرت حاجی امداد اللہ کے مرید و خلیفہ تھے، اور تمام تر عشق و محبت کے رنگ مین رنگے ہوئے اجمیر مین عین حالت سماع مین انتقال فرمایا، اور اس زمانہ مین سارے ہندوستان مین اس واقعہ کی دھوم مچ گئی تھی، آج سے ۳۰، ۳۲ سال قبل ۱۳۱۷ھ مین چوتھی بار حج کے لئے تشریف لے گئے، اور واپسی پر والہانہ و مستانہ زبان مین مختصر سفرنامہ حلۃ المسکین الی البلد الامین کے نام سے شایع فرمایا، داستان سفر کیا ہے، گویا داستانِ عشق ہے، عرب اور اہل عرب کے ساتھ محبت و شیفتگی مین یہ غلو، کہ ان کے خلاف ایک حرفِ شکایت سننا بھی گوارا نہین، (ص ۵۰ وغیرہ) باایں ہمہ آپ بیتی بیان کرتے وقت یہ لکھنے پر مجبور ہین، کہ مکہ سے ۸ ذی الحجہ کو منیٰ روانہ ہوتے وقت

"اس سال اونٹون کے ملنے مین بہت دیر لگی، اس وجہ سے عصر کے وقت مکہ سے روانگی ہوئی، مغرب حدودِ منیٰ مین پڑھی، اور عشا کے وقت منیٰ مین قیام ہوا، فجر کی نماز پڑھکر وہان سے چلنا چاہتے تھا، مگر بدو اور مطوف کے ملازمین نے نہ مانا، منیٰ مین قیام بھی بمشکل میرے اصرار سے کیا تھا، اخیر شب مین عرفات کو چل دیئے، اور قبل طلوع آفتاب وہان پہونچ گئے، بدو اور مطوف چونکہ ہمیشہ حج کو آیا جایا کرتے ہین، اور مقصود ان کا حج ہوتا بھی نہین، فقط حاجیون سے تحصیل زر مدنظر ہوتی ہے، اس وجہ سے ان کی نظر مین سنن یا مستحبات چندان باوقعت نہین ہوتے ..... یہ ستم پیشہ مطوفین اور ان کے ملازمین اس کا کچھ لحاظ نہین کرتے، اور اپنی تھوڑی سی راحت کے لئے ان کو (یعنی حاجیون کو) رنج بھی پہونچاتے ہین، اور ثواب سے محروم رکھتے ہین" (ص ۶۱، ۶۲)

Marfat.com

چنانچہ مولانا مجبوراً آیندہ عازم حج کو مشورہ دیتے ہین کہ وہ بجائے مطوّف کے،

"مکہ سے کسی ذی علم سمجھدار کے ساتھ ہولے ..... اور ادائے ارکان

حج مین مطوّفون کا پابند نہ رہے" (ص۶۲)

فقہ حنفی مین ۱۲ کو منیٰ سے کوچ کی واپسی بعد زوال ہی درست ہے نہ کہ قبل زوال لیکن ظالم مطوفون کے ہاتھون مولانا پر کیا گذری، اسے مولانا ہی کی زبان سے سنئے:

"بارہوین کو صبح سے مطوف کے ملازمین نے مکہ چلنے کے لئے تقاضا شروع کیا، اور بدوون کو ایسا سبق پڑھایا کہ ہرگز زوال کے وقت تک ٹھہرنے کو راضی نہ ہوئے، مطوف کے ملازم کچھ پڑھے ہوئے بھی تھے، ایک کتاب مین سے ایک روایت امام ابو حنیفہؒ کی دکھائی جس سے اس دن قبل زوال بھی رمی کرنے کا جواز نکلتا تھا، مین نے کہا یہ روایت ظاہر روایت کے خلاف ہے، اور غیر مفتیٰ بہا ہے، مگر انھون نے ایک نہ مانا، مجبوری اُن کا ساتھ چھوڑنا پڑا، وہ میرا سارا سامان لیکر چل دیئے، مین مع اپنے چند رفیقون کے رہ گیا، اور زوال کے بعد رمی کرکے روانہ ہوا، راہ مین مشکل سواری کے لئے گدھا ملا" (ص۶۲)

مولانا کے مذہب مین عرب و اہل عرب کے متعلق شکایت کا ایک حرف بھی زبان پر لانا گناہ، کیسی کچھ اذیت پہونچی ہوگی، جب جا کر دو بے لفظون مین اتنا بھی قلم سے نکلا،

سنہ ۱۹۲۳ء مین گورکھپور کے مشہور رئیس مولوی سبحان اللہ خان صاحب نے سفر حج کیا، اور واپسی پر اپنا سفرنامہ میرا سفر حج کے عنوان سے شائع کیا، اس سفرنامہ

کے بھی بعض فقرے سننے کے قابل ہین، مولوی صاحب موصوف جانتے ہین، کہ اس قسم کی کوئی بات زبان سے نکالنا، خوش عقیدگی کے مذہب مین کتنا بڑا جرم ہے، اس لئے بیان کرنے سے قبل تمہید بیان یون اٹھاتے ہین:۔

"اس کے بعد مین مطوفون کے پورے حالات لکھونگا، مین خوب جانتا ہون کہ اول تو لوگ اس کو باور ہی نہ کرین گے، اور اگر واپس آئے ہوئے حاجی میری اس تحریر کو دیکھین گے، تو یقیناً مجھ پر بیدینی یا اہل حرم کی عظمت کا دل مین خیال نہ ہونے کا الزام لگائین گے، ..... مگر دو خیالون نے اس گستاخی کا ارتکاب کرایا ہے، اول یہ کہ یہ تحریر نامکمل نہ رہے، دوسرے جانے والے اشخاص آگاہ ہو جائین" (ص ۵۴-۵۵)

اس کے آگے مطوّفون کے مناقب سنئے:۔

"اب سنئے، مطوف آپ کے ساتھ ہرگز ہمدردی سے نہ پیش آئین گے، وہ ظاہری طور پر آپ کو چکنی چپڑی باتون سے خوب خوش کرین گے، مین خادم ہون، کفش بردار ہون، آپ کی مرضی مین میری بھی مرضی ہے، جو حکم دیجئے بجا لاؤن ..... لیکن کسی شہر والے سے حتی الوسع آپکو ملنے نہ دیگا، اگر ..... جبراً قہراً ملائیگا، تو خود یا اپنے ملازم کو جسے وہان کی اصطلاح مین صبی کہتے ہین، ساتھ کریگا، جب آپ کے ساتھ ان مین سے کوئی ہوگا، تو اگر کوئی صلاح آپ چاہین کہ وہان کے کسی شخص سے لے سکین ناممکن ہوگی، ..... یہ برتاؤ عام لوگون کے ساتھ ہے، خاص لوگون کے ساتھ علانیہ تو ایسا نہین کرتے، مگر در پردہ یہی تمام باتین ان کے ساتھ بھی کیجاتی ہین، .....

سودے سلف مین تبرکات کی خریداری مین مطوف کا حق لازمی ہے، جسکا پتہ آپکو نہ چلیگا جیسے بنارس یا لکھنؤ کے دلال ساتھ ہو لیتے ہین، اور اشارہ کے ساتھ خریداری مین حق قائم

ہو جاتا ہی" (ص ۵۵-۵۶)

آگے مکان کے کرایہ خیمہ کے کرایہ وغیرہ مین معلّم صاحبان کے "حقوق" کا تذکرہ کرنے کے بعد آخر مین کہتے ہین :-

"یہ تو چند ظاہری باتین ہین جن کو مین نے ظاہر کیا، ورنہ اس کا تو منشاء ہی یہ ہتا ہی کہ دھوکے سے فریب سے ہنت سے بماجت سے، جس طرح ہو آپ سے حاصل ہی کرتا جائے"

یہ الفاظ ایسے شخص کی زبان سے نکلے ہین جسکی فیاضیان حدِ اسراف تک پہونچی ہوئی ہین، اور جس کی داد و دہش کی صوبہ بھر مین شہرت ہے اور جس کو خود اپنے معلّم سے مطلق کوئی شکایت نہین پیدا ہوئی تھی،

خان بہادر عبد الرحیم صاحب نقشبندی، علاقہ پنجاب کے رہنے والے، مدراس مین محکمہ سروے کے کسی معزز عہدہ پر ممتاز تھے، سنہ ۱۹۱۱ء مین انھون نے سفر حج کیا، اور سفر حرمین الشریفین کے عنوان سے اپنا مفصل و مبسوط سفرنامہ تین حصون مین شایع کیا، اس مین معلّم صاحبان کے حالات و اسرار خاصی تفصیل سے بیان کئے ہین، سب کی نقل کی گنجایش نہین، جستہ جستہ فقرے کافی ہون گے، فرماتے ہین :-

"گو یہ امر بدمزہ ہے، اور طبیعت پر اس کے اظہار سے ناگواری اور گرانی ہے کیونکہ یہ اغیار کی برائیان نہین ہین، بلکہ خود اپنے عیب دوسری اقوام کے روبرو بیان کئے جاتے ہین، مگر اُن واقعات کا چھپانا جو حجاج کی ایذا کے باعث اور عرب کی بدنامی کے موجب ہین، اس سے بھی زائد ناگوار ہے، پس کہنا ہی پڑا کہ علی العموم ان بزرگوارون (یعنی معلمون) سے ہندوستانی حجاج کو سخت ایذا و تکلیف پہونچتی ہی،

..... جس وقت حجاج جدہ شریف آتے ہین، تو یہ لوگ خود یا اپنے مطوفون کو جدہ روانہ کرکے حجاج کو اپنے دام مین کر لیتے ہین ..... حاجیون کو یہ لوگ کھیتی سمجھتے ہین، اور سالانہ پیداوار جہان تک ممکن ہو، نکالنے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کرتے ..... جہان تک ان سے ممکن ہوتا ہے، حجاج کو لوٹتے ہین، اور کسی طرح اپنے سال بھر کے گذارے کا مبلغ جمع کر لیتے ہین ..... انتہا یہ ہے کہ مطوفین ..... امیر حاجی کو لنگوٹی بندھوا کر چھوڑنا زیادہ ثواب سمجھتے ہین، یہ حالت عام ہے، شاذ کا ذکر نہین، خوف مین ڈالنا، غلط خبرین سنا کر روحی ایذا پہونچانا تو معمولی باتین ہین، ..... ناواقف ہندوستانیون کے لئے یہی کافی ہے کہ فلان مطوف کی ہے، مکہ کے رہنے والے ہندوستانیون کی نظر مین معصوم اور واجب التعظیم ہین خواہ ان کے افعال کچھ ہی کیون نہ ہون ..... یہ جو کچھ مین نے لکھا ہے، میرا اور مختلف حجاج کا تجربہ ہے" (ص ۲۳۹ تا ص ۲۴۳ حصہ اول)

امرتسر کے ایک صاحب محمد شریف ہین، اُنھون نے ۱۹۲۷ء مین سفر حج کیا، اور واپسی پر اپنا مختصر سا سفرنامہ ۳ جزو کا شایع کیا معلوم ہوتا ہی، کہ بزرگون کی آنکھین دیکھے ہوئے ہین، اس چھوٹے سے رسالہ کے اوراق مین بار بار اس کی تاکید کرتے ہین، کہ جو کچھ گذرے، حاجی کو چاہیے کہ صبر و تحمل کے ساتھ اُسے برداشت کرے، جو امور ناگوار طبع پیش آئین، اُنھین اللہ کی جانب سے آزمایش سمجھے، قس علی ہذا، لیکن ان مواعظ و نصائح کے باوجود، یہ لکھنے پر مجبور ہین، کہ ا۔

"عموماً یہ سنا گیا کہ مکہ شریف مین بہت سے معلم لوگ اپنے فرائض پوری طرح ادا

نہین کرتے، جس کی وجہ سے لوگون کو تکلیف ہوتی ہی، یہ شکایت خانۂ کعبہ مین (غالباً حرم شریف مراد ہے) لوگون کی زبانی سنی جاتی تھی، ..... ہم کو بھی اپنے معلم سے تکلیف ہی ہوئی، اور کوئی ایسا آرام اس سے نہین ملا" (ص۳۷)

اس کے آگے اپنی تکلیف کی تفصیلات لکھی ہین، یہ تکلیفین وہی ہین، جو اکثر و بیشتر حاجیون کو معلمون کے ہاتھون پیش آتی رہتی ہین، مثلاً عین وقت پر باوجود ہر طرح کے پختہ وعدون کے، سواری کے انتظام سے جواب دیدینا، سواری کا سامان (شغدف وغیرہ) باوجود پوری قیمت لینے کے، بوسیدہ اور تکلیف دہ قسم کا دینا، مکہ سے روانگی کے وقت سواری کے بہم پہونچانے مین مطلق مدد نہ دینا، وغیرہ وغیرہ،

معلم حضرات اگر صرف اسی پر بس کرتے، کہ حاجیون سے زیادہ سے زیادہ وصول کرلیا کرین، اور اس کے بعد حاجیون کو پوری طرح اعمالِ حج ادا کرنے دیتے، تو بھی زیادہ مضائقہ نہ تھا، معلم بیچارون کا آخر ذریعۂ معاش یہی حاجیون کی آمدنی ہی ٹھہری، لیکن اصلی رونا اُن کی حرص و ہوس کا نہین، بلکہ قیامت یہ ہے کہ رہبری کا دعویٰ کرکے کام رہزنی کا کرتے ہین، مدعی اس کے ہوتے ہین کہ حج صحیح طریقے پر کرادین گے، مگر ہوتا اس کے برعکس عموماً یہ ہے، کہ انھین معلمین کے باعث خدا معلوم کتنے مستجات چھوٹ جاتے ہین، سنن رہجاتے ہین، اور کتنی بیش بہا گھڑیان محض ضایع ہوہو جاتی ہین، پھر ان کی وجہ سے قلب کو جس تشویش وخلجان کا شکار بننا پڑتا ہی، اور عین شکستگی وفروتنی کے وقت زبان پر جیسے جیسے ناملائم کلام آتے ہین، یہ سب مستزاد، مولانا گنگوہیؒ کے خلیفہ مولانا خلیل احمد مرحوم و مغفور

Marfat.com

(شارح ابوداؤد) شریعت وطریقت کے جامع بزرگ، حج کے موقع پر ۹ ذی الحجہ کو منیٰ مین قبل طلوعِ فجر، اپنے نوافل معمولہ مین مصروف تھے، کہ معلّم صاحب نے آکر شور مچانا شروع کردیا، کہ عرفات کے لئے فوراً روانہ ہون، اس ہنگامہ مین سکونِ قلب کے ساتھ نماز مین مشغول رہنا مولانا ہی کا کام تھا، سلام پھیرنے کے بعد غصہ کے ساتھ معلّم سے ارشاد ہوا، کہ ہم نے تمھین مطوف قرار دیا ہے، استاد یا پیر نہین قرار دیا ہے، ہم شروقِ آفتاب سے ایک منٹ پہلے بھی نہین اٹھین گے، جمالون کو اپنے اونٹون پر اختیار ہے، اپنے اونٹون کو لیجائین، ہم پیدل انشاء اللہ عرفات پہونچ جائین گے" (تذکرۃ الخلیل ص ۲۶-۲۷، ملخصاً) ان چند شہادتون سے اندازہ ہوگیا ہوگا، کہ عالم، عامی، صوفی، رئیس، جس کسی کو بھی حج کی سعادت نصیب ہوئی ہے، اسے ساتھ ہی معلّم صاحبون کی ان عنایتون کا بھی لذت آشنا ہونا پڑا ہے، گویا ؎

جو تری بزم سے نکلا سو پریشان نکلا

ان معلّمین ہی کے طائفۂ عالیہ کی شان مین ہے، بدوون کی لوٹ مار کے افسانے آج سے چند سال قبل ہر شخص کی زبان پر تھے، معلّمون کے کارنامے اب تک عام نظرون سے مخفی ہین، ——— ظاہر ہے کہ کسی طبقہ کے سب افراد یکسان نہین ہوتے، یہ جو کچھ لکھا جارہا ہے، ایک عمومی اور اکثری حیثیت سے لکھا جارہا ہے، بعض معلّم صاحبان یقیناً کلیہ مین مستثنیات کی حیثیت رکھتے ہین، ناظر یار جنگ بہادر کے معلّم کو (جو شاید حیدرآبادی حجاج کے معلّم ہین) مین نے خود دیکھا، کہ وہ اپنے حاجیون

کی خدمت گزاری پوری توجہ و تندہی کے ساتھ کر رہے تھے، اور بعض ثقہ بزرگون سے معلوم ہوا کہ سید امین عاصم مرحوم کے پوتے، سید عقیل عطاس معلمون کے طبقہ مین ایک یگانہ ہستی ہین،

باب ۳۹

جدہ۔ جہاز

"جملہ معترضہ" ختم ہوا، یہ ساڑھے چار کالمون کا "جملہ" صرف نحوی اصطلاح مین نہین، اپنے لفظی معنی مین بھی "معترضہ" ہی تھا، اور معلمون کی چیرہ دستیون سے آیندہ حاجیون کو آگاہ وخبردار کرنے کے لئے یہ جملہ معترضہ، سفرنامہ کا ایک ضروری جزو تھا، اب پھر اصل سفر کی داستان شروع ہوتی ہے، عشا کا اول وقت ہو چکا تھا، جب مجمع کو چیرتے ہوئے، ہم سب لوگ اعرابیون پر سوار، مکہ کی آبادی سے باہر اُس مقام پر پہونچے، جہان روانگی کے لمبے موٹر ملتے ہین، سوار پہونچ گئے لیکن سواری ندارد، ساری رات میدان مین گذاری، کچھ وقت معلم صاحب کے ساتھ زق زق بق بق مین گذرا، اور باقی سونے مین، صبح ہوئی، نمازِ فجر پڑھی، آفتاب نکلا، چاے اور ناشتہ سے فراغت کی، سواری کا اب بھی پتہ نہین! دیر کے بعد معلوم ہوا کہ فرلانگ دو فرلانگ پر سرکاری تھانہ ہے، صلاح ٹھہری، کہ وہان چل کر قسمت آزمائی کیجائے، پولیس اگر مسافرون تک نہین آتی، تو مسافر تو بہرحال پولیس تک جا سکتے ہین، ممکن ہے، پولیس کچھ دستگیری کر سکے، ——— توکل کا یہ مرتبہ کہان نصیب تھا کہ اللہ کے گھر مین اگر تو اللہ ہی پر بھروسہ کئے بیٹھے رہین، خلق اللہ سے استعانت ناگزیر تھی، ———

Marfat.com

قافلہ سے ہم تین آدمی، تھانہ پہونچے، اور بہ مشکل تھانہ دار صاحب کے ہان باریابی نصیب ہوئی، نجدیون کی عام ذہنیت کا کافی تجربہ ہوچکا تھا، پھر یہ تھانہ دار صاحب تو ماشاءاللہ محکمۂ پولیس کے ایک ذی اختیار عہدہ دار تھے، اور گو نسبًا نجدی ہون یا نہ ہون لیکن اپنے عہدہ کے اعتبار سے تو بہر حال حکومت سعودیہ ہی کے ایک رکن تھے، ان کے حسن اخلاق کا جو نمونہ دیکھنے مین آیا، خدا نہ کرے وہ آیندہ کبھی کسی حاجی کو دیکھنا پڑے! مولانا مناظر صاحب نے حجاز آکر خوب خوب مجاہدے کئے تھے، لیکن اس سرزمین پر اُن کے لئے سب سے بڑا مجاہدہ شاید اس سفر کی سب سے اخیر گھڑیون کے لئے اٹھ رہا تھا، گفتگو وہی فرما رہے تھے، ان بیچارہ پر جو زبردست ڈانٹ پڑی ہے، اس کو صبر کے ساتھ برداشت کر لیجانا انھین کا ظرف تھا،

صبح ۵ بجے ہوچکی تھی، ۶ بجے، ۸ بجے، ۸½ بجے، ۹ بجے خدا خدا کرکے مشکل آسان ہوئی، اور کوکب الشرق کمپنی (ایک مصری موٹر کمپنی کا نام ہے) کی ایک لاری ہم لوگون کے لئے نظر آئی، رفیقان قافلہ اس پر سوار ہوئے، مجھے خود ایک چھوٹے موٹر مین جگہ مل گئی، اس موٹر پر مولانا شوکت علی کے داماد اور بھانجے عثمان علی خان صاحب مع اپنے دو رامپوری دوستون کے آرہے تھے، موٹر اور لاری کے کرایہ مین کچھ زیادہ فرق نہین، لیکن آرام مین اچھا خاصا فرق ہے، موٹر نسبتًہ کم وقت لیتا ہے، اس مین جھٹکے کم لگتے ہین، بیٹھنے کی جگہ زیادہ آرام دہ ہوتی ہے، کرایہ اب خوب یاد نہین، فی کس ایک سے غالبًا ایک آدھ روپیہ زائد ہے، مدینہ سے روانگی کے وقت بمبئی یاد ہوگا، کہ شہر سے ۳، ذی الحجہ کو رخصت ہوئے تھے، اور ۲، گھنٹے کے انتظار کے بعد، شہر نپاہ کے پھاٹک

Marfat.com

سے ۱۴ر کی دوپہر کو نکلے تھے، اسی طرح شہر مکہ سے ۱۵ر ذی الحجہ کو بعد مغرب روانہ ہوئے اور ۱۳، ۱۴ گھنٹے کے انتظار کے بعد ۱۶ر کو نمازِ چاشت کے وقت شہر پناہ سے باہر ہوئے، ہندوستانی وقت کے حساب سے کوئی ۱۰ بجے ہون گے، کہ حدودِ مکہ سے موٹر روانہ ہوگیا، ——— دیکھتے ہی دیکھتے یہ چند روز کا بابرکت زمانۂ قیام ختم ہوگیا، اب عمر بھر اسی کی یاد رہیگی، اور اسی کی حسرتین، اسی کا دھیان رہیگا اور یہین کا ارمان! یہین کی تمنائین رہینگی، اور یہین کی آرزوئین! اسی در کی طلب، اور اسی آستان کی تڑپ! ایک خواب تھا کہ چشم زدن مین ختم ہوگیا! اب عمر بھر کی بیداریان ہون گی اور تمنائے خواب! ——— لیکن یہ یاس کا غلبہ، اور مایوسی کا ہجوم کیون؟ جس قادر علی الاطلاق نے بلا کسی حق و استحقاق کے ایک بار ان آنکھون سے اس کی زیارت کرادی، اُس کے فضل و کرم سے کیا کچھ بعید ہے، کہ ایکبار پھر، اور ایک ہی بار کی قید کیون، بار بار پھر جیتے جی، اس جنت ارضی کی سیر کرادے، اور کراتا رہے؟ لائے اور پھر لیجائے، لیجائے اور پھر لائے، لائے اور بار بار لائے، اور ایسا لائے کہ پھر اس جسم خاکی کو جنت البقیع یا جنت المعلیٰ کے احاطہ مین حشر تک کے لئے سلادے! یہین سلائے اور یہین سے اٹھائے! "زندگی" کی طلب رکھنے والون کو انگلستان و فرانس، امریکہ و جرمنی کی سیر مبارک، لیکن "موت" کے دامن مین پناہ ڈھونڈھنے والا حجاز اور حجاز والے کے سوا، کس کا آسرا لگائے؟ "جنت نظیر" کی آرزو والے کشمیر اور "جنت نشان" کی تمنا والے فرنگستان کی گلگشت مین مصروف رہین، لیکن "جنت نظیر" اور "جنت نشان" کی شاعری کا مفتون نہین، جنت کی حقیقت کا بھوکا، اگر ادھر نہ آئے، کدھر جائے؟

———

موٹر کا سفر بحمد اللہ ہر طرح خوشگوار و آرام دہ رہا، اور گومٹی کی ۲۵ رتھی، موسم بہت زائد سخت نہ تھا، موٹر اچھا تھا، مصری شوفر اچھا تھا، ہندی رفقاء اچھے تھے، درمیان مین ذرا کی ذرا بجرہ مین ٹھہرے یہان چاے کی میز پہ چند جاوی حاجیون کا ساتھ رہا، ایک دوسرے کی زبان سے یکسر اجنبی، اس پہ بھی ملاقات پُر لطف و شگفتہ رہی، ڈھائی گھنٹہ مین جدہ کی عمارتین دکھائی دینے لگین، اور چند منٹ کے بعد موٹر اپنی جگہ پر آکر ٹھہر گیا، آج ہندوستان کی ڈاک کی تقسیم کا دن تھا، وطن چھوڑنے کے بعد یہ پہلی اخباری ڈاک تھی، جو سرزمین عرب پر ملنے والی تھی، عزیزون کی خیریت مین، دوستون کے ذاتی حالات مین، اور ملک کے عام قومی کیفیات مین دل لگا ہوا تھا، اپنی ڈاک پوسٹ ماسٹر جدہ کے پتہ پر طلب کر آیا تھا، موٹر سے اترتے ہی دوپہر مین پیدل ڈاکخانے پہونچا، یہ معلوم کر کے مایوسی ہوئی کہ ڈاک کے جہاز کی آمد ہے، لیکن ابھی آنہین چکا ہی، مجبوراً واپس ہوا اور اپنے وکیل صالح بسیونی کے مکان پر پہونچا، بیسیون قافلے اس وقت سے کہین پیشتر جدہ واپس پہونچ چکے تھے، اور اکثرون کے ٹکٹ کا انتظام ہو چکا تھا، وکیل صاحب کے مکان کے اندر ہجوم، اور باہر ایک میلہ سا لگا ہوا! ہم لوگون کے پہونچنے مین اچھی خاصی تاخیر ہوئی ——— وہی معلم صاحب کی عنایت! ——— اور اس اثنا مین جہاز کی سب جگہین بھر چکین، ہمبٹی کے لئے ٹرنر مورلین کا پہلا جہاز، رحمانی، کل ہی پرسون روانہ ہونے والا ہے، اس کی گنجایش بھر کے مسافر سب آچکے، اب بھلا اس پر جگہ ملنے کی کیا صورت؟ وکیل صاحب نے بھی مایوس کر دیا، اور جہازی کمپنی کے دفتر والون نے بھی کمپنی کے دفتر ہی مین تھا کہ اتفاق سے منشی احسان اللہ صاحب وائس کانسل وہان آگئے، ٹکٹون کا معاملہ انھین کے ہاتھ مین ہے، مگر انھون نے اپنے ہان کے قاعدے

Marfat.com

اور ضابطے ایسے مقرر کر رکھے ہین، کہ اگر کسی شخص کیساتھ خاص رعایت اور عنایت کرنا چاہین بھی، تو آسانی سے نہین کر سکتے، ہر شخص کو اس کے نمبر ہی پر ٹکٹ ملیگا، اس لئے ان سے جو گفتگو ہوئی وہ بھی کچھ امید افزا نہ تھی،

مین خود تو جدہ پہونچ گیا، لیکن رفقا کہان ہین؟ موٹر پہونچے ہوئے مدت ہوگئی لیکن ساتھیون کی لاری کا اب تک پتہ نہین، موٹر والا کہ لاری سے قبل پہونچتی ہے، لیکن بس وہی گھنٹہ پون گھنٹہ قبل، اس سے زائد کا فرق تو نہ ہونا چاہئے، گھنٹہ گذرا، ڈیڑھ گھنٹہ، دو گھنٹے، تین گھنٹے، چار گھنٹے مجھے پہونچے ہوئے ہوگئے، مین ظہر کے اول وقت پہونچا تھا اب عصر کا اوسط وقت ہوگیا، اور لاری کا کہین پتہ نہین، گھبرا کر بار بار وکیل صاحب سے دفتر کوکب الشرق کو ٹیلیفون دلواتا تھا، اور وہان سے کوئی جواب نہ ملتا تھا، جب بالکل شام ہونے لگی، تو استعانۃً لے کر منشی احسان اللہ صاحب کے مکان پر گیا، وہ خود تو موجود نہ ملے، البتہ اُن کے ہان مولوی حاجی نثار احمد صاحب کان پوری مل گئے، اور بڑے اخلاق اور تپاک سے ملے، وہ ماشاءاللہ متعدد حج کر چکے ہین، اور یہان کی زبان، جغرافیہ، حالات سب سے خوب واقف ہین، بیچارے ازراہِ ہمدردی از خود میرے ہمراہ ہوگئے، اور کمپنی کے دفتر کی تلاش مین نکلے، اور جب اس سے بھی کوئی نتیجہ نہ نکلا، تو اب اس کے سوا چارہ نہ تھا کہ رضا بالقضا پر مجبوراً عمل کر کے، شہر پناہ کے پھاٹک پر کھڑے ہو کر صبر کے ساتھ انتظار دیکھا جائے، اتفاق دیکھئے کہ جون ہی پھاٹک پر پہونچے، پہلی لاری جو دکھائی دی، وہ ہمارے ہی قافلہ کی تھی، عین غروب آفتاب کا وقت تھا، گویا مکہ سے جدہ تک جو فاصلہ میری موٹر نے ڈھائی گھنٹے مین طے

کرلیا تھا، وہ اس لاری نے، پہ، گھنٹے مین طے کیا! ساتھیون سے معلوم ہوا کہ راستہ مین ہر قسم کی افتاد، شوفر کی حرکتون سے لاری کو پیش آتی رہی، یہان تک کہ ایکبار اس کی سگریٹ کی چنگاریون سے لاری مین آگ بھی لگ گئی، اور کپڑے جلنے شروع ہو گئے، لیکن بے درد و تقی القلب شوفر کسی قسم کی مدد و ہمدردی کرنا الگ رہا لاری کو روکنے تک کا روادار نہ ہوا! مولانا مناظر صاحب اور دوسرے رفقاء برابر النار النار الحریق الحریق پکارتے رہے، اور صراحیون کا پانی ڈال ڈال کر جس طرح بن پڑا، آگ بجھائی، ورنہ اگر جانین بھی چلی جاتین، تو کچھ بعید نہ تھا! کوکب الشرق کمپنی کی گاڑیون کا ایک ہی تجربہ ہوا، اور خدا نہ کرے اس تجربہ کے اعادہ کی نوبت آئے،

رحمانی، بمبئی کے لئے ۱۸ ذی الحجہ کو روانہ ہو رہا تھا، اُس پر جگہ ملنے سے بالکل مایوسی تھی، اور خیال یہی تھا، کہ دوسرے جہاز کے انتظار مین ابھی کئی دن جدہ مین پڑا رہنا ہوگا، لیکن رحمت باری کو مایوس دلون کو شگفتہ کرتے کیا دیر لگتی ہے، ——— اور اس سفر کے دوران مین تو اس کا مشاہدہ قدم قدم پہ کرایا گیا ———

۱۷ کی صبح کو جب منشی احسان اللہ صاحب کے ہان ملنے گیا، تو کچھ دیر کے بعد معلوم ہوا کہ اسی جہاز مین پورے قافلہ کے لئے جگہ نکل آئی ہے! یہ احسان تمامتر اللہ ہی کا تھا، لیکن احسان کا واسطہ "احسان اللہ" کی ذات کو بنایا گیا، منشی صاحب کی عنایت و نوازش کی جب کوئی تعریف کرتا ہے، تو وہ چڑھنے سے لگتے ہین، اور چشم تصور یہ دیکھ رہی ہے، کہ منشی صاحب سفرنامہ کی ان سطور کو پڑھتے جاتے ہین، اور ان کا استقبال بجائے تبسم کے، چین ابرو سے کر رہے ہین، لیکن ——— دوسرون کا تجربہ جو کچھ

ہو، اور جس شخص کو ہزارہا اہلِ حاجت سے سابقہ رہتا ہی، اس کے لئے سب کو مطمئن اور رضامند رکھنا آسان بھی نہین ——— اپنا تجربہ تو ان کے متعلق یہی ہوا کہ انھون نے اپنے اسم بامسمّی ہونے کا ثبوت دیا، اور علاوہ ٹکٹ مین مدد دینے کے، جس کی اس وقت نہایت درجہ قدر ہوئی، کھلانے پلانے مین، چائے پلانے اور کھانا کھلانے مین جس لطف و مدارات کا برتاؤ کرتے رہے، اس سے تو رہ رہ کر دھوکا ہوتا تھا، کہ کوئی نئے شناسا نہین بلکہ پرانے بے تکلف دوست ہین، اور (احباب پنجاب معاف فرمائین) پنجاب کے باشندہ نہین اودھ کے رہنے والے ہین، اٹرنر مارٹین کے دفتر کے قاضی عزیز الدین صاحب سے بھی اب کی زیادہ سابقہ رہا، ضلع بارہ بنکی کے قصبہ سیدن پور کے رہنے والے، گویا اپنے ہموطن تھے، انھون نے اگر بالکل عزیزون کا سابرتاؤ کیا تو اُن سے اسی کی توقع بھی تھی، جدہ سے روانگی کے وقت، ہم میان بیوی انھین کے موٹر لانچ پر روانہ ہوئے کمپنی کے ایجنٹ، اور شہر جدہ کے حاکم، حاجی عبداللہ علی رضا زینل کے اخلاق کی کیا تعریف ہو، چہرہ کی نورانیت، نور باطن کا آئینہ، پردیسیون کے حق مین آیۂ رحمت، شیخ عبدالرحمٰن الفضل سے بھی ملاقات رہی، ان کی محبتین اور خاطر داریان بھی بھولنے کی چیز نہین، اور شیخ نصیف کا آرام دہ اور پر فضا چبوترہ، مئی کے آخری ہفتہ کی گرمی، اور جدہ مین حاجیون کا ہجوم، اگر اب کی بھی فرطِ کرم سے شیخ نے اپنا چبوترہ عنایت نہ کر دیا ہوتا، تو خدا معلوم دو راتین کس طرح بسر ہوتین! جدہ مین رہنے والے گویا اللہ کے گھر کے ڈیوڑھی بان ہین، حجاج کی خدمت کرنے اور انھین آسایش پہونچانے کے انھین بہترین مواقع حاصل ہین، خوش نصیب ہین وہ افراد جو ان موقعون کو ہاتھ سے جانے نہین دیتے اور انھین اپنے لئے توشۂ آخرت بناتے جاتے ہین،

۱۷ ذی الحجہ اتوار کا دن، ملنے جلنے، سامان سفر درست کرنے، اور اشیاء کی خریداری مین گذرا، ہندوستان سے ڈاک خدا خدا کر کے آئی، سہ پہر کو تقسیم ہوئی، لیکن میری ڈاک کا ایک بہت قلیل جزو آیا، صرف ایک پلندہ تھا، جس کے اندر چند اخبارات لپٹے ہوئے تھے، میرے اندازہ مین ایسے ایسے پندرہ بیس پلندے ہونے چاہیئے تھے، معلوم ہوتا ہے، بقیہ ڈاک آیندہ جہاز سے موصول ہوگی، پوسٹماسٹر کے پاس اپنا ہندوستان کا پتہ چھوڑے جاتا ہون، اب جو ڈاک آئیگی، وہ وہین واپس کر دین گے، خیال یہ تھا، کہ ڈاک یہان ملجاتی تو جہاز پر اسے دیکھ ڈالتا، اور ہندوستان پہونچنے تہونچے، پھر دنیا کے حالات سے باخبر ہو جاتا، خیر، ۱۸ ذی الحجہ، ۲ مئی، دوشنبہ کا دن تھا، کہ صبح سویرے اپنا اسباب ٹھیلون پر لاد کر ساحل کی طرف روانہ کر دیا، سب قافلہ والے ہمراہ گئے، اور ساحل سے کشتی کرایہ کر کے جہاز کے لئے روانہ ہوئے، جو دو ڈھائی میل کے فاصلہ پر سمندر مین اور بہت سے جہازون کے ہجوم مین کھڑا تھا، وکیل صاحب کے مطالبات دے دلا کر، کچھ دیر کے بعد ہم دونون میان بیوی، ٹرنر مارسین کے موٹر بوٹ پر روانہ ہوئے، اور بہت جلد جہاز تک پہونچ گئے، جدہ مین کشتی سے جہاز پر چڑھنے کا مرحلہ سخت ہوتا ہے، کشتی برابر ہلتی رہتی ہے، اور اس سے بھی کہین بڑھکر لوگون کا دھکم دھکا، سیڑھی پر ایک وقت مین ایک ہی آدمی چڑھ سکتا ہے، اسباب کے چھوٹ جانے کا اندیشہ مزید برآن، بہرحال ناتوانون اور ضعیفون کو اس وقت بڑی احتیاط کی ضرورت ہے، گو خدا کے فضل سے کوئی حادثہ عموماً پیش نہین آتا، لیکن اس کا خطرہ ہر وقت لگا رہتا ہے، رحمانی، ٹرنر مارسین کمپنی کا نو تعمیر جہاز ہے ۱۹۰۸ء مین تیار ہوا ہے، اور اس کے کل جہازون مین سب سے بڑا اب سے بہتر اور سب سے وزنی ہے، ۵۲۹۱ ٹن کے وزن کا ہے، کمرے اکبر کے کمرون سے بڑے

Marfat.com

بھی، اور زیادہ آرام دہ بھی، سکنڈ کلاس مین بھی پنکھے موجود، اکبر پر پندرہ سو مسافر تھے، اس پر سترہ سو ہین، جہاز کا عملہ اس کے علاوہ، ۹ بجے تک ہم لوگ پہونچ گئے تھے، ۵ گھنٹے کے بعد، سہ پہر کو روانگی کی سیٹی ہوئی، اور جہاز وطن کی طرف روانہ ہوا۔

"وطن"! کیا خدا کی شان ہے، حجاز کا مسافر ہندوستان کو "وطن" لکھ رہا ہے، اور سمجھ رہا ہے! یہ وہی مسلم خانمان برباد ہے، جو کبھی حجاز آیا تھا، جس کے باپ دادا کی رگون مین حجازی خون گردش کر رہا تھا، چند صدیون کے بعد آج وطن پردیس ہوگیا ہے، اور پردیس وطن کے حکم مین داخل ہوگیا ہے! حجاز اب اس کے لئے پردیس ہے! اور مکہ و مدینہ کے جوار مین اب وہ اپنے تئین غریب الوطن سمجھ رہا ہے!

Marfat.com

باب ۴۰

جہاز۔ بمبئی۔ وطن

جاتے وقت اکبر پر گئے تھے ـــــ اللہ اکبر کی بڑائی اور کبریائی پکارنے والوں کی سواری کے لئے "اکبر" سے زیادہ موزوں جہاز اور کون ہو سکتا تھا؟ ـــــ واپسی کے وقت رحمانی پر سوار ہونا نصیب میں آیا، حج ذرّہ کو آفتاب بنا دیتا ہے، پھر اگر واپس ہونے والوں کے ساتھ رحم و رحیمیت کے معاملات شروع ہو گئے ہوں، اور تمام تر رحمت و رحمانیت کے کاروبار ہونے لگے ہوں، تو دل رحمانی کے نام سے کیوں نہ تفاؤل کرے، اور رحمٰن و رحیم کے مرحمت و غفران کے بیشمار حیلوں اور بے حساب بہانوں میں ایک تازہ عنوان کا اضافہ کرتے کیوں ہچکچائے؟ "رحمانی" صرف جہاز ہی کا نام کیوں سمجھے، سواری پر جتنے سوار تھے، اگر وہ سب کے سب رحمانی ہوں، اگر اُن سب کا شمار رحمانیوں میں ہو گیا ہو، تو خدائے رحمان و رحیم کے رحم و کرم سے کچھ بھی بعید ہے؟ کسی کی بڑائی پکارنے والے دل نہ سہی، بڑائی پکارنے والی زبانیں تو سب ہی کی تھیں، اور خود اس بڑے کا دیدار نہ سہی، اُس بڑے کے گھر کی زیارت کرنے والی آنکھیں تو ہر ایک کی تھیں؛ پس اگر واپسی کے وقت بحرِ قدرت کے عبور کے لئے، سفینۂ رحمت و رحمانیت عطا کر دیا گیا ہو، تو اس پر حیرت کیوں کیجئے اور اس جود و نوال، فضل و کرم پر تنگدل کیوں ہوجئے؟

رحمانی اس وقت تک، ٹرنر مارلیسن کے جہازون مین سب سے بہتر ہے، سب سے زیادہ وسیع اور سب سے زیادہ آرام دہ، اول درجہ کے کیبن دوسرے جہازون سے زیادہ گنجایشی اور آرام دہ، بعض بعض کیبن بجائے دو آدمیون کے چار آدمیون کیلئے سکنڈ کلاس مین پنکھے لگے ہوئے، ہر کیبن کے اندر پائپ مین پانی کے از خود آجانے کا انتظام موجود، نہ یہ کہ پانی والا پانی کے خزانہ مین، الگ سے لاکر پانی انڈیل جائے، شروع کے کسی نمبر مین بیان ہوچکا ہے، کہ جاتے وقت اکبر جہاز مین جگہ سب سے اوپر کپتان کے کمرہ سے متصل مل گئی تھی، اس وقت تو مولانا شوکت علی کی عنایت تھی، واپسی مین اس جگہ کے ملنے کی کیا توقع ہوسکتی تھی، لیکن جو خدائے مہربان بمبئی مین تھا، وہی جدہ مین بھی تھا، اب کی اس نے کسی بیرونی کرمفرما کے نہین بلکہ خود ٹرنر مارلیسن کمپنی کے ایجنٹ اور حاکم جدہ، حاجی عبد اللہ علی رضا زینل کے دل مین نیکی ڈال دی، انھون نے کپتان کے نام چٹھی لکھ بھیجی، چنانچہ جب جہاز پر آنا ہوا تو دیکھا کہ وہی سب سے اوپر کے عرشہ مین کپتان کے کمرے کے متصل کمرہ، اس عاجز و گمنام کے لئے محفوظ اور خالی! کپتان سے قدرۃً ہر وقت کا سابقہ، اس کپتان کا نام لک ہے، گو نیکی اور خوش مزاجی مین کپتان وارڈ سے کمتر ہے، لیکن مستعدی، کارگذاری، و خوش تدبیری مین اُس سے بڑھا ہوا ہے، جہاز کے دوسرے کارکن بھی مستعد و کارگزار ہین، مسافرون کی خاصی بڑی تعداد حسب معمول، بنگالی حاجیون کی ہے، پشاوری و سرحدی بھی بکثرت ہین، اپنے قافلہ کے علاوہ، پرانے ساتھیون مین چودھری محمد علی ردولوی مع اپنے دو لڑکون کے بمبئی اور اپنی بیمار لیکن نہایت ہمدرد و شریف خصلت زوجہ مکرمہ کے اب کی بھی ہم سفر ہین، خوش مزاجی کی دھوم پہلے ہی سے تھی، اب حج کی برکت سے ماشاء اللہ

عملی ہمدردیون اور خدمتگزاریون پر زیادہ مستعد ہوگئے ہین، ایک ایک کے علاج و تیمارداری کے لئے موجود، نئے ساتھیون مین ڈپٹی امیر احمد صاحب علوی کاکوروی، اور محمد اکرم خان صاحب (ایڈیٹر محمدی، کلکتہ) کا ساتھ بھی ہر طرح خوش گوار و دلچسپ رہا،

اب پھر وہی ڈیڑھ ہفتہ کے لئے، لق و دق اور اتھاہ سمندر سے سابقہ، خشکی اور خشکی کی ہر شے سے بے تعلقی، نہ پہاڑ نہ جنگل، نہ شہر نہ دیہات، نہ چرند نہ پرند، نہ باغ نہ مکان، نہ شجر نہ حجر، نہ سڑک نہ دوکان، بس ہر وقت اور ہر سمت عالم آب، اوپر نیلا آسمان اور نیچے نیلا سمندر، نہ کہین اسٹیشن نہ قیام، دن رات مسلسل روانی ہی روانی، اب کی کامران مین بھی ٹھہرنا نہین بس بمبئی تک برابر چلتے ہی رہنا ہے، کچھ تو حج کی برکت، اور کچھ اس لئے کہ طبیعت مانوس ہو چکی ہے، واپسی مین سمندر کی دہشت، اور سمندر سے وحشت کسی قدر کم ضرور ہو جاتی ہے، لیکن جاتی نہین رہتی، وطن کا شوق دل پر غالب کہ کل کے پہونچنے آج ہی پہونچ جائین، اور انتظار کی ایک ایک گھڑی طبیعت پر گران لیکن دن اور رات، گھنٹے اور منٹ تو بہر حال اپنے وقت مقررہ ہی پر پورے ہون گے ہر روز خوش خوش حساب لگ رہے ہین، اور اندازے ہو رہے ہین، کہ فلان تاریخ، فلان وقت بمبئی پہونچین گے، فلان فلان سے ملین گے، فلان ٹرین سے روانہ ہون گے، یون وطن کو تار دین گے، یون وطن پہونچین گے، کپتان سے سوالات کی بھرمار ہو رہی ہے، اور جن بیچارون کی رسائی کپتان تک نہین، وہ خلاصیون ہی سے پوچھ پاچھ کر دل کو تسکین دے رہے ہین، سب اپنے اپنے حال مین مست اور اپنے اپنے منصوبے مین مگن، لیکن سمندر کا تلاطم ہر منصوبے پر غالب، اور ہوا کے ہول انگیز تھپیڑے

سمندر مین برسات کا موسم اور برساتی ہوائین بہت قبل سے شروع ہو جاتی ہین، کپتان وارڈ نے بتایا تھا کہ "۸۔۱۰ جون تک میٹی ضرور پہونچ جانا ورنہ برسات شروع ہو جائیگی، اور بحری سفر مین برسات کا وسط نہین، بلکہ ابتدائی اور آخری حصہ زیادہ خطرناک اور تکلیف دہ ہوتا ہے" چنانچہ ہم لوگون نے مکہ سے روانگی مین جو اس قدر عجلت کی تھی، اس کا ایک بڑا سبب یہی تھا، جدہ سے ۲ مئی کو روانہ ہوئے تھے، اب اطمینان تھا، کہ خطرہ کے وقت سے قبل ہی میٹی انشاء اللہ پہونچ جائینگے لیکن کیا انسان اور کیا انسان کا ارادہ اور اندازہ، تین چار دن تو سمندر کی حالت غنیمت رہی اس کے بعد تیز و تند ہوائین چلنی شروع ہو گئین، اور موجون نے بلند ہو ہو کر جہاز سے ٹکرین کھانی شروع کین، اس کیفیت کا پورا اندازہ بغیر بحری سفر کا ذاتی تجربہ کئے ہو نہین سکتا، یہ معلوم ہوتا تھا، کہ سطح سمندر سے دس دس اور بارہ بارہ، بلکہ پندرہ پندرہ اور بیس بیس فٹ اونچی موجین، ہر سمت سے امنڈ امنڈ کر اور بلند ہو ہو کر جہاز پر حملہ آور ہو رہی ہین! اور ساتھ ہی جہاز ڈانوا ڈول ہونا شروع ہوا، اوپر کے عرشہ پر بیٹھ کر دیکھئے، تو ابھی یہ نظر آرہا ہے، کہ جہاز کا داہنا پہلو نیچا ہوتے ہوتے بالکل زیر آب ہو جانے کو ہے، اور ابھی یہ نظر آنے لگا کہ داہنا پہلو تو نکل آیا اور اب بایان پہلو جھکتے جھکتے غرق ہونے پر ہے! دلون کی گھبراہٹ کو چھوڑیئے، زبانون کی واویلا کا بھی ذکر نہین، ستم یہ ہوا کہ سرون مین چکر آنے شروع ہو گئے، اور متلی کی بیماری پھیل گئی، جسے دیکھئے بستر پر پڑا ہوا، جو اٹھ کر چلا، وہ لڑکھڑا کر گرا،

Marfat.com

کوئی دوران سر مین گرفتار، کوئی استفراغ مین مبتلا، الّا ماشاء اللہ، کچھ اللہ کے بندے محفوظ بھی رہے، ——— نماز بہترین عبادت ہی، لیکن نماز کے بعد ہی دعا، و استغفار کا بھی حکم ہے، روزہ افضل ترین مجاہدہ ہے، لیکن ختم رمضان پر دعا، و صدقہ فطر کا بھی ارشاد ہے، حج جیسے بابرکت سفر مین، اپنی کوتاہیون، اور نفس پرستیون سے جو جو آلائشین اور کثافتین جمع ہو جاتی ہین، اُن کے تصفیہ و تنقیہ کے لئے، اس اضطراری مجاہدہ سے بڑھ کر لطیف و پر اثر نسخہ اور کیا ہو سکتا ہے!

دن جاتے اور فاصلہ طے ہوتے دیر کیا لگتی ہی، ابھی نواح جدہ مین تھے، ابھی کامران کے سامنے سے گذرنے لگے، بحر احمر ختم ہوا، بحر عرب شروع ہوا، سقوطرہ سے گذرے، باب المندب سے نکلے، عدن کو پیچھے چھوڑا، ساحل عمان بھی نظر سے غائب ہوا، بحر ہند کی گہرائیون کے اوپر آگئے، لیکن وطن جون جون قریب آتا جا رہا ہے، سمندر کا تلاطم بڑھتا ہی جا رہا ہے، گرمی کی شدت برسات کی سی امس، اس پر مستزاد جسم پسینہ مین شرابور، غسل سے بھی تسکین نہین جاتے وقت مسلم فوڈ سپلائی کمپنی کے کھانے کا انتظام اچھا تھا، اور انتظام مین اگر کچھ کمی تھی بھی، تو منیجر اور اسسٹنٹ منیجر کی خوش اخلاقیان اس کی تلافی کر دیتی تھین، اب کی مرتبہ یہ کوئی صورت بھی نہ تھی، جو چیز مانگئے ہوٹل مین موجود نہین، کھانا اول تو کھایا ہی کس سے جاتا تھا، بھوک غائب تھی، لیکن جو کھانا چاہتے، انھین ملتا ہی کیا تھا! جو خوشحال تھے، انھین مجبوراً انگریزی ہوٹل سے انتظام کرنا پڑا، جو بیچارے اتنا خرچ نہین کر سکتے تھے، اور محض مسلم ہوٹل کے بھروسہ پر تھے، اُن کی حسرت نصیبی قابلِ رحم تھی، کھانے سے کہین

Marfat.com

بڑھکر مصیبت پانی کی تھی، ٹھنڈا پانی عنقا! فرسٹ کلاس والے تک گویا نیم گرم پانی پینے پر مجبور! جہاز پر برف تھی، اور روزانہ تیار ہوتی تھی، لیکن اتنی قلیل مقدار مین، کہ صرف انگریز افسران جہاز کے لئے کافی ہوسکے، جہاز کے انگریز اور نیم انگریز افسر اور ماتحت برف پی رہے ہین، اور ٹھنڈے پھل (سنترے وغیرہ) کھا رہے ہین، اور حاجی غریب (بڑے سا بڑا حاجی بھی ہر چھوٹے سے چھوٹے انگریز کے سامنے غریب ہی ہی!) ہر قیمت ادا کرنے کو تیار، اس پر بھی قسمت مین تشنگی و خشک لبی ہی لکھی ہوئی!

واپسی کے وقت جہاز پر عموماً موتین بھی خاصی تعداد مین ہوتی رہتی ہین، سفر کی بے اعتدالیان اور بد پرہیزیان، خاتمۂ سفر پر رنگ لاہی کر رہتی ہین، خصوصاً جو لوگ لاغر و نحیف، مریض و ضعیف الجثہ ہوتے ہین، اور ساتھ ہی اپنے آرام و آسایش کے لئے زیادہ خرچ بھی نہین کرسکتے، وہ تو ہجوم، غذا، موسم، آب و ہوا، وغیرہ کی سختیون کو اور بھی برداشت نہین کرسکتے، زیادہ تر موتین اسی طبقہ مین ہوتی ہین، ہمارے جہاز مین غالباً ۱۶، ۱۷ موتین ہوئین، دس دن کے عرصہ مین، اور سترہ سو کی آبادی مین یہ تعداد کچھ ایسی بہت زائد تو نہین، تاہم دلون مین دھڑکن پیدا کردینے کیلئے کافی سے زائد تھی، ایک پچیس تیس سال کے جوان سرحدی کی موت، جو نمونیا سے ہوئی اور ساحل بمبئی سے صرف چند میل ادھر ہوئی، بہت دردناک تھی، افریقہ کے ایک سیمین تاجر مع اپنے حشم و خدم کے، فرسٹ کلاس کے مسافر تھے، ان کی جوان بیوی کی وفات بھی بڑی حسرتناک ہوئی، شیر خوار بچی کو ماں باپ وطن چھوڑ آئے تھے، جہاز پر انتقال کے بعد غسل مین سخت دقت ہوئی، حاجیون کا جہاز! اور اس پر غسل و تکفین

کا کوئی معقول انتظام نہین! دقت تو مردون کے لئے بھی پڑا کرتی ہے، عورتون کیلئے اس سے بھی کہین بڑھکر پیش آتی رہتی ہے، ——— لیکن ان خوش نصیبون کی موت کا کیا پوچھنا! گناہون سے پاک صاف، تازہ حج کئے ہوئے، عرفات کی حاضری اور دیدار کعبہ سے مشرف، غریب الوطنی کی موت، سمندر کی قبر، جنت کا راستہ سیدھا کھلا ہوا، جی مین آتا ہی، کہ آنسو بہانے کے بجائے، ان مرنے والون اور مرنے والیون کی خوش قسمتی پر جی کھول کر رشک کیجئے، رحمت حق کا نزول ان پر بھی نہ ہوگا، تو اور کس پر ہوگا!

---

۲۷ مئی (۱۸ ذی الحجہ) کو دوشنبہ کا دن تھا، جب سہ پہر کے وقت جدہ سے روانہ ہوئے تھے، ۳ جون کو ایک ہفتہ پورا ہو کر دوشنبہ آگیا، اور وطن کی آتش شوق اب تیز سے تیز تر ہوگئی، دن کے گھنٹے اور رات کی گھڑیان اب کاٹے نہین کٹتی تھین، ایک ایک دن پہاڑ ہو رہا تھا، بھوک اور پیاس سے حال ابتر ہو رہا تھا، اس پر بھی سہ شنبہ کا دن سامان کے رکھ رکھاؤ، ٹھیک ٹھاک مین بسر ہوا، زائد بستر بندھتے تھے، اور کھلتے تھے، اور پھر بندھتے تھے، بکس، صندوق، سوٹ کیس بیگ، ہینڈ بیگ، بار بار بند ہوتے تھے، کھلتے تھے اور پھر بند ہوتے تھے، چہار شنبہ کو طوفانی حالت تیز ہوگئی، سمندر مین تلاطم تو تھا ہی، بارش بھی اچھی خاصی ہوگئی، جہاز پر بارش کا منظر خاصہ مہیب و دہشت انگیز ہوتا ہے، کمزور دل والے بادل کی گرج، بجلی کی کڑک ہوا کے زور، بارش کے شور، اور فضا کے اندھیرے گھپ کو دیکھ دیکھ کر سہمے جا رہے تھے، اور جہاز اس فضائے تیرہ و تار مین دوسرے جہازون کو اپنے وجود سے مطلع

کرنے کے لئے بار بار بھیانک سیٹیان دے رہا تھا، کسی کا دل ناخدا سے، اور کسی کا خدا سے اٹکا ہوا، دلون مین ہول و اضطراب اور زبانون پر دعا و استغفار، پورا طوفان تو نہ تھا، البتہ طوفان کا ایک ہلکا سا نمونہ ضرور دیکھنے مین آگیا، جہاز کے لاسلکی کے ذریعہ سے بمبئی، دفتر خلافت کمیٹی، کو اپنی آمد کا تار دیدیا، اور جی بے اختیار یہ چاہ رہا تھا کہ تار ہی مین ناشتہ کی، خصوصاً تازہ پھلون کی بھی فرمائش کر دیجائے، چہار شنبہ کی شام کیسی خوش آیند شام تھی! جہازون کی شکلین اور دور دور کی عمارتین سہ پہر ہی سے نظر آنی شروع ہوگئی تھین غروب آفتاب کے بعد ساحل کی روشنیان صاف دکھائی دینے لگین، ——— یہ روشنیان کوئی نئی اور انوکھی نہین، بارہا کی دیکھی ہوئی ہین، لیکن آج کی سی کشش اور دل کشی ان مین کبھی پیشتر بھی محسوس ہوئی تھی؟ ——— شب کے دس بجے ہون گے، کہ جہاز سمندر مین ساحل سے فاصلہ پر لنگر انداز ہوگیا، اب صبح کو گودی مین داخل ہوگا، اور کہین نو دس بجے تک اترنا ہوگا، اتنا انتظار کس سے ہوگا! اور یہ رات کیسے کاٹے کٹے گی!

بیت اللہ کے زائرون کے صبر و انتظار کا آخری لطیف مجاہدہ خدا خدا کر کے ختم ہوا، ۶ر جون، پنجشنبہ کی صبح ہوئی، بندرگاہ کے افسرون اور ڈاکٹر وغیرہ کی آمد و رفت جہاز پر شروع ہوئی، دن نکلا اور کچھ دیر کے بعد جہاز نے آہستہ آہستہ گودی کی طرف کھسکنا شروع کیا، نیچے کے درجون کے مسافر بیچارے اپنی گٹھری مٹری سنبھالے، اپنے کندھون اور سرون پر لوجھ لادے اوپر کے حصہ پر آگئے، اور

فرسٹ کلاس والے سب سے اوپر کے عرشہ پر آکھڑے ہوئے، سب کی نگاہین شوق واشتیاق کی تصویر بنی ہوئی ساحل کی طرف جمی ہوئین لیجیے، اب پلیٹ فارم صاف نظر آنے لگا، اور استقبال کرنے والون کے چہرے دکھائی دینے لگے، ہلکا ترشح ہو رہا ہے، بہت سے سرون پر چھتریان لگی ہوئی ہین، اس وقت کی خوشی کا کیا ٹھکانا! کوئی اپنے کسی عزیز کو ڈھونڈھ رہا ہے، کوئی اپنے کسی دوست کو، اور جس کے کوئی دوست یا عزیز موجود نہین، اس کے لئے اس وقت، وطن کے غیر اور بیگانے بھی کسی دوست یا عزیز سے کم نہین! "بابائے خلافت" (اس موزون و دلچسپ لقب کو لوگون نے خواہ مخواہ طنزیہ مفہوم مین لینا کیون شروع کر دیا ہے) جناب شوکت صاحب ماشاءاللہ اپنے اس تن و توش کے ساتھ بھلا کسی مجمع مین، کسی کے چھپائے چھپ سکتے ہین! اپنی رنگین چمکدار عبا، اور مسکراتے ہوئے چہرہ کے ساتھ، رومال ہلاتے ہوئے، سب سے پہلے نظر پڑے، مولانا عرفان، مولوی شفیع داؤدی، سیٹھ عبداللہ ہارون مولوی سید مرتضیٰ صاحب بہادر (مدراس) کہنا چاہیے کہ ساری کی ساری خلافت کمیٹی پلیٹ فارم پر موجود! حج کی تحقیقاتی کمیٹی کا اجلاس بمبئی مین شروع ہو رہا ہے، اس کے سارے ارکان جمع ہین، باہم اشارے ہو رہے ہین، صاحب سلامت، مبارکباد، مزاج پرسی، سارے کام ہاتھون کی حرکت سے انجام پا رہے ہین، اور ظالم جہاز ہے، کہ ایک ایک انچ کی رفتار سے سرک رہا ہے!

آدھ گھنٹہ، پون گھنٹہ، خدا خدا کر کے انتظار کی گھڑیان ختم ہوئین، کوئی نو بجے ہون گے، کہ جہاز پلیٹ فارم پر آکر رکا، سیڑھیان لگین، لیکن ابھی مسافرون کو اترنے

Marfat.com

کی اجازت نہین، جہازی کمپنی کے اعلیٰ افسرون اور حج کمیٹی کے ممبرون نے جہاز پر
قدم رکھا، ٹرنر مارسین کے ایجنٹ بمبئی، مسٹر براؤن سے ملاقات ہوئی، اور حالاتِ سفر
پر منٹ و منٹ کی گفتگو، شوکت صاحب، مولوی عرفان، مولوی شفیع داؤدی، سب
اس وقت عزیزون سے بڑھکر عزیز معلوم ہو رہے ہین، جہاز سے اترنے کا مرحلہ بھی جہاز
پر چڑھنے کے مرحلہ سے کچھ کم نہین ہوتا، بھیڑ بھاڑ، دھکم دھکا، چپقلش کے سارے لوازم موجود
مولانا شوکت علی کی مہربانی سے ساتھ کی بیویان فوراً اتر گئین، اور اُسی وقت موٹر پر
"دار الخلافہ" کی طرف روانہ بھی ہو گئین، کچھ دیر کے بعد ہم لوگ بھی اترے، جہاز کے رکتے
ہی قلیون کی ایک پوری جماعت اوپر آجاتی ہے، یہ لوگ خوب سدھے ہوئے اور ہوشیار
ہوتے ہین، اور بڑی بات یہ کہ ایمان دار اور دیانت دار بھی ہوتے ہین، مزدوری
طے کر کے، جو چیز چاہیے، ان کے سپرد کر دیجئے، اترنے کے ساتھ ہی بمبئی کے مشہور خادم
حجاج حاجی بچو علی صاحب کی طرف سے ہر حاجی کی خدمت مین ایک ایک کلچہ نان
اور دو دو کیلے پیش ہوتے ہین، ٹھنڈے پانی اور پھلون کو مدت سے ترسے ہوئے
تھے، اس وقت کیلون کا یہ تحفہ بڑی ہی نعمت معلوم ہوا، اور ایسے محسن کے حق مین دل سے
دعا نکلی، جہاز سے اترنے کے بعد ایک بڑا مرحلہ "چنگی خانہ" (کسٹم) کا ہوتا ہے، گھنٹون
لگ جاتے ہین، ایک ایک چیز کھول کر دکھانی پڑتی ہے، مین خود تو حسب معمول، بغیر
کسی دقت مین پڑے ہوئے موٹر پر اپنے معزز میزبانون کے ساتھ روانہ ہو گیا، اور سامان
کالانا اپنے رفیق و عزیز، شیخ مشیر الزمان صاحب کے جو بہترین رفیقِ سفر ثابت ہوئے،
اپنے ہان کے خانہ زاد ملازم، حاجی محب علی کے، جس کی ذات سے سفر کی تقریباً ہر مشکل
آسان ہوتی رہی، سپرد کر آیا، چنانچہ کچھ دیر کے بعد سامان بخیریت پہونچ گیا،

دارالخلافہ پہونچتے پہونچتے ۱۱ربج چکے تھے، مدت کے بعد آج اطمینان و فراغت سے اپنی مرضی کے موافق غسل کیا، اور جب کھانا سامنے آیا، تو گویا مرجھو کون اور ندیدون کی طرح کھایا، وطن کی قدر سفر کے بعد ہی ہوتی ہے، ہر ہر شے مین ایک خاص لذت محسوس ہو رہی ہے، خاص خاص دوستون اور عزیزون کے نام تار روانہ کر دیئے، بمبئی مین ڈیڑھ دن، باوجود شدید بارش کے مصروفیت ہی مین گذرا، سیٹھ عمر بھائی چاند بھائی سے مل کر بقیہ امانت اُن سے واپس لینا، گینون کو روپیہ مین تبدیل کرانا، عزیزون دوستون کے لئے تحفہ تحائف خرید کرنا، سارا وقت اسی دوڑ دھوپ مین بسر ہو گیا، اخبارات کو مدت سے ترسا ہوا تھا، دنیا کے انقلابات، ہندوستان کے واقعات کی کچھ خبر نہ تھی، دفتر خلافت مین جلدی جلدی اخبارات کی فائلون پر ایک نظر کر گیا، ۱۷ر جون کو شب کے وقت پیشاور اکسپرس سے لکھنؤ کے لئے روانہ ہوا، قافلہ کے دوسرے اشخاص اپنی اپنی منزلون کے لئے متفرق ہو گئے، چودھری محمد علی ردولوی کا ساتھ لکھنؤ تک رہا، بھوپال اسٹیشن پر حیات صاحب (پبلسٹی آفیسر) اور سید مرتضیٰ علی صاحب جج ہائی کورٹ (جنھین آج مرحوم لکھتے ہوئے قلم کا کلیجہ شق ہوتا ہے) سید الطاف احمد صاحب مع دوسرے احباب کے موجود تھے، ۱۸ر جون کو صبح ۶ بجے لکھنؤ اسٹیشن پہونچا، اور احباب و مخلصین کی ایک پوری جماعت کو موجود پایا، گھر پہونچ کر والدۂ ماجدہ کی قدمبوسی کی، بچیون کے سر پر ہاتھ پھیرا، عزیزون کی خوشی کا کیا پوچھنا، لیکن ماں کی مسرت کا رنگ ہی سب سے الگ ہی! ہر لفظ اور ہر عبارت اس کیفیت کے اظہار سے قاصر ہے، قریب ایک ہفتہ کے لکھنؤ مین قیام رہا، اور سب سے ملنا جلنا ہوتا رہا، ۳۱ر مارچ کو حیدرآباد سے روانہ ہوا تھا، اور ۱۶ر جون کو پورے تین مہینے تین دن

Marfat.com

کے بعد، پھر وہین واپس پہونچا، پہلے حج کا سفر برسون کا کام تھا، چھ چھ مہینے تو ابھی
چند سال قبل تک لگ جاتے تھے، اب بحمد اللہ تین مہینے کے اندر، بہ اطمینان و فراغت
تمام یہ سارا سفر ممکن ہو گیا ہے، بلکہ اگر جہازون کا انتظار آمد و رفت مین کرنا نہ پڑے
اور مدینہ منورہ مین مختصر قیام پر اکتفا کیا جائے، تو چھ سات ہفتے بھی کافی ہو سکتے ہین

اللّٰھم لک حججتُ و بک آمنتُ و علیک توکّلتُ و لک اسلمتُ و ایاک اسندتُ فتقبّل
نسکی و اغفر لی ذنوبی و کفّر عنّی سیّاتی و استعملنی فی طاعتک ابداً ما ابقیتنی و اعذنی
من الناس، اللّٰھم انّی استودعک دینی و امانتی و خواتیم عملی فاحفظھا علیّ و علیٰ
کلّ مؤمنٍ و مؤمنۃٍ انّک سمیع الدّعاء، اللّٰھم لا تجعل ھذا آخر العھد من بیتک
و ارزقنی العود الیہ و احسن ادبنی حتی تبلغنی اجلی و اکفنی مونتی و مونۃ عیالی
و جمیع خلقک آئبون تائبون عابدون ساجدون و للرّب حامدون صدق اللہ
وعدہ و نصر عبدہ و ھزم الاحزاب وحدہ لا الٰہ الا اللہ وحدہ
لا شریک لہ،

ضمیمہ (۱)

حکومت حجاز اور خدمتِ حجاج

حکومت حجاز کی اصلی اور نمایان حیثیت، دنیاے اسلام کی نظر مین خصوصاً حاجیون اور زائرون کی نظر مین خادم حرمین کی ہی، حجاز کا حاکم مکہ و مدینہ کا خادم ہوتا ہی، مناسکِ حج، آدابِ زیارت، حاجیون کی خدمت اور اُن کی ضروریات کے سلسلہ مین بہت سے کام اسی کے کرنے کے ہوتے ہین، ان خدمات کا ذکر روداد سفر کے ضمن مین اپنے اپنے موقع پر، جا بجا آچکا ہی، ذیل مین ان کی پوری فہرست مرتب کرکے یکجا پیش کیجاتی ہے، جن اردو خوان حضرات کو موجودہ حکومتِ حجاز مین سوخ و تقرب حاصل ہی، اگر وہ ان معروضات کو سلطان تک پہونچادین، تو علاوہ خدمتِ حجاج کے اجر کے، یہ حکومت حجاز کے ساتھ بھی عین ہواخواہی ہوگی،

(۱) سرزمین حجاز، سالہا سال سے بدامنی کا مرکز بنی ہوئی تھی، حاجیون کا مال الگ رہا، جان تک ہر وقت خطرہ مین رہتی تھی، سعودی حکومت کی سب سے بڑی برکت و سعادت یہ ہے، کہ راستون مین امن و امان قایم ہوگیا، اور بدویون کی لوٹ مار کے واقعات، افسانے بن گئے، اس خدمت عظیم پر موجودہ حکومت کی جسقدر بھی شکرگذاری کیجائے، بجا و درست ہی،

Marfat.com

(۱۴) اسی طرح ہمیں بہت سے ایسے مکھی مچھر کے بارے میں بھی معلوم ہوا ہے
جو ہمارے خون سے اپنی غذا حاصل کرتے ہیں ایک بے ایمان کو کسی طرح اس بات پر
تیار کیا جائے کہ وہ کسی طرح کسی ایسے مکھی مچھر کو پکڑ لائے جو کسی
خطرناک بیماری کے جراثیم رکھتا ہو اور اس کو کسی طرح
راستہ میں چھوڑ دے جس کے ذریعہ حکومت اس بیماری کو پھیلانا چاہتی ہو
تو ممکن ہے کہ اس طرح بہت سے انسان اس بیماری کو پھیلانے میں
مدد دے سکیں اور اس طرح ہم بہت سے انسانوں کو ہلاک کر سکتے
ہیں اسی طرح ہم بہت سے جانوروں کی بیماریوں کے جراثیم ان جانوروں
کے کھانے میں ملا کر ان کو بیمار کر سکتے ہیں اور اس طرح
ان کو بھی ہلاک کر سکتے ہیں اسی طرح ہم بہت سے
ایسے کیڑوں کے بارے میں بھی معلوم کر چکے ہیں جو
کیڑے اگر ہو جائیں تو ان کے لئے بہت
مضر ثابت ہوتے ہیں ان کیڑوں کے بارے میں بھی
معلومات کے بعد ہم ان کیڑوں کو بھی
ان کے کھانے میں ملا کر ان کو ہلاک کر سکتے ہیں
اسی طرح ہم بہت سے ایسے جانوروں کے بارے میں
معلومات کے بعد ان کو بھی ہلاک کر سکتے ہیں
جو ہمارے کھیتوں کو نقصان پہنچاتے ہیں
اسی طرح ہم بہت سے ایسے جانوروں کے بارے میں
معلومات کے بعد ان کو بھی ہلاک کر سکتے ہیں
جو ہمارے کھیتوں کو نقصان پہنچاتے ہیں
اسی طرح ہم بہت سے ایسے جانوروں کے بارے میں
معلومات کے بعد ان کو بھی ہلاک کر سکتے ہیں
جو ہمارے کھیتوں کو نقصان پہنچاتے ہیں

پوسٹرون کی صورت مین ہون، جو جدہ، مکہ، مدینہ، منیٰ وغیرہ نیز راستہ کی منزلون مین نمایان مقامات پر چسپان کر دیئے جائین،

(۴) منیٰ مین ایک یا ڈیڑھ سڑک کا ہونا (جیسا اس وقت ہی) سرتاسر ناکافی ہی اور حاجیون کو خصوصاً واپسی کے وقت بڑی ہی شدید زحمت اور کشمکش کا سامنا کرنا ہوتا ہے، تین یا چار راستون کا ہونا ضروری ہے، کم از کم دو راستون کا فوری انتظام ہونا تو از بس ضروری ہی، اس وقت تو حالت یہ ہے، کہ اونٹ، خچر، گھوڑے، موٹر، پیدل اور آنے والون اور جانے والون سب کے لئے کل ایک ہی راستہ ہی، ہجوم کے وقت، وہ نفسی نفسی کا عالم ہوتا ہی، کہ میدان حشر کا نقشہ نظرون کے سامنے پھر جاتا ہی،

(۵) عرفات اور مزدلفہ مین مختلف ممالک کے لحاظ سے الگ الگ کیمپ قایم ہونے چاہئین، مثلاً ہندی کیمپ، مصری کیمپ، جاوی کیمپ وغیرہ، وقس علیٰ ہذا، ان مختلف محلون کے لئے الگ الگ عارضی سڑکین بھی ہونی چاہئین، شارع ہندیہ، شارع مصریہ وغیرہ تاکہ بھٹکے ہوئے حاجی بآسانی اپنے اپنے کیمپ تک پہونچ سکین، ہر ہر معلم کیلئے کوئی خاص نمایان علامت یا نمبر ہونا چاہیئے، پھر اس کے ماتحت ہر ہر خیمہ کا نمبر ہونا چاہیئے، اس وقت خیمون کے جنگل مین بچھڑے ہوئے حاجیون پر جو مصیبت گذرتی ہے اس کا حال کوئی انھین کے دل سے پوچھے،

(۶) بھٹکے ہوؤن کی رہنمائی کے لئے عرفات اور مزدلفہ مین، حکومت کی چوکیان بھی جابجا، اور نمایان مقامات پر قایم ہونی چاہئے، ان مین ایسے افسر رکھے جائین، جو مختلف زبانین جانتے ہون، اور شفقت، حلم، و ہمدردی مین ممتاز ہون،

(۷) عرفات و مزدلفہ مین دوکانون کا موجودہ انتظام بھی اصلاح کا محتاج

ہے، بجاے اس کے کہ ایک جگہ بہت سی دوکانین لگادیجائین، جن کے وجود کی خبر بھی دور افتادہ حاجیون کو نہین ہونے پاتی، بہتر یہ ہوگا، کہ ہر ہر کیمپ کے لئے الگ الگ بازار، اُس کیمپ کے مذاق کی مناسبت سے قایم کرایا جائے،

(۸) انتظاماتِ حج کے لئے کوئی کمیٹی اس وقت بھی حکومت کے ماتحت یقیناً موجود ہوگی، اس کمیٹی کے حلقۂ خدمت کو وسیع تر اور اس کی خدمات کو مفید تر بنانے کے لئے ضروری ہے، کہ اس حج کمیٹی مین ہر سال، باہر سے آنیوالے حاجیون کے بھی کچھ نمایندے شریک کئے جائین، جو اپنے اپنے ملک کے حاجیون کی ضروریات کا حتی الامکان پورا انتظام کرسکین،

(۹) شفاخانون اور متعدد شفاخانون کے عارضی قیام کی ضرورت منیٰ، عرفات، مزدلفہ اور ان کے علاوہ مکہ و مدینہ و جدہ کی درمیانی منزلون مین ہے، اس کی بھی شدید ضرورت ہے، کہ یہ شفاخانے اپنی جگہ اور اپنے رنگ وغیرہ کے لحاظ سے بہت نمایان ہون، تاکہ ہر شخص بلا دشواری اور بہ آسانی اُن تک پہونچ سکے،

(۱۰) طواف و داخلۂ حرم شریف کے سلسلہ مین، سلطان معظم کو خود اپنے طرزِ عمل پر بھی غور و نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے، خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم کا اسوہ اُن کے سامنے ہے، وہ حضرات جب حرم شریف کے اندر داخل ہوتے تھے اور طواف کرتے تھے، تو نہ اُن کے ہمراہ مسلح غلامون یا سپاہیون کا غول ہوتا تھا نہ اُن کے لئے مطاف خالی کرایا جاتا تھا، نہ اور کسی حیثیت سے وہ اپنے کو عام حاجیون سے ممتاز رکھتے تھے،

(۱۱) مدینہ منورہ کے والی کا طرزِ عمل جمعہ کے دن، مسجد نبوی مین اور بھی

زیادہ رنج دہ ہوتا ہی، گھنٹون قبل سے روضۂ شریفہ کا ایک بڑا حصہ (یعنی منبر نبوی اور محراب نبوی کا درمیانی حصہ) والی اور اُن کے رفقاء کے لئے خالی کرالیا جاتا ہی اور حکومت کے سپاہی، نماز پڑھنے والون اور تلاوت کرنے والون کو بجبر اٹھادیتے ہین جب یہ سب ہولیتا ہی، تو عین نماز کے وقت والی مدینہ، مسلح سپاہیون اور بندوقچیون کے غول کے ساتھ مسجد مین آتا ہی، سلطان، بدعات کے دشمن ہین، پھر خدا معلوم یہ سب سے زیادہ کھلی ہوئی "بدعت" اب تک کیونکر روا رکھی گئی ہی؟

(۱۲) مسجد نبوی کے موجودہ قالین، بوسیدہ و ادنیٰ، اور موجودہ روشنی ناکافی اور بار بار بجھ جانے والی، ہرگز اس مسجد کے شایانِ شان نہین، اعلیٰ و بہتر فرش اور بہتر روشنی کی فوری ضرورت ہے،

(۱۳) مسجد نبوی کے موجودہ وضو خانون کے نل ایک تو تعداد مین بہت کم ہین اور پھر جتنے ہین، وہ بھی ناقص و از کار رفتہ، بعض اوقات نمازیون کو وضو کے لئے سخت دقتون کا سامنا ہوتا ہی،

(۱۴) مسجد نبوی کے اندر، ستونون کے پاس، یا صفوف کے درمیان، گندے، بدبودار اور نجاست آمیز جوتون کو لاکر ڈھیر کردینے کا نظارہ سخت تکلیف دہ ہی، اس دستور کی قطعی ممانعت ہوجانا چاہیئے،

(۱۵) مسجد نبوی کے اندر سائلون پر کوئی روک ٹوک نہین، عین حالتِ نماز، تلاوت، ذکر و دعا مین اُن کے ہاتھون، خصوصاً اُن کے چھوٹے بچون کے ہاتھون، سے اذیت قلب اٹھانی پڑتی ہی، اس کا اندازہ تجربہ کے بعد ہی ممکن ہے، اور اس سے بھی بڑھکر مزورین کا شور و شغب، اور عین مقصورۂ شریفہ کے پہلو مین، بہ آواز بلند

لین دین کرنا، تکلیف دہ ہوتا ہی، سائلون اور مزوّرون دونون کی یہ حرکتین، ہر مسجد کے ادب و احترام کے منافی ہین، چہ جائیکہ مسجد نبوی کے! خدا معلوم حکومت اب تک کیون اس باب مین رواداری و چشم پوشی سے کام لے رہی ہی،

(۱۶) مسجد نبوی کے پانچ دروازون مین سے ایک دروازہ، باب النسار کے نام سے موسوم، عورتون کے لئے مخصوص کہا جاتا ہی، لیکن عموماً اس دروازہ پر بھی مردون کا برابر قبضہ رہتا ہی، اگر مردون کی آمد و رفت اس دروازہ سے قطعاً روک دی جائے، تو عورتون، اور خصوصاً ہندوستان کی کمزور اور شرمیلی عورتون کو بڑی راحت و سہولت ہو جائے،

(۱۷) ارکانِ حج کے ادا کرنے مین، ہر اسلامی فرقہ اپنے اپنے طریق پر آزاد ہے اور یہی ہونا چاہئے تھا، لیکن ضرورت یہ ہے اس رواداری و فراخ مشربی کو زیارت مدینہ منورہ کے باب مین بھی وسیع کیا جائے، اور آدابِ زیارت مین بھی ہر فرقہ کو اسی کے طریق پر آزاد چھوڑ دیا جائے، تاوقتیکہ اُس کی آزادی، دوسرے فرقون کی دلآزاری کا سبب نہ بنجائے،

(۱۸) مسجد نبوی مین، اور مقصورۂ شریفہ سے متعلق جو سپاہی اور پہرہ دار مقرر رہتے ہین، ضرورت ہی کہ وہ خاص طور پر خوش خلق، متحمل، اور شیرین زبان ہون، خلق محمدی کا نمونہ ہون، اور سب و شتم، بدزبانی، و درشت کلامی کو کسی حال مین بھی کام مین نہ لائین،

(۱۹) جنت البقیع اور جنت المعلی دونون، مسلمانانِ عالم کے محترم ترین اور مقدس ترین قبرستان ہین، ان کی موجودہ حالت دیکھ کر مسلمانانِ عالم کے جذبات

سخت اور ناقابلِ برداشت ٹھیس لگتی ہی، یہ مقصود نہین، کہ ان پر از سر نو قبے تعمیر ہون، لیکن ان کو غلاظت اور گندگی سے صاف رکھنا، اور ہر قسم کی توہین اور بے ادبیون سے بچانا بہرحال لازمی ہے، قبرین بالکل پست اور خام سہی، لیکن یہ تو نہ ہو، کہ صحابۂ کرام و ازواجِ مطہرات، اولیاء وصالحین کی قبور پر، معاذ اللہ، مزبلہ کا دھوکا ہونے لگے!

(۲۰) مکہ، مدینہ، اور جدہ، تینون مقامات پر کرایہ کی سواریون کا انتظام فوری توجہ کا محتاج ہے، موسمِ حج مین، شرحِ کرایہ کی گرانی کا مضائقہ نہین، لیکن اس کے بعد سواری تو خاصی آسایش و آرام کی ملنی چاہیئے، یہ تو نہ ہو کہ راکب کو خود مرکب بنکر رہنا پڑے!

Marfat.com

ضمیمہ (۲)

عام ہدایات

(۱) سفر خواہ چند ہی میل کا ہو، بہر حال سفر ہوتا ہے، پھر حج کا سفر تو ہزارون میل کا سفر ہے، ریل، جہاز، اونٹ، موٹر، سب ہی سواریون سے سابقہ پڑتا ہے، ملک کی اجنبیت، زبان کی ناواقفیت، آب و ہوا کا اختلاف، ہجوم کی چپقلش، اس کے علاوہ ہین، تھوڑی بہت تکلیف پیش آنی ناگزیر ہے، لیکن یہ تکلیف ہرگز ایسی نہین ہوتی، کہ کسی معنی مین بھی ناقابلِ برداشت کہی جاسکے، خیالی تکلیفون اور اندیشون کا بیشتر حصہ بالکل باطل ثابت ہوتا ہے، اور اسے اس سفرِ مبارک کی کرامت سمجھئے یا جو کچھ کہ اکثر و قتین عین وقت پر ایک بالکل غیر متوقع طور پر حل ہو جاتی ہین، جن صاحبون پر حج فرض ہے، وہ صعوباتِ سفر کے اندیشہ سے ہرگز اپنی ہمت کو پست نہ ہونے دین،

(۲) بڑی چیز، جذبۂ شوق و ولولۂ عقیدت ہے، جو لوگ اپنے دلی شوق سے اور حج کی اہمیت کو سمجھ کر آتے ہین، انھین کوئی دقت، دقت محسوس ہی نہین ہوتی، سارا سفر ہنسی خوشی، صبر ہی کے ساتھ نہین، شکر کے ساتھ گذار دیتے ہین، بخلاف اس کے، جن کے دل اس سفر کی اہمیت سے خالی ہین، اور وہ محض کسی کے اصرار

یا خاطر سے اُس کے رفیقِ سفر بنکر آجاتے ہین، اُنھین کو سب سے زیادہ تکلیف محسوس کرتے، اور بات بات پر پریشان ہوتے دیکھا، اللہ اس ابتلا سے ہر مسلمان کو محفوظ رکھے،

(۳) حجاز مین اب تقریبًا سب ہی چیزین ملنے لگی ہین، اس لئے گھر سے زائد سامان لانے کی ہرگز ضرورت نہین، باربرداری وغیرہ کے مصارف اتنے پڑجاتے ہین کہ کفایت کا پہلو بھی نہین نکلتا، ضروری سامان بمبئی مین خرید لیا جائے، جہاز پر اگر عملۂ جہاز سے رسم پیدا کرلیا جائے، تو بہت سی مشکلین آسان ہوجاتی ہین، مکہ مین سب کچھ مل جاتا ہی، اور مدینہ مین بھی ضرورت بھر کی چیزین، پہلے لوگ گھی کے پیپے ساتھ لیکر چلتے تھے، اب حجاز مین بہتر سے بہتر گھی ملنے لگا ہی، البتہ اگر کھانے کی خشک چیزین، جو عرصہ تک اچھی رہ سکتی ہون، گھر سے ہمراہ لے لیجائین، تو بہتر ہے، کھانا نہ ملنے کی صورت مین وقت بے وقت بہت کام دین گی،

(۴) بخار، قبض، پیچش وغیرہ کی چند دوائین، جو اپنے تجربہ مین آچکی ہون، ہمراہ ہمراہ رکھ لینا چاہئے، میرٹھ کے مولوی حکیم محمد مصطفےٰ صاحب (دار الشفا مصطفائی میرٹھ) نے شفاء الحجاج کے نام سے ایک چھوٹا سا بکس ایسی ہی مجرب و کارآمد دوائون کا تیار کیا ہے، چند روپیون مین آجاتا ہی،

(۵) حاجیون کو جہاز کے اوپر، نمازِ باجماعت مین جو دقتین پیش آتی رہتی ہین، وہ تو اپنی جگہ پر ہین ہی، اُن کے علاوہ ایک بڑی دشواری سمت قبلہ سے متعلق پیش آتی رہتی ہی، قطب نما کا ساتھ رکھنا ضروری ہی، لیکن محض قطب نما سے بھی کام نہین چل سکتا، مدراس کے ایک صاحب نے (خدا انھین جزائے خیر دے،) ایک مستقل "رسالہ دریافت سمت قبلہ" کے نام سے مرتب کرکے شائع کردیا ہی، جسمین بمبئی،

Marfat.com

اور کراچی سے لیکر عدن تک اور پھر مکہ معظمہ و مدینہ منورہ کے درمیانی راستہ کی تمام منزلون کے لئے سمت قبلہ کے درجے اور دقیقے درج کر دیئے ہین، رسالہ مذکور حسب ذیل مقامات سے غالبًا بلا قیمت مل جائے:۔

(۱) مولوی محمد عبداللہ صاحب احقر، مکان نمبر ۲۴ کوچہ حسین الملک، پرانا باغ، ڈاکخانہ رودلے پیٹ، مدراس،

(۲) منیجر صاحب مظفری کمپنی، مینار والی مسجد، بمبئی،

(۶) ہر شخص کی آسایش اور ضرورتون کا معیار دوسرون سے جدا ہوتا ہی، اس لئے کوئی ایک تخمینہ مصارف سب کے لئے نہین بتایا جا سکتا، تاہم عموماً واسطے یہ کہنا غالبًا غلط نہ ہو، کہ جہاز مین تیسرے درجہ کے ٹکٹ لینے والے اور حجاز مین اونٹ پر سفر کرنے والے، چھ سو روپیہ، اور جہاز مین اونچے درجون کے ٹکٹ لینے والے، اور حجاز مین موٹر پر سفر کرنے والے، ایک ہزار روپیہ فی کس کے حساب سے اپنے ہمراہ رکھین، تو بہتر ہوگا، ہم لوگون کا اوسط خرچ اس تخمینہ سے بہت کم پڑا، لیکن ہم لوگون کو خدا کے فضل سے بعض غیر معمولی سہولتین حاصل ہو گئی تھین، ہر شخص کو یہ کفایتین نہین حاصل ہو سکتین، بہت سے مصارف ناواقفیت کی بنا پر پڑ جاتے ہین، اگر انسان پہلے حج کر آیا ہی، یا حجاز مین اس کے شناسا موجود ہین، تو خاصی کفایت ہو سکتی ہی، کئی شخص مل کر الگ سفر کرین، تو بھی کافی بچت ہو جاتی ہی،

(۵) ہمسفری کی برکتین ظاہر و واضح ہین، اور اگر کوئی واقف کار و تجربہ کار شخص بطور رفیق سفر مل جائے، تو مصارف مین بھی کمی رہتی ہی، اور صعوبات سفر سے بھی ایک حد تک نجات ہو جاتی ہی، تاہم اس سفر کی رفاقت سے بڑی نازک چیز

Marfat.com

آسانی سے ہر شخص کو رفیق و شریک ہرگز نہ بنا لینا چاہیے، بڑی بڑی پرانی دوستیان، اور عزیز داریان اس سفر مین ٹوٹتے دیکھین بھی، اور سنین بھی، محض خلوص اور دوستی کے بھروسہ پر ہرگز کام نہ چلیگا، انقیاد و بے نفسی کو رفاقت و شرکت سفر کا لازمی معیار رکھنا چاہیے، کھانے پینے کے انتظام مین جتنی علحدگی رہ سکے بہتر ہی،

(۸) حجاز مین، گنیان بہت کام آتی ہین، اس لئے بمبئی سے بجائے نوٹ اور روپیون کے گنیان ضرور ہمراہ لے لینی چاہیے، اونٹ کا کرایہ معلّم صاحب کے مطالبات، موٹر کا کرایہ ان سب مواقع پر گنی ہی کام آئین گی، البتہ جہاز کے مصارف کے لئے، روپیہ یا نوٹ بھی کچھ ضرور رکھ لینے چاہیے، اٹھنی، چونی، اکنی وغیرہ ریزگاری کی بھی ایک معقول تعداد ہر وقت موجود رہنی چاہیے، حجاز مین چاندی کی ریزگاری آسانی سے چل جاتی ہے، نکل کے سکون مین دقت ہوتی ہی،

(۹) بمبئی مین حاجی، عموماً مسافر خانون مین ٹھہرتے ہین، تین مسافر خانے مشہور ہین، ایک مسافر خانہ سیٹھ اسمٰعیل حبیب کا بھنڈی بازار مین ہی، بھنڈی بازار بڑا بازار ہی، جہان تمام چیزین بہ آسانی مل جاتی ہین، یہ مسافر خانہ عام ہی حاجی اور غیر حاجی سب اسمین ٹھہر سکتے ہین، حاجیون کے لئے مخصوص ایک مسافر خانہ واڑی بندر مین ساحل سمندر کے قریب، سیٹھ قمو سلیمان کا ہی اور دوسرا مسافر خانہ حاجی حاجی صابو صدیق مرحوم کا کرناک روڈ پر بڑے اسٹیشن کے قریب، اور کرافرڈ مارکٹ سے بالکل متصل ہی، مارکٹ مین دنیا بھر کی چیزین ملجاتی ہین، عظیم الشان چھ منزلی عمارت، ۱۸ کمرے ہین، ہر کمرہ وسیع و ہوادار، ۱۰، ۱۰ مسافرون کے قیام کی گنجایش، سب سے اوپر کا صحن ایک خوش منظر تفریح گاہ، ہر منزل مین آٹھ آٹھ

Marfat.com

پاخانے، اور چار چار غسل خانے مع پانی کے نل اور بجلی کی روشنی کے موجود، دو دو بڑے باورچی خانے، ۱۳۱۲ھ مین والد ماجد مرحوم جب حج کے لئے جا رہے تھے، اُن کے ہمراہ، اس مسافر خانہ مین کئی دن قیام کا اتفاق ہوا تھا، اب کی پھر گھوم پھر کر دیکھا، داروغۂ مسافر خانہ مولوی حضرت اللہ صاحب، ماشاء اللہ ایک پیکرِ نور اور اُن کے نائب منشی عبدالستار صاحب، سراپا خدمت و ایثار،

(۱۰) حاجیون کے لئے جہازی کمپنیان تین ہین، ان تینون مین سب سے بڑی مغل لائن ہے، جو عملاً اب ٹرنر مارسین کمپنی کے ہاتھ مین ہی، یورپ کے جانوروں جہازون کے آرام و آسایش کا تو خیال ہی حاجیون کو چھوڑ دینا چاہئے، بہ حالت موجودہ ٹرنر مارسین کے انتظامات سب سے بہتر ہین، اور انھین کو غنیمت سمجھنا چاہئے اس کے جہاز رحمانی اور رضوانی حال کے بنے ہوئے، اور نسبتہً سب سے زیادہ آرام دہ ہین، ان سے اتر کر اکبر اور جہانگیر ہین،

(۱۱) مسافر زیادہ تر تکلیف، خود اپنی جلد بازی، گھبراہٹ اور بے صبری سے اٹھاتے ہین، اگر جہاز سے اترتے وقت، یا چڑھتے وقت ذرا صبر و سکون سے کام لیا جائے، اور اس کی کوشش نہ کیجائے، کہ خواہ مخواہ دھکے کھاتے ہوئے، اور ہجوم کو چیرتے پھاڑتے ہوئے بہتر سے بہتر جگہ پر قبضہ ہو جائے، تو بالآخر جگہ سب کو مل ہی جاتی ہی، کوئی رہ نہین جاتا، ضرورت صرف تھوڑے سے صبر و تحمل کی ہے

(۱۲) اگر کفایت، آسایش، اور ہجوم کی کشمکش سے بچنا مدِ نظر ہے، تو لازمی ہی کہ سفر عین موسم حج مین نہین بلکہ اس سے کچھ قبل اختیار کیا جائے، اور واپسی فوراً نہین بلکہ کچھ ٹھہر کر ہو، مکہ معظمہ، مدینہ منورہ، جدہ، سب کہین زیادہ دقتین اور

Marfat.com

گرانیان عین اُسی وقت ہوتی ہین، جب ہجوم کا شباب ہوتا ہی،

(۱۳) معلّم سے سابقہ پڑنا ناگزیر ہی، حتی الامکان معلّم کو خوش رکھنا چاہیے، لیکن اُس پر بہت زیادہ اعتماد ہرگز نہ کرنا چاہیے، مسائلِ حج سے نیز عربی زبان سے جتنی زیادہ واقفیت ہوگی، اسی نسبت سے معلّم کی محتاجی سے بے نیازی رہیگی، مسائل حج وزیارت کی بہترین وجامع ترین رہنما، اردو مین، مولانا منور الدین صاحب دہلوی کی ضخیم ومفصل کتاب الحج والزیارت ہے، ضروری مسائل کے لئے، مولانا رشید احمد گنگوہی قدس اللہ سرہٗ کی مختصر اور جیبی زبدۃ المناسک بالکل کافی ہی، عربی مین بیسیون کتابین ہین،

Marfat.com

محمد وہبہ مجدد
ذخیرہ مدراس لاہور

ضمیمہ (۳)

منازلِ سفر از جدّہ تا مدینہ

جدہ اور مدینہ طیبہ کے درمیان موٹر جن جن منزلون پر ٹھہرتا ہے، ان مین سے چند کا ذکر سفرنامہ مین ضمناً آگیا ہے، بعض کے ناموں مین کچھ غلطیان ہوگئی ہین، ذیل مین کل منزلون کے صحیح نام مع ان کے درمیانی مسافتون کے درج ہین، یہ فاصلہ بحساب کیلو میٹر ہین، ایک کیلو میٹر تقریباً ۵ فرلانگ کا ہوتا ہے:-

۵۴	کیلو میٹر	جدّہ - ذہبان
۴۳	"	ذہبان - تول
۸	"	تول - القضیمۃ
۵۵	"	القضیمۃ - رابغ
۱۱۴	"	رابغ - مستورہ
۶۸	"	مستورہ - بیار بن حصانی
۳۵	"	بیار بن حصانی - شفیۃ
۳۳	"	شفیۃ - مسجید

۸ کیلو میٹر	مسجید۔ بئرالراحۃ	
۲۸ ″	بئرالراحۃ ۔ قریش	
۴۰ ″	قریش ۔ بیارعلی	
۸ ″	بیارعلی ۔ المدینۃ	

میزان ۴۲۰ کیلو میٹر یا تقریباً ۲۶۲ میل،

———— ·{o·o}· ————